اسی طرح نظام دوران خون بھی دو طرح کے ہوتے ہیں۔ کھلی قسم (Open type) جس میں خون دل کے ذریعہ پہنچتا ہے۔ (مثال۔ آرتھروپوڈا، مولسکا، ایکئی نوڈرمیٹا Urochordates وغیرہ۔ بند قسم (Closed type)، جس میں خون پتلی پتلی نالیوں (شریانیں، شعریانوں اور وریدوں) کے ذریعہ پورے جسم میں دوڑتا ہے جیسے انے لیڈا، Cephalochordates اور فقرے داروں میں)

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:38 AM

2.1.2۔ دونہوضی اور سہ نہوضی کی تنظیم
(Diploblastic and Triploblastic Organization)

جنینی نشوونما کے دوران، جانوروں کے بافت اور اعضاء کی تشکیل، دو یا تین جنینی نشوونمائی (germinal) تہوں سے ہوتی ہے۔ مبدا اور ترقی کی بنیاد پر، جانوروں کو دو قسموں میں درجہ بند کیا گیا ہے۔ دونہوضی (Diploblastic) اور سہ نہوضی (triploblastic)۔ جانوروں کے خلیے میں دو جنینی پرت (embryonic layers) ہوتے ہیں۔ (خاکہ 2.1) ایک بیرونی بروں ادمہ (ectoderm) اور اندرونی دروں ادمہ (endoderm) ہے، جس کو دو نہوضی جانور (diploblastic animal) کہتے ہیں۔ ان جانوروں میں ectoderm برادمہ (جسم کی دیوار کی بیرونی پرت) کو جنم دیتا ہے اور endoderm gastridermis کو جنم دیتا ہے (آنتوں کی بافتوں کی لکیریں) بروں ادمہ اور دروں ادمہ کے درمیان موجود ایک غیر مختلف پرت کو مسیوگلیا (mesoglea) کہتے ہیں۔ (مثال: مرجان، جیلی مچھلی، سمندری انی مون وغیرہ)

جانوروں میں جنین کی افزائش کے لئے تین نشوونمائی پرتیں ہوتی ہیں، جس کو سہ نہوضی جانور Triploblastic animal کہتے ہیں۔ بیرونی برادمہ (ectoderm) جلد، بال، نیوران، ناخن، دانت وغیرہ۔ دروں ادمہ (endoderm) میں (غذائی نالی، پھیپھڑے، جگر) ہیں۔ زیادہ تر سہ نہوضی جانوروں میں عضوی نظام کی ترتیب کی سطح دکھائی دیتی ہے، چپٹے کرم سے فقرے دار جانور تک۔



خاکہ 2.1 نشوونما کی پرتیں

2.1.3۔ تشاکل کے نمونے (Patterns of Symmetry)

تشاکل جسمانی ترتیب ہے جس میں وہ حصے جو محور (axis) کے مخالف حصے میں ہوتے ہیں وہ ایک جیسے ہوتے ہیں۔ جانوروں کے جسم کی منصوبہ بندی کے نتیجہ میں جانوروں کی نشوونما ہوتی ہے۔ جسم کا آسان ترین منصوبہ (Sponges) میں دیکھا جاتا ہے۔ (خاکہ 2.2)۔ Sponges زیادہ تر غیر تشاکل (Asymmetrical) ہوتے ہیں۔ اس طرح کے جانوروں میں جسمانی منصوبہ بندی کی کوئی کمی نہیں ہوتی ہے یا وہ غیر منظّم شکل کے ہوتے ہیں اور جسم کے درمیان سے گزرنے والا کوئی مسطح (Plane) انہیں دو برابر حصوں میں تقسیم نہیں کرتا ہے (Sponges)۔ بالغ Gastropods، گھونگے وغیرہ میں ایک غیر تشاکلی جسمانی مسطح (asymmetriacal body Plane) بھی دیکھا جاتا ہے۔



خاکہ 2.2 اسفنجوں میں غیر تشاکل

تشاکل، جانوروں کے جسم کے اعضاء کے دو جوڑ ہوتے ہیں، جو وسطی محور سے گزرتے ہوئے جسم کو دو یکساں حصوں میں تقسیم کر دیتے ہیں۔ ایسے تشاکل کو شعاعی تشاکل (radial Symmetry) کہتے ہیں۔ اس طرح کے شعاعی تشاکل میں جانوروں کا جسم اوپر اور نیچے کی جانب ہوتا ہے، لیکن اس میں اوپری (Dorsal) (پشت) اور بطنی (Ventral) abdomen کا حصہ نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی کوئی دائیں اور بائیں جانب ہوتے ہیں۔ ان کے جسمانی منصوبہ میں جسم کے حصے، کسی محور کے گرد دائرے میں منظّم ہوتے ہیں۔ یہ دونہوضی جانوروں میں ایک اہم تشاکل ہیں۔ شعاعی تشاکل کی مثال Cnidarians جیسے Sea anemone اور مرجان (Corals) وغیرہ ہیں۔ (خاکہ 2.3) تاہم سہ نہوضی جانوروں جیسے ایکئی نوڈرمیٹا میں (مثال تارہ مچھلی) میں تشاکل کے پانچ خط ہوتے ہیں، جو اس میں پینٹامیرس شعاعی تشاکل (Pentamerous radial symmetry) دکھائی دیتے ہیں۔

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:39 AM

ایسے جانور جو دوطرفہ متوازنی جوڑ رکھتے ہیں، اس کو دوشعاعی تشاکل (biradial Symmetrical) کہتے ہیں۔(خاکہ 2.4)۔دوشعاعی تشاکل میں شعاعی اور دوجانبی تشاکل کا ایک مجموعہ ہوتا ہے، جیسا کہ Ctenophores میں ہوتے ہیں۔ ایک طولی (Longitudinal) اور تیر جیسا (sagital) محور کے ذریعہ ،دوسرا طولی (Longitudinal) اور عرضی محور (transverse axis) کے ذریعہ ہوتے ہیں۔(مثال۔ Pleurobranchia , comb jelly fish)۔

جانوروں کے جسم کے درمیان ایک ہی لائن دونوں طرف یکساں ہوتو اس کو دوجانبی تشاکل (Bilateral symmetry) (خاکہ 2.5) کہتے ہیں۔

سہ نہوضی جانوروں میں فائدہ مند قسم کے تشاکل ہوتے ہیں، جو انہیں غذا تلاش کرنے، ساتھیوں کا پتہ لگانے اور شکاریوں سے زیادہ



تارہ مچھلی میں پانچ جانبی تشاکل　　سمندری پھول میں دوجانبی تشاکل

خاکہ 2.3 شعاعی اور پانچ جانبی تشاکل



خاکہ 2.4 کنگھی نما جیلی مچھلی میں دوجانبی تشاکل



خاکہ 2.5 حشرات میں دوجانبی تشاکل

مؤثر انداز سے فرار ہونے میں مدد کرتے ہیں۔جانوروں میں دوجانبی متشاکل جیسے ظہری dorsal اور بطنی جانب (Ventral)، anterior اور Posterior جانب، دائیں اور بائیں جانب وغیرہ ہوتے ہیں اور اس میں جسم کے اہم حصہ (Cephalisation) کی نمائش ہوتی ہے، جیسے حسی اعضاء اور دماغی ڈھانچے، جانور کے پچھلے حصے وغیرہ میں مرکوز ہوتے ہیں۔

2.1.4۔ قعر (Coelom)

جانوروں کی درجہ بندی میں جسمانی کہفہ یا قص کی موجودگی اہم ہے۔ زیادہ تر جانوروں کے جسم کی دیوار اور غذائی نالی کے درمیان جسمانی کہفہ ہوتا ہے اور یہ میاں ادمہ (mesoderm) سے جڑا ہوا ہوتا ہے۔ (خاکہ 2.6)

چند جانوروں میں یہ جسمانی کہفہ (body cavity) نہیں ہوتا، ان کو غیر قعریے (acoelomates) کہتے ہیں۔چونکہ ان جانوروں میں جسم کا کہفہ نہیں ہوتا ہے۔ ان کا جسم ایک Perivisceral کہفے کے ساتھ ٹھوس ہوتا ہے۔ لہذا اس سے اندرونی اعضاء کی آزادانہ حرکت پر پابندی ہے۔(مثال: چپٹے کیڑے)

کچھ جانوروں میں یہ جسمانی کہفہ، میاں ادمہ کے غلاف سے ڈھکا ہوا نہیں ہوتا، بلکہ میاں ادمہ چھوٹے چھوٹے گچھوں میں بٹا ہوا ہوتا ہے اور بروں ادمہ اور درون ادمہ کے درمیان میں بکھرا ہوا ہوتا ہے۔ اس طرح کے جسمانی کہفے کو کاذب قعر Pseudocoel کہتے ہیں اور اس میں سیال ہوتا ہے اس کو Pseudocoelomic کاذب قعری سیال کہتے ہیں۔جن جانوروں میں Pseudocoelom ہوتا ہے، ان کو Pseudscoelomates کہتے ہیں۔ (مثال : مدور کرم) (Round-Worms) ہائیڈروسٹاٹک ڈھانچے کے طور پر کام کرتا ہے اور Visceral اعضاء کی آزادانہ نقل وحرکت اور غذائی اجزاء کی گردش کے لئے اجازت دیتا ہے۔

یوسیلو (Eucoelom) یا حقیقی قعر ایک سیال سے بھرا ہوا کہفہ ہے، جو میاں ادمہ (mesoderm) کے اندر تیار ہوتا ہے اور میاں ادمی برحلمہ (epithelium) کی قطاروں میں جڑا ہے، جسے Peritoneum کہتے ہیں۔جو جانور صحیح جسم کا کہفہ رکھتے ہیں، ان کو eucoelomate (یا) Coelomates (یا) Coelomates کہتے ہیں۔ قعر کی تشکیل کے طریقہ کار کی بنیاد پر Eucoelomates کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:40 AM



A۔ غیر قعریے چپٹے کیڑے　　B۔ کاذب قعریے مدور کرم　　C۔ قعر مایئے : مولسکا، انےلڈس آرتھروپوڈس، ایکی نوڈرمس اور کارڈیٹس

خاکہ 2.6 قعرے دار جانوروں کی خاکہ کے ذریعہ نمائندگی

Schizocoelomates۔ان جانوروں میں جسم کے کہفے میں (میاں ادمہ mesoderm) کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہوتے ہیں۔ان کو Schizocoelomates کہتے ہیں۔(مثال۔ انیلیڈا، آرتھروپوڈا، مولسکا) وغیرہ۔ Enterocoelomates ان جانوروں میں جسم کے کہفے میں میاں ادمہ (mesoderm) گچھوں میں ہٹ کر archenteron میں پائے جاتے ہیں۔ (مثال۔ایکی نوڈرمیٹا، حبل ظہری (Chordates) اور نیم حبل ظہری (hemichordates) وغیرہ۔(خاکہ 2.7)

Schizocoelom کی نشوونما



نقشہ 2.7 شیزوسیلومیٹا اور اینٹیروسیلومیٹا کی نشوونما

کاذب قعر (Pseudocoelom) کے مقابلے میں حقیقی قعر کا کیا فائدہ ہے؟

2.1.5۔ قطعہ سازی اور حبل پشت: (Segmentation and Notochord)

کچھ جانوروں میں جسم کے اندرونی اور باہری حصے قطعے دار ٹکڑوں میں بٹا ہوا ہے۔ یہاں تک کہ اندرونی اعضاء بھی ایک کے بعد ایک، ہر ٹکڑے میں دوبارہ پائے جاتے ہیں۔کیچوے میں یہ ترتیب نظر آتی ہے اور اس قطعے دار ترتیب کو بعد پارگی قطعے دار (metameric Segmentation) کہتے ہیں۔اس عمل کو metamerism کہتے ہیں۔مثال: آرتھروپوڈا۔جھینگر (Cockroach) میں یہ قطعے داری الگ نظر آتی ہے اور یہ عمل بھی الگ ہوتا ہے۔

کچھ جانوروں میں جنین جب نشوونما پاتا ہے تو جسم کے اوپری حصے پر میاں ادمہ (mesoderm) سے لگ کر، ایک تنے نما عضو ابھرتا ہے۔اسے Notochord (حبل پشت) کہتے ہیں۔جن جانوروں میں یہ حبل پشت ہوتا ہے، انہیں Chordates کہتے ہیں (مثال: Cephalochordates، Urochordates، سمکیے (Pisces)، پستانئے (mammals) تک۔اور جن میں یہ حبل پشت نہیں ہوتا ہے انہیں Non- chordates کہتے ہیں۔(مثلاً پورنیفرا سے ہیمی کاڈیٹا تک)

2.2۔ عالم حیوانات کی درجہ بندی: (Classification of Kingdom Animalia)

عالم حیوانات کو دو تحتی عالمی نظام میں تقسیم کیا ہے۔

Parazoa اور Eumetazoa

1۔ پیرازوا (Parazoa): یہ کثیر خلوی اسفنج (Sponges) ہیں۔ یہ ڈھیلے خلیوں کے مجموعے رکھتے ہیں۔مگر بافت یا اعضاء میں تبدیل نہیں ہوتے۔

2۔ یومیٹازوا (Eumetazoa): یہ کثیر خلوی جانور ہیں، جن میں بافت مکمل ہوتے ہیں۔ان کی ترتیب اعضاء اور عضوی نظام میں مکمل ہوتے ہیں۔ ان کو دو تنسیقی سطحوں میں تقسیم کر سکتے ہیں کرتے ہیں جن کو grades کہتے ہیں۔ان میں Radiata اور Bilateria درجے شامل ہیں۔

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:43 AM



خاکہ 2.8 عام بنیادی خصوصیات کی بنیاد پر عالم حیوانات کی درجہ بندی

درجہ 1 : شعاعیہ (Grade 1 : Radiata)

Eumetazoa میں خلیوں کی ترتیب میں دو تہہ خلیے پائے جاتے ہیں۔ بیرون بروں ادمہ (ectoderm) اور اندرونی دروں ادمہ (endoderm) وغیرہ، جو mesoglea نامی جیلی شکل سے الگ ہوتے ہیں۔ یہ شعاعی تشاکل (radial Symmetrical) اور دونہوضی (diploblastic) جانور ہیں۔ مثالیں Cnidarians (jelly fish، Sea anemone) اور (Ctenophores)(Combjellies)

درجہ 2 : دوجانبیہ (Grade 2 : Bilateria)

شعاعیہ کے علاوہ دیگر یومیٹازوا میں اعضاء کی ترتیب کی سطح دکھائی دیتی ہے، جس میں دوجانبی تشاکل (Bilaterally Symmetrical) اور سہ نہوضی جانور (Triploblastic animals) کے خصوصیات نظر آتے ہیں۔ ان کو دو اصول صف بندی میں منقسم کیا گیا ہے۔

تقسیم 1 : پروٹوس ٹومیا (Protostomia) (proto: ابتدائی، Stomium: منہ رکھنے والے)

پروٹوس ٹومیا میں یومیٹازون شامل ہیں، جن میں جنینی بلاسٹوپور، منہ میں تیار ہوتا ہے۔ اس تقسیم میں تین ذیلی تقسیم شامل ہیں۔ یعنی Aseolomata، pseudocoelomata اور schizocoelomata۔

تقسیم 2 : ڈیوٹروس ٹومیا (Deutrostomia) (Deuteron: ثانوی، Stomium: منہ رکھنے والے)

eumetazoans میں دو سوراخ ہوتے ہیں۔ blastopore کے قریب میں سوراخ ہوتا ہے اس کو مبرز (anus) کہتے ہیں اور blastopore سے دور جو سوراخ ہوتا ہے اس کو منہ کہتے ہیں۔ اس میں صرف ایک تحتی division ہوتا ہے۔

Enterocoelomata۔ اس میں صحیح قعر ہوتا ہے جس کو enterocoel کہتے ہیں جو archenteron سے تشکیل پاتے ہیں۔

2.3 غیر حبلیے (غیر فقرے دار)

2.3.1۔ نسل (عائلہ): پوریفرا (Phylum : Porifera)

(L. Poros- مسام: to bear- رکھنے والے)

مسام دار جانوروں کو اسفنج۔ SPonges کہا جاتا ہے۔ یہ عام طور پر آبی، سمندری (marine)، غیر تشاکلی (asymmetrical) اور چند تازہ پانی میں زندگی بسر کرتے ہیں۔ یہ ابتدائی مرحلے کے کثیر خلوی (multicellular)، غیر متحرک جانور ہیں اور ان میں خلوی سطح کی ترتیب ہوتی ہے۔ ان جانوروں کو شعاعی تشاکل (radially symmetrical) یا غیر تشاکلی (asymmetrical) جانور بھی کہتے ہیں۔

اسفنج میں پانی کی نالیوں کا جال (Canal System) ہوتا ہے۔ پانی میں بہت چھوٹے چھوٹے سوراخوں ostia کے اندرونی خلاء

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:43 AM

میں اسفنجی قعر(Spongocoel) ہوتے ہیں۔ یہاں سے پانی مساموں(osculum) کے ذریعہ خارج ہوتا ہے۔ یہ راستہ پانی کی آمدورفت، غذا کو حاصل کرنے، تنفس اور فضلے کے اخراج میں مدد کرتا ہے۔ Choanocytes یا کالرخلیے (Collar cells) اسفنج قعر اور نالیوں کی اندرونی تہہ بناتے ہیں۔ جسم کا استحکام اسپیکول (کانٹے) (Spicules) یا اسپونجن (Spongin) دھاگوں کی مدد سے ہوتے ہیں۔ غذائیت ہم حیوانی (holozoic) اور دروں خلوی (intracellular) ہوتی ہے۔

نر (Sperm) اور بیض (Ova) دونوں عضو ایک ہی جسم میں پائے جاتے ہیں۔ اس کو دوجنسی شکلیت (Hermaphrodite) والا جانور کہتے ہیں۔ اسفنج میں غیر صنفی (asexual) تولید ٹوٹنے اور بکھرنے سے اور صنفی تولید (Sexual) زواجوں کی مدد سے ہوتی ہے۔ ان میں اندرونی باروری عمل میں آتی ہے اور ان کی نشوونما بلا یعنی (indirect) ہوتی ہے، جس میں سروی مرحلہ Larval) (stage ہوتا ہے، جیسے کعبی بافتی (Parenchymula) اور دو نہوضی (amphiblastula)

مثال : *Sycon* (Scypha)، *Spongilla* (تازہ پانی کا اسفنج)، *Euspongia* (Bath sponge)، *Euplectella* (Venus flower basket)، (خاکہ 2.9)



Sycon



Hyalonema



Chalina



Euplectella

خاکہ 2.9 پوریفیرا کی مثالیں

سمندری پانی کی نچلی تہہ (bed) ایک نیا مسکن ہے، جہاں سمندری دوائیوں کی دریافت اور ترقی عروج پر ہے۔ ضد کینسر، ضد ملیریائی ادویات اور دیگر bioactive سالمات کو حاصل کر کے کامیابی کے ساتھ تجربہ کیا گیا ہے۔

2.3.2۔ نسل (عائلہ): نِڈاریا (Phylum : Cnidaria)

(سوئی یا ڈنک نما خلیے -G. *Knode*)

نِڈاریا کو پہلے سیلن ٹریٹس (Coelenterates) کہا جاتا ہے۔ یہ اکثر سمندری پانی میں غیر متحرک (Sessile) یا آزاد تیرنے والے منفرد Solitary یا کولونی کے ساتھ شعاعی تشاکل (radial symmetry) ہوتے ہیں۔ سوائے Sea anemone کے یہ دو جانبی تشاکل (Bilateral Symmetry) ہوتے ہیں۔ نِڈاریا نام ڈنک والے خلیوں (یا) نیماٹوسسٹ (Nematocyst) یا انجرہ نہوضی (Cnidoblasts) یا Cnidocytes سے آیا ہے۔ یہ انجرہ نہوضی (Cnidoblasts) کی مدد سے اپنے بچاؤ اور شکار پکڑنے کے کام آتا ہے۔ نیڈاریا بافت کی سطح کی ترتیب کا مظہر ہیں اور یہ دو نہوضی (diploblastic) بھی ہوتے ہیں۔ ان میں ایک مرکزی وعائی خلاء (vascular cavity) یا Coelenteron ہوتا ہے۔ جس کا ایک منہ (یا) زیردہن (hypostome) ہوتا ہے۔ نِڈاریا کے کچھ نوع مثلاً مرجان کا ڈھانچہ کیلشیم کاربونیٹ سے بنا ہوتا ہے۔ ان میں دو مختلف جسمانی ساخت ہوتی ہے۔ ایک پالپ (Polyp) اور دوسرا میڈوسا (medusa) پالپ، غیر متحرک (Sessile) اور استوانہ نما ہوتا ہے۔ مثلاً (*Hydra , adamsia*) میڈوسا، چھتری نما اور آزاد تیرنے والا ہوتا ہے۔ اس نسل کی نوع جو دونوں ساختوں میں پائی جاتی ہیں۔ نسلوں کے تبادلہ (metagenesis) کا اظہار کرتی ہے ۔ یعنی پالپ غیر صنفی تولید (asexual) کے ذریعہ میڈوسا پیدا کرتی ہے اور میڈوسا صنفی (Sexual) کے ذریعہ میڈوسا پیدا کرتی ہے اور



Adamsia



Pennatula



Meandrina



Physalia

خاکہ 2.10 Cnidarians کی مثالیں

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:44 AM

میڈوسا صنفی (sexual) طریقے سے تولید کے ذریعہ پالپ پیدا کرتی ہے۔ ان کی نشوونما بلاراست یعنی (indirect) ہوتی ہے، جس میں آزاد تیرنے والے سروے ہوتے ہیں جس کو Planula larva کہتے ہیں۔ مثالیں: (Portugese man (*Physalia*) (Portugese man of war)، (Sea anemone) (*adamsia*)، (Sea Pen)، *Pennatula*، *Meandrina* (Brain coral) (خاکہ 2.10)

براہ راست اور بلاراست نشوونما کے فوائد اور نقصانات کا موازنہ کریں۔

2.3.3۔ نسل۔ٹینوفورا (Phylum : Ctenophora)

(رکھنے والے- bearing، کنگھی۔G.Ktenos)

ٹینوفورا خاص طور پر سمندری، شعاعی تشاکل (radial symmetry) اور دونہوضی (Diploblastic) ہوتے ہیں اور ان کی ترتیب بافتی سطح کی ہوتی ہے۔ اگرچہ وہ دونہوضی ہیں، لیکن ان کا mesoglea نِڈاریا سے مختلف ہے۔ اس میں امیبوسائیٹس اور نرم عضلاتی خلیے ہوتے ہیں۔ ان کے جسم کے قطبین سے آٹھ شعاعی بالوں والی comb plates (Comb jellies) نکلتی ہیں جو انہیں حرکت کرنے میں مدد دیتی ہے۔ ٹینوفورا عموماً سمندری اخروٹ Sea walnuts یا (Comb jellies) کہلاتے ہیں۔ ہاضمہ دونوں بروں خلوی (extracellular) اور دروں خلوی (Intracellular) ہوتا ہے۔ حیاتی نورانیت (Bio luminesence)۔ (جانداروں سے روشنی نکلنے کی خاصیت) ان میں بہت نمایاں طور پر پائی جاتی ہے۔ ان میں نیمٹوسیٹ (Nematocysts) کی کمی ہے، لیکن وہ خاص خلیے رکھتے ہیں، جن کو لیسو خلیے Lasso Cells یا کالوبلاسٹس Colloblasts کہتے ہیں۔ جنس الگ الگ نہیں ہوتے (monoecious) اور صرف جنسی تولید ہوتی ہے۔ بیرونی بارآوری ہوتی ہے، مگر نشوونما بلاراست ہوتی ہے۔ جس میں سروی مرحلہ ہوتا ہے، اس کو Cydippid larva کہتے ہیں۔ مثال : *Pleurobrachia* (خاکہ 2.11)

مثالیں: Pleurobrachia اور Ctenoplana



خاکہ 2.11 Ctenophora-*Pleurobrachia* کی مثال

2.3.4۔ نسل (عائلہ) : پٹالی ہل من تھس (چپٹے کیڑے) (Phylum : Platyhelminthes)

(کرم۔helmin : چپٹا G.Platy)

اس نسل کے ممبران کے اجسام چپٹے ہوتے ہیں۔ لہذا، ان کو چپٹے کرم (Flat worm) بھی کہتے ہیں۔ یہ زیادہ تر اندرونی طفیلی ہوتے ہیں۔ یہ جانوروں اور انسانوں کے جسم کے اندر پائے جاتے ہیں۔ یہ جانور دو جانبی متشاکل، سہ نہوضی (triploblastic)، بے قعریے (acoelomate) ہوتے ہیں اور ان میں عضوی سطح کی ترتیب پائی جاتی ہے۔ یہ اعتدال پسند سر کے اعضاء رکھنے والے (cephalization) اور حرکت کرنے والے ہیں۔ وہ زیادہ تر انسانوں اور جانوروں میں دروں طفیلی (Parasitic) ہیں۔ طفیلی کے اقسام میں ہوک (Hooks) اور چپکنے والے (Stickers) موجود ہوتے ہیں، جن کی مدد سے یہ اپنی غذا براہ راست میزبان سے حاصل کرتے ہیں۔ ان کے جسم میں قطعے نہیں ہوتے، مگر اس طرح کی (Pseudosegmentation) پیش کرتے ہیں۔ چپٹے کرم جیسے (Liverfluke) میں ہاضمہ نامکمل ہوتا ہے۔ مخصوص اخراجی خلیے جن کو شعلہ خلیے Flame cells کہتے ہیں۔ یہ آسموریگولیشن (Osmoregulation) اور فضلے کے اخراج میں مدد کرتے ہیں۔ ان میں جنسی علحدہ نہیں ہے (یک صنفی) ہوتی ہے۔ باروری اندرونی ہوتی ہے اور نشوونما سروے کے درجات سے گزرتی ہے، اور افزائش لاروے (سروے) کے مختلف درجات سے گزر کر ہوتی ہے، جیسے Miracidium، Sporocyst، redia اور cercaria۔

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:45 AM



پلانیریا *Planaria*



لیورفلوک *Liverfluke*



کدودانہ *Tapeworm*

خاکہ 2.12 پلیٹی ہلمن تھس (چپٹے کیڑوں) کی مثالیں

Polyembryony، چند چپٹے کرموں میں عام ہیں (Liver fluke) ۔ کچھ افراد جیسے پلانیریا (Planaria) کے اندر باز پیدائش (regeneration) کی بے پناہ قوت ہوتی ہے۔

مثالیں: *Taenia solium* (Tape worm کدودانہ)، *Fasciola hepatica* (Liver fluke)، *Schistosoma* (خون چوسنے والے کیڑے)



2.3.5 نسل (عائلہ) اشل منتھس (مدور کیڑے)

(Phylum : Aschelminthes)

(کیڑے - helminthes ، کہفہ - G.Askes)

Aschelminthes کو پہلے نیماٹوڈا (Nematoda) کہا جاتا تھا۔ اگر ان کے جسم کا عرضی تراش (Cross section) کیا جائے تو ان کا جسم دائرے نما نظر آتا ہے۔ اس لئے انہیں round worm مدور کرم کہتے ہیں۔ یہ آزادانہ زندگی بسر کرتے ہیں اور یہ آبی یا زمینی ہوتے ہیں یا پودوں اور جانوروں میں طفیلی زندگی (Parasitic life) گزرتے ہیں۔ یہ جانور دو جانبی تشاکل (Bilaterally symmetrical) سہ نہوضی (triploblastic animal)، کاذب قعریے (Pseudocoelomate) ہوتے ہیں اور ان میں عضو کی ترتیب نظام میں ہوتی ہے۔ ان کا جسم غیر قطعہ دار اور کولاجینی (Collagenous) پرت سے محفوظ ہوتا ہے، جس کو بشرہ (Cuticle) کہتے ہیں۔ ہاضمے کی نالی مکمل ہوتی ہے جس میں منہ، عضلاتی بلعوم (muscular pharynx) اور مبرز واقع ہیں۔ اخراجی نظام (renette gland) پر مشتمل ہے۔ جنس الگ الگ ہوتے ہیں۔ مگر جنس میں دوشکلیت (dimorphism) ہوتی ہے۔ نر اور مادہ الگ الگ اجسام میں ہوتے ہیں۔ اکثر مادہ، نر کے مقابلے میں لمبے ہوتے ہیں، بارآوری اندرونی ہوتی ہے۔ زیادہ تر نہ بیض زا (Oviparous) ہوتے ہیں۔ مثال۔ گیندوا (*Ascaris*) اور چند بیض بچہ زا (Ovoviviparous)۔ مثال: (*Wuchereria*)۔ نشوونما براہ راست (direct) یا بلاراست (indirect) بھی ہوسکتی ہے۔ مثالیں: *Ascaris Lumbricoides* (مدور کرم)، *Enterobius vermicularis*، (سوئی دار کرم)

Wuchereria bancrofti (فلیریائی کرم)،

Ancylostomaa deuodenale (ہوک کرم)، (خاکہ 2.13)

2.3.6۔ نسل : انے لیڈا (Phylum : Annelida)

(قطعے دار کرم: Segmented Worm)

(شکل - G. *edios* ؛ دائرہ - L. *annulus*)

انیلیڈا پہلے ظاہر ہونے والے قطعے دار جانور ہیں۔ یہ آبی یا زمینی ہوتے ہیں۔ یہ آزاد اور کبھی کبھار طفیلی ہوتے ہیں۔ یہ جانور سہ نہوضی



اسکارس *Ascaris*



فلیریائی کیڑا *Filarial worm*



ہوک نما کیڑے *Hook worm*

خاکہ 2.14 اشل من تھس (مدور کرم) کی مثالیں

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:46 AM



کیچوا Earthworm



نیریس Nereis



جونک Leech

خاکہ 2.14 اینے لیڈا کی مثالیں

(triploblastic)، دوجانبی تشاکل والے (Bilaterally symmetrical)، شگافی قعرے (Schizocoelomates) ہوتے ہیں۔ ان میں عضوی نظام کی ترتیب ہوتی ہے۔ ان کے جسم کے قعر میں قعری مائع ہوتا ہے، جو جسم کی حرکت میں مدد کرتا ہے۔ ان کا جسم بعد پارگی قطعے داری metamerically (segmented) میں بٹا ہوا ہے۔ جسم کی سطح قطعہ میں تقسیم پذیر ہے۔ اندرونی طور پر قطعے ایک دوسرے سے فاصل (Septa) کے ذریعہ تقسیم پائے ہوئے ہیں۔ اس رجحان کو قطعہ پارگی metamerism بھی کہتے ہیں۔ جسم کے قطعوں میں طولی اور مدور عضلات ہوتی ہیں ،جن کی مدد سے یہ حرکت کرتے ہیں۔ آبی انیلیڈس جیسے نیرس (Nereis) کے جسم میں جانبی ضمیمہ (appendages) ہوتے ہیں، جن کو پیراپوڈیا (کنار پا) (Parapodia) کہتے ہیں اور یہ تیرنے میں مدد دیتا ہے۔ کیچوے کے جسم میں قاطینی کانٹے (Chitinous setae) اور جونک میں چوسینے (Suckers) حرکت کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ دوران خون کا نظام بند قسم کا ہوتا ہے۔ تنفس نظام کا رنگ یا لون ہیموگلوبن اور Chlorocruorin ہوتا ہے۔ عصبی نظام جوڑ سے دار (ganglion) جو حلولی عصب (Nerve) سے جڑا ہوا ہوتا ہے۔ اس میں جنسی تولید ہوتی ہے۔ افزائش براہ راست (direct) یا بلاراست (indirect) ہوتی ہے۔ چند جانور جیسے کیچوا ایک صنفی (monoecious) ہوتے ہیں اور چند دو صنفی (dioecious) ہوتے ہیں۔ جیسے Neries اور جونک وغیرہ۔ (خاکہ 2.14)

مثالیں: *Lampito mauritti* کیچوا، *Neries* (مٹی کا کیڑا)، *Hirudinaria* (جونک)

جانوروں کی غذا تلاش کرنے میں راس پسند (Cephalisation) کس طرح فائدہ مند ہے ؟

ہندوستان میں صحت کے متعلق ملیریا کے بعد ہی فیل پا filariasis ایک بڑا مسئلہ رہا ہے۔ ہندوستان میں اس بیماری کو چھٹی صدی کے اول میں ہی درج کیا گیا تھا۔ ہندوستان کے مشہور معالج سسرتا (Susruta) نے اپنی کتاب Susruta Samhita میں درج کیا ہے۔ ساتویں صدی عیسوی میں Madhavakara نے اپنی تصنیف Madhava nidhana میں اس مرض کی علامات بیان کیں۔ جو آج بھی استعمال میں ہے۔ 1709ء میں Clarke نے کوچین میں elephantoid پیروں کی نشاندہی کی۔ خون میں مائیکروفلیریا کی شناخت پہلی بار 1872ء میں کلکتہ میں لیوس نے کی تھی۔

2.3.7۔ نسل: آرتھروپوڈا (Phylum : Arthropoda)

(پیر۔Podes : جوڑ G- arthros)

عالم حیوانات کی یہ سب سے بڑی نسل ہے۔ اس میں بڑی جماعت حشرات کی ہوتی ہے۔ (اس میں 25 تا 10 ملین انواع تعلق رکھتے ہیں)۔ یہ جانور دوجانبی تشاکل (Bilaterally Symmetrical) قطعہ دار، سہ نہوضی (triploblastic) اور شگافی قعریے (Schizocoelomate) ہوتے ہیں۔ ان میں عضوی نظام کی ترتیب ہوتی ہے۔ ان کے جسم میں جوڑی دار پیر Appendages ہوتے ہیں جو حرکت کرنے، غذا کھانے اور حسی افعال میں مدد دیتے ہیں۔ آرتھروپوڈا کے جسم کا باہری ڈھانچہ قاطین (Chitin) کا بنا ہوا ہے۔ جسم کے تحفظ کے لئے اور پانی کے نقصان کو روکنے کے لئے کینچلی اتارنا (ecdysis) یا خول بدلنا (moulting) عمل واقع ہوتا ہے۔ اس کا جسم تین حصوں میں منقسم ہے سر، thorax اور abdomen وغیرہ۔ جسم کے کہفہ کو haemocoel کہتے ہیں۔ تنفس کا عمل جیسے خیشوم (gills)، خیشومی کتاب (book gills) شش اوراق (book lungs) یا

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:47 AM

سانس کی نالی (trachea) پر مشتمل ہوتا ہے۔ دوران خون کا نظام کھلا قسم (Open type) ہوتا ہے۔ حسی اعضاء میں محاسے (antennae)، آنکھیں (مرکب یا سادہ) قائم خلیہ (Statocysts)، یا توازنی اعضاء موجود ہوتے ہیں۔ فضلے کا اخراج سبز غدود (green glands)، ملفیجی نالیاں (malphigian tubules)، کولھا غدود (Coxal glands) کے ذریعہ ہوتا ہے۔ زیادہ تر یہ جداصنفی (Clioecious) یا بیض زا (Oviparous) ہوتے ہیں۔ بارآوری عمل اندرونی ہوتا ہے۔ نشوونما براہ راست یا بلا راست ہوتی ہے۔ زندگی کے دور میں کئی سروی مرحلے ہوتے ہیں جس کو تقلب (metamorphosis) کہتے ہیں۔

مثالیں: *Limulus* (King crab, a living fossil)، *palamnaeus* (بچھو)، *Eupagarus* (Hermit rab)، *Apis* (شہد کی مکھی)، گھریلو مکھی *Musca*، بیماریوں کے حامل۔ انافلس، کیولکس اور ایڈز (مچھر)، *Bombyx* (ریشم کا کیڑا)، *Laccifer* (لاک کا کیڑا)، ٹڈی Gregarious pest *Locusta*), (خاکہ 2.15)

مکڑی کا ریشم (جال) (Spider silk) اُسی قطر کے فولاد (Steel) سے پانچ گنا زیادہ مضبوط ہے۔ یہ کہا جاتا ہے کہ ہوائی جہاز بوئنگ 747 کے اڑان بھرتے وقت، صرف ایک پنسل کی موٹائی والے مکڑی کے جال سے اسے روکا جاسکتا ہے۔ مکڑی کا ریشم تقریباً اتنا ہی مضبوط ہے جتنا کہ Kevlar - یہ انسان کا بنایا ہوا ایک سخت ترین کثیر ترکیبہ (polymer) ہے۔

2.3.8۔ نسل : مولسکا (Phylum : Mollusca)

(نرم اجسام۔ L. *molluscs*)

عالم حیوانات کی یہ دوسری بڑی نسل ہے۔ یہ زمین (terrestrial) اور آبی (aquatic) (سمندری یا تازہ پانی والے) جانور ہوتے ہیں۔ اس میں عضوی نظام کی ترتیب ہوتی ہے۔ یہ جانور دوجانبی تشاکل (bilaterally Symmetrical) مثال Apple snail، سہ نہوضی، اور قعرے دار (Coelomate) ہوتی ہے اور جسم غیر قطعہ دار ہوتے ہیں، جو سر، عضلاتی پیر اور احشائی ابھار (Visceral hump) یا (Visceral mass) میں منقسم ہوتا ہے۔ احشائی ابھار نرم اور گدے دار غلاف (mantle) کی پرت سے ڈھکا ہوا ہوتا ہے۔ ابھار اور پرت کے بیچ کی خلاء کو غلافی کہفہ (mantle cavity) کہتے ہیں اور اس میں پروں کی مانند خیشوم یا گلپھڑے (Ctenidia) موجود ہوتے ہیں جو تنفس کے افعال میں مدد یتی ہے۔ ہاضمی نظام مکمل ہوتا ہے اور منہ میں ایک کانٹے دار چوسنے والا عضو ہوتا ہے، جسے ریڈولا (radula) کہتے ہیں۔ حسی اعضاء میں tentacles، آنکھیں اور آسفریڈیم (Ospharidium) موجود ہوتے ہیں۔ گردینہ (nephridia) اخراجی اعضاء ہیں۔ دوران خون کا نظام کھلے قسم کا ہوتا ہے۔ سوائے Cephalopods کے، جیسے Cuttle fishes, Squids اور Octopuses کے خون میں ہیموسیانن (haemocyanin) واقع ہے جس کے تنفّسی لون میں تانبا موجود ہے۔ یہ دو صنفی (dioecious) اور بیض زا


Prawn


Hermit crab


Locust


Scorpion


Spider


Limulus (Living fossil)

Figure 2.15 Examples of Arthropoda

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:48 AM

(Oviparous) ہوتے ہیں۔ان کی بلاراست (indirect) نشوونما ہوتی ہے جس میں سروی مرحلہ ہوتا ہے جس کو (Veliger larva) کہتے ہیں۔(ایک ترمیم شدہ ٹروکوفور سروا)

مثالیں: پائلا (Apple Snail)، (mussel) lamelliodens، Pinctada (موتی والے سیپی) Sepia (کٹل فش) Loligo، (Squid)، Octopus (Devil fish) (خاکہ 2.16)


Pila


Octopus


Squid


Oyster

خاکہ 2.16 مولسکا کی مثالیں

سنگ مرمر کے مخروط جیسا گھونگا
marbled Cone Snail
(*Conus marmoreus*)

کیا تم جانتے ہو؟

گھونگے (Snail) میں مخروطی شکل کا خطرناک زہر ہوتا ہے، جس کے نتیجہ میں نظر میں کمی، سانس کا بند ہونا، عضلات کا مفلوج ہونا اور (Paralysis) اور آخر کار موت واقع ہوسکتی ہے۔اس کے لئے کوئی بھی تریاق (ضد زہر) دستیاب نہیں ہے۔



2.3.9۔نسل :ایکئی نوڈرمیٹا
(Phylum : Echinodermata)

(جلد ۔demos، کانٹے دار۔ G. Echinos)

تمام ایکئی نوڈرم سمندی جانور ہیں۔بالغ جانور شعاعی متشاکل (radially symmetrical) ہوتے ہیں۔مگر دوسرے دوجانبی متشاکل (Bilaterally Symmetrical) ہوتے ہیں۔ان جانوروں میں اندرونی ڈھانچہ کلسی سخت کانٹے دار جسم (Calcaresus ossicles) کا بنا ہوتا ہے۔اس لئے ان کو ایکئی نوڈرمیٹا (کانٹے دار جسم) کہتے ہیں۔سبھی انواع سمندری اور عضوی نظام کی سطح کی ترتیب کا اظہار کرتے ہیں۔ایکئی نوڈرمس کی امتیازی خصوصیت آبی وعائی نظام (water vascular system) (نالی دار پاؤں یا Podia) ہے، جو چلنے پھرنے میں، غذا حاصل کرنے میں اور سانس لینے میں مدد کرتے ہیں۔ہاضمی نظام مکمل ہوتا ہے جس میں دہن (mouth) نیچے اور خارجی سوراخ مبرز غیر موجود ہوتے ہیں، عصبی نظام اور حسی اعضاء کم نشوونما پائے ہوئے ہیں۔دوران خون کا نظام دل اور خون کی نالیوں کے بغیر کھلا قسم کا ہوتا ہے۔ جنس الگ الگ ہوتے ہیں اور ان میں جنسی تولید (Sexual) پائی جاتی ہے۔ بارآوری کا عمل عموماً بیرونی اور افزائش آزادانہ تیرنے والے دوجانبی متشاکل سروے کی مدد سے ہوتی ہے۔بعض اکئی نوڈرمس میں بازپیدائش regeneration کی صلاحیت پائی جاتی ہے اس کے ساتھ ساتھ جسم سے کٹے ہوئے حصے کے نشوونما autotomy کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے ۔مثالیں۔تارہ مچھلی (Star fish) (خاکہ 2.17).

مثالیں: اسیٹر یا Asterias (تارہ مچھلی یا سمندری تارہ مچھلی) Echinus (Urchin Sea)، انٹی ڈان۔ Antedon (Sea lily) کیوکومیریا۔ Cucumaria۔(سمندری کھیرا) اور Ophiura (Brittle Star)


Starfish تارا مچھلی


Brittle star چمک دار تارا


Sea cucumber سمندری ککڑی


Sea urchin سمندری ارچن

خاکہ 2.17 ایکئی نوڈرمس کی مثالیں

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:49 AM

2.3.10 ۔ نسل: ہیمی کارڈیٹا: (Phylum : Hemichordata)

(ڈور-*chorda* ؛ آدھا-G.*Hemi*)

اس کو پہلے نسل فقرے دار (Chordata) کی ذیلی نسل سمجھا جاتا تھا۔لیکن ان کو غیر فقرے دار کے تحت الگ نسل اکئی نوڈرمس کے قریب لایا گیا ہے۔۔ان جانوروں کے گروہوں میں دونوں غیر فقرے دار اور فقرے دار جانوروں کی خصوصیات پائے جاتے ہیں۔

اس نسل میں کرم نما، نرم سمندری جانور یا زیادہ تر نالی دار جانوروں والا ایک چھوٹا سا گروپ ہے، جن کو acorn) worms) یا (tongue worms) کہتے ہیں یہ دوجانبی تشاکل (bilaterally symmetrical) ، سہ نہوضی (triploblastic) اور قعرے (Coelomate) جانور ہوتے ہیں۔جس میں عضوی نظام کی ترتیب پائی جاتی ہے۔ ان کا جسم استوانہ نما ہوتا ہے، جو تین حصوں میں بٹا ہوا ہے۔ جسے بیرونی سونڈ (anterior Proboscis Appendages) ، چھوٹی ہنسلی (Collar) اور لمبی سونڈ (trunk) پر مشتمل ہے۔زیادہ تر ہیمی کارڈیٹس ہدبوں سے غذا کھاتے ہیں۔دوران خون کا نظام سادہ اور بند قسم Closed type یا lacune قسم کا ہوتا ہے جو بیرونی (ظہری) دل رکھتا ہے۔تنفس عمل جوڑی دار گلپھڑوں کی پٹیاں (gill slits) کے ذریعہ ہوتا ہے جو بلعوم میں کھلتا ہے۔ پروبوسس غدود یا قنبلک اخراجی عضو ہیں جو پروبوسس میں ہوتے ہیں۔عصبی نظام بنیادی ہے۔جنس الگ الگ ہوتے ہیں۔ بارآوری کا عمل بیرونی اور افزائش بلا راست آزادانہ تیرنے والے tornaria larva سروے کی مدد سے ہوتی ہے۔



خاکہ 2.18 : ہیمی کارڈیٹا-بیلانوگلاسس کی مثال

مثالیں:بیلینوگلوسس (*Balanoglossus*),(سیکوگلوسیس (*Saccoglossus*)، *Ptychodera flava* (ہندوستانی ہیمی کارڈیٹا جو ٹمل ناڈو کے Kurusadai جزیرے میں پائی جاتی ہے۔ (خاکہ 2.18)

2.4۔ نسل : کارڈیٹا (Chordata)

(حبل (رسی)-G. Chorda) کارڈیٹا ایک بڑی نسل ہے، جس میں کئی گروپ شامل ہیں جیسے مچھلیاں (Pisces)، جل تھیلے (amphibians)، ہوائے (Reptilea)، پرندے (Aves) اور پستانیے (mammals) شامل ہیں اور کم جاننے والے گروپ جیسے Lancelets (آمفیاکسس) اور پوست دار (tunicates)، Ascidian شامل ہیں۔ سارے کارڈیٹا ان کے دورحیات میں تین عام ابتدائی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ (خاکہ 2.19)۔ وہ یہ ہیں۔



خاکہ 2.19 ایک عام فقرے دار

1۔عصبی ڈور کے نیچے اور غذائی نالی کے اوپر، لمبی سلاخ نما شکل کی ہڈی کی موجودگی ہے۔یہ ایک بنیادی ڈھانچہ Skeleton کا کام کرتی ہے۔یہ Lancelets اور Lampreys میں زندگی گزار سکتے ہیں۔بالغ فقرے دار میں، یہ جزوی طور پر یا مکمل طور پر backbone یا Vertebral column کے ذریعہ تبدیل ہوسکتا ہے۔

2۔ ایک ظہری کھوکھلی یا نالی نما سیال سے بھری ہوئی عصبی ڈور (حبل پشت) (Notochord) کے اوپر اور بیرونی جسمانی دیوار کے نیچے پہنچتی ہے۔یہ جسم کے افعال کو مربوط اور integrate کرنے کے لئے کام کرتا ہے۔ اعلیٰ کارڈیٹس میں عصبی ہڈی کا پچھلا اختتام دماغ کی تشکیل کے لئے وسعت پذیر ہوجاتا ہے اور اس کے بعد کا حصہ ریڑھ کی ہڈی کی شکل اختیار کرتا جو (Verrebral Column) کے اندر محفوظ ہوتا ہے۔

3۔ان کے دورِ حیات کے کسی نہ کسی مرحلے پر Pharyngeal (or) gill clefts تمام کارڈیٹس میں پائے جاتے ہیں۔یہ gill slits یا Clefts کا ایک سلسلہ ہے جو بلعوم کی دیواروں میں سوراخ کرتا ہے اور ہر کارڈیٹس کی نشوونما کے دوران ظاہر ہوتا ہے۔آبی شکلوں

100
95
75
25
5
0

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:49 AM

جدول 1 : حبلیے اور غیر حبلیے کا موازنہ (Comparison of Chordates and Non-chordates)

حبلیے (Chordates)	غیر حبلیے (Non-chordates)
حبل پشت (Notochord) موجود ہوتا ہے۔	حبل پشت موجود نہیں ہوتا۔
عصبی ڈور اوپری جانب، کھوکھلا اور ایک ہوتا ہے۔	عصبی ڈور نیچے کی جانب ٹھوس اور دوہرا ہوتا ہے۔
بلعوم (Pharynx)، گلپھڑے کی شگافوں کے ذریعہ سوراخ دار ہوتا ہے۔	گلپھڑے کے شگاف میں gill slits موجود نہیں ہیں۔
دل بطنی جانب ہوتا ہے۔	دل ظہری یا جانبی موجود ہوتا ہے یا غیر موجود ہے۔
مقعد کے بعد کی دُم موجود ہے۔	مقعد کے بعد کی دُم موجود نہیں ہے۔

غائی نالی (alimentary canal) بطنی جانب، پشت حبل تک موجود ہے۔ میں Pharyngeal fill slits ، عروقی Lamellar ہوتے ہیں اور سانس لینے کے لئے گلپھڑوں (gills) کی تشکیل کرتے ہیں ، زمینی کارڈیٹس میں غیر فعالی gill clefts کے آثار جنین کی نشوونما کے مراحل کے دوران ظاہر ہوتے ہیں اور بعد میں غائب ہو جاتے ہیں۔ مذکورہ بالا خصوصیات کے علاوہ، کارڈیٹس دو جانبی متشاکل۔ سہ نہوضی اور تنظیم کے اعضاء کے نظام کی سطح کے ساتھ Coelomates ہیں۔ ان کے پاس مقعد کے بعد والی دُم Post anal tail، بند دوران خون کا نظام ہوتا ہے جس میں Ventral myogenic دل ہوتا ہے، سوائے (Amphioxus) آمفیکسس کے۔

ان تین خصوصیات کی فہرست ان کی زندگی میں کسی نہ کسی وقت تمام کارڈیٹس کے لئے مشترکہ ہے۔

2.4.1۔ ذیلی نسل : یوروکارڈیٹا (یا) Tunicata
(Subphylum : Urochordata or Tunicata)

(حبل پشت-L. Chord ؛ دُم-G. Oura)

یہ سمندری جانور ہیں، ان کو عام طور پر (Sea squirts) کہتے ہیں۔ ان میں چند غیر حرکی، چند Pelagic یا آزادانہ تیرنے والے اور یہ تنہا یا کالونی میں رہتے ہیں۔ جسم غیر قطعہ دار ہوتا ہے اور پوست (tunic) سے ڈھکا ہوا ہوتا ہے۔ بالغ تاچہ (Sac) نما شکل کے ہوتے ہیں۔ اس میں قعر (Coelom) نہیں ہوتا مگر منہ کے کہفہ میں بلعوم گہرا ہوتا ہے۔ سروی مرحلہ میں حبل پشت (Notochord) دم کے حصہ میں موجود ہوتا ہے۔ جس کو Urochordata کہتے ہیں۔ غذائی نالی مکمل اور دوران خون کا نظام کھلا قسم کا ہوتا ہے۔ دل بطنی طرف نالی نما ہوتا ہے۔ تنفس عمل میں گلپھڑے کی پیٹی gill slits اور Clefts کے ذریعہ ہوتا ہے۔ صرف سروی مرحلے میں بیرونی نالی نما حبل پشت (Dorsal tubular nerve cord) موجود ہوتا ہے اور بالغ میں ایک بیرونی (ganglion) موجود ہوتا ہے۔ یہ زیادہ تر دو صنفی شکل (Hermaphrodites) اور نشوونما بلاراست (indirect) ہوتی ہے، جو آزادانہ تیرنے والے غوکچہ tadpole larva سے ہوتا ہے۔ نزولی تقلب (Retrogressive metamorphosis) بھی دیکھا جاتا ہے مثالیں: Ascidia, سالپا (Salpa), Doliolum

2.4.2۔ ذیلی نسل : سفیلیو کارڈیٹا (Cephalochordata)

(سفیلیو-سر ، Chorda-حبل پشت)

یہ سمندری جانور ہیں اور پانی کی گہرائی میں بل کھود کر زندگی بسر کرتے ہیں۔ یہ چھوٹے مچھلی نما شکل کے ہوتے ہیں جو فقرے دار جانوروں کے خصوصیات رکھتے ہیں جیسے حبل پشت (notochord)،



Doliolum



Salpa



Ascidia

خاکہ 2.20 Urochordata کی مثالیں

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:50 AM

ظہری نالی دار عصبی ڈور (dorsal tubular nerve cord) اور بلعومی گلپھڑوں کے شگاف (Pharyngeal gill slits) زندگی بھر موجود رہتے ہیں۔ دوران خون کا نظام بند قسم (closed type) کا ہوتا ہے، جو بغیر دل کے ہوتا ہے۔ اخراج (Protonephridia) کے ذریعہ ہوتا ہے۔ جنس الگ الگ ہوتے ہیں۔ بارآوری عمل بیرونی ہوتا ہے۔ افزائش بلاراست (indirect) ہوتی ہے اور آزادانہ تیرنے والے سروے سے ہوتی ہے۔ (خاکہ 2.21)

مثالیں: Branchiostoma (آمفیاکسس یا Lancelet)



خاکہ 2.21 Cephalochordata کی مثال: آمفیاکسس

2.4.3 ذیلی نسل-فقرے دار (Subphylum : Vertebrata)

(ریڑھ کی ہڈی L.*Vertabrus*)

Vertebrates کو عام طور پر اعلیٰ حیلیے (higher Chordates) کہتے ہیں، جن کی افزائش کے جنینی دور (embryonic stage) میں جبل پشت موجود ہوتی ہے اور بالغ ہونے پر یہ کرسی کی ہڈی Cartilaginous یا ہڈیوں کی فقری ستون میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ لہذا سارے فقرے دار جانور Vertebrates، جیلیے Chordates ہوتے ہیں، مگر سارے جیلیے Chordates، فقرے دار Vertebrates نہیں ہوتے۔ فقرے دار جانوروں Vertebrates میں جوڑی دار ضمیمہ (appendages) نہیں ہوتے۔ جیسے زعنفے (Fins) یا ہاتھ پاؤں (limbs)۔ جلد میں چھلکے، پر، بال، Claws، ناخن وغیرہ گھیرے رہتے ہیں۔ تنفسی نظام، گلپھڑے (gills)، جلد، buccopharyngeal cavity اور پھیپھڑوں سے مکمل ہوتا ہے۔ فقرے دار جانوروں (Vertebrates) میں عضلاتی دل ہوتا ہے، جس میں دو یا تین یا چار خانے نیچے کی جانب ہوتے ہیں۔ اخراجی نظام اور osmoregulation کے لئے گردے موجود ہیں۔

ذیلی نسل فقرے دار Vertebrata کو دو حصوں (divisions) میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ Agnatha اور Gnathostomata۔ Agnatha میں آبی Vertebrates شامل ہیں، جو بغیر جبڑوں کے مچھلیاں کہلاتی ہیں، جس میں جوڑی دار ضمیمہ (Appendages) پائے جاتے ہیں اور جبل پشت (notochord) ختم ہوکر فقری ستون میں تبدیل ہوتا ہے۔ Agnatha میں ایک اہم جماعت Cyclostomata ہوتا ہے۔ Gnathostomata میں جبڑے دار Jawed fishes مچھلیاں (Pisces) اور Tetrapoda، جل تھیلے amphibians، ہوامیے Reptilia، پرندے Aves اور پستانیے (mammals) ہوتے ہیں۔

Super جماعت سمکیے (Pisces) میں Cartilaginous مچھلیاں کو (Chondrichthyes) اور ہڈی دار مچھلیاں (bony fishes) (Osteichthyes) کہتے ہیں۔

2.4.4 جماعت: سیکلوسٹومیٹا (Class : Cyclostomata)

(منہ-*stomata*، دائرہ-G. *cyklos*)

سائیکلواسٹوماٹا کے تمام ممبران ابتدائی سرد خون والے (Poikilothermic)، بغیر جبڑوں کے آبی فقرے دار جانور، کچھ مچھلیوں پر بیرونی طفیلی (ectoparasites) کی زندگی بسر کرتے ہیں۔ ان کا جسم لمبا ایل نما اور دہن کے دونوں طرف سانس لینے کے لئے 6 تا 15 جوڑی گلپھڑوں کے شگاف (gill slits) پائے جاتے ہیں۔ سائیکلوسٹومس کے دہن بغیر جبڑوں اور دورانی نظام بند قسم کا ہوتا ہے۔ ان میں گول اور چوسنے والے (Suctorial) ہوتے ہیں۔ دوران خون کا نظام بند قسم (Close type) کا ہوتا ہے۔ دل دو خانوں میں بٹا ہوا ہے اور جوڑی دار پیر (appendages) نہیں ہوتے۔ فقری ستون (Vertebral column) اور کھوپڑی (Cranium)، دونوں کری دار Cartilaginous ہوتے ہیں۔ سائیکلوسٹومس سمندری جانور ہیں۔ لیکن تولیدی عمل کے لئے تازہ پانی کی طرف ہجرت کرتے ہیں۔ جس کو anadromous migration کہتے ہیں۔ انڈے دینے کے کچھ ہی دنوں بعد ان کی موت واقع ہوجاتی ہے۔ انڈوں میں سے نکلنے والے سروے ammocoete ہیں، جو تقلب (metamorphosis) کے بعد واپس سمندر کی جانب ہجرت کرجاتے ہیں۔ مثالیں: Petromyzon، Lamprey اور Myxine (hag fish) (خاکہ 2.22)



Lamprey لیمپ رے



Hag fish ہیگ فش

خاکہ 2.22 سائکلواسٹومیٹا کی مثالیں

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:51 AM

2.4.5 جماعت: کانڈرک تھیس
(Class: Chondrichthyes)

(مچھلی-*ichthys* ؛ کری ہڈی-G.*Chondros*)

یہ کری دار بروں ڈھانچوں والی آبی مچھلیاں ہیں۔ ان میں حبل پشت (notochord) تاحیات رہتی ہے۔ ان کی جلد سخت اور باہری (Placoid Scales) اور Caudal fin سے اور گردینی (heterocercal) سے بنا ہوتا ہے۔(یہ اندرونی اور بیرونی دونوں طرف غیر تشاکلی (asymmetrical) ہوتے ہیں۔ منہ نیچے کی جانب ہوتا ہے۔ دانت بھی (Placoid scales) میں تبدیل ہو کر اندرونی طرف مڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ ان کے جبڑے بہت مضبوط ہوتے ہیں۔ یہ جانور شکاری عادات کے ہوتے ہیں۔ تنفس نظام (Lamelliform gills) گلپھڑوں سے بنا ہوتا ہے جس میں ڈھکن (Operculum) نہیں ہوتے۔ اخراجی اعضاء میں میاں گردینی mesonephric گردہ ہوتا ہے۔ دل میں دو خانے ہوتے ہیں Cartilaginous مچھلیاں ureotelic ہوتے ہیں اور خون میں یوریا جمع کر کے رکھتے ہیں۔ یہ سرد خون والے Poikilothermic اور طفل زا (Viviparous) جانور ہیں۔ جنس (Sexes) الگ الگ ہوتے ہیں۔ بارآوری کا عمل (Fertilization) اندرونی ہوتا ہے اور کئی انواع میں بچے پیدا ہوتے ہیں۔

مثالیں: Shark-Scoliodon، *Trygon*-sting ray، *Pristis* - Saw fish (آری مچھلی) (خاکہ 2.23)

2.4.6۔ جماعت: اوس ٹیک تھیس (Class:Osteichthyes)

(G.*Osteon*-ہڈی ; *ichthys* -مچھلی)

اس جماعت میں شامل مچھلیاں سمندر اور تازہ پانی دونوں جگہوں پر پائی جاتی ہیں۔ ان میں ہڈیوں کا اندرونی ڈھانچہ ہوتا ہے اور جسم تکلہ نما (Spindle) ہوتا ہے۔ جلد میں ganoid، Cycloid (یا) Ctenoid کنگھی نما چھلکوں سے ڈھکا ہوا ہے۔ تنفس کے لئے چار نالی دار گلپھڑے (gills) ہوتے ہیں۔ جو خیشوم پوش (Operculum) سے ڈھکے ہوتے ہیں۔ ہوائی غبارے (Air bladder) جسم میں موجود ہوتے ہیں، جو جسم کو اچھال کر مہیا کرتے ہیں اور گیسوں کے تبادلہ کے لئے بھی مدد کرتے ہیں۔ دل دو خانوں پر بطنی جانب مشتمل ہے۔ اخراجی اعضاء میں مایں گردینی گردہ (mesonephric kidney) ہوتا ہے اور یہ ammonotelic ہوتے ہیں۔ حسی اعضاء اچھی طرح سے نمو پا کر ہیں۔ جنس الگ الگ ہوتے ہیں۔ بارآوری عمل عموماً بیرونی ہوتا ہے۔ یہ انڈے دینے والی (Oviparous) جانور ہیں۔ (خاکہ 2.24)

مثالیں: ایکسوٹیس Exocoetus (Flying fish)

Hippocampus۔ہپوکمپس (سمندری گھوڑا) لیپیو (روہو مچھلی) Pterophyllum (Angel fish)

2.4.7۔ جماعت تھلیے (Class : Amphibia)

(*amphi*۔دو ، *bios*۔زندگی)

جل تھلیے پہلے فقرے دار اور چوپایہ (tetrapods) جانور ہیں، جو پانی اور زمین دونوں جگہوں میں زندہ رہ سکتے ہیں۔ یہ سرد خون والے Poikilothermic ہوتے ہیں۔ اس کا جسم سر اور دھڑ میں تقسیم پایا ہوا ہوتا ہے اور ان میں سے زیادہ تر اعضاء کی دو جوڑیاں (Limbs) پائی جاتی ہیں۔ دُم ہو سکتی ہے یا نہیں ہو سکتی ہے۔

جل تھلیے میں کھال (جلد) نرم یا سخت لون دار اور غدود دار



Shark



Pristis



Sting ray

خاکہ 2.23 Chondrichthyes کی مثالیں



Flying fish



Sea horse



Angel fish



Carp



Sucker fish

خاکہ 2.24 OSteichthyes کی مثالیں

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:52 AM

ہوتے ہیں۔ آنکھوں میں پپوٹے اور طبلی جھلی tympanum کانوں کا کام کرتی ہے۔ تنفس کا عمل گلپھڑے، پھیپھڑے اور نم کھال کے ذریعہ انجام پاتا ہے۔ دل تین خانوں کا ہوتا ہے۔ اس میں اخراجی نظام میاں گردینی گردے (mesonephric) سے ہوتا ہے۔ یہ طفل زا (Oviparous) جانور ہیں اور اس میں افزائش کا عمل غیر راست ہوتا ہے۔ یہ سرماخوابی (Hibernation) اور گرمائی نیند aestivation لینے والے جانور ہیں۔

مثالیں: Bufo (Toad)، Rana (مینڈک)، ہائلا (Tree Frog)، سیلامنڈر Salamandar، Icthyophis، (Limbless amphibians) (خاکہ 2.25)



Frog



Toad



Salamander



Icthyophis (Caecilians)

خاکہ 2.25 جل تھلیے کی مثالیں

2.4.8۔ جماعت: ہوامیے (رینگنے والے)

(Class : Reptilia) (*repere* یا *reptum*۔ رینگنا)

یہ عموماً زمینی جانور ہوتے ہیں اور ان کے جسم کی جلد میں کانٹے دار ابھار موجود ہوتے ہیں، جس کو بیرونی چھلکے یا (Scutes) کہتے ہیں۔ دل عموماً تین خانوں میں منقسم ہوتا ہے، لیکن مگرمچھ کا دل چار خانوں میں منقسم ہوتا ہے۔ یہ سارے جانور سرد خون والے جانور (Cold blooded amniotes) ہیں اور یہ Poikilotherms ہیں۔ یہ زیادہ تر ہوامیے انڈا (Cleidoic eggs) دیتے ہیں، جس میں زائد جنینی embryonic جھلی ہوتی ہے۔ جیسے amnion، allantois، Chorion اور زردینی تھیلی (Yolk sac) وغیرہ ہوتے ہیں۔ اخراجی نظام میں بعد گردینی گردہ (meta nephric Kidney) ہوتا ہے اور یہ یورک ترشہ اخراج کرنے والے (uricotelic) ہوتے ہیں۔ جنس الگ الگ ہوتے ہیں۔ اس میں جنس کو اچھی طرح تمیز کیا جاسکتا ہے (Sexual dimorphism)۔ اس میں بارآوری عمل اندرونی ہوتا ہے۔ یہ سارے انڈے دینے والے (Oviparous) ہوتے ہیں۔

مثالیں : Chelone (کچھوا)، Testudo (سمندری کچھوا)، Hemidactylus (گھریلو چھپکلی)، (Chameleon)، (tree lizard)، (garden lizard) Calotes، (Draco)، (اڑنے والی چھپکلی)، Crocodiles (مگرمچھ)، Vipera (زہریلے سانپ)، Bangarus (Krait) (خاکہ 2.26)



King cobra



Draco (Flying Lizard)



Crocodile



Chameleon

خاکہ 2.26 رینگنے والے کی مثالیں



unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:53 AM

2.4.9۔ جماعت : پرندے (Class: Aves)

(L.*Avis*۔پرندے)

Aves کو عام طور پر پرندے کہتے ہیں۔ Aves کی امتیازی خصوصیت میں پروں کا موجود ہونا اور ان کا اڑنا ہے۔ جب کہ ان میں چند(flightless birds) نہ اڑنے والی چڑیاں ہیں۔ جیسے (Penguin, Kiwi, ostrich) وغیرہ۔اس کے علاوہ زیادہ تر چڑیاں اڑسکتی ہیں۔ان کے اگلے دو بازو (Fore limbs) پروں میں پائے ہوئے ہیں، جب کہ پچھلے دو بازو پیر بن گئے ہیں، جن سے چلنے پھرنے کا کام لیتے ہیں۔یا تیرنے اور شاختوں پر چڑھنے کا کام لیتے ہیں۔ان کی جلد خشک اور بغیر غدود کے ہوتی ہے۔ سوائے دم کے حصے کے۔ جہاں روغنی غدود یا Preen gland موجود ہوتا ہے۔ دروں ڈھانچے میں برادی بال، چھلکے، پیروں میں ناخن اور چونچ بھی پائے گئے ہیں۔دروں ڈھانچے میں ہڈیاں کھوکھلی ہوتی ہیں اور ان میں ہوا بھری ہوئی ہوتی ہے، جنہیں Pneumatic bones کہتے ہیں۔ ہوا میں اڑنے کے لئے Pectoral عضلات اچھی طرح سے تیار ہوکر ہیں (Pectoralis major and Pectoralis minor)۔ نظام تنفس پھیپھڑوں پر منحصر ہوتا ہے اور ہوا سے اسفنجی پھیپھڑے منسلک ہوتے ہیں جو تنفس میں مزید مدد کرتے ہیں۔ دل مکمل طور پر چار خانوں میں منقسم ہوا ہوتا ہے۔یہ گرم خونی یعنی (Homeothermic) جانور ہیں۔ یہ ہجرت کرتے ہیں اور بچوں کی نگرانی اچھی طرح کرتے ہیں۔ ان میں بولی مثانہ (Urinary bladder) نہیں ہوتا ہے۔جنس الگ الگ ہوتے ہیں اور دوجنسی (Sexual dimorplism) ہوتے ہیں۔ نر میں جوڑی دار خصیے (testis) پائے جاتے ہیں، مگر مادہ میں صرف بائیں طرف بیض دان (Ovary) اچھی طرح ترتیب پایا ہوا ہوتا ہے۔دائیں (right) بیض دان Atrophied ہوتا ہے۔سارے پرندے انڈے دینے والے Oviparous ہوتے ہیں۔انڈے زردینی megalecithal اور خول والے Cleidoic ہوتے ہیں۔ بارآوری کا عمل اندرونی ہوتا ہے۔مثالیں: Psittacula, Columba(کبوتر) ،Corvus(کوا)، (طوطا)، Pavo (مور) Aptenodytes(Penguin)، (Neophron)(گدھ)، (Chalcophaps Indica) (تمل ناڈو کا ریاستی پرندہ سبز کبوتر) (خاکہ 2.27)



عام سبز کبوتر (تمل ناڈو کا ریاستی پرندہ)
Common Emerald Dove
(Tamil Nadu State Bird)



گدھ *Vulture*



پرندہ



پنگوئن

خاکہ 2.27 Aves پرندوں کی مثالیں



Hooded Pitohui
(Pitohui dichrous)
سریلی آواز رکھنے والا یہ پرندہ نیوگنی کے بارش کے جنگلات میں پایا جاتا ہے۔ درج شدہ پرندوں میں سے یہ واحد زہریلا پرندہ ہے۔ homobatrachotoxin نامی ایک زہریلا مادہ neuro toxin اس کی جلد اور پروں میں پایا جاتا ہے، جو کوئی بھی اسے چھوتا ہے، اس کو سوجن اور ایک قسم کا جھنجھناپن محسوس ہوتا ہے۔

2.4.10۔ جماعت : پستانیے (Class: Mammalia)

(L.mamma۔پستان)

یہ مختلف عادت (Habitats) والے ہوتے ہیں۔ جسم پر بال ڈھکے ہوتے ہیں، جو ان کی نمایاں خصوصیت ہے۔ان میں سے کچھ پانی میں اڑنے اور رہنے کے لئے موافقت پائے ہوئے ہوتے ہیں۔ان کی نمایاں خصوصیات دراصل مادہ میں پائے جانے والے وہ پستانی غدود ہیں جن کی مدد سے ماں اپنے بچوں کو دودھ پلاتی ہے جس کو Mammary gland کہتے ہیں۔ان میں دو جوڑی بازو (Limbs) ہوتے ہیں جو چلنے، دوڑنے، چڑھنے، زمین میں بل بنانے، تیرنے یا اڑنے میں کام آتے ہیں۔جلد میں روغنی مادے پائے جاتے ہیں جیسے پسینے کے غدود Sweat gland، scent gland اور روغنی غدود (Sabaceous gland) کہتے ہیں۔ بیرونی ڈھانچے میں Epidermal horns ، کانٹے، چھلکے، Claws، ناخن، hooves اور Bony dermal plates پائے جاتے ہیں۔ جبڑوں میں مختلف قسم کے دانت ہوتے ہیں، جیسے thecodont، Heterodont اور Diphyodont کہتے ہیں۔بیرونی کان یا Pinnae پائے جاتے ہیں۔ دل میں چار خانے ہوتے ہیں۔ دل کے دائیں (left) جانب Systematic arch پایا جاتا ہے۔ بالغ RBC، دوہرے محدب biconcave

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:53 AM

اور غیر مرکزائی ہوتے ہیں۔ پستانیوں میں بڑے دماغ پائے جاتے ہیں جو دوسرے جانوروں سے الگ پہچانے جاتے ہیں اور یہ دوسرے جانوروں سے زیادہ چالاک ہوتے ہیں۔ پستانیوں میں گردے metanephric اور یوریا خارج کرنے والے Ureotelic ہوتے ہیں۔ پستانیے سارے گرم خون والے Homoeothermic ہوتے ہیں۔ جنس الگ الگ ہوتے ہیں اور ان میں بارآوری کا عمل اندرونی ہوتا ہے۔ مثالیں انڈے دینے والے۔ Oviparous ، *Ornithorhynchus*(Platypus)، بچے دینے والے (Viviparous): (Macropus-کنگرو-Kangaroo) ، *Pteropus*) (flying fox)، (بندر-Macaca) -delphinus)، (Equus- گھوڑا)، (Elephas-ہاتھی)، عام ڈولفن,Balaenoptera,(نیل وھیل)، Panther leo (شیر)، Panthera tigris- باگھ)، Homo sapiens- انسان)، Bos مویشی



Figure 2.28 Examples of Mammals

خلاصہ : (Summary)

عالم حیوانات میں جانوروں کی ایک وسیع انواع شامل ہے۔ اس میں چھوٹے طفیلی نماٹوڈس سے لے کر سب سے بڑے پستانیے نیلی وھیل تک شامل ہیں۔۔ بنیادی fundamental خصوصیات جیسے تنظیم کی سطح، دونہوضی اور سہ نہوضی تنظیم، تشاکل کے نمونے patterns of Symmetry، قعر، قطعے دار اور حبل پشت نے ہمیں عالم حیوانات کی وسیع پیمانے پر درجہ بندی کرنے کے قابل بنایا ہے۔ بنیادی خصوصیات کے علاوہ، بہت سی دیگر خصوصیات ہیں جو ہر نسل یا جماعت کے لئے مخصوص ہیں۔

جانوروں کو بڑے پیمانے پر غیر فقرے دار اور حبلیوں میں درجہ بند کیا گیا ہے۔ جن جانوروں میں ریڑھ کی ہڈی نہیں ہوتی، انہیں غیر فقرے دار جانور کہا جاتا ہے۔ حبل پشت، ٹھوس بطنی عصبی ڈور اور گلپھڑی شگافوں کی موجودگی وغیرہ ہے۔ عالم حیوانات کو گیارہ جانوروں کی نسلوں میں درجہ بندی کی گئی ہے، جیسے پوریفیرا، نِڈاریا، ٹینوفورا، پلیٹی ہلمنتھس، اشل منتھس، اینے لیڈا، آرتھروپوڈا، مولسکا، اکائنوڈرمٹا، ہیمی کارڈیٹا اور کارڈیٹا۔

Chordata حلیہ سب سے بڑی نسل ہے، جس میں تین ذیلی نسلیں Urochordata، Cephalochordata اور vertebrata ہیں۔ فقرے داروں کے تین نسلیں ہیں۔ جیسے یوروکارڈیٹا Cephalochordata اور Vertebrata وغیرہ۔ Vertebrata کی تحتی نسل کو دو حصوں divisions میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ Agnatha اور Gnathostomata۔ Agnatha، جماعت Cyslostomata پر مشتمل ہے۔

Gnathostomata میں جبڑے دار مچھلیاں (Pisces) اور ٹیٹرا پوڈا شامل ہیں، جس میں جماعت جل تھلیے، رینگنے والے، پرندے، اور پستانیے شامل ہیں۔

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:54 AM

فردی مطالعہ



سلیم علی

سلیم معز الدین عبد العلی ہندوستان کے ایک بہت ہی مشہور اور معروف ماہر طیور (ornithologist) تھے۔ ان کو Bird man of India بھی کہا جاتا ہے۔ وہ 12/نومبر 1896 کو ممبئی میں پیدا ہوئے ۔ 20ویں صدی کے بہت ہی معزز اور ماہر فطریات بھی مانے جاتے ہیں۔ان کا انتقال 20/جون 1987 کو ہوا۔ دس سال کی عمر ہی سے آپ کو پرندوں سے متعلق دلچسپی تھی۔ اس کے بعد انہوں نے ہندوستان اور پڑوسی ممالک میں پرندوں سے متعلق کئی جائزے کئے۔ انہوں نے پرندوں سے متعلق کئی کتابیں تصنیف کی ہیں۔ جن میں سے Book of Indian birds اور Hand book of Birds of India and Pakistan وغیرہ بہت ہی مشہور ہیں۔ اپنی آپ بیتی Fall of a sparrow میں پرندوں کے ساتھ اپنی ابتدا اور تجربات کا اظہار کیا ہے۔ 1958 میں حکومت ہند نے ان کو Padma bhushan اور 1976 میں Padma Vibushan کے اعزاز سے نوازا۔ 1985 میں وہ راجیہ سبھا میں بھی نامزد کئے گئے۔ ان کی تصنیفات نے کئی شائقین کو علم طیور اور فطرت کی تاریخ کی طرف راغب کیا۔ ہندوستان کے اکثر ماہرین ماحولیات، سلیم علی کی کتابوں سے پرندوں سے متعلق جانکاری حاصل کر رہے ہیں۔

1990 میں حکومت ہند نے ان کے اعزاز میں تمل ناڈو کے شہر کوئم بتور میں Salim Ali Centre for Ornithology and Natural History (SACON) نامی ایک قومی تحقیقی ادارہ بنایا۔ حکومت ہند کے وزارت ماحولیات، جنگلات اور ماحولیاتی تبدیلی کے تعاون سے SACON علم طیور کی تحقیق کا ایک اہم مرکز بنا ہوا ہے۔ کوئم بتور سے 24 کلومیٹر شمال مغرب میں انئی کٹی کے اطراف Sylvan نامی علاقے میں SACON کا دفتر قائم کیا گیا ہے۔ یہ نیلگری حیاتی تنوع ریزرو کے قریب واقع ہے۔ SACON کا مقصد، ہندوستان کے حیاتی تنوع کی بقا کرنا اور تحقیق، تعلیم، آگاہی اور لوگوں کے تعاون کے ذریعہ خاص کر پرندوں کے انواع کی حفاظت کرنا ہے۔ SACON علم طیور کے میدان میں تحقیق کا کام انجام دیتا آرہا ہے جس میں حیاتی تنوع اور فطری تاریخ کے اسباق شامل ہیں۔ گزشتہ 25 سالوں میں SACON سے 50 سے بھی زیادہ تحقیق کاروں نے علم طیور اور فطری تاریخ سے متعلق اپنی Ph.D مکمل کی اور کئی قومی اور بین الاقوامی رسائل میں پرندوں سے متعلق تحقیقی مقالے شائع کئے۔ اس علاقے میں SACON بہت ہی مقبول و معروف ہوتا جا رہا ہے۔اس نے ہزاروں لوگوں، خاص کر طالب علموں کو پرندوں کا مشاہدہ کرنے اور ان میں دلچسپی پیدا کرنے اور ان سے متعلق معلومات حاصل کرنے پر ابھارا ہے۔ SACON کی Children's Ecology Congress سے علم طیور اور فطری تاریخ سے متعلق مسابقت اور پروگرام منعقد کئے جاتے ہیں اور Salim Ali Trophy جیسے انعام سے نوازی جاتا ہے۔ SACON کی Salim Ali Naturalist Forum، کوئمبتور میں پرندوں کی حرکت کا مشاہدہ بھی کرتی ہے، جس کا انتظامیہ SACON سے ہوتا ہے۔

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:55 AM

Activity

کارروائی

مقاصد:

عضویہ کے بعض گروہ اوران کے خصوصی خصوصیات بتائے گئے ہیں۔ ایک کلیڈوگرام (Cladogram) تیار کیجئے،اور یہ جاننے کی کوشش کیجئے کہ یہ کلیڈوگرام کس طرح عام آباواجداد اور ارتقائی تعلق کے درجہ کوظاہر کرتا ہے۔

طریقہ :

مرحلہ 1 : اپنی نصابی کتاب کا مطالعہ کیجئے اور دئے گئے جانوروں کی خصوصیات کی شناخت کیجئے۔اگر وہ خصوصیات اپنے مشاہدہ کئے جانور سے متعلق ہوتو، دی گئی معطیات کی جدول میں x نشان لگایئے۔

مرحلہ 2 : ورک شیٹ کے جدول کے نیچے، ایک ون خاکہ بنایئے۔ وہ جانور جن کی خصوصیات مشترک ہوں، ان کی گروہ بندی کیجئے اور انہیں اس ون خاکہ میں شامل کیجئے۔

مرحلہ 3 : ون خاکہ کے ذریعہ جانوروں کے آباواجداد کا ایک کلیڈوگرام تیار کیجئے۔ وقت کے گزرنے کے ساتھ ان جانوروں میں کونسی تبدیلیاں واقع ہوئیں، ان کا اظہار کیجئے۔

مرحلہ 4 : دئے گئے جانور کی کونسی خصوصیات، جومشترک خصوصیات کی عکاسی کرتے ہیں،ان کو رکھ کر ایک ون خاکہ بنایئے۔









سٹ	Traits	کنگرو	لیمپ رے	بندر	مینڈک	انسان	کچھوا	مچھلی
سٹ#1	اگلا عصبی ڈور، پشت ڈور							
سٹ#2	جوڑی دار ضمیمے، فقری ستون							
سٹ#3	جوڑی دار پیر							
سٹ#4	Amnion، (تھیلی)							
سٹ#5	پستانی غدود							
سٹ#6	نشیمیہ							
سٹ#7	چبانے والے دانت							
	جملہ 'X's							

محاسبہ : (Evaluation)

1۔ نڈاریا(Cnidarians) میں ..... تشاکل (Symmetry) پایا جاتا ہے۔

(a) شعاعی (radial)

(b) دوجانبی (Bilateral)

(c) پنج بارہ شعاعی Pentamerous radial

(d) غیر تشاکلی Asymmetrical

2۔ Sea anemone کونسی نسل سے تعلق رکھتا ہے ؟

(a) پروٹوزوا (b) پوریفیرا

(c) سیلن ٹریٹا (d) اکئی نوڈرمیٹا

3۔ پلاٹی ہل منتھس(Platyhelminthes) میں اخراجی خلیہ کونسا ہے؟

(a) پیش گردینہ (protonephridia)

(b) شعلہ خلیہ (Flame Cells)

(c) لولبی خلیہ (Solenocytes)

(d) اوپر کے تینوں

4۔ ذیل کے دئے گئے عضویوں میں ہم بارآوری (self fertilization) کا عمل کس میں دیکھا جاتا ہے؟

(a) مچھلی (b) مدورکرم(Roundworm)

(c) کیچوا (d) Liverfluke

5۔ کیچوے کے گردینے میں جو عمل ہوتا ہے، ویسا ہی عمل ..... میں بھی ہوتا ہے۔

(a) جھینگوں کے گلپھڑوں (b) پلانیریا کے شعلہ خلیوں

(c) حشرات کے سانس کی نالیوں

(d) ہائڈرا کا نہوضیہ (Nematoblasts)

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:55 AM

6۔ ذیل کا کون سا جانور (True coelom) اصلی قعر رکھتا ہے؟
(a) Ascaris (b) Pheretima
(c) Sycon (d) Teania solium

7۔ حلقوی قطعہ سازی (metameric segmentation) ..... کی نمایاں خصوصیت ہے۔
(a) انے لیڈا (b) اکئی نوڈرمیٹا
(c) آرتھروپوڈا (d) سیلن ٹریٹا

8۔ *Pheretima* ..... کی مدد سے حرکت کرتے ہیں۔
(a) دائری عضلات (Circular muscles)
(b) جسم کے کاٹنے اور عضلات کی طولی تراش
(c) دائرہ نما، طولی عضلات اور ہدبے
(d) پیراپوڈیا Parapodia

9۔ ذیل کے زیادہ تر انواع قدرتی ہوتے ہیں۔
(a) حشرات (b) پرندے
(c) انجیو اسپرمس (d) پھپھوندی

10۔ ذیل میں سے کونسے خول دار جانور (Crustaceans) ہیں؟
(a) جھینگے (prawn) (b) گھونگا (Snail)
(c) Sea anemone (d) Hydra

11۔ جھینگر میں تنفسی لون یہ ہے۔
(a) ہیموگلوبن (Haemocyanin)
(b) ہیموسیانن (Haemocyanin)
(c) ہیمو اریتھرین (Haemoerythrin)
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

12۔ کون سی نسلوں کے بیرونی ڈھانچے (Exoskeleton) میں کیوٹنی بشرہ (Chitinous cuticle) پایا جاتا ہے؟
(a) انے لیڈا (b) پوریفیرا
(c) آرتھروپوڈا (d) اکئی نوڈرمیٹا

13۔ جانبی لکیری حسی اعضاء ان میں پایا جاتا ہے۔
(a) سالمنڈر (Salmander) (b) مینڈک
(c) پانی کا سانپ (d) مچھلی

14۔ Amphibia میں بغیر بازو (Limbless) ..... میں ہوتے ہیں۔
(a) Icthyophis (b) Hydra
(c) Rana (d) Salamandar

15۔ ذیل میں سے کون سا جوڑی دار نہیں ہے؟
(a) انسان - Ureotelic
(b) پرندے - Uricotelic
(c) چھپکلی - Uricotelic
(d) وھیل - Ammonotelic

16۔ ان کے دل میں چار خانے پائے جاتے ہیں۔
(a) چھپکلی (Lizard) (b) سانپ
(c) بچھو (d) مگرمچھ

17۔ ذیل میں سے کون سا جانور انڈے دینے والے پستانیے ہیں؟
(a) *Delphinus* (b) *Macropus*
(c) *Ornithorhynchus* (d) *Equus*

18۔ (Pneumatic) ہوائی ہڈی ان میں دکھائی دیتی ہے۔
(a) پستانیے (b) پرندے
(c) ہوامیے (d) اسفنج

19۔ مندرجۂ ذیل کالم کو جوڑیں اور صحیح جواب منتخب کریں۔

کالم I	کالم II
Pila (p)	Devilfish (i)
Dentalium (q)	Chiton (ii)
Chaetopleura (r)	Apple snail (iii)
Octopus (s)	Tusk shell (iv)

(a) P - q (ii) -r r (i) - S (iii) (iv)
(i) - S (ii) - r (iv) - q (iii) -P
(iii) - s (i) - r ((iv) - q (ii) - P
(iv) - S (iii) - e (ii) - q (i) - P

20۔ ذیل کی کونسی نسل میں بالغ شعاعی تشاکل (radial symmetry) دکھائی دیتی ہے اور سروے میں دونہوضی تشاکل (bilateral symmetrical) نظر آتے ہیں۔
(a) مولسکا (b) اکئی نوڈرمیٹا
(c) آرتھروپوڈا (d) انیلیڈا

21۔ مندرجۂ ذیل میں سے کون سا صحیح طرح سے ملاپ کیا گیا ہے۔
(a) Physalia - Portugese جنگ کا آدمی
Pennatula - Sea fan
Adamsia - Sea pen
Gorgonia - Sea anemone

22۔ Spongin اور کانٹے (Spicule) ایک اسفنج کے لئے اہم کیوں ہیں ؟

23۔ زیادہ تر جانوروں میں چار خصوصیات کیا ہیں ؟

24۔ ان خصوصیات کی فہرست بتائیں جو تمام فقرے دار جانوروں کی نشوونما کی موقع پر دکھائی دیتی ہے ؟

25۔ بند اور کھلے دوران خون کے نظام کا موازنہ کریں۔

26۔ Entero coelom کے ساتھ Schizo coelom کا موازنہ کریں۔

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:56 AM

27۔ اس ڈھانچے کی شناخت کریں، جس میں archenteron ایک ترقی پذیر جانور میں بن جاتا ہے۔

28۔ ذیل میں جانوروں کا مشاہدہ کریں اور درج ذیل سولات کے جوابات دیں۔



(a) جانور کی شناخت کریں۔

(b) یہ جانور کس قسم کے تشاکل Symmetry تناسب ظاہر کرتا ہے؟

(c) کیا یہ جانور راس پسند Cephalized ہے ؟

(d) اس جانور میں کتنے نشوونمائی سطحیں germ layers ہیں؟

(e) اس جانور کے ہاضمی نظام میں کتنے سوراخ ہوتے ہیں؟

(f)۔ کیا اس جانور میں عصبیے neurons پائے جاتے ہیں؟

29۔ ایسی اصطلاح کا انتخاب کریں جو مندرجۂ ذیل گروپ میں شامل نہیں ہے اور بتائیں کہ اس کا تعلق کیوں نہیں ہے؟

حبل پشت (Notochord)، راس پسند (Cephalisation)، ظہری عصبی ڈور (dorsal nerve cord) اور شعاعی تشاکل

30۔ کیوں چپٹے کرموں flat worms کو غیر قعریے acoelomates کہا جاتا ہے؟

31۔ شعلہ خلیے (Flame cells) کیا ہیں؟

32۔ نظریاتی نقشہ سازی۔ نظریاتی نقشہ بنانے کے لئے مندرجۂ ذیل شرائط کا استعمال کریں جو نسل نیماٹوڈا کی اہم خصوصیات کو ظاہر کرتا ہے۔

مدور کرم (Roundworms) ، کاذب قعریے (Pseudocoelomates)، ہاضمی نالی، بشرہ (Cuticle) ، طفیلی، دوصنفی شکلیت Sexual dimorphism

33۔ Trochopore سروا کون سی نسل (phylum) میں پایا جاتا ہے؟

34۔ فقرے دار کی کونسی خصوصیات، ان کے بالغ ہونے کے بعد بھی برقرار رہتی ہیں؟

35۔ غیر جبڑے دار مچھلیوں کے ساتھ، کری دار ہڈیوں والی Cartilaginous مچھلیوں کے خصوصیات کا موازنہ کریں۔

36۔ ہڈی دار Bony مچھلیوں کی کوئی تین خصوصیات کی فہرست بتائیں۔

37۔ مچھلیوں میں ہوائی خانہ Air bladder کے افعال کی فہرست بتائیں۔

38۔ وہ خصوصیات لکھیں، جو زمین پر رینگنے والے جانوروں کا کامیاب زندگی بسر کرنے میں معاون ہیں۔

39 پرندوں کے بیرونی ڈھانچہ endoskeleton کی انوکھی خصوصیات کی فہرست بتائیں۔

40۔ کیا انڈے دینے والے Oviparous اور بچہ دینے والے Viviparous مادہ کے ذریعہ، تیار کردہ انڈوں یا پیدا کردہ جانوروں کی تعداد برابر ہوسکتی ہے؟ کیسے؟

ICT Corner Cladogram ICT کارنر کلیڈوگرام



کلیڈوگرام سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے آیئے اس کارروائی کو انجام دیں۔



مرحلہ 1 : نئے گئے دئے URL کو ٹائپ کیجئے۔ اپنے personal id یا school id سے 'Play game' لاگ اِن کیجئے۔ یا کارروائی شروع کرنے کے لئے guest pass کا استعمال کیجئے۔

مرحلہ 2 : شروع میں آپ کو دو انواع اور ان کی خصوصیات دئے جائیں گے۔ آپ انہیں اس چھوٹے ڈبے میں لانا ہے اور اس کو جوڑنا ہے۔

مرحلہ 3 : کھینچ کر لانے (drag) کے لئے ماؤس کا استعمال کیجئے اور اسے شجر کی خصوصیات تک لایئے۔

مرحلہ 4 : اگر آپ شجر کو ٹھیک طرح سے جوڑتے ہیں تو گیم دوسری سطح میں چلا جاسکتا ہے۔ اگر تم ٹھیک طرح سے جوڑ نہیں سکتے تو گیم کو دوبارہ شروع کیجئے یہاں تک کہ تم اس کی خصوصیات کو ٹھیک نہیں جوڑ لیتے۔

Evolution Lab's URL:

http://www.pbs.org/wgbh/nova/labs/lab/evolution/

* Pictures are indicative only

unit 2. kingdom animalia um
Sunday, July 31, 2022 12:27:56 AM



A reflective layer of tissue called tapetum lucidum, enhances night time vision in most of the animals like cat.

اکائی II

باب 3

بافتوں کی سطح کی تنظیم

(Tissue Level of Organisation)

باب کا خاکہ

3.1۔ حیوانی بافت (Animal Tissue)

3.2۔ برادری بافت (Epithelial Tissue)

3.3۔ اتصالی بافت (Connective Tissue)

3.4۔ عضلاتی بافت (Muscle Tissue)

3.5۔ عصبی بافت (Neural Tissue)

سیکھنے کے مقاصد:

- بافتوں کے اقسام کو ان کی خصوصیات کی بنیاد پر پہچاننا
- بافتوں کی وضاحت، مقام، افعال اور ترمیم کو سمجھنا
- عضلاتی، اتصالی اور اعصابی کی اہمیت کو سمجھنا

کثیر خلوی عضویئات میں، خلیے آزادانہ طور پر کام نہیں کرتے ہیں ، اس کے بجائے وہ سارے خلیے مجموعی طریقے سے تشکیل پاتے ہیں اور ایک ساتھ رہتے ہیں اور کام کرتے ہیں ۔ جسمانی انفرادی خلیے ہر ایک کے ہومیوسٹاسیس (Homeostasis) کو برقرار رکھنے میں مدد کرتے ہیں اور مجموعی طور پر جسم کو فائدہ پہنچائیں ۔ جب خلیے کی تشخیص کی واضح ہوتی ہے تو عضلاتی خلیے کس طرح ہوتے ہیں اور اس کا عمل جلد کے طریقوں سے کام کرنے دیتی ہے ۔ خلیوں کے گروپ ایک جیسی ساخت رکھتے ہیں اور عام یا متعلقہ افعال انجام دیتے ہیں، جس کو بافت (Tissues) کہتے ہیں۔

اعضاء کی تشکیل کے لئے بافتوں کو مخصوص تناسب اور نمونوں میں منظّم کیا جاتا ہے، جیسے دل، معدہ، گردہ، بیض دان، اثیثے (Testes) وغیرہ۔ اس بافت کو (Living fabrics) کہتے ہیں۔ جب دو یا دو سے زیادہ عضوا اپنے طبیعی یا کیمیائی بنیاد کے ذریعہ ایک ہی طرح کے کام انجام دیں تو وہ ملک کر عضوی نظام (Organ system) بناتے ہیں ۔ مثال ہاضمی نظام، تنفس نظام، اخراجی نظام وغیرہ۔ زیادہ اعضاء (organs) میں کئی قسم کے بافت پائے جاتے ہیں، جو اعضاء کی ساخت اور افعال میں مدد دیتے ہیں۔ بافت کے مطالعہ کو Histology کہتے ہیں۔ جو مجموعی اناٹومس کے مطالعہ کو مکمل کرتا ہے وہ ایک ساتھ مل کر فعلیاتی اعضاء کو سمجھنے کے لئے ساختی اساس فراہم کرتے ہیں۔

3.1۔ حیوانی بافت (Animal Tissues)

خلیے کی بناوٹ اس کے قد، شکل اور افعال کے مطابق بدلتی رہتی ہے اس لئے بافت مختلف طرح کے ہوتے ہیں اور اسے چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ (i) برادری بافت (Epithelial Tissue)

(ii) اتصالی بافت (Connective Tissue)

(iii) عضلاتی بافت (Muscle Tissue)

(iv) اعصابی بافت (Nervous Tissue) (خاکہ 3.1)

unit 3 tissue level
Sunday, July 31, 2022 10:07:41 PM



خاکہ 3.1 انسان میں بافت کی قسمیں

3.2 برحلمی بافت (Epithelial Tissue)

برحلمی بافت خلیوں کی ایک پرت ہے جو جسم کے سطح یا جسم کی لکیروں کا احاطہ کرتی ہے۔ یہ جسم کے حصوں کو ڈھانپنے کے طور پر ان کے لکیروں اور غدودی برحلمی کے طور پر حفاظت کرتے ہیں۔ برحلمی کے افعال جیسے حفاظت (Protections)، انجذاب (Absorption) ، تقطیر (Filtration)، اخراج (Excretion)، افراز (secretion) اور حسی اعضاء (Sensory reception) وغیرہ۔ خلیوں کی ساختی ترمیم کی بنیاد پر مبنی ہے۔ برحلمی بافت دو طرح کے ہوتے ہیں سادہ برحلمی (Simple epithelium) اور مرکب برحلمی (Compound epithelium) یا طبق دار (Stratified epithelium)

سادہ برحلمی: (Simple epithelium) خلیے کی ایک تہہ کا بنا ہوتا ہے جو اعضاء میں انجذاب، افراز اور تقطیری عمل میں پایا جاتا ہے۔ سادہ برحلمہ کو کئی حصوں میں منقسم کرتے ہیں،
جیسے فلسمانی برحلمہ (Squamous epithelium)، مکعب نما برحلمہ (Cuboidal epithelium)، ستونی برادمہ

Classification of Animal Tissues حیوانی بافتوں کی درجہ بندی

- Epithelial برحلمی
  - Simple سادہ
    1. فلسمانی
    2. مکعبی
    3. ستونی
    4. ہدبہ دار
    5. کاذب طبق دار
  - Compound مرکب
    - Stratified طبق دار
      - Squamous فلسمانی
        1. کیراٹینی
        2. غیر کیراٹینی
      - Cuboidal مکعبی
      - Columnar ستونی
    - Transitional عبوری
- Connective اتصالی
- Muscular عضلاتی
- Neural عصبی

unit 3 tissue level
Sunday, July 31, 2022 10:07:42 PM

(Columnar epithelium)، ہدبے دار برحلمہ (Ciliated epithelium) اور کاذب تہہ دار (طبق دار) برحلمہ (Pseudostratified epithelium) وغیرہ۔

فلسمانی برحلمہ (Squamous epithelium) : یہ چپٹے خلیے کی ایک پتلی تہہ کا بنا ہوا ہے، جس میں غیر منظّم حدود (irregular boundaries) ہوتے ہیں۔اس طرح کے بافت خون کی نالیوں کے دیواروں میں پھیپھڑوں کی ہوائی تھیلیوں میں، گردے کی قنبلک میں، دل کے دیواروں میں، لمفی اعضاء میں پائی جاتی ہیں اور نفوذی حدود جیسے کام میں مشغول رہتے ہیں۔

مکعب نما برحلمہ (Cubical epithelium) : یہ مکعب جیسے خلیے کی ایکی تہہ سے بنا ہوتا ہے۔اس طرح کے بافت غدود کی نالی میں اور گردے کے نالیوں میں، نیفران (nephron) میں پائے جاتے ہیں۔اس کا کام اخراج اور انجذاب ہے۔

ستونی برحلمہ (Columnar epithilum)

یہ لمبے اور پتلے خلیہ کی واحد تہہ سے مل کر بنا ہوتا ہے اس کا مرکزی حصہ بنیاد میں پایا جاتا ہے۔یہ معدے اور آنتوں کے استر (lining) میں پائے جاتے ہیں۔اس استر کا دو حصوں میں منقسم ہے، جو انجذابی خلیے اور پیالہ نما خلیے (Goblet cells) کی اوپری سطح پر microvilli (خمول) کی موجودگی ہے، جو لیس دار مادہ کی حفاظت کرتا ہے۔اس برحلمہ کا افعال انجذاب، لیس دار مادہ اخراج، انزائم اور دوسرے مادے وغیرہ ہیں۔مکعب نما خلیے کے آزاد سطح میں ہدبہ دار (Cilia) حصہ پایا جاتا ہے جس کو ہدبہ دار عضلات Ciliated epithelium کہتے ہیں Ciliated type ہدبہ دار قسم کا کام ذرات یا mucus لیس دار مادّہ کو ایک خاص رخ میں لئے جانا ہے۔ یہ کھوکھلے عضو کی اندرونی سطح میں پائے جاتے ہیں جیسے خیشو مچے small bronchioles، فیلوپین نالیاں اور Uterus وغیرہ ہے۔

غیر ہدبہ دار قسم (Non-ciliated type) یہ معدے کی نالیوں کے دیواروں میں، پتی تھیلی gall bladder میں اور اخراجی غدود میں پایا جاتا ہے۔

کاذب تہہ دار برحلمے (Pseudo stratified epithelium یہ ستونی خلیے جو غیر مساوی ہوتے ہیں۔یہ اکہری تہہ میں پائے جاتے ہیں لیکن یہ کثیر تہہ میں دکھائی دیتے ہیں۔یہ کئی سطح اور کئی خلیے میں بٹے ہوتے ہیں جس کو Pseudo stratified epithelium کہتے ہیں۔(اس کا کام خلیوں کی حفاظت، افراز اور انجذاب ہے۔یہ ہدبہ



خاکہ 3.2 برحلمی بافتوں کی قسمیں

unit 3 tissue level
Sunday, July 31, 2022 10:07:43 PM

دارعضلات(Ciliated forms) میں سانس کی نالیوں اور تنفس کی نالیوں سے اوپری حصے میں پائے جاتے ہیں اور غیر ہدبہ دار عضلات (Nonciliated forms) میں برنج epididymis کی استرکاری میں، بڑے غدودوں کے ducts میں اور مردوں میں حالب urethra (حالب) کی نالیوں میں پائے جاتے ہیں۔

اہم برحلمی بافت کی بے ترتیبیاں (Disorders)
Epithelial carcinoma، Psoriasis، Eczema اور Severa asthma وغیرہ۔

غدودی برحلمہ (Glandular epithelium)

یہ کچھ ستونی یا مکعب نما خلیے کا کام کرتے ہیں جو صرف مخصوص اخراج میں ہوتے ہیں اور اسے غدودی برادمہ کہتے ہیں۔(خاکہ 3.3) یہ دو طرح کے ہوتے ہیں۔ایک خلوی (Unicellular) جس میں صرف غدودی خلیے ہوتے ہیں۔مثال: Goblet cells جو غذائی نالی میں پائے جاتے ہیں) اور دوسرا کثیر خلوی (multicellular) جس میں مختلف قسم کے خلیے ہوتے ہیں (مثال۔لعابی غدود Salivary gland، اس کے اخراج کے طریقے کی بنیاد پر غدود کو دو حصوں میں بانٹا گیا ہے جن کا نام نالی دار Exocrine اور بے نالی دار Endocrine غدود ہے۔نالی دار غدود (Exocrine glands) یہ میوکس (mucus)، لعاب، earwax، تیل، دودھ، ہاضمے کے خامرے اور کچھ دوسرے خلیے کے حاصل (product) خارج کرتے ہیں۔یہ duct یا نالی کے ذریعہ باہر آتے ہیں۔ Endocrine میں نالیاں نہیں ہوتیں۔اس کے ماحصل کو ہارمون (یا) لون کہتے ہیں، جو بالواسطہ چاروں طرف پائے جانے والا سیال میں خارج ہوتا ہے۔Exocrine غدود کو دو طرح سے تقسیم کرتے ہیں۔ یک خلوی (Unicellular) اور کثیر خلوی multicellular) (غدود، multi celluler غدود کو پھر سے تین جماعتوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ ساخت کی بناء پر سادہ Simple اور مرکب (Compound غدود میں تقسیم کیا گیا ہے۔افراز کی اکائی کی بناء پر نالیاں، alveolar (acinus) اور (Tubule alveolar) Exocrine کو پھر سے تقسیم کرتے ہیں۔merocrine، Holscrine اور Aprocrine وغیرہ۔



خاکہ 3.3 غدودی برحلمہ



unit 3 tissue level
Sunday, July 31, 2022 10:07:43 PM

مرکب برادمہ (Compound epithelium)

مرکب برادمہ خلیوں کے ایک سے زیادہ تہوں سے بنا ہوتا ہے۔ اس لئے اس کے کردار کا اخراج اور انجذاب محدود ہوتا ہے۔ (خاکہ 3.4)۔ اس کا اہم کام کیمیائی اور میکانیکی پھیلاؤ کے خلاف کی حفاظت کرتا ہے۔ یہ جلد کی سوکھی سطح کو ڈھکتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ منہ کے کہفے کی بھیگی سطح یعنی بلعوم (Pharynx)، لعابی غدود اور لبلبی غدود کی نالیوں کے اندر کی سطح کو بھی ڈھکتا ہے۔ مرکب برحلمہ کو چار قسم کے حصوں سے منقسم کیا جاتا ہے۔ طبقہ دار برحلمہ (Stratified epithelium)، مکعب نما برحلمہ (Cuboidal epithelium) اور عبوری برحلمہ (Transitional epithelium)

طبقہ دار برحلمہ: (Stratified epitelium) اس کے دو قسم ہیں۔ Keratinized type اور دوسرا Non - keratinized keratinized type قسم خشک جلد میں جیسے مری کی نالیوں میں، منہ میں آنکھوں کے ملحمہ (Conjunctiva of the eyes) اور مبہل (Vagina) وغیرہ ہیں۔ تہہ دار مکعب نما برحلمہ (Stratified Cuboidal epitheliuim): یہ زیادہ تر پسینے کے غدود (Sweat gland) اور پستانی غدود (Mammary gland) میں پائے جاتے ہیں۔ تہہ دار ستونی برحلمہ (Stratified columnar epithelium) یہ جسم میں محدود ہوتے ہیں۔ یہ بلعوم کے درونہ کے اطراف (Lumen of the Pharynx) مردوں کے مبال میں (Urethra) ورغدودی قناۃ (glandular ducts) میں پائے جاتے ہیں۔ عبوری برادمہ (Transitional epithelium) یہ حالب (Ureters) میں، مثانہ (Urinary bladder) میں اور مبال (urethra) کے ایک حصے میں پائے جاتے ہیں۔ اس کا اہم کام پھیلاؤ اور خلاف کی حفاظت کرنا ہے۔

Epitheium میں سبھی خلیہ بین الخلوی مادے کے ذریعہ باہم جڑے رہتے ہیں۔ تقریباً سبھی جانوروں کے بافت میں کچھ مخصوص (Junction) اپنے انفرادی خلیوں میں فعلی اور ساختی رابطہ بنائے رکھتے ہیں۔ Epitheliumاور دوسرے بافتوں میں تین طرح کے خلوی Junction پائے جاتے ہیں، جیسے Tight adhering، Gap junction وغیرہ Tight Junction چیزوں کے بافتوں کو چاروں طرف سے باہر نکلنے سے روکنے میں مدد کرتا ہے۔ Adhering Junction خلیہ کو ایک ساتھ بنائے رکھنے میں مدد کرتا ہے۔ Gap junction ایک ساتھ جڑے خلیے کے سائٹو پلازم کو جوڑنے کے ساتھ ساتھ خلیے میں ایک دوسرے کے درمیان چیزوں کو آنے جانے میں مدد کرتا ہے جس کی وجہ سے ions، برق پارے کے چھوٹے سالمے (molecules) اور کچھ بڑے سالمے کا آنا جانا ہوتا ہے۔



خاکہ 3.4 مرکب برحلمی خلیے

Stratified epithelia، تحفظ یا Resist abrasion رگڑ کے خلاف مزاحمت کے لئے بنایا گیا ہے۔ کون سا برادمہ بہتر ہے۔

3.3۔ اتصالی بافت: (Connective Tissue)

اس کی افزائش (meso derm) سے ہوتی ہے، جو سارے جسم میں سب سے زیادہ اور ہر جگہ پایا جاتا ہے۔ اتصالی بافت کے تین عام جماعت ہوتے ہیں، جیسے Loose connectives tissue Dense connective tissue اور Specialized connective tissue وغیرہ۔ اتصالی بافت کے اہم افعال یہ ہیں۔ جیسے جوڑنا binding، Support، تحفظ (Protection) insulation اور transportation وغیرہ ہیں۔

اتصالی بافتیں

خصوصی اتصالی بافتیں	کثیف اتصالی بافتیں	ڈھیلی اتصالی بافتیں
1۔ کری کی ہڈی	1۔ کثیف منظم	1۔ پستانی بافت
2۔ ہڈی	2۔ کثیف غیر منظم	2۔ اڈیپوس بافت
3۔ خون	3۔ لچک دار	3۔ جالی دار بافت

1۔ حادثاتی طور پر جب کسی انسان کی شہادت کی انگلی کٹ جاتی ہے تو کونسی اتصالی بافت کو نقصان پہنچتا ہے؟

2۔ چربی، چربیلی بافت کی شکل میں جمع ہوتی ہے۔ کیا وہ رنگین ہوتی ہے؟ ایسا کیوں ہے؟

unit 3 tissue level
Sunday, July 31, 2022 10:07:44 PM

اتصالی بافتوں کی ترکیبی اجزء:
(Components of Connective tissue)

سارے اتصالی بافتوں میں تین اہم ترکیبی اجزء پائے جاتے ہیں۔ ان کے نام یہ ہیں۔ ریشے (fibres)، ground substance اور Cells وغیرہ ۔ یہ ریشے (fibres) اتصالی بافت کو سہارا دیتی ہیں۔ تین قسم کے ریشے اتصالی بافتوں کے جال (matrix) میں پائے جاتے ہیں جیسے کولاجن (Collagen)، لچکدار (elastic) اور جالدار ریشے (reticular fibres)۔ اتصالی بافت کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

کثیف اتصالی بافت (Dense connective tissue)

کثیف منظّم، کثیف غیر منظّم اور لچک دار بافتیں۔

مخصوص اتصالی بافت: (Specialized connective tissue)
(Cartilage، ہڈی اور خون) وغیرہ۔

ڈھیلے اتصالی بافت (Loose Connective tissue)

ڈھیلے اتصالی بافت نیم سیال (Semi fluid) کو بنیادی بافت میں خلیہ اور ریشے کو ڈھیلی طرح سے تھامے رکھتا ہے۔ مثال کے طور پر ہالہ اتصالی بافت Areolar Connective tissue جو جلد کے درمیانی ہوتا ہے، ۔ اکثر یہ برحلمہ کے لئے استحکامی خاکے کی طرح کام کرتا ہے۔ اس میں macrophages، fibriboasts اور mast خلیہ ہوتے ہیں۔ (خاکہ 3.5)

چربیلی Adipose بافت، (Areolar) اتصالی بافت کی دوسری مثال ہے۔ یہ خاص کر جلد کے نیچے پائی جاتی ہے۔

اڈیپوسائٹس (adupocytes) کو عام طور پر adipose یا چربی کے خلیات کہتے ہیں۔ اس میں 90% فی صد بافت ہوتے ہیں۔ اس بافت کو چربی کے خلیے اور زائد غذائی اجزاء کو محفوظ کرتے ہیں، جو فوری طور پر استعمال نہیں ہوتے ہیں مگر چربی میں بدل جاتے ہیں اور بافتوں میں محفوظ ہو جاتے ہیں۔

Adipose بافت بڑے پیمانے پر Vascularised ہوتے ہیں جو اس کی اعلیٰ میٹابولک سرگرمی کی نشاندہی کرتے ہیں۔ روزہ رکھنے یا پیٹ خالی رہنے کے دوران، یہ خلیے ایندھن کے طور پر توانائی کی پیداوار فراہم کرتے ہیں اور زندگی کو برقرار رکھتے ہیں۔ یہ زیادہ تر Subcutaneous بافت، گردے کے اطراف، آنکھوں کے اطراف، دل میں پائے جاتے ہیں۔ Adipose بافت کو سفید چربی White fat یا White adipose tissue کہتے ہیں۔

Adipose بافت اگر میٹوکانڈریا میں ہو تو اس کو Brown fat یا Brown adipose tissue کہتے ہیں۔ سفید چربی غذا کو جمع کر کے رکھتی ہے جب کہ brown fat جوم کو گرم رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ Brown fat گرمی پیدا کرتا ہے Neonates اس کو Non-shivering thermo genesis کہتے ہیں۔

جاندار اتصالی بافت: (Reticular connective tissue)
areolar بھی اتصالی بافت کی مثال ہے مگر اس میں fibroblasts جالی (matrix) کی طرح ہوتے ہیں۔ اس لئے اس کو جالی دار بافت کہتے ہیں۔ یہاں Framework (Stroma) کی تشکیل دیتا ہے، اور یہ خون کے خلیوں کو سہارا دیتی ہے۔ یہ لمفاڈی نوڈ، تلی (Spleen) اور ہڈی کے گودے bone marrow میں پائے جاتے ہیں۔

کثیف اتصالی بافت: (Dense connective tissue)
(Connective tissue Proper)

گھنے اتصالی بافت میں ریشے اور fibroblasts پوری طرح سے بھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ ریشوں کی واقفیت ایک منظّم یا غیر منظّم نمونہ دکھائی دیتی ہے۔ اس کو کثیف منظّم (یا) کثیف غیر منظّم بافت



پستانی خلیے
Areolar tissue

Mast cell ماسٹ خلیے

چربیلی بافت
Adipose tissue

خاکہ 3.5 ڈھیلی اتصالی بافتیں

unit 3 tissue level
Sunday, July 31, 2022 10:07:44 PM

کہتے ہیں۔

Dense regular connective tissues کثیف منظّم اتصالی بافتیں Collagen ریشے کے بہت سارے متوازی بنڈلوں (Parallel bundles) کے درمیان قطار میں پائی جاتی ہیں اور اس میں چند لچکدار ریشے پائے جاتے ہیں۔ بڑے خلیے کی قسم کو Fibroblasts کہتے ہیں۔ یہ عضلات اور ہڈیوں کو جوڑتا ہے اور بڑے سخت تناؤ کا مقابلہ کرتا ہے۔ جب ایک سمت میں کھینچنے والی طاقت کا اطلاق ہوتا ہے۔ اتصالی بافت میں نس tendons پائے جاتے ہیں جو ہڈیوں کا عضلہ، ہڈی سے اور Ligaments۔ جو ایک ہڈی کو دوسرے ہڈی سے جوڑتا ہے۔ کثیف غیر منظّم اتصالی بافت Dense irregular connective tissues میں Fibroblast اور بہت سارے ریشے، زیادہ تر Collagen میں پائے جاتے ہیں۔ بڑے خلیے کی قسم کو Fibroblast کہتے ہیں۔ یہ بہت سارے سمتوں میں دباؤ ڈالنے والے تناؤ کا مقابلہ کرنے میں کامیاب ہے اور اس سے ساختی قوت بھی ملتی ہے۔ اس میں چند لچکدار ریشے پائے جاتے ہیں۔ یہ جلد میں چمڑے کی برادمہ کی طرح پائے جاتے ہیں۔ یہ گردے، ہڈیاں Cartilages عضلات، عصبیے (Nerves) اور جوڑ (Joints) جیسے اعضاء کو ریشے دار کیپسے (Capsule) میں تشکیل دیتا ہے۔

لچکدار اتصالی بافت (Elastic Connective tissue)

یہ زیادہ تر لچکدار ریشوں سے بنا ہوتا ہے۔ یہ بافتوں کی کھنچاؤ میں مدد کرتے ہیں جو پھیپھڑوں کے وریدوں سے خون کو لے جاتی ہیں۔ یہ وریدوں کی دیواروں میں پائے جاتے ہیں، جس کی مدد سے فقری ستون اور Bronchial tube میں خون پہنچتا ہے۔

مخصوص اتصالی بافت (Specialised connective tissue)

کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ کری کی ہڈی (Cartilage)، ہڈی اور خون (Blood)۔ کری کی ہڈی کے دو خلیوں کے بیچ میں پائی جانے والی چیز سخت اور لچک دار اور دباؤ کی مزاحمت کرتے ہیں۔ اس بافت کے خلیہ کے جال (matrix) کے اندر چھوٹی جگہ میں ڈھکا ہوتا ہے جو اُن کے ذریعہ ہی خارج ہوتا ہے۔ (خاکہ 3.6)۔ فقرے داروں کے جنین میں زیادہ تر Cartilage بالغ ہونے پر ہڈیوں میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ بالغ میں کری کی ہڈی، ناک سے اوپری حصے میں، کان کے جوڑ کے باہری حصے میں اور ریڑھ کی دو ہڈیوں کے درمیان جوارح میں اور ہاتھ میں پائے جاتے ہیں۔

ہڈیاں (Bones) میں سخت اور غیر لچکدار بنیادی اشیاء ہوتی ہیں، جس میں کیلشیم کے نمک اور کولاجن (Collagen) سے بھرپور ہوتا ہے۔ یہ اہم بافت ہے جو جسم کو ایک خوبصورت بناوٹ دیتا ہے۔ ہڈیاں نرم بافت اور عضو کی مدد اور استحکام پہنچاتی ہے۔ ہڈیوں کے خلیات اسی جگہوں پر موجود ہوتے ہیں جنہیں لاکونا (Lacunae) کہتے ہیں۔ پاؤں کی لمبی ہڈی پورے جسم کے وزن کو سہارا دیتی ہے۔ یہ کالبدی عضلہ، ہڈیوں کے عضلات کے ساتھ بھی جڑا ہوتا ہے جس کی وجہ سے اس میں حرکت پائی جاتی ہے۔ کچھ ہڈیوں کے گودے میں خون کے خلیوں کو پیدا کرنے کی جگہ ہوتی ہے۔

خون (Blood) ایک سیال اتصالی بافت ہے، جس میں پلازمہ، سرخ دموی خلیے (RBC)، سفید دموی خلیے (WBC) اور Platelets ہوتے ہیں۔ یہ ایک اہم بہتا ہوا سیال ہے، جو بہت سی اشیاء کی نقل و حمل میں مدد کرتا ہے، جن میں دورانی نظام، غذائی اجزاء، فضلات، تنفّسی گیس شامل ہیں۔ آپ باب 7 میں خون کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں گے۔



خاکہ 3.6 مخصوص اتصالی بافتیں

آپ مرکب خوردبین کے ذریعہ بافت کی سلائڈ دیکھ رہے ہیں اور آپ کو دھاری دار شاخوں کے خلیے نظر آتے ہیں جو آپس میں ایک دوسرے کو جوڑتے ہیں۔ آپ کس قسم کے عضلات کو دیکھ رہے ہیں؟

unit 3 tissue level
Sunday, July 31, 2022 10:07:45 PM

اہم اتصالی بافتوں کی بے ترتیبیاں (موروثی)

Important connective tissue disorders (Heritable Types)

1۔ Ehler's Danlos Syndrome

جوڑوں میں، دل کے صمام میں، غدود کی دیواروں میں اور وریدوں کے دیوار میں کولاجن کے ترکیب میں کمی سے یہ بیماری پیدا ہوتی ہے۔

2۔ Stickler Syndrome

کولاجن پر اثر انداز ہونے سے چہرے پر غیر معمولی اثر ہوتا ہے۔

3۔ Rhabdomyo sarcoma

جسم کے نرم بافتوں کو خطرہ (tumour) سے ہوتا ہے جیسے سر، گردن اور اخراجی نالی (Urino genital tract) میں۔

خودکار اتصالی بافتوں کی بے ترتیبیاں

Autoimmune connective tissue disorders.

1۔ Rheumatoid arthritis

یہ ماموینیاتی خلیے جوڑوں کے اطراف کی جھلی پر اثر کرتے ہیں اور ان میں سوزش پیدا کرتے ہیں۔ یہ دل، پھیپھڑے اور آنکھوں پر بھی حملہ کرتے ہیں۔

2۔ Sjogrern's syndrome

یہ لعاب اور آنسو کو مسلسل پیدا کرنے سے روکتا ہے۔

3.4۔ عضلاتی بافت (Muscle Tissue)

ہر ایک عضلہ بہت سارے استوانہ نما ریشوں سے بنا ہوتا ہے جو متوازی شکل میں مرتب ہوتا ہے۔ یہ ریشے بہت سارے مہین ریشوں سے بنے ہوتے ہیں، جنہیں Myofibrils کہتے ہیں۔ عضلاتی ریشہ کسی بھی ہیجان (Stimulus) کے جواب میں چھوٹا ہو جاتا ہے اور پھر پھیل جاتا ہے۔ یہ عمل بڑے ہی مربوط طریقے سے ہوتا ہے۔ اس کا کام جسم کو ماحول میں ہوئے بدلاؤ میں مطابقت اور جسم کے الگ الگ حصے کی پوزیشن برقرار رکھنے میں ہوتی ہے یعنی عضلاتی بافت کا اہم کام جسم کی سبھی حرکتوں میں ہوتا ہے۔

عضلات تین قسم کے ہوتے ہیں ڈھانچہ کے عضلات، نرم عضلات اور قلبی عضلات۔ ڈھانچہ کے عضلہ، ڈھانچہ کے قریبی ہڈیوں میں آپس میں جڑے ہوتے ہیں۔ ایک عام عضلہ جیسے Biceps میں Striated Skeletal عضلاتی پٹی دار عضلات ایک ساتھ بنڈل میں جڑے ہوتے ہیں۔ مضبوط اتصالی بافت کی ایک پرت عضلاتی ریشوں کے بہت سارے بنڈلوں سے ڈھکی رہتی ہے۔ (آپ باب 9 میں اس کے بارے میں زیادہ جان سکتے ہیں)۔

Smooth muscle ہموار عضلی ریشے دونوں سروں (Fusiform) پر نوکیلے رہتے ہیں اور ان میں دھاریاں نہیں ہوتیں۔ (خاکہ 3.7) (Fig . 3.7)۔ ان کو Cell junction آپس میں جوڑے رکھتا ہے اور ایا ایک ساتھ اتصالی بافت کی پرت سے ڈھکے ہوئے ہوتے ہیں۔ عضو کی اندرونی دیوار جیسے خون کی نالیاں، معدہ اور آنتوں میں اس طرح کے عضلے پائے جاتے ہیں۔ ہموار عضلے غیر ارادی ہوتے ہیں کیونکہ اس کے کام کو سیدھی طرح سے اختیار میں نہیں کیا جا سکتا ہے، جس طرح ڈھانچہ کے عضلات کو سکیڑتے ہیں، اس طرح ہم انہیں سکیڑ نہیں سکتے۔

قلبی عضلاتی بافت (Cardiac muscle Tissue) ایک سکڑنے والا عضلہ ہے جو صرف دل میں پایا جاتا ہے Cell Junction، قلبی عضلات کے خلیہ کے خلوی جھلی کو ضم کرتا ہے جس کی وجہ سے یہ ایک دوسرے سے ملحق ہوتا ہے۔ چند ضم ہونے والے نقاط پر، اتصالی جوڑ، خلیہ کو سکیڑ کر ایک ہونے کی اجازت دیتا ہے۔ یعنی جب ایک خلیہ کو سکڑنے کا اشارہ ملتا ہے تو اس کے آس پاس کا خلیہ بھی سکڑنے لگتا ہے۔



خاکہ 3.7 عضلاتی بافتیں

(Palmaris muscle)

یہ ایک لمبا تنگ عضلات ہے جو کہنی سے کلائی تک چلتا ہے Primates میں یہ لٹکنے اور چڑھنے کے لئے اہم ہے۔ آج کل یہ 11% فی صد انسانوں میں غائب ہے۔

3.5۔ عصبی بافت (Neural Tissue)

جسم کے تمام قابو پانے کی کارروائیوں کو انجام دینے میں سب

unit 3 tissue level
Sunday, July 31, 2022 10:07:46 PM



خاکہ 3.8 عصبی بافتیں نیوروگلیا کے ساتھ

سے بڑا حصہ عصبی بافتوں کا ہے۔ زیادہ کنٹرول حالات کو بدلنے کی وجہ سے جسم کے ردعمل پر ہوتا ہے۔عصبیہ (Neurons)، عصبی نظام کی اکائی، اشتعال پذیر خلیہ ہوتا ہے۔ (خاکہ 3.8)

عصبی نظام کا باقی حصہ جو Neuroglia خلیے کا بنا ہوتا ہے۔ وہ عصبیے کی حفاظت اور مدد کرتا ہے۔ ہمارے جسم میں Neuroglia عصبی بافت کا آدھے سے بھی زیادہ حصہ بناتا ہے۔

جب ایک عصبیہ کو مناسب تحریک (Stimulate) ملتی ہے، تب برقی ارتعاش پیدا ہوتا ہے، جو دھیرے دھیرے اس کے پلازمی جھلی کے ساتھ سفر کرتا ہے۔ جب یہ محرکہ عصبیہ کے سرے یا output Zone تک پہنچتا ہے، تب اس کی وجہ سے آس پاس کے عصبیے اور دوسرے خلیے یا تو متحرک یا رک جاتے ہیں۔

(آپ باب 10 میں تفصیل سے مطالعہ کریں گے)۔

عصبی نظام کے امراض
(Diseases of Nervous system)

1۔ Parkinson's disease

یہ اعصابی نظام کی بے ترتیبی ہے جس میں نقل و حرکت پر اثر پڑتا ہے، اور اکثر غصہ بھی شامل ہے۔

2۔ Alzheimer's Disease

یہ قشرہ دماغ کی لاغری ہے۔ اس کی علامتیں جیسے حالیہ واقعات کا بھولنا، بات کرنے کا مسئلہ اور موڈ جھگڑا کرنے کا ہر وقت وغیرہ۔

Biopsy: کسی بیماری کی وجہ دریافت کرنے کے لئے ایک بافت یا زندہ جسم کو جانچ کے لئے لئے جاتے ہیں۔ اس کو Biopsy کہتے ہیں۔

Autospsy: موت کی وجہ (لاش کی جانچ Postmortem) یا بیماری کی وجہ دریافت کرنے کو autopsy کہتے ہیں۔

تفتیش جرم کی سائنس: (Forensic Science)

نسلی Histological ترکیب سے Crones کو معلوم کرنے کے لئے Forensic Science استعمال کرتے ہیں۔

خلاصہ: (Summary)

جسم کے خلیے مل کر چار مختلف قسم کے بافت بناتے ہیں۔ برحلمی، اتصالی، عضلاتی، عصبی بافت۔ اگرچہ ان بافتوں کے خلیات کچھ خاص خصوصیات کے مشترک ہوتے ہیں۔ لیکن کسی بھی طرح وہ ایک جیسے نہیں ہوتے ہیں۔ لیکن ایک دوسرے سے تعلق رکھتے ہیں، کیونکہ ان میں بنیادی مماثلت ہوتی ہے۔ آپ کو بتانے کا اہم مقصد یہ ہے کہ ان کی انوکھی صلاحیتوں کے باوجود جسم کو محفوظ، صحت مند، قابل عمل اور پورے رکھنے کے لئے تعاون کریں۔

کارروائی :

1۔ طلبہ سے کہیں کہ وہ درج شدہ بافتوں کے سلائڈوں کی شناخت کریں اور ان کی درجہ بندی کریں۔ اسی طرح پروجکٹر سے نسلی غیر درج شدہ خاکوں کو دکھا کر ان کی شناخت کرنے کو کہیں۔ خوردبین کے ذریعہ مختلف بافتوں کی شناخت کریں۔

2۔ طلباء سے کہیں کہ وہ اپنے گال کے اندرونی حصہ سے تہہ دار طبق نما برحلمہ کے سلائڈ کی تیاری کریں اور اسے رنگ کریں۔ انہیں اپنے ہی خلیوں کو شناخت کر کے ان کی نشان دہی کرنے کا موقع دیں۔

unit 3 tissue level
Sunday, July 31, 2022 10:07:47 PM

محاسبہ : (Evaluation)

1۔ مکعبی برحلمہ (Cuboidal epithlium) کا اہم کام ..... ہے۔

(a) حفاظت (b) اخراج

(c) انجذاب (d) b اور c دونوں

2۔ ہدبہ دار برحلمہ (Ciliated epithelium) کی سطح یہاں پائی جاتی ہے۔

(a) جلد (b) ہاضمی نالی

(c) پتی تھیلی (d) سانس کی نالی

3۔ اتصالی بافت کے جال (matrix) میں کس قسم کا ریشہ پایا جاتا ہے؟

(a) کولاجن (collagen) (b) جلدی (Areolar)

(c) کری کی ہڈی (d) نالی دار

4۔ اشیاء کا بافتوں کے آر پار سے باہر نکلنے میں یہ روکتا ہے۔

Tight Junction(a) Adhering Junction(b)

Gap Junction(c) Elastic Junction(d)

5۔ نومولود میں Non-Shivering thermo genesis ان سے گرمی پیدا کرتے ہیں۔

(a) بھوری چربی (b) سفید چربی

(c) زرد چربی (d) بے رنگ چربی

6۔ کاذب تہہ دار برحلمہ (Pseudo Stratified epithelium) سے کیا مراد ہے؟

7۔ سفید چربیلی بافت اور بھوری چربیلی بافت میں فرق کیجئے۔

8۔ خون (Blood) کو کیوں اتصالی بافت کہا جاتا ہے؟

9۔ لچکدار ریشے (Elastic Fiber) اور لچکدار اتصالی بافت میں فرق لکھئے۔

10۔ برحلمی بافت (Epithelial tissue) کے کوئی چار اہم افعال لکھئے۔

11۔ اتصالی بافت کے اقسام اور ان کے افعال کو واضح کریں۔

12۔ برحلمہ (Epithelium) کیا ہے؟ اس کی عام خصوصیات اور اس کے اقسام کو تفصیل سے لکھیں۔

ICT Corner — ICT کارنر





The Online Epithelium آن لائن برحلمہ



آیئے برحلمی بافتوں کی تشریح اور افعال کے متعلق جانکاری حاصل کریں گے۔

مرحلہ - 1 : The outline Epithelium صفحہ کو کھولنے کے لئے دیئے گئے URL کو استعمال کیجئے۔ فہرست میں دیئے گئے کسی بھی عضو پر کلک کیجئے اور اس عضو میں موجود محرک برحلمی بافتوں کا مشاہدہ کیجئے۔

مرحلہ - 2 : 3D نظارہ کے لئے play نشان پر کلک کیجئے۔ نظر آنے والے 3D بافتوں کا 360° مشاہدہ کرنے کے لئے ماؤس کو کلک اور ڈریگ کیجئے۔

مرحلہ - 3 : اسکرین پر موجود خاکہ پر ماؤس گھمایئے اور خاکہ پر موجود عدد پر کلک کیجئے۔ اس حصہ کی مختصر وضاحت تمہیں دکھائی دے گی۔ activity window کے نیچے دیئے گئے حصہ کا انتخاب کر کے بھی اس کی وضاحت دیکھ سکتے ہیں۔

مرحلہ - 4 : مخصوص برحلمی بافت سے متعلق مزید معلومات کو آن لائن برحلمی بافت کے URL سے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

The Online Epithelium'sURL:

http://www.epithelium3d.com/index.html

* Pictures are indicative only

unit 3 tissue level
Sunday, July 31, 2022 10:07:47 PM

اکائی II

باب 4

جانوروں کے اعضاء اور عضوی نظام

(Organ and Organ Systems in Animals)



ہر عضو کا ایک فعل اور ہر عضو اپنے کام کے لئے تمام جانوروں میں دیکھا جاتا ہے۔

باب کا خاکہ

4.1 کیچوا *Lampito mauritii*

4.2 جھینگر *Periplaneta americana*

4.3 مینڈک *Rana hexadactyla*

سیکھنے کے مقاصد:



☆ کیچوا، جھینگر اور مینڈک کی شکلیات کو سمجھنا اور ان کی تعریف کرنا

☆ مختلف اعضاء کے نظام کے افعال کو پہچاننا

☆ کیچوا، مینڈک اور جھینگر کے ساختی نظام میں فرق کرنا۔

تعارف

جرثوموں سے نیلی وھیل تک جاندار مختلف ساخت جسامت اور شکلوں میں ایک منظّم عضو اور اعضاء کے نظام کے ساتھ پائے جاتے ہیں بنیادی بافت (باب 3) ایک عضو کی تشکیل کے لئے منظّم ہوتے ہیں جس کے نتیجے میں کثیر خلوی حیاتیات میں اعضاء کے نظام کی تشکیل ہوتی ہے۔ ایسی تنظیم لاکھوں خلیوں کی مؤثر اور بہتر مربوطہ سرگرمیوں کے لئے ضروری ہے جو ایک جاندار کی تشکیل کرتی ہے۔ آپ کو مختلف ارتقائی سطحوں پر رکھے گئے تین جانداروں کی شکل اور اعضاء کی تشریح Anatomy کو سمجھنے کے لئے متعارف کرایا جارہا ہے تاکہ ان کے مختلف تنظیم اور کام کو ظاہر کیا جاسکے۔ شکلیات (Morphology) سے مراد شکل یا بیرونی طور پر نظر آنے والی خصوصیات کا مطالعہ ہے۔ تشریح Anotomy کا لفظ جانوروں میں اندرونی اعضاء کے مطالعہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ یہ باب زمین میں پائے جانے والے کیچوے اور جھینگر اور مینڈک کی نمائندگی کرنے والے فقری جانوروں کی شکل اور علم تشریح سے متعلق ہے۔

4.1۔ کیچوا (Earthworm)

Lampito mauritii

Classification درجہ بندی

نسل	Phylum	:	Annelida انیلڈا
جماعت	Class	:	Oligochaeta
طبقہ	Order	:	Haplotaxida
جنس	Genus	:	*Lampito*
نوع	Species	:	*mauritii*

کیچوا ایک زمینی غیر فقری دار ہے جو نم مٹی کی اوپری تہوں میں رہتا ہے۔ بوسیدہ نامیاتی مادے سے بھرپور رہتا ہے۔ یہ رات کا جانور (شبینہ) ہے اور دن کے وقت یہ سوراخوں میں رہتا ہے جو مٹی کو

4. organ and organ systems
Thursday, July 28, 2022 2:01:19 PM

کھود کر اور نگل کر بنایا جاتا ہے۔ باغات میں ان کا پتہ ان کے پاخانے کے ذخائر سے لگایا جاسکتا ہے جسے مٹی کی سطح پر ورم کاسٹنگ (Worm castings) کہا جاتا ہے۔ کیچوا کو ''کسانوں کا دوست'' کہا جاتا ہے۔

عام ہندوستانی کیچوا (*Lampito mauritti*)، (Syn. *Megascolex Mauritii*) *Perionyx excavatus* اور *Metaphire Posthuma* (Syn . *Pheretima Posthuma*)۔

کیچوں کو آسانی سے ان کی ماحولیاتی حکمت عملیوں کی بنیاد پر درجہ بندی کیا جاتا ہے۔ جیسے اپی جیکس (Epigeics)، انی ایکس (anecics) اور اینڈوجیکس (endogeics) (خاکہ 4.1) اپیجکس (epigeics) (یونانی کے لئے ''زمین کی سطح پر'') سطح پر رہنے والے ہیں مثلاً *Perionyx excavatus* اور *Eudrilus eugeniae*۔ Anecics (یونانی ''زمین کی بیرونی تہہ'') مٹی کی درمیانی تہہ میں موجود ہیں۔ مثال, *Lampito Mauritii* *Lumbricus terrestris* اینڈوجیکس (یونانی کے لئے زمین کے اندر) مٹی کے گہرائی کی تہہ میں موجود ہوتے ہیں۔

مثال: *Octochaetona thurstoni*



خاکہ 4.1 ماحولیات کے تحت کیچوں کی درجہ بندی

بیرونی شکلیات (Morphology)

لیمپیٹو موریٹی (*Lampito mauritti*) عام طور پر تمل ناڈو میں پائی جاتی ہیں ،اس کا ایک لمبا اور دو جانبہ تنگ جسم ہے جو دو طرفہ طور پر ہم تشاکل ہے۔ *Lampito mauritti* کی لمبائی 80 سے 210 ملی میٹر ہوتی ہے، جس کا قطر 5mm - 3.5 ملی میٹر ہے اور اس کا رنگ ہلکا بھورا ہے اور پچھلے سرے پر ارغوانی رنگ کے ساتھ ہوتا ہے۔ اس رنگ کا کیچوے بنیادی طور پر پوروفرین (porphyrin) روغن کی موجودگی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ کیچوے کا جسم بڑی تعداد میں نالیوں سے گھیرا ہوا ہے جو اسے کئی حصوں میں تقسیم کرتا ہے جیسے قطعے (Segments) یا میٹامیریس (Metameres) (خاکہ 4.2) *Lampito mauritti* میں تقریباً 190-165 قطعے پائے جاتے ہیں۔ جسم کی ظہری خط (ظہری خون کے صمام) سے نشان زد ہوتی ہے۔ بطینی سطح کو تناسلی سوراخوں کی موجودگی سے پہچانا جاتا ہے۔ منہ جسم کے پہلے حصے کے بیچ میں پایا جاتا ہے، جسے پیرس ٹومیم Peristomium کہتے ہیں۔ منہ کو اوپری لٹکا نا ایک چھوٹا ڈھکن (Flap) ہے جسے اوپری ہونٹ یا پروسٹومیم Prostomium کہتے ہیں۔ آخری حصے میں مقعد ہے جسے Pygidium کہتے ہیں۔ بالغ کیڑے میں قطعہ 14 سے 17 جلد کے غدود کے موٹے ہونے کے ساتھ سوجن پایا جاسکتا ہے جسے کلئی ٹیلم (Clitellum) کہا جاتا ہے۔ یہ کویا (Coccon) کی تشکیل میں مدد کرتا ہے۔ کلئی ٹیلم کی موجودگی کی وجہ سے کلئی ٹیلار (قطعے 17 سے 14) اور پوسٹ کلئی ٹیلار قطعے 17 قطعے کے بعد) میں تقسیم ہوتا ہے۔ جسم کے تمام حصوں میں سوائے پہلے آخری اور کلئی ٹیلم کے قطینی Chitinous جسم کے ابرے (Body setae) کا ایک حلقہ ہے۔ یہ جسمانی ابرے جلد کی ایک تھیلی سے پیدا ہوتے ہیں اور یہ خمیدہ ہوتی ہے کیونکہ S شکل والے ابرے کو باہر نکالا یا پیچھے بنایا جاسکتا ہے اور ان کا بنیادی کردار حرکت کرنا ہے۔

بیرونی سوراخوں میں منہ، مقعد، ظہری مسام Spermathecal سوراخ ہیں۔ تناسل (genital) کے سوراخ اور 10 ویں قطعے میں Nephridiopores حصے کے بعد سے ظہری مسام موجود ہیں۔ Coelomic سیال ان سوراخوں کے ذریعے بیرونی حصہ تک پہنچتا ہے اور جسم کی سطح کو نم اور نقصان دہ خوردبینی عضویات سے پاک رکھتا ہے۔ اسپرماتھیکل سوراخ چھوٹے بطینی بغلی کے تین جوڑی ہیں جو قطعے 7/8، 6/7، اور 8/9 کے نالیوں کے درمیان ایک دوسرے سے جڑے ہوتے ہیں۔

4. organ and organ systems
Thursday, July 28, 2022 2:01:20 PM



خاکہ 4.2۔ *Lampito mauritii*

Lampito mauritti

مادہ تناسلی سوراخ کا ایک جوڑا 14ویں قطعہ میں بطینی سطح کی طرف ہوتا ہے اور 18ویں صدی حصے میں نرتناسلی شگاف کا ایک جوڑا بطینی کی طرف واقع ہوتا ہے۔ گردینہ مسام (Nephridio Pores) بے شمار ہیں اور کیچوے کے پورے جسم میں پائے جاتے ہیں سوائے چند پچھلے حصے کے جن کے ذریعہ تحویلی فضلہ کو خارج کیا جاتا ہے۔

جدول 4.1۔ *Lampito mauritti* اور *Metaphire posthuma* کے درمیان شکلیاتی اور جسمانی اختلافات

شمار عدد	خصوصیات	*Lampito mauritti*	*Metaphire posthuma*
1	شکل اور جسامت	استوانہ نما 80mm - 210mm چوڑائی میں 3.5 m- 5.0m	استوانہ نما لمبائی 115- 130mm چوڑائی میں 5mm
2	رنگت	ہلکا بھورا	گہرا بھورا
3	قطعے Segments	165 - 190 قطعے	تقریباً 140 قطعے
4	کلئی ٹیلم Clitellium	(4) 14 - 17 ویں قطعے	قطعے 14ویں سے 16(13) قطعے
5	سوراخ Spermathecal	تین جوڑی 6/7، 7/8، 8/9	چار جوڑی 5/6،6/7،7/8اور8/9
6	حنجرہ Pharynx	3اور4ویں قطعے	بھاگو4 قطعہ تک
7	غذائی نالی (مری) Oesophagus	5ویں قطعہ میں	8ویں قطعہ
8	Gizzard سنگ دانہ	6 ویں قطعہ میں	8اور 9 قطعہ میں
9	آنت Intestine	7ویں سے مبرز تک	15 قطعہ سے مبرز تک
10	آنتی Caeca	غیر موجود	26ویں قطعہ میں موجود
11	جانبی دل	8جوڑی 6 سے 13ویں قطعے	3جوڑی 7ویں سے 9ویں قطعے
12	گردینہ حلقے Pharynageal Nephridia	5ویں اور 9ویں قطعہ	4ویں-6ویں قطعہ
13	چھوٹا گردنیہ	14ویں آخری قطعہ میں	7ویں سے آخری قطعہ تک
14	بڑا گردنیہ	19ویں آخری قطعہ	15ویں آخری قطعہ
15	نرتناسلی مسام	18ویں قطعہ	18ویں قطعہ
16	مادہ تناسلی مسام	14ویں قطعہ	14 قطعہ

4. organ and organ systems
Thursday, July 28, 2022 2:01:21 PM

تشریح (Anatomy)

کیچوے کی جسمانی دیوار بہت نم پتلی نرم پتلی لچکدار ہوتی ہے اور بشرہ (Cuticle)، برادمہ، عضلات اور کہفی برحلمہ کے عضلات پر مشتمل ہوتی ہے۔ برادمہ میں معاون خلیات غدود کے خلیات، بسیل basal خلیات اور حسی خلیات پر مشتمل ہوتا ہے۔ وسیع جسمانی نشیب جسے کہفہ (Coelom) کہتے ہیں۔ غذائی نالی اور جسمانی دیوار کے درمیان نظر آتا ہے کہفہ میں کہفی سیال ہوتا ہے اور یہ ایک ڈھانچہ کے طور پر کام کرتا ہے، جس میں سیلوموسائیٹس دوبارہ تخلیق، مدافعت اور زخم بھرنے میں اہم کردار ادا کرنے کے لئے جانا جاتا ہے۔ کیچوا کا کہفی سیال دودھیا اور قلوی ہوتا ہے جن میں granulocytes یا eleocytes، ameobocytes، mucocytes اور leucocytes پر مشتمل ہوتا ہے۔



خاکہ 4.3 *Lampito mauritti* کا ہاضمی نظام

ہاضمی نظام: (Digestive system)

کیچوے کے ہاضمے نظام میں غذائی نالی اور (غذائی) ہاضمی غدود شامل ہیں۔ غذائی نالی ایک سیدھی نالی کے طور پر پورے جسم کی لمبائی میں منہ سے مقعد تک چلتی ہے۔ خاکہ 4.3

منہ دہنی کہفہ buccal cavity میں کھلتا ہے جو پہلے اور دوسرے قطعوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ دہنی کہفہ ایک موٹی عضلات سے بنا ہے، جو حجرہ کی طرف جاتا ہے جو 3 اور 4 قطعہ پر موجود ہے اور اس کے چاروں طرف حجرہ غدود ہے۔ ایک چھوٹی سی تنگ نالی غذائی (oesophagus) نالی 5 ویں قطعہ میں واقع ہے اور 6 ویں قطعہ حصے میں ایک عضلاتی سنگ دانہ (Gizzard) میں جاری رہتی ہے۔ یہ سنگ دانہ مٹی کے ذرات اور سڑے گلے پتوں کو پیسنے میں مدد کرتا ہے۔ آنت ساتویں حصے سے شروع ہوتی ہے اور آخری حصے تک جاری رہتی ہے۔ آنت کی ظہری دیوار کو ٹائیفوسول (Typhlosole) کے کہفہ میں جوڑ دیا جاتا ہے۔ یہ تہہ خون کی صمام پر مشتمل ہوتا ہے اور آنت کے جذب کرنے کے علاقے کو بڑھاتا ہے۔ اندرونی برحلمے ستونی خلیوں اور غدود کے خلیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ غذائی نالی مقعد (Anus) کے ذریعے باہر کی طرف کھلتی ہے۔

ہضم شدہ نامیاتی اعلیٰ مٹی ہاضمی نالی سے ذریعے گزرتی ہیں جہاں پیچیدہ غذا ہاضمے کے انزائم کو چھوٹی جذب کرنے والے اکائی میں توڑ دیتے ہیں۔ سادہ سالمے آنتوں کی جھلی کے ذریعے جذب ہوتے ہیں اور ان کا استعمال کیا جاتا ہے۔ زمین کے ساتھ ہضم نہ ہونے والے ذرات کو ورمی کاسٹنگ worm castings یا ورمی کاسٹ vermicasts کے طور پر مقعد کے ذریعے باہر مستقل کر دیا جاتا ہے۔

آنتی آعور (Intestinal Caeca)

Metaphire posthuma میں 26 ویں قطعہ میں مختصر مخروطی نما ابھار کا ایک جوڑا واقع ہے جسے آنتی آعور Caeca کہتے ہیں جو 22 ویں قطعے تک آگے بڑھا ہوا ہے۔ یہ ہاضمی غدود ہیں اور نشاستے کے عمل ہاضمہ کے لئے ایک امیلولوٹک انزائم خارج کرتے ہیں۔ آنتی آعور intestinal caece کیچوے کے کئی انواع میں موجود نہیں ہیں جیسے کہ *Lampito Mauritti*

4. organ and organ systems
Thursday, July 28, 2022 2:01:22 PM



کیچوا عام طور پر اپنے جسم کے عضلات، ابرے، دِماغی خانہ کی مدد سے رینگتے ہیں، بیرونی دائری اور اندرونی طول بلد عضلاتی پرتیں جسم کی دیوار کے برادمہ کے نیچے ہوتی ہیں۔ دائری عضلات کا سکڑاؤ جسم کو چھوٹا اور چوڑا بناتا ہے جب کہ طولانی عضلات کا سکڑاؤ جسم کو سکڑا اور چھوٹا کردیتا سے ہے اور کہفی سیال کی تیز رفتاری سے مدد ملتی ہے۔ اس لئے اسے ہائیڈروسٹیک ڈھانچہ کہتے ہیں۔ توسیع اور سکڑاؤ کی متبادل لہر کو buccal chamber اور ابرے کے ذریعے فراہم کردہ لیوریج سے مدد ملتی ہے۔

لعاب کے غدودی خلیوں اور آنت کے غدود کے خلیات کو ہضمی غدود سمجھا جاتا ہے جو کھانے کے عمل ہاضمہ کے لئے ہاضمے کے خامروں کو خارج کرتے ہیں۔

تنفّسی نظام: (Respiratory system)

کیچوے میں کوئی خاص تنفّسی اعضاء جیسے گلپھڑے یا پھیپھڑے نہیں ہیں۔ تنفس جسم کی دیواروں کے ذریعہ واقع ہوتا ہے۔ جلد کی بیرونی سطح خون کی شعریانوں سے بھرپور ہوتی ہیں جو گیسوں کے پھیلاؤ میں مدد کرتی ہے۔ آکسیجن جلد کے ذریعہ خون میں پھیل جاتی ہے، جب کہ خون سے کاربن ڈائی آکسائیڈ باہر پھیل جاتی ہے۔ جلد کو لعابی اور کہفوی سیال سے نم رکھا جاتا ہے اور گیسوں کے تبادلہ میں سہولت فراہم کرتا ہے۔

دوران نظام: (Circulatory system)

Lampito mauritii ایک بند قسم کے خون کے وعائی نظام کو ظاہر کرتا ہے، جس میں خون کی نالیاں شعریانیں اور جانبی دل ہوتے ہیں۔ (خاکہ 4.4)۔ دو درمیانی طولی نالیاں، (غذائی) مری نالی کے اوپر اور نیچے کیچوے کے ظہری اور بطنی نالیوں کے طور پر بنتے ہیں۔ ظہری وریدوں میں جوڑنے والی نالیاں ہوتی ہیں، جو خون کے اُلٹے بہاؤ کو روکتے ہیں۔ بطینی نالیوں میں کوئی صمام نہیں ہوتے ہیں، اور یہ غیر سکڑاؤ ہے جو خون کے واپسی بہاؤ کی اجازت دیتا ہے۔ 8 جوڑے Commissural versel یا جانبی دلوں کے ذریعہ 6 ویں سے 13 ویں حصے تک جڑا ہوتا ہے۔ بیرونی نالیاں جسم کے مختلف اعضاء سے خون حاصل کرتا ہے۔ بطین نالیاں مختلف اعضاء کو خون فراہم کرتے ہیں۔ خون کے غدود کیچوے کے پچھلے قطعے میں ہوتے

4. organ and organ systems
Thursday, July 28, 2022 2:01:23 PM

ہیں۔ وہ خون کے خلیے اور ہیموگلوبن پیدا کرتے ہیں جو پلازما میں تحلیل ہو کر خون کو سرخ رنگ دیتے ہیں۔



خاکہ 4.4 L. Mauritti کا دوران اور عصبی نظام

عصبی نظام (Nervous system)

عصبی بافتوں کا دو فص دار (Bilobed) مادّہ، جسے اوپری بلعومی (Supra. Pharyngeal ganglia) گرہ کہتے ہیں۔ 3 ویں قطعہ میں حنجرہ (Pharynx) کی پشتی دیوار پر واقع ہے۔ اسے ''دماغ'' کہا جاتا ہے۔ 4 ویں قطعہ یں حنجرہ کے نیچے پائے جانے والے گرہ (ganglion) کو زیر بلعومی گرہ Sub-Pharygeal ganglion کہا جاتا ہے۔ دماغ اور زیر بلعومی گرہ محیطی بلعومی اتصال کی ایک جوڑی سے جڑے ہوتے ہیں۔

وہ بلعوم کے ہر جانب ایک کی طرح چلتے ہیں۔ اس طرح غذائی نالی کے پچھلے حصے کے گرد ایک اعصابی حلقہ بنتا ہے۔ دوہرا بطنی اعصاب کی ڈور کی زیر بلعومی گرہ سے پیچھے کی طرف چلتی ہے۔ حلقے میں موجود دیگر اعصاب کے ساتھ دماغ حس دانوں senory inputs کو مربوط کرتا ہے اور جسم کے عضلاتی ردعمل کا حکم دیتا ہے۔

کیچوے کے حسی اعصاب (Receptors) کے ساتھ جڑے ہوئے پتلے کالم نما خلیوں کے ایک گروپ سے متحرک کرتے ہیں۔ شعاعی حسی اعضاء (Photoreceptor) (روشنی کا احساس) جسم کی ظہری سطح پر پائے جاتے ہیں۔ Gustatory (ذائقہ کا احساس) اور سونگھنے کا احساس (سونگھ احساس) دہنی کہفہ (Buccal cavity) میں پائے جاتے ہیں۔ (چھونے کا احساس) کیموا حساس (کیمیائی تبدیلی کی جانچ) اور حرارتی احساس (تپش کی تبدیلی) پروسٹومیم اور جسمانی دیوار میں موجود ہوتے ہیں۔

> کیچوے اپنے مسکن میں آنکھ، کان یا ناک کے بغیر سرگرمی کو کیسے محسوس کرتے ہیں؟

اخراجی نظام (Excretory system)

جسم میں تحویلی فضلہ کی مصنوعات کے خارج ہونے کا عمل اخراج کہلاتا ہے۔ کیچوے میں اخراج قطعی ترتیب سے متاثر ہوتا ہے، جو مہین، لچھے، جوڑی والی نالیاں گردینہ (Nephridia) کہلاتی ہیں۔ یہ گردینہ تین قسمیں کے ہیں۔ (i) بلعومی یا tufted Nephridia کی جوڑی 5 ویں، 9 ویں قطعے میں موجود ہیں۔



خاکہ 4.5۔ *Lampito mauritii* کے گردینہ Nephridia کی قسمیں

4. organ and organ systems
Thursday, July 28, 2022 2:01:24 PM

(ii) خوردگردینہ یا Integumentary nephridia، 14ویں قطعہ سے آخری حصے تک جسم کی دیوار کے استر سے منسلک ہوتا ہے جو جسم کی سطح پر کھلتا ہے۔ (iii) کلاں گردینہ یا (Septale nephridia) 9ویں قطعہ جوڑے کے طور پر (Inter segmental septa) اندرونی قطعہ دار کے دونوں طرف آخری اور آنت میں کھلتا ہے (خاکہ 4.5)۔ یہ کلاں گردینہ، اندرونی قیف (Funnel) کی طرح کھلتا ہے، جسے nephrostome کہتے ہیں، جو مکمل طور پر Ciliated ابرے دار ہوتا ہے۔ نیفروسٹوم پچھلے حصے میں سے اور باقی نالی اگلے حصے میں ہے۔ یہ نالی تین الگ الگ حصوں پر مشتمل ہے Ciliated، غدودی اور عضلاتی کا علاقہ ہیں Cilated قیف کے ذریعہ جمع ہونے والے فضلے کو Ciliated طبقہ کے ذریعہ گردنیہ کے عضلات والے حصے میں دھکیل دیا جاتا ہے۔ غدود کا حصہ خون سے فضلہ نکالتا ہے اور آخر میں فضلہ گردنیہ مسام دار علاقے Nephridi کے ذریعے باہر نکلتا ہے۔ گردنیہ (Nephridia) کے علاوہ آنت کی Coelomic دیوار پر خصوصی خلیات، کلورا گوجن خلیہ موجود ہوتے ہیں جو آنتوں کی دیوار کے خون سے نائٹروجن فضلہ نکل کر جسم کی کہفہ میں بھیجتے ہیں، جو نیفر یڈیا سے ہوتے ہیں۔



خاکہ 4.6۔ *Lampito Maurtti* کا تولیدی نظام

تولیدی نظام (Reproductive system)

کیچوے متضاد خصوصیت یا ایک صنفی (Hermaphrodites or Monoecious) ہیں۔ یعنی نر اور مادہ تولیدی عضو ایک ہی انفرادی جانور (خاکہ 4.6)۔ خاکہ میں پائے جاتے ہیں۔ خود باروری سے گریز کیا جاتا ہے، کیونکہ دو جنسی اعضاء مختلف اوقات میں بالغ ہوتے، جس کا مطلب ہے کہ نطفہ (تخم) بیضہ کی پیداوار سے پہلے تیار ہوتا ہے۔ (پروٹینڈروس) Protandrous۔ اس طرح پار باروری واقع ہوتی ہے۔

نر تولیدی نظام میں خصیوں کے دو جوڑے اور 10 ویں قطعے میں موجود ہوتے ہیں۔ خصیے نابتی خلیے (Germ cells) یا سپرماٹوگونیا (Spermatogonia) کو جنم دیتا ہے جو منوی تھیلی Seminal vesicles کے دو جوڑوں میں تخم میں تیار ہوتا ہے۔ سیمنل قیف کے دو جوڑے جنہیں سیلری روزیٹس ciliary rosettes کہتے ہیں۔ اسی حصے کے اثثیے میں ہوتے ہیں۔ ایک طرف ہی کے ابرے دار ciliated قیف ایک لمبی نالی سے جڑے ہوتے ہیں، جسے قنات نالی کہتے ہیں۔ منوی نالی Vas deferentia اٹھارویں قطعے تک چلتا ہے جہاں وہ نرتناسلی سوراخ (Male genital aperture) کے ذریعے بیرونی حصے تک کھلتے ہیں۔ نرتناسلی سوراخ میں مباشرت کے لئے نرجنسی عضوی ابرے Penial setae کے دو جوڑے ہوتے ہیں قدامیہ غدود (Prostate gland) اٹھارویں اور انیسویں میں قطعہ میں ایک جوڑی ہوتے ہیں۔ قدامیہ غدود کی رطوبت تخم Spermatozoa کو بنڈلوں میں پیوند (cement) کرنے کا کام کرتی ہے، جسے منوی تھیلی کہتے ہیں۔ Spermatophores۔

4. organ and organ systems
Thursday, July 28, 2022 2:01:25 PM

مادہ تولیدی نظام 13 قطعے میں ایک جوڑی بیض دان پر مشتمل ہے۔ ہر بیض دان میں انگلی نما ابھار کی طرح ہوتا ہے جس میں خطی سلسلے میں بیض (Ova) ہوتا ہے۔ بیض دانی کے نیچے بیض قیف موجود ہوتا ہے جو بیض نالی میں جاری رہتی ہے۔ وہ 14 قطعہ کے بطنی طرف پر تناسلی سوراخ کے جوڑے کے طور پر کھلتے ہیں یا Spermathecae Seminal receptacles کی تین جوڑیاں ہوتی ہیں جو 7th ویں، 8ویں اور 9ویں اور 6,7 اور 7,8 اور 8,9 ویں قطعوں کے درمیان بطنی طرف پر باہر کے طرف کھلتے ہیں وہ ساتھی سے تخم حاصل کرتے ہیں اور مباشرت کے دوران ذخیرہ کرتے ہیں۔



خاکہ 4.7۔ *Lampito mauritti* کا دورِ حیات

بازپیدائش: (Regeneration)

کیچوے کے پہلے 20 قطعے میں ان کا زیادہ تر اہم اعضاء پائے جاتے ہیں۔ اگر 20 قطعے کے بعد کیچوے کاٹ دیا جائے تو اگلا نصف حصہ دوبارہ پیدا ہوسکتا ہے جب کہ پچھلا نصف کچھ دیر بعد ختم جائے گا۔

مباشرت کے دوران دو کیڑوں کے درمیان تخم کا باہمی تبادلہ ہوتا ہے۔ ایک کیڑے کو دوسرا کیڑا ڈھونڈنا پڑتا ہے اور وہ جنسی اعضاء کے مخالف سوراخوں کو قریب کرتے ہوئے جوڑ لیتے ہیں۔ تخم کا تبادلہ غذائی سیال (Nutritive fluid) میں بالغ انڈے کے خلیات کلائی ٹیلم کے غدود کے خلیات کے ذریعہ تیار ردی کویا (Cocoons) میں جمع ہوتے ہیں جو تخمی کیسہ (Spermtheca) سے ساتھی کے تخم کو بھی جمع کرتے ہیں۔ باروری اور نشوونما cocoon (کویا) کے اندر ہوتی ہے جو مٹی میں جمع ہیں۔ تقریباً 2,3 ہفتوں کے بعد ہر کویا کیچوے پیدا کرتا ہے۔ نشوونما براہ راست ہوتی ہے اور نشوونما کے دوران کوئی سروا (Larva) نہیں بنتا ہے۔

دورِ حیات

Lampito mauritti اپنی زندگی کا دور، انڈوں کی باروری سے شروع کرتا ہے۔ زرخیز انڈوں سے انڈے ایک حفاظتی کویا میں رکھے جاتے ہیں۔ ان کویا کا انڈوں کا سینے میں ایک مدت ہوتی ہے، جس کے بعد تقریباً 14-18 دن کے بعد وہ بچے نکلتے ہیں (خاکہ 4.7) نوعمر بچے قریباً 15 دن کے بعد مرحلے میں غیر کلائی ٹیلی Non clitellate شکلوں میں تبدیلی سے گزرتے ہیں جس کے بعد کلائی ٹیلم تیار ہوتا ہے۔ ترقی کے مرحلہ II کے اختتام پر کلیٹیلٹ clitellate کہا جاتا ہے۔ جس کو مکمل ہونے میں 15-17 دن لگتے ہیں۔ تولیدی مراحل کے دوران کیچوا مل جاتے ہیں اور بعد میں تقریباً 10 دنوں کے بعد اپنے کویا کو مٹی میں بہا دیتے ہیں۔ *Lampito mauritti* کا زندگی کا دور مکمل ہونے میں تقریباً 60 دن لگتے ہیں۔

4. organ and organ systems
Thursday, July 28, 2022 2:01:26 PM

4.2 جھینگر (Cockroach)

Periplaneta americana

Classification درجہ بندی			
آرتھروپوڈا	Phylum	:	Arthropoda
جماعت	Class	:	Insecta
طبقہ	Order	:	Orthoptera
جنس	Genus	:	*Periplaneta*
نوع	Species	:	*americana*

جھینگر تقریباً دنیا کے تمام حصوں میں پایا جانے والا کیڑا ہے اور جماعت (insecta) کی تمام بنیادی خصوصیات کو ظاہر کرتا ہے۔ عام طور پر جھینگر مائل بھورے یا سیاہ جسم والے ہوتے ہیں۔ وہ ہمہ خور (Omnivores) ہیں۔ نم اور گرم جگہ پر رات کے رہنے والے (شبینہ) اور باورچی خانے میں کافی عام ہیں۔ ہوٹلوں کی بیکریوں، ریستوران، گودام، نالیوں، موریوں اور عوامی جگہ، رہتے ہیں۔ پیری پلینٹا ایک سرسری (تیز دوڑنے والا) جانور ہے۔ یہ دوصنفی اور انڈے دینے والے ہیں اور والدین کی دیکھ بھال کا مظاہرہ کرتا ہے وہ اپنے ساتھ مختلف جراثیمی، بیماریوں کے نقصان دہ جراثیم جیسے ہیضہ، اسہال، تپ دق اور ٹائیفائیڈ لے جاتے ہیں۔ اس لئے ویکٹر (حامل) کے نام سے جانا جاتا ہے۔

بیرونی شکلیات: (Morphology)

ایک بالغ جھینگر تقریباً 2 سے 4 سنٹی میٹر لمبا اور تقریباً 1 سنٹی میٹر چوڑا ہوتا ہے۔ جھینگر کا جسم دوجانبی تشاکل (Bilaterally sysmetrical) ظہری بطنی چپٹا ہوتا ہے۔ قطعہ دار تین حصوں میں تقسیم ہوتا ہے۔

سر، صدر اور پیٹ ایک سخت بھورے رنگ کے کٹینی بروں ڈھانچے سے ڈھکا ہوا ہے۔ برون ڈھانچہ (exoskeleton) میں سخت پلیٹیں ہیں جنہیں Sclerites کہتے ہیں جو ایک نازک، لچکدا آرٹیکولر جھلی یا آرتھروڈیل جھلی کے ذریعے جڑے ہوتے ہیں جسے ظہاری طرف Sclerites کہتے ہیں بطین طرف پر tergites کہلاتے ہیں اور ذیلی طرف کو eurites کہتے ہیں۔ جھینگر کا سر چھوٹا سا مثلث نما ہے، جو طولی جسم کے محور کے دائیں زاویہ پر ہوتا ہے۔ منہ کے حصے نچلے کی طرف ہوتے ہیں۔ لہذا جھینگر کے سر کو ہائپوگناتھوس (Hypognathous) کہا جاتا ہے۔ یہ چھ حصوں کے ملاپ سے بنتا ہے اور لچکدار گردن کی وجہ سے تمام سمتوں میں زبردست نقل وحرکت دکھاتا ہے (خاکہ 8.4) سر کا کیسہ بڑا جوڑا رکھتا ہے۔ غیر متحرک (Sessile) اور یکساں مرکب آنکھیں ایک جوڑی پائی جاتی ہیں۔

> جھینگر قدیم اور حشرات کے تمام گروپوں میں سب سے بنیادی ہیں، جو تقریباً 320 ملین سال پہلے کاربونیفرس دور سے تعلق رکھتے ہیں۔



خاکہ 4.8 ۔ *Periplaneta americana*

a۔ بیرونی ساخت b۔ ظہری بطنی شکل

c۔ نر اور مادہ کا بطینی مظاہر پیٹ کا پچھلا قطعہ

4. organ and organ systems
Thursday, July 28, 2022 2:01:27 PM



خاکہ 4.9۔ *Periplaneta americana* منہ کے حصے

محاسے (Antennae) اور زائدے (Appendages) منہ کے اردگرد پائے جاتے ہیں۔ حسیے میں حسی محاسے ہوتے ہیں جو ماحول کی نگرانی میں مدد کرتے ہیں جو ماحول کی نگرانی میں مدد کرتے ہیں۔ زائدے (Appendages)، منہ کے حصوں کی تشکیل کرتے ہیں جو پیسنے اور چبانے کی قسم (مینڈبولیٹ) یا آرتھوپٹرس قسم)

منہ کے حصوں میں بالائی شفتہ (اوپری ہونٹ) ایک جوڑی جبڑے (mandibles) ایک جوڑی فک اعلیٰ (maxillae)، شفتہ (نچلا ہونٹ) اور اور ہائپوبلعوم (جیبھ) یا قطعہ میں لنگوا شامل ہیں۔

خاکہ 4.9

صدر تین حصوں اوپری صدر Prothorax، میان صدر mesothorax اور نچلا صدر meta thorax پر مشتمل ہے۔ اوپری صدر سے بڑا ہے۔ اوپری صدر کی ایک مختصر توسیع کے ذریعہ سر صدر کے ساتھ جڑا ہوا ہے جسے گردن یا سروکیم کہا جاتا ہے۔ صدر (سینہ) کے ہر حصے میں چلنے والے ٹانگوں کے جوڑے ہوتے ہیں۔ چلنے والی ٹانگوں کے تین جوڑی ہونے کی وجہ سے اسے ہکسا پوڈا (Hexapoda) (Hexa چھ، پوڈا، قدم بھی) کہا جاتا ہے۔ چلنے والی ٹانگوں کے تینوں جوڑے ایک جیسے ہوتے ہیں اور ہر ٹانگ پانچ قطعوں پر مشتمل ہوتی ہے کوکسا Coxa (ہڈی) Trochanter (چھوٹی) فیمر Femur (لمبی اور چوڑی) پنڈلی کی ہڈی (لمبا اور موٹا) اور ٹخنے کی ہڈی، ٹانگوں کا آخری حصہ تختے میں میں پانچ حرکت پذیر جوڑ یا بوڈ ویریس یا ٹارسومیر tarsomeres ہوتے ہیں۔ جھینگر کے پروں کے دو جوڑے ہوتے ہیں۔ پہلا جوڑا میاں صدر سے پیدا ہوتا ہے اور آرام کے وقت پچھلے پروں کی حفاظت کرتا ہے اور اسے ایلیٹرا یا ٹیگمینا (tegmina) کہا جاتا ہے۔ پروں کا دوسرا جوڑا میاں صدر سے پیدا ہوتا ہے اور پرواز کرنے میں استعمال ہوتا ہے۔ دونوں نر اور مادہ کا پیٹ دس قطعوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ہر طبقہ ظہری ٹرگم (tergum)۔ بطین اسٹرنم (sternum) اور ان کے درمیان ہر طرف ایک تنگ جھلی وال پولوران (Pleuron) سے ڈھکا ہوتا ہے۔ مادہ میں ساتواں اسٹرنم کشتی کی شکل کا ہوتا ہے اور آٹھواں اور نواں اسٹرنا کے ساتھ مل کر ایک بچے یا جینیتی تھیلی بناتا ہے۔ جس کے پچھلے حصوں میں نرتناسلی سوراخ، اسپرمتھیکل سوراخ کولیٹیل Collateral غدود اور پچھلے حصے اووتھیکل oothecal (بیض دان) چیمبر کی تشکیل کرتے ہیں۔ سرے پر 9ویں اور 10ویں Tegra کے ساتھ اور 9ویں اسٹرنم سے نچلے حصے میں ہوتی ہے۔ اس میں ظہری مبرز اور بطینی نرتناسلی سوراخ ہوتے ہیں۔ دونوں جنسی میں تناسلی سوراخ sclerites سے گھیرے ہوتے ہیں جنہیں گوناپوفیسس Gonapophysis کہتے ہیں۔ نر 9 ویں اسٹرنم میں مختصر اور پتلی مبرز کے طور پر ایک جوڑا رکھتا ہے، جو مادہ میں نہیں ہوتا ہے، دونوں جنسوں میں 10ویں طبقہ میں جڑی ہوئی ریشے دار ساخت کی ایک جوڑی ہوتی ہے، جسے Analcerci کہا جاتا ہے اور ایک جنس عضو رکھتا ہے جو ہوا اور زمین مین ارتعاش کو حاصل کرتا ہے۔ ساتواں اسٹگرنم میں نر gynovalvuar پلیٹیں کے بڑے اور بیضوی نوک لوب کا ایک جوڑا ہوتا ہے جو نر کو مادہ میں فرق کرتا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

سب سے تیزی حرکت کرنے والے زمینی کیڑوں میں سے ایک جھینگر ہے۔ وہ 5.4 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے آگے بڑھ (رینگ) سکتے ہیں۔

4. organ and organ systems
Thursday, July 28, 2022 2:01:27 PM

جدول 4.2 نر اور مادہ جھینگر کے درمیان فرق

سیریل نمبر	خصوصیات	نر جھینگر	مادہ جھینگر
1۔	پیٹ	تنگ اور لمبا	چھوٹا اور چوڑا
2۔	قطعے	پیٹ میں 9 قطعے دکھائی دیتے ہیں۔	پیٹ میں 7 قطعے دکھائی دیتے ہیں۔
3۔	مبرزی محاسے	موجود ہیں۔	غیر موجود ہیں۔
4۔	ٹرگا	7واں ٹرگم 8واں ٹرگم کو گھیرے ہوئے ہے۔	7ویں ٹرگم 8ویں اور 9ویں ٹرگم کو گھیرے ہوئے ہے۔
5۔	بچہ کی تھیلی	غیر موجود ہیں۔	موجود ہے۔
6۔	حسیے	طویل ہوتے ہیں۔	چھوٹے ہوتے ہیں۔
7۔	پنکھ/ پر	پیٹ کے آخر میں پھیلا ہوا ہے۔	پیٹ کے آخر تک پھیلا ہوا ہے۔

تشریح (Anatomy)

ہاضمی نظام (Digestive system)

جھینگر کے ہضمی نظام غذا نالی اور ہضمی غدود پر مشتمل ہیں۔ غذائی نالی جسمانی کہفہ میں موجود ہے اور اسے تین حصوں میں تقسیم کئے گئے ہیں، میاں آنت، , پہلی آنت hindgut (خاکہ 4.10)۔ اگلی آنت میں Pre- oral کہفہ، منہ، گردن اور حنجرہ اور غذائی نالی پر مشتمل ہے۔ یہ بدلے میں ایک تھیلی میں کھلتا ہے، جس کی ساخت کو پوٹا (Crop) کہتے ہیں، جو خوراک (غذا) کو ذخیرہ کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ پوٹا (Crop) کے بعد سنگدانہ یا proventri culus آتا ہے، جس کی چھا انتہائی Chitinous پلیٹیں بناتی ہے جسے ''دانت'' کہتے ہیں۔ ''سنگدان کھانے کے ذرات کو پسینے میں مدد کرتا ہے۔ میاں آنت (midgut) سنگدان کے پیچھے ایک چھوٹی اور تنگ ٹیوب ہے اور فطرت میں غدود ہے۔ سنگ دانے کے ملنے والے علاقے میں آٹھ انگلیاں ہوتی ہیں، جیسے نالی نما hepatic caecae یا enteric caecae دونوں مل کر عمل کرتی ہیں جو پچھلے گٹ (gut) میں 150- 200 پیلے رنگ کے پتلے ریشے ملفیجی نالیاں سے اخراج کی مصنوعات کو نکالنے میں مددگار ہیں۔ پچھلی آنت درمیانی آنت سے زیادہ چوڑی ہوتی ہے اور اسے قولوں، حرقق اور وعائے مستقیم میں فرق کیا جاتا ہے اور وعائے مستقیم مبرز میں کھلتی ہے۔

جھینگر کے ہاضمے کے غدود لعابی غدود، غدود کے خلیات اور hepatic caecae پر مشتمل ہوتے ہیں۔ لعاب غدود کا ایک جوڑا پوٹا کے دونوں طرف صدر میں پایا جاتا ہے۔ میانی ہاضمی نالی، وریدی نالیوں یا گیسٹرک نالی کے غدودی خلیے ہاضمی رس پیدا کرتے ہیں۔



خاکہ 4.10۔ *Periplaneta americana*
جھینگر کا ہاضمی نظام

4. organ and organ systems
Thursday, July 28, 2022 2:01:28 PM

تنفّسی نظام (Respiratory system)

جھینگر کا نظام تنفّسی دیگر زمینی حشرات کے مقابلے میں اچھی طرح سے ترقی پایا ہوا ہے (خاکہ 4.11)۔ شاخوں والی نالیاں، جو سانس نالی (Trachea) کے نام سے جانی جاتی ہیں۔ یہ 10 جوڑوں کے چھوٹے سوراخوں کے ذریعے کھلتی ہیں، جنہیں Spiracles یا Stigmata کہتے ہیں۔ یہ جسم کے بطنی جانب میں موجود ہوتے ہیں۔ سانس نالیوں کی ٹرمینل یعنی اختتامی (Terminal) شاخوں کو Tracheoles کہا جاتا ہے، جو پورے جسم میں آکسیجن لے جاتی ہے Spiracles صمام کے ذریعے کھلتے اور بند ہوتے ہیں جو Sphincter یا Spiracular عضلات کے ذریعہ باقاعدہ ہوتے ہیں۔ ہر سانس آبی سیال سے بھرا ہوا ہے جس کے ذریعے گیسوں کا تبادلہ ہوتا ہے۔ زیادہ عضلاتی سرگرمی کے دوران سیال کا ایک حصہ بافت میں کھینچا جاتا ہے، تاکہ آکسیجن کی زیادہ مقدار اور تیزی سے پھیلاؤ ہو سکے۔ سانس نظام میں ہوا کا گزرنا اس طرح ہے۔

سانس نالی → اسپیر اکلس
TRACHEA → SPIRACLES
ٹراچیولس → باہر
TRACHEOLES → TISSUES
بافتیں



خاکہ 4.11 *Periplaneta americana*
سانس نالی کا ظہری نظام

سانس نالی نظام کا ظہری منظر : جھینگر کا تنفّسی نظام بیرونی نتھنا (Spiracles) اور سانسی باہمی ربط سے بنتا ہے۔ اسے کیچوا کے مقابلے میں زیادہ موثر کیوں کہا جاتا ہے، جھینگر کے سانس کھینچنے کے عمل کو ایک غیر فعال عمل کیوں کہا جاتا ہے، جب کہ یہ انسان میں ایک فعال عمل ہے۔

دوران نظام (Circulatory system)

unit 5 digestion um
Friday, July 29, 2022 12:31:13 PM

5.4۔ اخراج (Egestion)

ہاضمے کا فضلہ اور حرقف میں جذب نہ ہونے والے اشیاء بڑی آنت میں داخل ہوتے ہیں اور اس میں زیادہ تر ریشہ ہوتا ہے، جسے (Roughage) موٹا چارہ کہتے ہیں۔ Roughage کو بڑی آنت میں ہم باش بیکٹر یا کے ذریعہ حیاتین K اور دیگر تحویلی مادوں کی تیاری کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ تمام مادے بڑی آنت میں پانی کے ساتھ جذب ہوتے ہیں۔ اس کے بعد فضلاتی ٹھوس، پاخانہ کے مادہ کی شکل میں مزید ٹھوس بنتا ہے۔ اس کے بعد فضلہ کا مادہ اعصابی اشارہ کا آغاز کرتا ہے، جو اسے ہٹانے یا باہر نکالنے کا اشارہ بھی ہے۔ مبرز کے ذریعہ فضلہ کے اخراج کو رفع حاجت (defaecation) کہتے ہیں۔ یہ ایک رضا کارانہ عمل ہے اور یہ ایک موجی حرکت Peristaltic حرکت کے ذریعہ انجام پاتا ہے۔

5.5۔ تغذیات، حیاتین اور معدنیات:

(Nutrients, Vitamins and Minerals)

غذا میں کلاں تغذیات اور خورد تغذیات ہوتے ہیں۔ تغذیے جن کی زیادہ مقدار میں ضرورت ہوتی ہے، انہیں کلاں تغذیات کہتے ہیں۔ جب کہ جن کی ضرورت کم ہوتی ہے، وہ خورد تغذیات کہلاتے ہیں۔ ضروری غذائی اجزاء جسم کے ذریعہ ترکیب شدہ نہیں ہوسکتے جو انہیں غذا میں شامل کرنا ہے۔ کلاں تغذیہ میں لپڈس، کاربوہائیڈریٹ اور پروٹین ہیں۔ خورد تغذیات میں حیاتین اور معدنیات ہیں۔ پانی تحولی عمل میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور جسم کی ڈی ہائیڈریشن کو روکتا ہے۔

غذا کا بہت زیادہ استعمال یا بنیادی ضرورت سے کم غذا کے استعمال کو غذائی قلت کہتے ہیں۔ ایسی غذا جو جسم کی تمام تحویلی ضرورت کو صحیح تناسب میں پورا کرسکے، اسے متوازن غذا (Balanced diet) کہا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس میں کاربوہائیڈریٹ اور چکنائی ہونی چاہئے تاکہ پروٹین، معدنیات اور پانی جسمانی ضابطے کے لئے نشوونما اور تبادلہ کے لئے ضروری ہو۔

حیاتین: (Vitamins)

حیاتین قدرتی طور پر پائے جانے والے نامیاتی مادہ ہیں، جو تحولی باقاعدگی کے طور پر معمول کی صحت کو برقرار رکھنے کے لئے باقاعدگی سے کم کی مقدار میں درکار ہوتے ہیں۔ شناخت شدہ حیاتین کو چربی میں حل پذیر A، D، E اور K ۔ جدول (5.1) اور وٹامن B اور وٹامن C پانی میں حل پذیر ہیں۔ (جدول 5.2) حیاتین A,D,E اور K اگر مطلوبہ سطح سے زیادہ کھائے جائیں تو ایسی خرابیاں پیدا ہوسکتی ہیں، جنہیں عام طور پر اعلیٰ وٹامنیت hypervitaminosis کہا جاتا ہے۔



N.I.Lunin نے حیاتین دریافت کیا۔ لیکن وٹامن کا نام ڈاکٹر فنک Funk نے 1912 میں دیا۔ ڈاکٹر فنک FUNK کے ذریعہ جدا کیا گیا پہلا وٹامن B1 تھا۔ Acetobacter bacteria کے استعمال سے تخمیر کے عمل کے ذریعہ حاصل کردہ وٹامن (حیاتین) C تھا۔

معدنیات (Minerals)

یہ غیر نامیاتی کیمیائی عناصر ہیں یعنی Ca, Fe, I, K, Mg, Na, P, S وغیرہ مختلف فعلیاتی عمل کے لئے ضروری ہیں۔ ان کو اہم معدنیات میں درجہ بند کیا جاتا ہے۔ S, (Na, P, K, Ca, Mg , Cl) اور دیگر قلیل معدنیات میں جیسے Mn, Co, Zn, Cu, Fe, I اور فلورین/سوڈیم کے رواں، جسم کے سیالوں میں کسی بھی دوسرے مشبر وانوں کے مقابلے میں زیادہ پائے جاتے ہیں۔

unit 5 digestion um
Friday, July 29, 2022 12:31:14 PM

جدول: 5.1۔ چربی میں حل پذیر حیاتین (وٹامن)

حیاتین	افعال	کمی اور علامتیں
(Retinol) A ضد آشوب چشم Anti Xerophthalmic Vitamin	بصری ادراک میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ برحلمی بافت کی بحالی اور نشوونما کرتا ہے	شب کوری، Night blindness آنکھ کا خشک ہونا (Nyctalopia) قرینہ میں Bitot's spot Dermatosis (سوکھی شکلی جلد) اور Keratomalacia آنسو کے غدود کی اٹروفی اور آنسو کے اخراج میں کمی
حیاتین D (Calciferol) Antirachitic Vitamin	دانتوں اور ہڈیوں کی کیلشیم اور فاسفورس کے آنتوں کے جذب کو فروغ دیتا ہے۔ دانتوں اور ہڈیوں کی تشکیل میں مدد کرتا ہے۔	بچوں میں رکٹس (ہڈیوں اور پاؤں کا ٹیڑھا پن اور کبوتر کے سینے کی طرح اٹھ جانا) اور بالغوں میں Osteomalacia کمزور اور نازک ہڈیاں، مڑی ہوئی (Pelvic) کمر کی ہڈی
حیاتین E (Tocopherol) Vitamin E ضد عقیمی وٹامن	ضد تکسیدی۔ یہ عمر بڑھنے کے عمل کو کم کر کے جلد کو صحت مند رکھتا ہے۔	جانوروں میں بانجھ پن سے خون کے سرخ خلیات پھٹ جاتے ہیں۔
حیاتین K خون کے منجمد ہونے سے بچاؤ (Anti haemorrahagic vitamin)	جگر میں ومبن کی ترکیب کے لئے ضروری ہے	خون کے انجماد میں خرابی جسے ہیمورہیجک مظہر کہتے ہیں۔

جدول 5.2۔ پانی میں حل پذیر حیاتین (وٹامن)

حیاتین	افعال	کمی اور علامتیں
حیاتین B_1 (Thiamine)	کاربوہائیڈریٹ کے تحول میں کام آتا ہے۔ Coenzyme کے طور پر کام کرتا ہے۔	بیری بیری Beri - Beri عضلاتی، اعصابی اور قلبی نظام کو متاثر کرتی ہے۔
حیاتین B_2 (Riboflavin)	تکسید اور تحویلی ردعمل میں کوانزائم کے طور پر کام کرتا ہے۔	منہ کے ہونٹوں اور زبان کے کونوں میں جلن کی تکلیف اور دراز جلد اور آنکھوں کے امراض میں بے ترتیب
حیاتین B_3 (Pantothenic acid)	کاربوہائڈریٹ اور چربی تحویل کے لئے ضروری ہے اور کوانزائم کے طور پر کام کرتا ہے۔	شکمی آنتوں کی بے ترتیب خون کی کمی، پاؤں کا جلنا وغیرہ۔
حیاتین B_4 (Choline)	اسٹیئل کولائن کے سابق	چربی والا جگر
حیاتین B_5 (Niacin) Nicotinic acid	کوانزائم کے مشتق (derivatives)	پیلاگرا Pellagra (علامت 4 D) جلد کی سوزش، ذہنی (عقوبت) اسہال، اور (دماغی بگاڑ) اور موت
B_6 حیاتین (Pyridoxine)	ہیموگلوبن کا بننا، دماغ دل اور جگر کی کارروائی	جلد کی سوزش، دورہ، عضلاتی مروڑ، انیمیا

unit 5 digestion um
Friday, July 29, 2022 12:31:15 PM

حیاتین B7 Vit.H (Biotin)	امینو ترشہ، گلئی کوجن اور چربی کے ترکیب میں کوانزائم کے طور پر کام کرتا ہے۔	جلد کی سوزش (Dermatitis)
حیاتین B9 (Folic acid)	نیوکلیک ترشے کی ترکیب اور نشوونما کے لئے ضروری ہونے کے سبب کوانزائم کے طور پر کام کرتا ہے۔ RBC کی پختگی۔	Megaloblastic anemia (خون میں RBC مرکزائی، نابالغ اور بڑے ہوتے ہیں)۔
حیاتین B12 Cobalamine	اور مائیلین چادر کی تشکیل کے لئے ضروری DNA کی ترکیب کو فروغ دیتا ہے۔	Pernicious anemia (نابالغ مرکزائی RBC بغیر ہیموگلوبن) عصبی بے ترتیبی کا سبب
حیاتین C اسقربوط (Ascorbic acid)	ایک Antioxidant کے طور پر کام کرتا ہے۔ مدافعتی نظام کو مضبوط کرتا ہے۔ صحت مند مسوڑھوں اور دانتوں کے لئے ضروری ہے۔	سکروی (ملاح کی بیماری) Sailor's disease کی خصوصیات، نرم اور مسوڑھوں سے خون بہنا، دانتوں کی نازک ہڈیوں کا گرنا، زخم بھرنے میں تاخیر وغیرہ۔ (طفلی اسکروی)

کیا تم جانتے ہو؟

غذا میں ملاوٹ کرنے سے ہونے والے نقصان دہ اثرات جیسے سردرد، الرجی، کینسر اور اس کے علاوہ یہ غذا کی معیار کو کم کرتی ہے۔ عام ملاوٹ کرنے والوں میں لیموں کے رس میں سٹرک ترشہ کا اضافہ، کالی مرچ میں پپیتے کے بیج، دودھ میں میلامائن، قدرتی Venillin کے لئے Vanillin، لال مرچ میں رنگ ، ہلدی پاؤڈر میں لیڈ و کرومیٹ اور لیڈ ٹٹرآ کسائیڈ وغیرہ۔

5.6۔کاربوہائیڈریٹ، پروٹین اور چربی کی کیلورک قیمت

(Caloric value of carbohydrates, proteins and fats)

ہم کاربوہائیڈریٹ سے 50%، چربی سے 35% اور پروٹین سے 15% توانائی حاصل کرتے ہیں۔ ہمیں روزانہ تقریباً 500 سے 400 گرام کاربوہائیڈریٹ , 60 سے 70 گرام چربی اور 65 سے 75 گرام پروٹین کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہر فرد کی متوازن غذا ان کی عمر اور جنس کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے۔ جسمانی سرگرمی کی سطح اور دیگر حالات جیسے کہ حمل اور دودھ پلانا وغیرہ۔

کاربوہائیڈریٹ: (Carbohydrates)

کاربوہائیڈریٹ شکر اور نشاستہ ہیں۔ یہ خلوی ایندھن کا بڑا ذریعہ ہیں جو توانائی فراہم کرتے ہیں۔ کاربوہائیڈریٹ کی حرارت کی قیمت 4.1 کلوکیلوری Kcal فی گرام ہے اور اس کے جسمانی ایندھن کی قیمت 4 کلوکیلوری Kcal فی گرام ہے۔

لپڈس (Lipids) :

لپڈس چکنائی ہیں اور چکنائی کے مشتق ہمارے جسم میں ذخیرہ شدہ بہترین محفوظ شدہ غذا بھی ہیں۔ یہ توانائی کی پیداوار کے لئے استعمال ہوتی ہے جس کی کیلورک قیمت 9.45 کلو کیلوری ہے اور فعلیاتی ایندھن کی قیمت 9 کلوکیلوری فی گرام ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

بہت سے تحقیقی نتائج نے ثابت کیا ہے کہ کیمیائی محافظ اور مصنوعی اضافہ گر Enchancers کا استعمال انتہائی نقصان دہ اثرات کا باعث بنتا ہے۔ اس میں دل کے امراض، ہائی بلڈ پریشر، بانجھ پن، معدے کی خرابی، لڑکیوں میں کم عمری میں بلوغت، ہڈیوں کا کمزور ہونا شامل ہے۔ گردے اور جگر کی دائمی رکاوٹ، گردہ اور جگر جیسے اعضاء کا ناکارہ ہونا، سردرد کی پھیپھڑوں کی بیماریاں، سردرد کی الرجی، دمہ، جلد پر دھبے اور یہاں تک کہ کینسر۔ یاد رکھیں کہ گھریلو غذاؤں کا ذائقہ ہی بہتر ہے۔ اس کا نعم البدل کچھ بھی نہیں۔

"مشرق ہو یا مغرب، گھر کا پکایا ہوا کھانا بہترین ہے"

unit 5 digestion um
Friday, July 29, 2022 12:31:16 PM

پروٹین (Proteins)

پروٹین جسم کے خلیوں کی نشوونما اور مرمت کے لئے ضروری امینو ترشہ کا ذریعہ ہیں۔ وہ جسم میں صرف ایک خاص حد تک ذخیرہ ہوتے ہیں۔ بڑی مقدار میں نائیٹروجن فضلے کے طور پر خارج ہوتے ہیں۔ ایک گرام پروٹین کیلوری قیمت اور طبیعاتی ایندھن صمام بالترتیب 5.65 اور 4 Kcal ہے۔ ICMR (طبی تحقیق کی ہندوستانی کونسل) اور WHO (عالمی ادارہ صحت) کے مطابق ایک اوسط ہندوستانی کے لئے پروٹین کی روزانہ کی ضروریات ایک گرام فی کلوگرام جسمانی وزن ہے۔

5.7۔ غذائیت اور ہاضمہ کی بے ترتیبی:

(Nutritional and digestive disorders)

آنتوں کی نالی بیکٹر یائی وائرس اور طفیلی کیڑے کے متاثر ہونے کا زیادہ شکار ہوسکتا ہے۔ یہ متاثر بڑی آنت کی اندرونی پرت کا سوزش کا سبب بن سکتا ہے، جسے کولائٹس (Colitis) کہتے ہیں۔ کولائٹس کی علامت امعائے مستقیمی سے خون بہنا، پیٹ کا درد اور اسہال ہیں۔

توانائی بالقواہ کی تغذیہ کی کمی (PEM)

(Protein energy malnutrition)

بڑھتے ہوئے بچوں کو ان کی نشوونما اور بڑھوتری کے لئے زیادہ مقدار میں پروٹین کی ضرورت ہوتی ہے۔ بچوں کی ابتدائی مرحلے میں پروٹین توانائی کی کمی جیسے مراسمس اور کواشیارکور کا باعث بن سکتی ہے۔ اس کی علامت خشک جلد، پھولا ہوا پیٹ اور پانی کا بھر جانا اور جس سے نشوونما میں رکاوٹ، بالوں کے رنگ میں تبدیلی کمزوری اور چڑچڑاپن مراسمس، پروٹین کی کمی کی شدید شکل ہے۔ یہ حالت ناکافی کاربوہائیڈریٹ اور پروٹین والی غذا کی وجہ سے ہے۔ ایسے بچے اسہال کا شکار ہوتے ہیں۔ جسم دبلا اور کمزور ہوجاتا ہے۔ مروڑ کے ساتھ چربی اور عضلاتی کے بافت کم کرتا ہے۔

بدہضمی (Indigestion)

یہ ایک نظام ہاضمہ کی خرابی ہے، جس میں کھانا صحیح طور پر ہضم نہیں ہوتا، جس سے پیٹ بھرنے کا احساس ہوتا ہے۔ یہ ناکافی خامروں کے اخراج، پریشانی، غذا کا زہریلا ہونا، زیادہ کھانے اور مسالے دار غذا کے استعمال سے ہوتا ہے۔

قبض (Constipation)

اس حالت میں امعائے مستقیم کے اندر فضلات کی بے قاعدگی، غذا میں ریشہ کی کمی اور جسمانی سرگرمیوں کی کمی کی وجہ سے پاخانہ برقرار رہتا ہے۔

قئے (Vomiting)

یہ الٹی امعائی حرکت (Peristalsis) ہے۔ معدے سے نقصان دہ مادہ اور آلودہ غذا منہ کے ذریعہ خارج ہوتی ہے۔ یہ عمل نخاعے مستطیل (Medulla oblongata) میں واقع قے کے مرکز کے ذریعہ قابو کیا جاتا ہے۔ اُلٹی سے پہلے متلی کا احساس ہوتا ہے۔

یرقان (Jaundice)

یہ وہ حالت ہے، جس میں جگر متاثر ہوتا ہے اور خراب جگر ہیموگلوبن کو توڑنے اور خون سے پتی روغن (bile pigments) نکالنے سے ناکام رہتا ہے۔ ان روغن کے جمع ہونے سے آنکھ اور جلد کا رنگ بدل جاتا ہے اور بعض اوقات یرقان، ورم جگر کے وائرسی تعفن کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

جگر کی دائمی بیماری، تشمہ جگر: (Liver Cirrhosis)

جگر کے خلیات کی تنزلی اور تباہی کا نتیجہ ہے جس کے نتیجہ میں خون کی غیر معمولی نالیوں اور پتی نالی کے نتیجے میں فائبروسس Fibrosis کی تشکیل ہوتی ہے۔ اسے تشمہ جگر بھی کہا جاتا ہے۔ یہ تعفن، زہر کے کھائے جانے، ناکافی غذا اور شراب نوشی کی وجہ سے ہوتا ہے۔

پتّی کی پتھری (Gall stones)

پتی کی ترکیب میں کسی قسم کی تبدیلی پتے میں پتھری کی تشکیل کا سبب بن سکتا ہے۔ پتھری زیادہ تر پتی میں قلمی کولیسٹرول سے بنتے ہیں۔ پتی کی پتھری مزاحمت نالی جگری اور جگر لبلبے کی نالی میں درد کا باعث یرقان اور لبلبے کی سوزش بنتی ہے۔

ورم زائدہ (Appendicitis)

ورم زائدہ یہ ضمیمہ (Vermiform Appendix) کی سوزش

unit 5 digestion um
Friday, July 29, 2022 12:31:17 PM

ہے۔ پیٹ میں شدید درد جس کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔علاج میں سرجری کے ذریعہ ضمیمہ کو ہٹانا شامل ہے۔اگر علاج میں تاخیر ہو جائے تو ضمیمہ پھٹ سکتا ہے۔اور اس کے نتیجہ میں پیٹ میں عفونت (infection) ہوسکتا ہے، جسے Peritonitis کہتے ہیں۔

ہرنیا/آنت اترنا (Diaphragmatic hernia)

یہ ایک ساختی غیر معمولی پن ہے، جس میں پیٹ کا اوپر والا حصہ ڈیافرام سے تھوڑا اوپر نکلتا ہے۔ ہرنیا کی صحیح وجہ معلوم نہیں ہے۔ کچھ لوگوں میں چوٹ یا دیگر نقصانات damage بہت زیادہ دباؤ ڈالنے سے کھانستے وقت پیٹ کے آس پاس کے عضلات پر (بار بار) قے آنا اور آنتوں کی حرکت کے دوران دباؤ اور بھاری چیز اٹھانے سے عضلات کے بافت کمزور ہو جاتے ہیں، وقفے وقفے سے ہرنیا سے متاثر لوگوں میں دل کا بھڑکنا بھی عام ہے۔اس حالت میں پیٹ کے مواد واپس غذائی نالی میں جاتے ہیں، یا یہاں تک کہ منہ کے کہفہ میں اور جس کے نتیجہ میں ترشویت کی خرابی کی وجہ سے درد کا سبب بنتے ہیں۔



خاکہ 5.10 Hiatus Hernia ہیاٹس ہرنیا

اسہال (Diarrhoea)

یہ دنیا بھر میں شکمی آنتی بے ترتیبی کی سب سے عام بیماری ہے۔ یہ بعض اوقات غذا یا پانی کے ذریعہ بیکٹر یا کے شدت عفونت infection کی وجہ سے ہوتا ہے۔جب قولون (Colon) بڑی آنت میں عفونت ہوتا ہے تو آنت کی پرت کو مرض آفرین (Pathogen) سے نقصان پہنچتا ہے۔اس طرح قولون (Colon) سیال کو جذب کرنے سے قاصر ہے۔آنتوں کی حرکت کی غیر معمولی تعداد اور پاخانہ کے خارج ہونے والے مادے کی روانی میں اضافہ اسہال کے نام سے جانا جاتا ہے، جب تک کہ حالت کا علاج نہ کیا جائے۔پانی کی کمی ہوسکتی ہے۔علاج کو دہنی ہائیڈریشن تھراپی (Oral hydration therapy) کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس میں جسم کو ری ہائیڈریٹ rehydrate (بازآبیدہ) کرنے کے لئے ایک وقت میں تھوڑی مقداریں پانی پیتے ہوئے کافی مقدار میں سیال پینا شامل ہے۔

معدہ کا السر (Peptic Ulcer)

اس سے مراد معدے یا اثنائے عشرہ (duodenum) میں بافتی اندرونی تہہ (میوکوسا) کے کھائے جائے eroded حصے کی طرف اشارہ ہے۔اثنائے عشری کا السر 45 سے 25 سال کے عمر کے لوگوں میں ہوتا ہے۔شکمی السر 50 سال سے زیادہ عمر کے لوگوں میں زیادہ عام ہے۔السر زیادہ تر بیکٹیریا (Helico bacter pylori) ہیلیکو بیکٹیریا کی وجہ سے ہونے والے عفونت کی وجہ سے ہوتا ہے۔یہ ایسپرین ادویات کے بے قابو استعمال یا بعض ضدسوزشی دواؤں کی وجہ سے بھی ہوسکتا ہے۔السر تمباکو نوش کی شراب کیفین اور نفسیاتی دباؤ سے بھی ہوسکتا ہے۔

سال 2005 کا نوبل انعام رابن وارن اور بیری مارشل (Robin Warren, Barry Marshall) کو ہیلی کوبیکٹر یا پائلوری Helico bacter pylori کی دریافت پر دیا گیا جو شکمی السر کا سبب بنتا ہے۔

موٹاپا: (Obesity)

یہ جسم کی اضافی چربی کو چربیلے بافت (adipose tisue) میں ذخیرہ کرنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔یہ حوصلہ افزائی کرسکتا ہے۔ہائی بلڈ پریشر، atheroscleotic، دل کی بیماری اور ذیابیطس کا موٹاپا جینیاتی ہوسکتا ہے یا غذا کی زیاتی کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔درون افروزی اور تحویلی خرابی کی شکایت، موٹاپے کی جسامت کا اندازہ BMI (Body Mass Index) سے کیا جاتا ہے۔بالغوں کے لئے عام BMI کی حد 19-25 ہے۔ 25 سے زیادہ کو موٹا مانا جاتا ہے۔ BMI کو میٹر میں جسم کی اونچائی کے طور پر شمار کیا جاتا ہے۔مثال کے طور پر 160 سنٹی میٹر کی اونچائی والے 50 کلوگرام شخص کا BMI 19.5 ہوگا۔ یعنی $BMI=50/(1.6)^2=19.5$

unit 5 digestion um
Friday, July 29, 2022 12:31:19 PM

انسانی نظام ہاضمہ بہت ہی حیرت انگیز ہے جو غذا ہم کھاتے ہیں، اس کو ایندھن میں بدل دیتے ہیں۔ جسم توانائی کے لئے استعمال کرتا ہے اور ہماری نشوونما میں مدد کرتا ہے۔ تاہم بعض اوقات ہمارے روزمرہ کے معمولات میں چھوٹی تبدیلیاں بھی صحت مند ہاضمہ کی راہ میں حائل ہوسکتی ہیں۔

ہاضمی نظام سے وابستہ امراض گیسٹرائٹس، بلوٹنگ، اسہال ہیں۔ قبض، سینے کی جلن اور ایسڈ ریفلکس، یرقان، پتی کی پتھری، موٹاپا، وغیرہ۔

کیا تم جانتے ہو؟





جیسے ہی غذا منہ میں داخل ہوتی ہے، ہاضمہ کا عمل شروع ہوجاتا ہے۔

1 Mouth: منہ

لعابی غدود کے تین جوڑی، لعاب کے انزائم کو غذا کے ذرات کے ساتھ ملاتے ہیں، جو چبانے کے دوران ان کو توڑ دیتے ہیں۔

2 Oesophagus: غذائی نالی

ایک نالی ہے جو منہ کو معدے سے جوڑتی ہے، نگلنے کے بعد غذا غذائی نالی کے ذریعہ معدے تک پہنچتی ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟ جسم کے اہم زہریلے مادّوں کو نکالنے میں جگر اہم رول ادا کرتا ہے۔ اسے detoxification organ کہتے ہیں۔

3 Cardiac sphincter: قلبی رکاوٹ

قلبی رکاوٹ، وہ جگہ ہے جہاں غذائی نالی معدے سے ملتی ہے۔ عضلاتی کا یہ گروپ ایک گیٹ gate کی طرح کام کرتا ہے تاکہ معدے کے تیزاب کو غذائی نالی میں واپس جانے (الٹا) (Refluxing) سے روکے۔

4 Stomach: معدہ

شکمی رس میں HCl اور شکمی انزائم HCl موجود ہیں، جو کہ پیپسن انزائم کے ذریعہ پروٹین اور دیگر کھانے کو ہضم کرنے میں مدد کرتے ہیں اور نقصان دہ بیکٹر یا کو کم کرتے ہیں۔

5 Liver: جگر

جگر پت خارج کرتا ہے۔ پت چربی کو توڑ کر اور انہیں آسانی سے جذب کر کے چھوٹی آنت کی مدد کرتا ہے۔

6 پتی کی تھیلی (Gallbladder)

پتہ کی رطوبت کو ذخیرہ کرتا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟ مری نالی آپ کی چبائی ہوئی غذا کو حاصل کر کے عضلاتی سکیڑ کے ذریعہ نیچے کی طرف مروڑتی ہے، جسے peristalsis کہتے ہیں۔

7 Pancreas لبلبہ

لبلبہ، اثنائے عشری سے جڑا ہوا ہے جہاں تین اہم ہاضمی انزائم بنائے جاتے ہیں۔ امائی لیس، کاربوہائیڈریٹ کے ہاضمہ میں مدد کرتا ہے۔

لپیس ہاضمی چربی کو ہاضمہ میں مدد کرتا ہے۔

پروٹین، پروٹیسس ہاضمہ میں مدد کرتا ہے

تفریحی حقیقت دو قسم کے ریشے ہوتے ہیں اور دونوں ایک ہی صحت مند قولون میں پائے جاتے ہیں۔

حل پذیر ریشہ: نظام ہاضمہ میں زہریلے مادوں اور فضلہ کو بھگا دیتا ہے۔

ناحل پذیر ریشہ: موٹا چارہ (Roughage) آنتوں کے ذریعہ بڑے پیمانے پر حرکت کرتا ہے تاکہ آنتوں کی باقاعدہ حرکت میں مدد ملے۔

8 Small intestine: چھوٹی آنت

زیادہ تر غذائی اجزاء غذا کی شکل میں ہضم اور چھوٹی آنت میں جذب ہوتے ہیں۔

کیا تم جانتے ہو؟

چھوٹی آنت میں نرم بافتوں کی جھلی ایک تہہ ہوتی ہے، جو غذائی اجزاء کو جذب کرنے میں مدد کرتی ہے، جو ہاضمہ کے خامروں کو پیدا کرتی ہے اور آنتوں کی نازک دیوار کی حفاظت کے لئے جھلی بناتی ہے۔

9 Large intestine (Colon): قولون

بڑی آنت: بڑی آنت ہاضمے میں رہنے والے زیادہ تر بیکٹر یا بڑی آنت میں پائے جاتے ہیں۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں ہاضمہ کا عمل ختم ہوتا ہے۔



ہمارے جسم میں 100 ٹریلین سے زیادہ بیکٹر یائی خلیے موجود ہیں۔

معدے کی نالی اچھے، برے اور غیر جانبدار بیکٹر یا کے قدرتی توازن کا گھر ہے۔

اچھے بیکٹر یا جسے پروبائیوٹکس بھی کہا جاتا ہے مجموعی طور پر ہاضمہ اور مدافعتی صحت کو بحال رکھنے میں مدد کرتے ہیں۔

کیا تم جانتے ہو؟

کیا تم جانتے ہو؟

ہمارے قدرتی مدافعتی نظام کا 70% فی صد ہاضمے کے عمل کے ذریعہ ہوتا ہے۔

یہاں 5 آسان چیزیں ہیں جو آپ کی غذائی نالی کو صحت مند رکھنے میں مدد کرسکتے ہیں۔ انہیں آپ ہر روز کرسکتے ہیں۔



روزانہ ایک پروبیوٹک غذا کھائیں۔ (مثلاً دہی) | تناؤ سے دور رہیں | جسمانی طور پر متحرک رہیں | پانی زیادہ مقدار میں پئیں | صحت مند غذا کھائیں

unit 5 digestion um
Friday, July 29, 2022 12:31:20 PM

خلاصہ (Summary)

انسان کا ہاضمی نظام منہ (دہنی کہفہ) بلعوم اور غذائی نالی، معدہ، چھوٹی آنت، بڑی آنت، امعائے مستقیم اور مبرز پر مشتمل ہوتا ہے۔ لازمی ہاضمی غدود میں لعاب کے غدود، جگر (پتہ کی تھیلی) اور لبلبہ شامل ہیں۔ ہاضمی نظام کے عمل میں غذا کا جمع ہونا ingestion شامل ہوتا ہے۔ غذا کا مائکروسالمے (ہضم) میں ٹوٹ جانا۔ ان سالموں کا خون کے بہاؤ میں جذب شدہ مادوں کا خلیات کے اجزاء بننا (تمثل) اور غیر ہضم شدہ مادوں کا خاتمہ (خارج) شامل ہے۔

غذا کلاں تغذیہ اور خورد تغذیہ پر مشتمل ہوتی ہے، جس کی زیادہ مقدار میں ضرورت ہوتی ہے، ان غذائی اجزاء کو کلاں تغذیات کہتے ہیں۔ جہاں وہ کم مقدار میں درکار ہوتے ہیں، انہیں خورد تغذیات کہا جاتا ہے۔ ضروری غذائی اجزاء جسم کے ذریعہ ترکیب نہیں کئے جاسکتے ہیں، انہیں غذا میں شامل کرنا ہوگا۔ خورد تغذیات، لپڈ، کاربوہائیڈریٹ اور پروٹین ہیں۔ خورد تغذیات، حیاتین اور معدنیات ہیں۔ پانی تحولی عمل میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور جسم میں پانی کی کمی کو روکتا ہے۔

آنتوں کی نالی میں بیکٹیریا، وائرسی اور طفیلی کیڑوں کے عفونت کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔ اس طرح کے عفونت کو (Colitis) کہتے ہیں۔ یہ بڑی آنت کا اندرونی پرت کی سوزش کا سبب بن سکتے ہیں۔

بڑھتے ہوئے بچوں کو اپنی نشوونما اور ترقی کے لئے زیادہ پروٹین کی ضرورت ہوتی ہے۔ بچوں کے ابتدائی مرحلے میں پروٹین کی کمی والی غذا سے پروٹین توانائی کی کمی، جیسے مراسمس اور کواشیورکور کا باعث بن سکتی ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

غذائی نالی کو غذائی اجزاء کے جذب کرنے اور ہماری آنتوں کی نالی کو مرض آفرینی بیکٹر یا اور وائرس سے پاک رکھنا پڑتا ہے۔ روزانہ ہمارے جسم میں تقریباً 7 لیٹر ہاضمہ رس غذائی نالی میں ڈالا جاتا ہے اور ہر روز دوبارہ جذب کیا جاتا ہے۔ اگر ایسا نہیں ہوتا ہے تو جسم تیزی سے پانی کی کمی کا شکار ہوجاتا ہے اور یہ خون کے دباؤ میں کمی کا باعث بن سکتا ہے۔

کارروائی: Activity

نشاستہ کی جانچ: Test of Starch

دئے گئے نیم گرم کھانے کے نمونے میں ایوڈین کے چند قطرے شامل کریں۔ اگر دئے گئے غذا کے نمونے میں کوئی نشاستہ موجود ہے تو یہ ایوڈین کے بھورے رنگ کو نیلے سیاہ میں بدل دے گا۔

پروٹین کی جانچ: Test of Protein

ٹسٹ ٹیوب میں دئے گئے غذا کے نمونے کو 3 ملی میٹر پانی کے ساتھ ملائیں۔ آمیزے کو ملائیں اور پھر Biuret کے محلول کے چند قطرے ڈالیں۔ اگر پروٹین موجود ہو تو محلول کا رنگ بنفشی ہوجائے گا۔

گلوکوز کی جانچ: Test for Glucose

دئے گئے غذا کے نمونے کو ٹسٹ ٹیوب میں 3 ملی لیٹر پانی کے ساتھ ملائیں۔ مرکب کو ہلائیں اور پھر Benedict's کے محلول کے چند قطرے ڈالیں۔ ٹسٹ ٹیوب کو پانی کے برتن میں رکھ کر اور احتیاط سے گرم کریں۔ اگر گلوکوز موجود ہے تو محلول کا رنگ گلوکوز کی مقدار کے مطابق، نیل سبز سے اینٹ جیسا سرخ ہوجائے گا۔

unit 5 digestion um
Friday, July 29, 2022 12:31:21 PM

محاسبہ : (Evaluation)

1۔ درج ذیل میں سے غلط جملے کو منتخب کریں۔

(a) پتی رس چربی کی شیرہ سازی (emulsify) کرتا ہے۔

(b) کیموس (Chyme) معدے میں ہاضمی ترشویت والی غذا ہے۔

(c) لبلبے کا رس لپڈ کو چربیلے ترشے اور گلیسرال میں تبدیل کرتا ہے۔

(d) Enterokinase لبلبے کے رس کے اخراج کو متحرک کرتا ہے۔

2۔ کیموس (Chyme) کیا ہے.....؟

(a) چربی کو چھوٹے قطروں میں تبدیل کرنے کا عمل

(b) گلیسرال کے اتصالی مادوں (Micelles) کو قطروں میں تبدیل کرنے کا عمل

(c) شکمی عرق کے ذریعہ نامکمل ہضم شدہ تیزابی غذا کی تیاری کا عمل

(d) وسطی گٹ (ہاضمی نالی) میں مکمل طور پر ہضم ہونے والے مائع غذا کی تیاری کا عمل

3۔ مندرجۂ ذیل میں سے کون سا ہارمون لبلبے کے رس اور بائی کاربونیٹ کی پیداوار کو متحرک کرتا ہے؟

(a) angiotensin اور epinephrine

(b) Gastrin اور Insulin

(c) Cholecystokinin اور secretin

(d) Insulin اور glucagon

4۔ Oddi کے رکاوٹ (Sphincter) اس کی حفاظت کرتے ہیں

(a) ہیپاٹولبلبی نالی (b) مشترک پتی نالی

(c) لبلبی نالی (d) Cystic نالی

5۔ چھوٹی آنت میں فعال انجذاب اس صورت میں واقع ہوتا ہے۔

(a) گلوکوز (b) امینو ترشہ

(c) Na^+ (d) یہ تمام کے تمام

6۔ ان میں سے کون سا ایک غلط جوڑ ہے۔

(a) پیپسن pepsin - معدہ

(b) رینن Renin - جگر

(c) ٹرپسن Trypsin - آنت

(d) ٹیالین Ptyalin - منہ

7۔ گلیسرال، چربیلے ترشے اور مونوگلئی سرائڈس کی جذب کاری ان کے ذریعہ ہوتی ہے

(a) خمول کے اندر لمفی نالیوں (b) معدے کی دیوار

(c) قولون (d) خمول کے اندر کی شعریانوں

8۔ چربی کے ہاضمہ کا پہلا مرحلہ

(a) شیرہ سازی (Emulsification)

(b) انزائم کا عمل

(c) Lacteals سے جذب کاری

(d) چربیلے بافتوں میں ذخیرہ

9۔ "Enterokinase" اس کی تبدیلی میں حصہ لیتا ہے

(a) pepsinogen کو pepsin میں

(b) Trypsinogen کو trypsin میں

(c) پروٹین کو polypeptide میں

(d) caseinogen کو casein میں

10۔ مندرجۂ ذیل میں سے کون سا مجموعہ جوڑ نہیں رکھتا۔

(a) حیاتین D - رکٹس

(b) تھیامین - بیری بیری

(c) حیاتین K - بانجھ پن

(d) نیاسن - پلاگرا

11۔ مندرجۂ ذیل میں سے کون سا مجموعہ جوڑ نہیں رکھتا۔

کالم I	کالم II
(a) بائی لی روبن اور بئی لی ورڈن	(i) آنتی رس
(b) نشاستہ کی آب پاشی	(ii) Amylases
(c) چربی کا ہاضمہ	(iii) Lipases
(d) لعابی غدود	(iv) نکفیہ Parotid

unit 5 digestion um
Friday, July 29, 2022 12:31:22 PM

12۔ کالم I کے ساتھ کالمII کو جوڑیئے اور درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

کالم I		کالم II
P)	چھوٹی آنت	i) سب سے بڑا کارخانہ
Q)	لبلبہ	ii) پانی کا جذب ہونا
R)	جگر	iii) برق پاشیدہ محلول کو لے جا·
S)	قولون	iv) ہاضمہ اور جذب کاری ما

a. (P-iv) (Q -iii) (R- i) (S – ii) (a)
(P-iii) (Q -ii) (R- i) (S – iv) (b)
(P-iv) (Q -iii) (R- ii) (S – i) (c)
(P-ii) (Q -iv) (R- iii) (S – i) (d)

13۔ کالم I کے ساتھ کالمII کو جوڑیں اور درست جواب کا انتخاب کریں۔

کالم I		کالم II
(P)	چھوٹی آنت	i) 23 سنٹی میٹر
(Q)	بڑی آنت	ii) 4 میٹر
(R)	غذائی نالی	iii) 12.5 سنٹی میٹر
(S)	بلعوم	iv) 1.5 میٹر

(P-iv) (Q -ii) (R- i) (S – iii) (a)
(P-ii) (Q -iv) (R- i) (S – iii) (b)
(P-i) (Q -iii) (R- ii) (S – iv) (c)
(P-iii) (Q -i) (R- ii) (S – iv) (d)

14۔ کالم I کے ساتھ کالم II کو جوڑیں اور درست جواب کا انتخاب کریں۔

کالم I		کالم II
(P)	لپیس (Lipase)	i) نشاستہ
(Q)	پیپسن (Pepsin)	ii) کیسن
(R)	رینن (Renin)	iii) پروٹین
(S)	ٹیالین (Ptyalin)	iv) لپڈس

(P-iv) (Q -ii) (R- i) (S – iii) (a)
(P-iii) (Q -iv) (R- ii) (S – i) (b)
(P-iv) (Q -iii) (R- ii) (S – i) (c)
(P-iii) (Q -ii) (R- iv) (S – i) (d)

15۔ مندرجۂ ذیل میں سے کون سا کام جگر کا نہیں ہے؟
(a) انسولین کی تیاری
(b) زہر دور کرنے کا عمل (Detoxification)
(c) گلئی کوجن کا ذخیرہ
(d) پتی کی تیاری

16۔ توثیق:(A) بڑی آنت بھی چھوٹی آنت کی طرح خمول (Villi) کی موجودگی کو ظاہر کرتی ہے۔
سبب (B): پانی کا جذب ہونا بڑی آنت میں واقع ہوتا ہے۔
(a) A اور B دونوں درست ہیں اور A کی درست وضاحت B کرتا ہے۔
(b) A اور B دونوں درست ہیں اور A کی درست وضاحت B نہیں کرتا۔
(c) A درست ہے، لیکن B غلط ہے۔
(d) A غلط ہے، لیکن B درست ہے۔

17۔ مندرجۂ ذیل میں سے کون سا بیان آنتی خمول (villi) کے بارے میں درست نہیں ہے۔
(a) ان میں خورد خمول (microvilli) ہوتا ہے۔
(b) وہ سطح کی رقبہ کو بڑھاتے ہیں۔
(c) ان میں شعریانی اور Lacteal وعائیں فراہم کی گئی ہیں۔
(d) یہ صرف چربی کے ہاضمے میں حصے لیتے ہیں

18۔ خمول معدے کے بجائے آنت میں کیوں ہوتے ہیں؟

19۔ پتی رس میں ہاضمے کا کوئی انزائم نہیں ہوتا، پھر بھی یہ ہاضمے کے لئے کیوں ضروری ہے؟

20۔ ان کیمیائی تبدیلیوں کی فہرست بنائیں، جو نشاستے کے سالموں کے چھوٹی آنت تک پہنچنے کے وقت سے گزرتی ہیں۔

21۔ چربی کی بہ نسبت پروٹین اپنی توانائی کی قیمت اور جسم میں اس کے کردار سے کس طرح مختلف ہے ؟

22۔ ہاضمی اخراج (digestive secretions) صرف ضرورت پڑنے پر خارج ہوتے ہیں ۔ بحث کیجئے۔

unit 5 digestion um
Friday, July 29, 2022 12:31:23 PM

unit 5 digestion um
Friday, July 29, 2022 12:31:24 PM

نظریاتی نقشہ
Concept Map



Let's Digest آیئے ہضم کریں



آیئے ہاضمی عمل کے بارے میں
جاننے کے لئے سرگرمی کرتے ہیں۔



مرحلہ - 1

Interactive digestive system کے صفحہ کو کھولنے کے لئے URL کا استعمال کریں۔ ''view digestive system'' پر کلک کریں۔

مرحلہ - 2

ماؤس کو interactive diagram پر رول کریں اور حصوں کے بارے میں جاننے کے لئے کسی بھی حصہ پر کرسر رکھیں۔

مرحلہ - 3

منہ سے مبرز تک ہاضمی نظام کے عمل کا مشاہدہ کرنے کے لئے Explore the digestive system پر کلک کریں۔

مرحلہ - 4

تلاش کے دوران: سوال پوچھے جائیں گے اور صرف صحیح جواب ہی سے آپ آگے بڑھ سکتے ہیں۔
تمام سوالوں کے جواب دیں اور ہاضمے کا عمل مکمل کریں۔



Step 1



Step 2



Step 3



Step 4

Explore your digestive system'sURL:

http://www.open.edu/openlearn/nature-environment/natural-history/explore-your-digestive-system

BUVE5

* Pictures are indicative only

unit 5 digestion um
Friday, July 29, 2022 12:31:25 PM

اکائی III

باب 6

تنفّس (Respiration)



ورزش سانس لینے کی شرح اور گہرائی میں اضافہ کرتی ہے اور عضلات کو اضافی آکسیجن مہیا کرتی ہے اور بافتوں کے ذریعے CO_2 کو خارج کرتا ہے۔

باب کا خاکہ :

6.1 تنفّسی افعال
6.2 عضویوں میں تنفّسی اعضاء
6.3 سانس لینے کا نظام
6.4 گیسوں کا تبادلہ
6.5 گیسوں کی نقل وحمل
6.6 تنفس کی باقاعدگی
6.7 آکسیجن نقل وحمل میں دشواری
6.8 تنفّسی نظام کی بے ترتیبیاں
6.9 سگریٹ نوشی کے نقصانات

سیکھنے کے مقاصد:

- انسانی گیسوں کے تبادلہ کے نظام کی پوری ساخت واضح انداز میں سیکھنا۔
- تنفّسی نظام سے وابستہ بافتوں اور اعضاء کا مشاہدہ کرنا اور نقشہ کھینچنا۔
- گیسوں کے تبادلے اور سانس کی گیسوں کی نقل وحمل کے عمل کو سمجھنا۔
- آکسیجن کے نقل وحمل سے متعلق مسائل کو معلوم کرنا۔
- تمباکو نوشی کے ناجائز اثرات پر علم حاصل کرنا۔

ہم سانس لیتے ہیں اور ہوا خارج کرتے ہیں، سانس لینا کیوں زندگی کے لئے اتنا ضروری ہے؟ جب ہم سانس لیتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟ جسم کے لئے زندگی مختلف عمل انجام دینے کے لئے توانائی کی ضرورت کیوں ہے؟ توانائی کہاں سے آتی ہے؟ توانائی کے لئے ہم کھانا کیوں کھاتے ہیں۔ اگرچہ اوپر اٹھائے گئے سوالات منقطع نظر آتے ہیں لیکن ہمیں یہ جان لینا چاہئے کہ سانس لینے کا عمل کھانے سے توانائی کی رہائی کے عمل سے جڑا ہوا ہے۔ آکسیجن کا استعمال عضویئے گلوکوز جیسے حیاتی سالموں کو توڑنے اور توانائی حاصل کرنے کے لئے کرتے ہیں۔ اس توڑ پھوڑ کے درمیان CO_2 جو کہ ایک نقصان دہ گیس خارج کرتی ہے جو تنفّسی نظام زندگی کے لئے ضروری ہے۔

unit 6 respiration
Friday, July 29, 2022 6:30:35 PM

ہم نے پچھلے باب میں گفتگو کی تھی کہ غذا بافتوں کی نشوونما اور ترقی کے لئے کس طرح توانائی مہیا کرتا ہے جیسا کہ غذا کے ساتھ ساتھ بھی ذکر کیا گیا ہے، توانائی میں گلوکوز کی حاصل کرنے کے لئے آکسیجن ضروری ہے۔ اس باب میں ہم انسان کے تنفّسی نظام کے اجزاء یا سانس لینے کے طریقہ کار گیسوں کے تبادلے اور نقل وحمل اور تنفّسی بے ترتیبوں کے بارے میں بات کریں گے۔

تنفس کی اصطلاح سے مراد ہمارے جسم کے ماحول اور خلیات کے درمیان O_2 اور CO_2 کے تبادلے کو کہتے ہیں جہاں توانائی کے خارج کے لئے نامیاتی غذائی اجزاء خامروں سے ٹوٹ جاتے ہیں۔

6.1 سانس کے افعال
(Respiratory functions)

سانس کے نظام میں پانچ بنیادی افعال ہیں۔

i) فضا اور خون میں موجود O_2 اور CO_2 کا تبادلہ کرنا۔

ii) جسمانی pH کے قاعدہ کو برقرار رکھنے کے لئے۔

iii) خوردبین عضویات اور آلودگی والے عناصروں سے بچانے کے لئے

iv) عام مواصلات (Vocalization) کے لئے صوتی ڈور کو (Vocal cords) سانس نالی برقرار رکھنے کے لئے

v) خلوی تنفس کے دوران پیدا ہونے والے گرمی کو دور کرنا۔

6.2 مختلف عضویوں میں تنفّسی اعضاء:
(Respiratory organs in various organisms)

مختلف جانوروں میں مختلف اعضاء کے گیسوں کا تبادلہ ہوتا ہے۔ اس پر منحصر ہے۔ رہائش گاہ اور تنظیم کی سطح کے مطابق ہوا میں مقدار کی نسبت پانی میں تحلیل آکسیجن کی مقدار بہت ہے۔ لہذا پانی میں سانس لینے والے عضویوں کی شرح زمینی جانوروں سے زیادہ ہوتی ہے۔

جانوروں میں جیسا کہ اسفنج (Sponges)، مونگے (Coelenterates) اور چپٹے کیڑے (Flatworms) ان میں گیسوں کا تبادلہ جسم کی سطح کے بازی عمل سے ہوتا ہے۔ کیچوے (Earth worms) اپنی گیلی جلد کو استعمال کرتے ہیں، جب کہ مچھر میں سانس نالی (Tracheal tubes) ہوتے ہیں۔ بہت سارے آبی جوڑپائے Arthropods اور صدفیے Molluscs میں سانس اعضاء گلپھڑے ہوتے ہیں۔ فقرے دار میں مچھلیاں گلپھڑے استعمال کرتے ہیں۔ جل تھلیے، رینگنے والے، پرندے اور پستانیے جانور پھیپھڑوں کو اچھی طرح سے رکھتے ہیں۔ مینڈک، اپنا زیادہ تر وقت پانی میں گزارتے ہیں اور پھیپھڑوں اور منہ حلق (Bucco Pharynx) کے ساتھ سانس کے لئے اپنی نم جلد کو بھی استعمال کرتے ہیں۔

6.2.1۔ انسانی تنفّسی نظام:
(Human respiratory system)

تنفس کے نظام میں بیرونی نتھنے، نظام الفی کہفہ، بلعوم Bronchi اور حنجرہ (Larynx)، Bronchioles اور پھیپھڑے ہوتے ہیں۔ جس میں خیشوم (Alveoli) (شکل 6.1:) شامل ہیں۔ بیرونی نتھنوں کے اجزاء شروع ہو کر ٹرمینل برونچائلس تک ہوا کو پہنچانے والا علاقہ بناتا ہے۔ جب کہ خیشوم اور غدہ (Ducts) تنفّسی علاقہ کہلاتا ہے۔ حاصل کرنے کے علاقے اجزاء کے علاقے مرطوب Zone آنے والی ہوا کو متعدد گرم کرتا ہے۔

انسانوں میں بیرونی نتھنوں کے ذریعے ہوا اوپری سانس کے راستے میں داخل ہوتی ہے۔ ناک سے گزرنے والی ہوا ٹھیک بالوں اور بلغم کی سطح سے تقطیر ہوتی ہے۔ بیرونی نتھنوں سے ناک کا خانہ نکلتا ہے جو اس کی طرف سے Naso Pharynx میں کھلتا ہے جو حنجرہ خطے (Larynx)، مزمار (Glottis) کے ذریعہ سانس نالی میں (Trachea) میں کھلتا ہے۔ ہدبہ دار برحلمہ ہوا نالی سے گھرے ہوئے ہیں جو goblet cells کہلاتے ہیں۔ بلغمی جھلی ہوا کے رطوبت (Bronchi) خارج والے خلیوں (Bronchioles) سے گھرا ہوا ہے جو بلغم خارج کرتا ہے۔ لجلجے مادے میں گلئی کوپروٹین کثیر مقدار میں ہوتا ہے۔ خوردبین عضویئے اور دھول کے ذرات، بلغم کی

unit 6 respiration
Friday, July 29, 2022 6:30:36 PM



خاکہ 6.1 انسانی تنفّسی نظام

قلموں میں منسلک ہوتے ہیں اوران کو منتقل کرنے کے لئے اوپر کی طرف جاتے ہیں۔عام نگلنے کے دوران نکاس Gullet برمزمار (Epiglottis) نامی ایک پتلی لچکدار ڈور نگلنے کے دوران کھانا غذا حنجرہ میں داخل ہونے سے روکتا ہے اور کھانے کو آسانی سے اندر داخل کرواتا ہے۔

سانسی نالی جزوی لچکدار ٹیوب ہے جس کی مدد سے کثیر مدور کری کی ہڈیوں (cartilaginous) سے بنی ہوتی ہے جو درمیانی صدری کہفہ اور پانچواں (5th) صدر فقرے دار کی سطح تک ہوتی ہے۔

جہاں دائیں اور بائیں ابتدائی شعیب، ایک شعیب پر ایک پھیپھڑوں میں ہوتا ہے۔پھیپھڑوں کے اندر شعیب بار بار تقسیم پا کر ثانوی، ثلاثی شعیب میں اور پھر دوبارہ تقسیم پا کر آخری شعیب اور تنفّسی شعیب میں تقسیم ہوتا ہے۔

شعیب خمیدہ 'C' ساخت، کری کی ہڈیوں Cartilage کے پلیٹوں کی تشکیل کی ہے، تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ سانس لینے کے دوران ہوا کا دباؤ بدلا جاتا ہے۔لیکن پلیٹ کا پھٹنا یا ٹوٹنا نہیں ہونا ہے۔

شعیب (Bronchioles)، کری کی ہڈیوں (Cartilaginous) حلقے کے بغیر ہیں اوران میں سختی ہے جو انہیں گزرنے سے روکتی ہے۔لیکن اس کے آس پاس ہموار عضلات ہوتے ہیں جو پھیلاتا ہے یا سکڑتا ہے۔اور پھیل کر اپنے قطر کو برابر کرتا ہے۔

عمدہ تنفس کی شعیبوں کو ہوا کی تھیلیوں کی طرح انتہائی عروقی پتلی دیواروں والی تھیلی میں ختم کر دیا جاتا ہے جسے خیشوم کہتے ہیں (Alveoli)۔اس کا مطلب گیسوں کا تبادلہ خاکہ (6.3.6.2)۔خیشوم میں عمل نفوذ کی جھلی تین پرتوں میں مشتمل ہے۔ خیشوم کے پتلی فلسمانی برحلمہ لیے خیشوم Capillary کے اینڈوتھیلیم (Endothelium) اوران کے مابین تہہ خانے مادہ پایا جاتا ہے۔خیشوم کے پتلی فلسمانی برحلمہ میں قسم I اور قسم II خلیے ہیں۔ قسم I کے خلیے بہت پتلے ہوتے ہیں تاکہ ان کے ذریعہ گیسیں تیزی سے عمل نفوذ پھیل سکتی ہے۔قسم II کے خلیے موٹے ہوتے ہیں۔یہ ایک رطوبت انگیز (Surfactant) شئے تیار کرتے ہیں۔پھیپھڑے ہلکی اسفنجی بافتوں سے گھرے ہوئے ہیں، جو ایک غیر ہوا باش صدری کہفہ میں رکھے گئے ہیں۔صدری کہفہ فقری ستون کے ظہری جانب اور قص سینے کے درمیان کی ہڈی کے بطنی جانب، ہنسلی کے متوازی اور گنبد نما پردہ شکم کے اوپر موجود ہے۔

پھیپھڑوں دوہری دیواروں سے ڈھکا ہوا ہے پلیورا پرت میں پرتیں کثیر پرتیں والی لچک دار بندھی بافت (Connective tissues) جوڑنے والے بافتوں اور شریانیں یہ پلیورل سیال (مادہ) سے مشتمل ہے۔پلیورل مائع رگڑ کو کم کرتی ہے، جب پھیپھڑے پھیلتے ہیں سکڑتے ہیں۔

سانس کی سطح کی خصوصیات:

(Characteristic features of respiratory surface)

- سطح کا رقبہ بہت وسیع ہونا چاہئے اور خون کی نالیوں کے ساتھ بھرپور انداز میں فراہمی کرنا چاہئے۔
- انتہائی پتلا ہونا اور نم ہونا چاہئے۔
- ماحول سے براہ راست رابطے میں رکھنا چاہئے۔
- سانس کی گیسوں کے لئے قابل رسائی ہونا چاہئے۔

unit 6 respiration
Friday, July 29, 2022 6:30:37 PM



خاکہ 6.2 انسانی تنفسی راہ:



خاکہ : 6.3 خیشوم کی ساخت

تنفس کے دوران یہ مرحلے ہوتے ہیں۔

i) ماحول اور پھیپھڑوں کے مابین ہوا کا تبادلہ

ii) پھیپھڑوں اور خون کے مابین O_2 اور CO_2 کا تبادلہ

iii) O_2 اور CO_2 خون کے ذریعہ نقل وحمل

iv) خون اور خلیات کے درمیان گیسوں کا تبادلہ

v) خلیے O_2 کو لے کر مختلف سرگرمیوں سے CO_2 خارج کرتا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

سطحی تناؤ کو گھٹانے والے مادے (Surfactants) رطوبت انگیز (Surfactants) کے پتلی غیر خلوی فلمیں جو پروٹین اور فاسفولیپڈس سے بنی ہیں، جو خیشوم کی جھلی کو ڈھکتی ہے۔ رطوبت انگیز سطح کے تناؤ کو کم کرتا ہے اور پھیپھڑوں کے رگڑ سے روکتا ہے اور ریوی ایڈیما (Pulmonary oedema) کو بھی روکتا ہے۔ قبل از وقت بچوں میں خیشوم (Alveoli) میں رطوبت انگیز کی سطح کم ہوتی ہے۔ نومولود بچوں میں سانس کی تکلیف کی بے ترتیبی ہوسکتی ہے (NRDS) کیونکہ حمل کے 25 ہفتہ کے بعد ہی رطوبت انگیز مادے کی ترکیب شروع ہوجاتی ہے۔

6.3۔ سانس لینے کا طریقہ کار:
(Mechanism of Breathing)

ماحول اور پھیپھڑوں کے مابین ہوا کی نقل وحرکت کو (Ventilation) وینٹی لیشن یا سانس لینے کے نام سے جانا جاتا ہے سانس لینے کے دو مراحل ہیں۔ سانس لینا اور سانس خارج کرنا۔ سانس لینا ہوا کا پھیپھڑوں کے اندر جانے کا عمل سانس لینا (شہیق) کہلاتا ہے۔ سانس خارج کرنا (زفیر) پھیپڑوں سے خیشوم کے ذریعے ہوا کا باہر نکلنا نفوذ پذیری عمل سے واقع ہوتے ہیں۔ (شکل 6.4)

پھیپھڑوں میں عضلاتی ریشے نہیں ہوتے ہیں، بلکہ پسلی اور پردہ شکم کی حرکت کی وجہ سے پھیلنے اور سکیڑنے کا عمل واقع ہوتا ہے۔ پردہ شکم بافتوں کی چادر ہوتی ہے، جو پیٹ کو سینے سے الگ کرتی ہے۔ عام حالت میں پردہ شکم گنبد نما (Domed) ساخت ہوتی ہے۔ پسلیاں کو انٹرکوسٹل (intercostal) سے حرکت کرتی ہیں۔ پسلیوں اور پردہ شکم کے مابین پائے جانے والے بیرونی اور اندرونی انٹرکوسٹل پٹھوں کا مضبوط ہونے سے دباؤ کا اتار چڑھاؤ (Pressure gradient) بنانے میں مدد ملتی ہے۔ سانس لینے کا عمل اس وقت پھیپھڑوں کے اندر (ماحول کے اندرونی نظام) کا دباؤ ماحول سے کم سے کم ہو۔ اس طرح اندر دباؤ زیادہ پیدا ہوجاتا ہے تو پھیپھڑوں کے اندر دباؤ زیادہ (انٹرا پلمونری پریشر) اور فضا کے دباؤ کم ہوتا ہے۔ اسی طرح سانس خارج کرنے وران پھیپھڑوں کے اندر کا دباؤ فضاء کے دباؤ سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔

unit 6 respiration
Friday, July 29, 2022 6:30:37 PM



B8AMD

خاکہ 6.4۔ سانس لینے کا میکانزم

سانس لینے اور سانس چھوڑنے کے مرحلے

سانس لینا	سانس چھوڑنا
سانس کا مرکز سانس لینے کے دوران محرکات کا آغاز کرتا ہے۔	سانس کا مرکز سانس چھوڑنے کے دوران محرکات (Stimuli) کو ختم کرتا ہے
↓	↓
پردہ شکم اور enpirattory عضلات کا سکڑنا واقع ہوتا ہے۔	پردہ شکم سکونی حالت پر لیکن اندرونی انٹرکسٹل عضلات کا سکڑنا واضح ہوتا ہے
↓	↓
صدری کہفہ کا حجم بڑھتا ہے اور سینہ کی دیوار پھیلنے سے اندرونی پلمونری دباؤ کم ہوتی ہے۔	چھاتی کا حجم سینے سے کم جب کہ دیواریں سکڑتے ہیں۔
↓	↓
انٹرایلمونری دباؤ کم ہوتا ہے	انٹرایلمونری دباؤ اضافہ ہوتا ہے
↓	↓
خیشوم کا دباؤ ماحولیاتی کا دباؤ سے کم رہتا ہے۔	خیشوم کا دباؤ ماحولیاتی کا دباؤ سے زیادہ رہتا ہے۔
↓	↓
خیشوم کی توسیع کی وجہ سے ہوا اندر لے جایا جاتا ہے	خیشوم کے سکڑنے کی وجہ سے ہوا اندر جا کر آتی ہے۔
↓	↓
خیشوم میں ہوا اس وقت تک پھیلتی ہے جب تک کہ خیشوم کا دباؤ برابر نہیں ہو جاتا اور خیشوم پھول (inflated) جاتا ہے۔ اوپر کی طرف	خشیوم سے ہوا باہر کی طرف جب تک کہ خیشوم کا دباؤ برابر نہیں ہوتا اور خیشوم deflated نیچے کی طرف جھکے ہوئے ہیں۔

unit 6 respiration
Friday, July 29, 2022 6:30:38 PM

سانس لینے کا عمل پردہ شکم عضلات اور بیرونی انٹر کوسٹل (Inter Costal) عضلات کے سکڑنے سے ہوتا ہے جو پسلیوں اور حجم کو اوپر اور باہر کی طرف کھینچتا ہے اور ظہری بطنی (Dorso-ventral) محور میں سینہ کے حجرے کی مقدار کو بڑھاتا ہے۔ پھیپھڑوں کو پلمونری (ریوی) حجم کو بڑھانے پر مجبور کرتا ہے۔ پلمونری (ریوی) حجم میں اضافہ اور انٹرا پلمونری کے دباؤ کمی، دباؤ کو برابر کرنے کے لئے پھیپھڑوں میں ہوا کے راستوں کو پھیپھڑوں میں داخل کرنے کے لئے باہر سے زیادہ ہوا کو مجبور کرتے۔ اس عمل کو شہیق سانس لینا کہا جاتا ہے (Inspiration)

پردہ شکم اپنی حالت میں لوٹتے ہوئے پردہ شکم اور صدری کہفہ گنبد شکل اور اندرونی انٹر کوسٹل عضلات سکڑتے، پسلیوں کو نیچے کی طرف کھینچتے ہوئے چھاتی کے حجم اور پلمونری حجم کو کم کرتے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں پھیپھڑوں سے ہوا کو نکالنے کا سبب بننے والے ماحولیاتی دباؤ سے قدرے اوپر انٹرا پلمونری دباؤ میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس عمل سے پھیپھڑوں سے ہوا خارج ہوتی ہے۔ یہ عمل کو سانس کا خارج کرنا (زفیر) کہتے ہیں۔

اوسطاً ایک صحت مند انسان 12-16 مرتبہ فی منٹ کی سانس لیتا ہے، اسپرومیٹر (spirometer) نامی ایک آلہ ہے جو کسی شخص کے پلمونری عمل کی طبّی تشخیص کے لئے سانس لینے کی نقل وحرکت میں شامل ہوا کی مقدار کی پیائش کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

آپ سطح سمندر سے بلندی پر ایک پہاڑ پر ہیں۔ اچانک آپ کو دھڑکن (Palpitation) اور متلی ہو جاتی ہے۔ آپ کس حالت سے دوچار ہیں؟ س بیماری کی دیگر علامتیں کیا ہیں اور یہ کیسے کم کر سکتے ہیں؟

6.3.1 سانس کی حجمیں اور صلاحیتیں:
(Respirator volumes and capacities)

سانس کے مختلف حصوں میں موجود ہوا کے حجم کو بطور اشارہ کیا جاتا ہے۔

سانس کا حجم: (شکل 6.5)

- لہری حجم (Tidal Volume) (TV) : لہری حجم ہر عام سانس کے ساتھ سانس لینے یا سانس چھوڑنے پر ہونے والی ہوا کی مقدار ہے۔ یہ تقریباً 500 ملی لیٹر ہے، یعنی زوردار ورزش کے دوران، لہری حجم تقریباً 4-10 گنا زیادہ ہوتا ہے۔
- سانس لینے کے دوران کے ذخیرہ کا حجم (IRV) (Inspiratory Reserve volume)

ہوا کی اضافی حجم جس کو انسان زبردستی سے سانس کا لینا ہوتا ہے ان کے ذریعہ حوصلہ افزائی کر سکتا ہے، اسے شہیقی تنفّسی ذخیرہ حجم کہتے ہیں۔ اس کی عام قیمت 2500 -3000 ملی میٹر ہے۔

- سانس چھوڑنے کے دوران کے ذخیرہ کا حجم (ERV) (Expiratory Reserve Volume)

ہوا کے زیادہ حجم کو جب کوئی شخص زور سے سانس خارج کر کے نکال سکتا ہے۔ یہ عمل زفیری ذخیرہ کا حجم کہتے ہیں۔ اس کی عام قیمت 1000-1100 ملی لیٹر ہے

- باقی ماندہ حجم (RV) (Residual volume)

زبردستی سانس چھوڑنے کے عمل کے بعد پھیپھڑوں میں باقی رہ جانے والی ہوا کا حجم یہ تقریباً 1100-1200 ملی میٹر ہے۔

سانس لینے کی صلاحیتیں:
(Respiratory capacities)

- اہم صلاحیت (Vital capacity) ہوا کا زیادہ سے زیادہ حجم، جو ایک ہی سانس کے دوران زیادہ سے زیادہ متاثر ہونے کے بعد باہر منتقل کیا جا سکتا ہے۔ ایک شخص پہلے زیادہ سے زیادہ سانس لیتا ہے اور پھر زیادہ سے زیادہ سانس چھوڑتا ہے۔ VC= ERV+TV+IRV

- سانس لینے کی صلاحیت (Inspiratory capacity) (IC)

سانس لینے کی صلاحیت کل ایک شخص معمول کی میعاد سانس چھوڑنے کے بعد ہوا کا حجم لے سکتا ہے اس میں لہری حجم اور سانس لینا کے ذخیرہ (Reserve) حجم شامل ہے۔ IC=TV+IRV

- زفیری صلاحیت (Expiratory capacity)

سانس کی صلاحیت (EC) کل ہوا کا مجموعی حجم ایک شخص سانس چھوڑنے کا عمل معمولی سانس لینے کے بعد ہوتا ہے۔ اس میں شامل ہیں سمندری لہری حجم اور سانس خارج کرنے والا ریزرو حجم (IC=TV+ERV)

unit 6 respiration
Friday, July 29, 2022 6:30:39 PM



خاکہ 6.5 پھیپھڑوں کی حجم اور صلاحیت

کل پھیپھڑوں کی صلاحیت (TLC)

(Total Lung capacity)

ہوا کا کل حجم جسے پھیپھڑے زبردستی تنفس کے بعد موافقت کر سکتے ہیں، پھیپھڑوں کی کل صلاحیت کہلاتی ہیں۔ان میں اہم صلاحیت اور بقایا حجم ہوتے ہیں۔ یہ تقریباً 6000 ملی میٹر ہے۔

(TLC= VC+RV)

فی منٹ کے سانس کا حجم: (MRV)

(Minute respiratory Volume)

ہوا کی مقدار جو ایک منٹ میں سانس کی راہ میں منتقل ہوتی ہے اسے منٹ کی سانس کا حجم کہا جاتا ہے۔عام TV 500 ملی میٹر: عام طور پر سانس کی شرح=12 وقت فی منٹ۔

لہذا، منٹ سانس کی مقدار 6 لیٹر فی منٹ

(ایک صحت مند آدمی کے لئے)

چند لوگ کیوں خراٹے لیتے ہیں؟(Snore)

نیند کے دوران کھردری آواز کے ساتھ سانس لینے سے نرم تالو کی پلائیٹ Palate پر اثر ہوتا ہے۔خراٹے کی وجہ سے جزوی طور پر بند ہوا اوپری راستہ (ناک اور گلے) کی وجہ سے ہوتی ہیں، جو پھیپھڑوں کے ذریعہ سفر کرنے کے لئے کافی حد تک تنگ ہو جاتی ہے۔ یہ آس پاس کے بافتوں کو حرکت کرنے اور خراٹے کی آواز کو پیدا کرتا ہے۔

صحت مند پھیپھڑوں میں بڑی مقدار میں لچک دار اتصالی بافت (Connective tissue) خیشوم (Alveoli) کے آس پاس ہوتا ہے، جس میں ایلاسٹن (Elastin) ہوتا ہے۔جو پھیپھڑوں کی بافتوں کو لچک دار بناتا ہے ۔سوجن / ورم Emphysema اور کھانسی Elastase (Bronchitis) والے افراد کو سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے کیونکہ خامرے (Elastase) خیشوم (Alveoli) کے آس پاس کے ایلسٹیس کو ختم کر دیتی ہے اور پھیپھڑوں کی لچک کو کم کرتی ہے۔

unit 6 respiration
Friday, July 29, 2022 6:30:39 PM

مردہ خلا: (Dead Space)

کچھ لی گئی سانس کی ہوا، ہوا کبھی بھی گیس کے تبادلے والے علاقوں میں نہیں پہنچتا ہے لیکن سانس کے راستوں کو بھرتا ہے جہاں گیسوں کا تبادلہ نہیں ہوتا ہے اس ہوا کی جگہ کو Dead Space کہا جاتا ہے۔ مردہ جگہ گیسوں کے تبادلے میں شامل نہیں ہے۔ اس کی مقدار تقریباً 150 ملی لیٹر ہے۔

خاکہ 6.4۔ گیسوں کا تبادلہ: (Exchange of Gases)

گیسوں کے تبادلے کے لئے بنیادی علاقہ خشیوم ہے۔ داخل O_2 اور CO_2 کی رہائی خون اور بافتوں کے درمیان سادہ عمل نفوذ کی وجہ سے (simple diffusion) جزوی دباؤ میلان کے ذریعہ کارفرما ہوتا ہے۔ یہ انفرادی گیس ملی ہوئی گیسوں میں ہوتی ہے۔ آکسیجن PO_2 اور کاربن ڈائی آکسائیڈ PCO_2 کی نمائندگی کرتا ہے۔ دباؤ کی میلان کی وجہ سے خشیوم سے O_2 خون کے ذریعہ بافتوں میں داخل ہوتا ہے اور خاتمے (elimination) کے لئے خشیوم تک پہنچ جاتا ہے۔ چونکہ CO_2 کی حل پذیری (Solubility) سے 20-25 گنا زیادہ ہے۔ لہذا CO_2 کا جزوی دباؤ O_2 کے مقابلہ میں بہت زیادہ ہے۔ (جدول 6.1۔ اور شکل 6.6)

تنفّسی رنگین مادہ (Respiratory Pigments)

مواصل Conjugal پروٹین کی کلاس سے تعلق رکھتا ہے روغن حصے جسم پر مشتمل لوہا صرف ہوتا ہے 4%۔ اور باقی بے رنگ پروٹین گلوبن کا تعلق ہسٹون کلاس سے ہے۔ ہیموگلوبن کا سالماتی وزن 68,000 ڈالٹن ہے اور چار جوہری پر لوہا مشتمل ہے۔ ہر ایک آکسیجن کے سالمات سے جڑے ہوئے ہیں۔

میتھے موگلوبن (Methaemoglobin)

ہئی موئی ٹیس haemoieties کے لوہے کا جز، فیرک حالت میں ہوتا ہے تو عام فیرس حالت کے مقابلہ میں اسے میتھے موگلوبن کہتے ہیں۔ میتھموگلوبن O_2 کے ساتھ باندھا نہیں ہے۔ عام طور پر RBC میں 1% سے کم میتھے موگلوبن ہوتا ہے۔



خاکہ 6.6 خشیوم پر گیسوں کا تبادلہ اور بافتوں کے خون اور آکسیجن کی نقل وحمل کے ساتھ اور کاربن ڈائی آکسائیڈ

unit 6 respiration
Friday, July 29, 2022 6:30:40 PM

تنفّسی گیس	Partial pressure mm Hg جزوی دباؤ ملی میٹر Hg				
	فضائی ہوا	خیشوم	ڈی آکسیجن بغیر خون (ناپاک)	آکسیجن خون	بافتیں
O_2	159	104	40	95	40
CO_2	0.3	40	45	40	45

جدول : 6.1 آکسیجن اور کاربن ڈائی آکسائیڈ (mm Hg کو) کا جزوی دباؤ کو ماحول میں پائے جانے والے گیسوں کے ساتھ موازنہ کرنا

6.5 گیسوں کا نقل وحمل (Transport of Oxygen)

6.5.1 آکسیجن کا نقل وحمل

سالماتی آکسیجن دو طرح سے خون میں لے جاتا ہے، جو خون کی سرخ دموی خلیوں کے اندر ہیموگلوبن سے باندھے ہوتا ہے اور پلازما میں تحلیل ہوتا ہے۔ آکسیجن پانی میں کافی بہت کم حل پذیر ہے۔ لہذا صرف 3% آکسیجن تحلیل شدہ شکل میں منتقل ہوتی ہے۔

آکسی ہیموگلوبن آکسیجن بنانے کے لئے (HbO_2 (97% ہیموگلوبن کے ساتھ ہوئے ہیں۔ یہ غیر رجعی Reversible manner عمل ہے۔ جس شرح پر ہیموگلوبن O_2 کے ساتھ منسلک ہوتا ہے، وہ O_2 کے جزوی دباؤ سے بندھے ہر ہیموگلوبن میں زیادہ سے زیادہ چار آکسیجن کے سالمات رکھتے ہیں۔



آکسیجن کا ہیموگلوبن کے ساتھ سیر ہونے کا فی صد خاکہ 6.7 آکسیجن کی علاحدگی کا منحنی

ناک سے سانس لینا منہ سے زیادہ صحت بخش ہے کیوں؟

خیشوم میں زیادہ pO_2، کم pCO_2، کم درجہ حرارت اور اس سے کم مرتکز، آکسی ہیموگلوبن کی تشکیل کی تائید کرتی ہے، جب کہ بافتوں میں کم pO_2 اور زیادہ pCO_2، زیادہ H+ اور زیادہ تپش (اعلیٰ درجہ حرارت) آکسی ہیموگلوبن سے آکسیجن کی تحلیل کی تائید کرتی ہے۔

ایک سگمائڈ منحنی (s) کی شکل کا حاصل ہوتا ہے، جب آکسیجن کے ساتھ اس منحنی کو آکسیجن ہیموگلوبن منقطع منحنی کہلاتے ہیں (شکل 6.7) S- شکل منحنی حاصل کے لئے کھڑی ڈھلوان (slope) ہوتی ہے۔ pO_2 کی قیمت 10 اور 50 mm Hg کے درمیان۔ قدر اور پھر 70 اور 100 ملی میٹر Hg کے درمیان چپٹی ہوتی ہے۔

عام فعلیاتی حالت کے تحت (Oxygenated blood) آکسیجن لدا خون ہر 100 ملی لیٹر تقریباً 5 ملی لیٹر O_2 کو بافتوں تک پہنچا سکتا ہے۔

6.5.2 کاربن ڈائی آکسائیڈ کا نقل وحمل: (Transport of Carbon-dioxide)

خون کے ذریعہ CO_2 کا نقل وحمل بافتوں کے خلیوں سے لے کر پھیپھڑوں تک یہ عمل تین طریقوں میں ہوتا ہے۔

unit 6 respiration
Friday, July 29, 2022 6:30:41 PM

i۔ پلازما میں حل ہونا: (Dissolved in Plasma)

ان میں 7-10% CO_2 کو تحلیل شدہ شکل میں پلازما میں منتقل کرتا ہے

ii۔ ہیموگلوبن کے ساتھ ملنا (Bound to Haemoglobin)

ان میں 20-25% تحلیل شدہ CO_2 , RBCs میں بندھا ہوا اور حاصل شدہ ہے, جو carbaminohaemoglobin ($Hb\ CO_2$) کی شکل میں ہے۔

$$CO_2 + Hb \rightleftharpoons Hb\ CO_2$$

iii۔ پلازما میں بائی کاربونیٹ روانوں کے طور پر

(As Bicarbonate ions in Plasma)

پلازما میں تقریباً 70% CO_2، بائی کاربونیٹ روانوں کی طرح منتقل ہوتی ہے۔

یہ PCO_2 کے اثر اور ہیموگلوبن میں آکسیجن کے شامل ہونے کے درجہ Degree پر مشتمل ہے۔RBCs میں خامرے carbonic anhydrase زیادہ مرتکز ہوتے ہیں، جب کہ پلازما میں carbonic anhydrase کم مقدار میں پائی جاتی ہے۔

بافتوں میں CO_2 کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔اس لئے کہ Catabolism اور عمل نفوذ کی وجہ سے خون سے HCO_3^- بناتے ہیں اور H^+ رواں، جب کہ کہ RBCS، CO_2 میں نفوذ پاتا ہے۔یہ پانی سے مل کر کاربونک ترشہ (H_2CO_3) بناتا ہے، جو تماسی عامل کے ذریعہ carbonic anhydrase بناتا ہے۔کاربونیک اَن ہائیڈریس غیر مستحکم ہے، تحلیل پذیر ہائیڈروجن اور ہائی کاربونیٹس بنتے ہیں۔ کاربونک اینتھائڈرس دونوں سمتوں میں ردعمل کو آسان بناتا ہے۔

$$CO_2 + H_2O \xrightleftharpoons[\text{کاربونک اَن ہائڈریس}]{} H_2CO_3 \xrightleftharpoons[\text{کاربونک اینتھائڈریس}]{} HCO_3^- + H^+$$

HCO_3 پلازما میں تیزی سے RBCs کی طرف حرکت کرتے ہیں جہاں یہ پھیپھڑوں تک پہنچ جاتے ہیں۔خیشوم علاقے میں pCO_2 کم ہوتا ہے۔اس کا ردعمل الٹا ہوتا ہے، جس کے نتیجہ میں CO_2 اور پانی کی تشکیل ہوتی ہے۔اس طرح CO_2 جو HCO_3^- طرح پھنسا رہتا ہے۔بافتوں کی سطح پر خیشوم میں منتقل کرتا ہے اور CO_2 کو جاری کرتا ہے۔Deoxygenated خون ہر 100ml ملی لیٹر سے 4ml/CO_2، خیشوم میں (Alveoli) پہنچاتا ہے، تاکہ وہ نکل جائے۔

بوہر اثر اور ہلڈین اثر: (Bohr effect & Haldane effect)

PCO_2 میں اضافہ اور pH میں کمی آکسیجن کے لئے ہیموگلوبن کی وابستگی کو کم کرتی ہے اور آکسی ہیموگلوبن کی تحلیلی منحنی کو دائیں طرف منتقل کرتی ہے اور بافتوں میں ہیموگلوبن سے آکسیجن اتارنے میں سہولت فراہم کرتا ہے۔pCO_2 اور pH کا یہ اثر جو ہیموگلوبن تحلیلی منحنی پر پڑتا ہے، بوہر اثر کہلاتا ہے۔

ہلڈین اثر (Haldane effect)

دوسری طرح سے ہلڈین اثر کو اس طرح وضاحت کر سکتے ہیں کہ کس طرح مرتکز آکسیجن، کاربن ڈائی آکسائیڈ کے لئے ہیموگلوبن کی وابستگی کا تعین کرتی ہے۔خون میں منتقل شدہ کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار خاص طور پر خون کے آکسیجن کی ڈگری سے متاثر ہوتی ہے۔یہ نیچے کم جزوی دباؤ اور کم آکسیجن کے ساتھ ہیموگلوبن حل پذیری دباؤ اور کم آکسیجن کے ساتھ ہیموگلوبن حل پذیری کی وابستگی ہے۔لہذا خون میں زیادہ CO_2 کو لیا جاتا ہے۔اس اثر کو ہلڈین اثر کہتے ہیں۔CO_2 کے اثرات بافتوں اور پھیپھڑوں دونوں میں تبدیل ہوتے ہیں۔

پھیپھڑوں میں یہ عمل اس طرح الٹ ہوتا ہے۔ریوی شعریانوں میں خون حرکت کرتا ہے۔اس کا PCO_2 45mm Hg سے گھٹ کر 40mmHg ملی میٹر CO_2 جو HCO_3^- کی آزادی سے ہوتا ہے۔یہ اور Cl^- رواں پلازما کی طرف حرکت کرتے ہیں اور پھر دوبارہ RBCs کے اندر داخل ہوتے ہیں۔اور H^+ سے باندھ کر کاربونیک ترشے میں تحلیل پاتا ہے۔یہ الگ ہو کر CO_2 اور پانی بن جاتا ہے۔۔ CO_2 کی یہ نفوذ پذیری اس کے جزوی تدریج کے ساتھ خون سے خیشوم (Alveoli) تک پھیلا ہوا ہے۔(شکل 6.8)

6.6 تنفس کا انتظامیہ: (Regulation of Respiration)

پچھلے دماغ کے نخاع مستطیل Medulla oblangata میں موجود ایک خصوصی تنفس کا مرکز جسے تنفس کا منظّم مرکز کہا جاتا ہے، انتظامیہ کے لئے ذمہ دار ہے۔دماغ کے جسر، پل Pons varoli خطے میں موجود PneumoTaxic centre افعال کو معتدل کرتا ہے۔

unit 6 respiration
Friday, July 29, 2022 6:30:41 PM



خاکہ 6.8 کلورائڈ شفٹ میکانزم

عام سانس لینے کو یقینی بنانے کا مرکز Respiratory rhythm centre ہے ۔ rhythm centre کے مرکز کے قریب پائے جانے والا کیمیائی حساس علاقے CO_2 اور H^+ ہیں۔ تنفس کے عمل کے دوران H+ کا اخراج ہوجاتا ہے۔ Aortic arch اور Carotid Artery سے منسلک حساسے rhythm centre کو ضروری اشارے بھیج دیتے ہیں۔O2 کا کردار، سانس کی rhythm centre کے نظم وضبط میں اہم کردار انجام دیتا ہے۔

ذراتی مادّے (Particulate Matter) (PM) مادہ ہوا میں 2.5 کی شرح سے دن بہ دن بڑھتے جارہے ہیں، جو سانس کی بیماری کا سبب بنتا ہے۔ سنٹرل آلودگی کنٹرول بورڈ (CPCB) نے اطلاع دی ہے کہ موٹر گاڑیوں میں جلنے والے رکازی ایندھن کی وجہ سے گرد وغبار/دھواں کی وجہ سے ہوا کا معیار بہتر نہیں ہے۔ تو ہندوستان کے کچھ شہر CNG (داب پذیر قدرتی گیس) کو بطور ایندھن استعمال کررہے ہیں۔

6.7 آکسیجن کے نقل وحمل میں دشواری
(Problems in Oxygen transport)

جب کوئی شخص 8000 فٹ سے اوپر کی سطح سے بلندی پر تیزی سے سفر کرتا ہے، جہاں ماحولیاتی دباؤ اور آکسیجن کے جزوی دباؤ کم ہوتا ہے۔ وہ فرد شدید پہاڑ کی بیماری (Acute Mountain sickness)، سردرد، سانس لینے میں تکلیف کی علامت، متلی (Nausea) اور سر چکرانا Dizziness , O2 ہیموموگلوبن کے ساتھ آکسیجن کم شامل ہوتی ہے۔ جب وہ فرد اکثر سطح سمندر سے پہاڑوں کی طرف جاتا ہے تو جسم تنفس اور haematopoietic Adjustments کرنے لگتا ہے۔ اس صورت حال پر قابو پانے کے لئے گردے، ہارمون Erythropoietin کی پیداوار کو تیز کرتے ہیں جو ہڈیوں کے گودے کو مزید RBCs تیار کرنے کے لئے متحرک کرتا ہے۔

جب کوئی شخص گہرے سمندر میں اترتا ہے تو آس پاس کے پانی میں دباؤ بڑھ جاتا ہے جس کی وجہ سے پھیپھڑوں کا حجم کم ہوجاتا ہے۔ حجم میں کمی سے پھیپھڑوں کے اندر گیس کا جزوی دباؤ بڑھ جاتا ہے۔ یہ اثر فائدہ مند ثابت ہوتا ہے کیونکہ اس سے گردش میں اضافی آکسیجن کے چلے جانے کا رجحان ہوتا ہے۔ لیکن اس فائدہ سے بھی ایک خطرہ ہوتا ہے۔ بڑھتے ہوئے دباؤ کی وجہ سے نائٹروجن بھی دوران خون میں چلی جاتی ہے۔

unit 6 respiration
Friday, July 29, 2022 6:30:42 PM

خون میں نائٹروجن کے اضافہ سے ایسی حالت ہوسکتی ہے، جسے نائٹروجن نارکوسلیس Nitrogen narcossis کہا جاتا ہے۔ جب غوطہ خور بہت جلد سطح پر چڑھ جاتا ہے تو ایسی حالت ہوتی ہے جسے bends یا Decompression Sickness کہتے ہیں۔ نائٹروجن ابھی تک خون میں بلبلوں کی شکل میں موجود رہتی ہے، اور محلول کی شکل میں باہر نکلنے لگتی ہے۔ چھوٹے بلبلے نقصاندہ نہیں ہیں لیکن بڑے بلبلے چھوٹی شعریانوں میں رہ سکتے ہیں۔ یہ خون کے دباؤ کو روکتے ہیں یا اعصابی خاتموں کو دبا سکتے ہیں۔ دابنے کی وجہ سے جوڑوں کے درد اور عضلات (muscles) اور فالج (Stroke) جیسے اعصابی مسائل ہوتے ہیں۔ سمندری غوطہ خوروں میں نائٹروجن narcosis کی بیماری عام ہے۔

کاربن ڈائی آکسائیڈ کے زہر آلودگی کے اثر کے دوران، آکسیجن کی ضرورت میں اضافہ ہوتا ہے جیسا کہ O_2 خون میں سطح کم ہوتی ہے تو یہ دم گھٹنے کا باعث (Suffocation) بنتا ہے اور جلد نیلی سیاہ ہوجاتی ہے۔



الرجن کی وجہ سے الرجی ہوتی ہے۔ ہم آلودہ علاقے میں داخل ہوتے ہیں تو فوراً ہی کھانسی اور چھینک شروع ہوجاتی ہے۔ اس جگہ پر موجود الرجن ہمارے سانس کے راستوں کو متاثر کرتے ہیں اور الرجن کا ردعمل چند ہی منٹوں میں شروع ہوجاتا ہے۔ الرجن اشتعال انگیز ردعمل کو بھڑکاتے ہیں۔ الرجی کا ایک عام اظہار دمہ (Asthma) ہے۔

6.8۔ تنفّسی نظام کی بے ترتیبیاں:
(Disorders of the Respiratory system)

تنفّسی نظام، ماحولیاتی، پیشہ ورانہ، ذاتی اور معاشرتی عوامل سے بہت متاثر ہوتے ہیں۔ یہ عوامل تنفس کی متعدد بیماریوں کے لئے ذمہ دار ہیں، کچھ بے ترتیبیوں کے بارے میں یہاں ذکر کیا جاتا ہے۔

دمہ (Asthma):

شعیب Bronchi اور Brounchioles شعیبوں کی تنگی، سوزش اور سانس لینے میں دشواری کی وجہ سے ہوتی ہے۔ دمہ کے لئے عام الرجن، دھول، منشیات، ریزہ دانے، کچھ کھانے کی اشیاء جیسے مچھلی، جھینگے اور کچھ پھل وغیرہ ہیں۔

ایم فائی سیما (Emphysema) :

اس میں دائمی سانس نہ لینے کی وجہ سے خیشوم (Alveoli) کی پتلی دیواروں آہستہ آہستہ سے ٹوٹ جاتی ہیں یعنی خیشوم (Alveoli) کی چوڑائی کو ایم فائی سیما کہتے ہیں۔ اس بیماری کا سب سے بڑا سبب سگریٹ نوشی تمباکو نوشی ہے جو تنفّسی میں خیشوم کے دیوار کی سطح کو کم کرتی ہیں۔

شعبی نالی کی جھلی کا ورم (برونچائٹس) (Bronchitis)

جب آلودگی کے دھواں اور سگریٹ تمباکو نوشی کی وجہ سے شعب پھول جاتے ہیں۔ اس کا سبب کھانسی، سانس لینے میں تکلیف اور پھیپھڑوں میں بلغم (Sputum) ہوتا ہے۔

نمونیا (پھیپھڑوں کا ورم) (Pneumonia):

بیکٹیریا یا وائرس سے ہونیوالے انفکیشن کی وجہ سے پھیپھڑوں میں سوجن کو نمونیا کہا جاتا ہے۔ عام علامتیں بلغم کی پیداوار۔ ناک کی انجما دخون، سانس لینے میں تکلیف، گلے کی سوزش وغیرہ ہیں۔

تپ دق (Tuberculosis)

Mycobacterium tuberculæ کی وجہ سے تپ دق لاحق ہوتا ہے۔ یہ خرابی بنیادی طور پر پھیپھڑوں اور ہڈیوں میں پائی جاتی ہے۔ پھیپھڑوں اور سینے کی دیوار کے مابین سیال جمع ہونا اس بیماری کا اہم سبب ہے۔

پیشہ وار تنفّسی خرابیاں:
(Occupational Respiratory disorders)

پینے یا پتھر توڑنے کی صنعتوں تعمیراتی مقامات، کپاس کی صنعتوں وغیرہ میں کام کرنے کے سبب پیدا ہونے والی دھول سانس کے راستوں کو متاثر کرتی ہے۔ بہت دیر تک رہنے کی وجہ سے پھول کر سوجن واقع ہوتا ہے۔

دوران کی سب سے عام بیماری ہے۔انسان میں عام خون کا دباؤ 120/80 mmHg ہے ایسی صورتوں میں جب ڈئی سیٹولیک دباؤ 90mm Hg سے زیادہ ہو اور سسٹولک دباؤ مسلسل 150 mmHg سے زیادہ ہو۔ان حالات کو اعلیٰ خون کا دباؤ یا تناؤ hypertension کہا جاتا ہے۔ ایسی صورت حال دل، دماغ اور گردوں کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔

کورونری دل کی بیماری (Coronary heart disease)

کورونری دل کی بیماری اس وقت ہوتی ہے، جب شریانوں کو atheroma سے ترتیب دیا جاتا ہے کیا جاتا ہے۔atheroma کی تشکیل میں کولیسٹرول، ریشے، مردہ عضلات اور قرصیے ہوتے ہیں اور اسے Atherosclerosis کہا جاتا ہے۔

کولیسٹرول(Cholosterol) سے بھرپور ایتھروما شریانوں کی اندرونی پرت میں تختیاں(plaques) بناتا ہے، جو انہیں کم لچکدار بناتا ہے اور خون کے دباؤ کو کم کرتا ہے۔تختی شریانوں کے اندر بڑھ جاتی ہے اور خون کے لوتھڑے(clots) بنتی ہے جس سے کورونری تھرومبس (thrombus) بنتا ہے۔کورونری شریان میں تھرومبس کے نتیجے میں دل کا دورہ (heart attack) واقع ہوتا ہے۔

فالج (Stroke)

اسٹروک ایک ایسی حالت ہے ،جب دماغ میں خون کی شریانیں پھٹ جاتی ہیں۔دماغی خون کا رساؤ(Brain haemorrhage) یا جب دماغ کو سپلائی کرنے والے شریان میں بلاک ہو۔

(Atherosclerosis) یا تھرومبس (Thrombus)، دماغی بافتوں کا وہ حصہ، جو اس پھٹی ہوئی شریان سے خون حاصل کرتا ہے، آکسیجن کی کمی کی وجہ سے مرنے لگتا ہے۔ (Cerebral infarction)

سینے کا درد (Angina Pectoris)

دل کے عضلات میں درد کورونی دل کی بیماری کے ابتدائی مراحل کے دوران محسوس کیا جاتا ہے۔ایتھروما جزوی طور پر کورونری شریانوں کو بلاک کر دیتا ہے اور دل کو خون کی فراہمی میں کم کر دیتا ہے۔اس کے نتیجے میں سانس لینے میں دشواری کے ساتھ تنگی یا دم گھٹنے لگتا ہے ۔ ایسی صورت حال کو Angina یا سینے میں درد کہا جاتا ہے۔عام طور پر یہ مختصر مدت تک رہتا ہے۔

دل کی ناکامی:

Myocardial infarction (Heart Failure)

دل کی ناکامی میں بنیادی خرابی قلبی عضلات کے سکڑاؤ میں کمی ہے۔فرینک اسٹارلنگ کی منحنی نیچے کی طرف اور دائیں طرف اسی طرح شفٹ ہوتی ہے کہ دئے گئے EDV کے لئے ایک ناکام دل ایک عام صحت مند دل کے مقابلے میں کم حجم سے خون کو باہر پمپ کرتا ہے۔

جب دل کے عضلات یا مایوکارڈیم کو خون کی فراہمی نمایاں طور پر کم ہو جاتی ہے تو یہ عضلات کے ریشوں کی موت کا باعث بنتا ہے۔اس حالت کو دل کا دورہ (Heart attack) یا myocardial

unit 7 body fluids and circulation
Sunday, July 31, 2022 10:11:38 PM

infarction کہا جاتا ہے۔خون کا انجماد یا تھرومبوسس دل میں خون کی فراہمی کوروکتا ہےاورعضلات کے ریشوں کومرکوز کرتا ہے۔دل کے عضلات کوآکسیجن کی فراہمی کی کمی کی وجہ سے اسے اسکمیک (Ischemic) دل کی بیماری کہا جاتا ہے۔اگر یہ برقرار رہتا ہے تو یہ سینے میں درد یا انجائنا(Angina) کی طرف جاتا ہے۔طویل مدت کا انجائنا دل کے عضلات کی موت کا باعث بنتا ہے،جس کے نتیجے میں دل کی ناکامی ہوتی ہے۔

گٹھیا سے دل کی بیماری

(Rheumatoid Heart Disease)

گٹھیا کا بخار ایک خودکار مدافعت کی بیماری ہے جو گلے کے متاثر (infection) کے 2-4 ہفتوں بعد ہوتی ہے ۔ یہ عام طور پر اسٹرپٹوکاکس Streptococcal infection سے متاثر ہوتی ہے ۔انفکشن سے لڑنے کے لئے تیار کردہ ضد اجسام دل کو نقصان پہنچاتے ہیں ۔ اس کی وجہ سے مطری صمام(Mitral valve) پر ریشے دار عقدوں(Noclules) کی اتصالی بافت متاثر ہوتی ہے۔اور پیری کارڈیل کہفہ میں سیال کا جمع کا ہونا شامل ہیں۔

7.8۔تشخیص اور علاج: (Diagnosis and Treatment)

اینجیوگرام (Angiogram)

اینجیوگرام ایک ایسا طریقہ ہے، جو ایک خاص رنگ(dye) اور لاشعاعیں (X-rays) کا استعمال کرتا ہے تاکہ یہ دیکھا جاسکے کہ دل کی کورونری شریانوں میں خون کس طرح بہتا ہے اور اس کا استعمال پورے جسم کے خون کی نالیوں میں ہونے والی خرابی کا پتہ لگانے کے لئے کیا جاسکتا ہے۔

اینجیو پلاسٹی (Angioplasty)

اینجیو پلاسٹی ایک شریان کا کھنچاؤ ہے، جو ایتھروسکلروسیس (Atherosclerosis) کی وجہ سے تنگ ہوجاتی ہے۔ اس طریقہ کار میں خطرہ کم سے کم ہے ۔اینجیو پلاسٹی کے دوران ایک چھوٹا لمبا غبارہ کیتھٹر (catheter) بلاک شدہ شریان کے ذریعے داخل کیا جاتا ہے۔ایک بغیر پھونکا ہوا غبارہ کیتھیٹر کے ساتھ جوڑا جاتا ہے اور غبارہ کو شریان کی دیوار کو چوڑا کرنے کے لئے پھیلایا جاتا ہے ۔پھر نالی اور غبارے کو ہٹادیا جاتا ہے ۔ایک چھوٹا سا دھاتی سہارہ جسے اسٹنٹ (stent) کہتے ہیں،اس متاثر جگہ پر رکھ دیا جاتا ہے۔ان سہاروں سے خون محفوظ طریقہ سے بہتا ہے ۔ آہستہ سے جاری ہونے والے Stents اب دستیاب ہیں جو شریان کے مزید بلاک کو روکنے کے لئے کیمیائی اشیاء جاری کرتے ہیں۔

پھولی ہوئی وریدیں (Varicose veins)

پھولی ہوئی وریدیں (Varicose veins) وہ وریدہے، جو اتنی پھیل جاتی ہیں کہ صمام پیچھے کے بہاؤ کو روکنے لگتی ہیں ۔ وریدیں اپنی لچک کھودیتے ہیں اور ایک جگہ جم جاتی ہیں ۔عام جگہیں، پاؤں کے علاقے کے مقعد کے علاقے ،ہیمورائڈز (Haemorrhoids) غذائی نالی اور نطفہ کا ڈور شامل ہیں۔

شریانوں میں رکاوٹ: (Embolism)

خون کی نالیوں میں عام مادوں جیسے منجمد شدہ خون کے لوتھڑے، ہڈیوں کے باریک ٹکڑے یا ہوا کے بلبلے کے ذریعے رکاوٹ ہے پیدا ہوتی ہے۔ Embolus پھیپھڑوں کی کورونری شریانوں اور جگر میں ہوسکتا ہے اور موت کا باعث بن سکتا ہے۔

ایورطہ کی بیماری (انیوریزم) (Aneurysm)

شریان یا وریدکی دیوار کے کمزور علاقے پھول کر تھیلی نما غبارے کی شکل بناتے ہیں۔انیوریزم (Aneurysm) غیر منقطع ملحقہ بافتوں پر دباؤ ڈال سکتا ہے یا پھٹ سکتا ہے،جس سے بڑے پیمانے پر خون بہہ سکتا ہے۔

بائی پاس سرجری (Bypass Surgery)

جب دل کے عضلات میں خون لانے والی شریانوں (کورونری شریان) میں تختیوں(plaque) کا بلاک (چربی) کولیسٹرول اور دیگر ذیلی اشیاء کا جمع کے ذریعے بلاک ہوجاتی ہیں تو اس شخص کو بائی پاس سرجری (By pass Surgery) کرانے کا مشورہ دیا جاتا ہے ۔ سرجری کے بعد کورونری شریان میں خون کا بہاؤ بڑھ جاتا ہے اور اس شخص کو سینے کے درد سے نجات مل جاتی ہے ۔ یہ ایک بڑی سرجری ہے، جہاں خراب شدہ خون کی نالیوں کو جسم کے مختلف حصوں سے لی گئی صحت مند صمام سے بدل دیا جاتا ہے۔صمام زیادہ تر پیروں سے لیا جاتا ہے

اس سرجری کے دوران مریضوں کے خون کا نظام ایک پمپ oxygenator (دل کے پھیپھڑوں کی مشین) سے جوڑ دیا جاتا ہے۔ سرجری کے بعد خون کی نالیوں کو معمول سے جوڑ دیا جاتا ہے اور خون آزادانہ طور پر بہتا ہے۔

دل کی منتقلی (Heart Transplantation)

دل کی منتقلی، ایک جراحی منتقلی (Transplantation) کا طریقہ کار ہے، جو بیمار یا خراب دل کو تبدیل کرنے کے لئے کی جاتی ہے۔ یہ طریقہ عمل ایسے مریض پر انجام دیا جاتا ہے، جس کا دل پوری طرح کام کرنا بند کر دیتا ہے یا شدید کورونری شریان کی بیماری واقع ہو گئی ہو۔ جب دیگر طبی علاج اور جراحی علاج فائدہ مند ثابت نہیں ہو۔ سب سے عام طریقہ کار دماغی مردہ شخص (عطیہ دینے والا عضو) سے کام کرنے والا دل لینا ہے اور اسے خراب دل والے شخص میں منتقل کیا جاتا ہے۔ دل کی ردوبدل کے بعد انسان کی اوسط عمر بڑھ جاتی ہے۔

قلبی ریوی بحالی (CPR) (Cardio Pulmonary resuscitation)

1956 میں جیمس ایلم (James Elam) اور پیٹر سفار (Peter Safar) منہ سے منہ کے ذریعہ سانس کی بحالی کرنے والے پہلے شخص تھے۔ CPR ایک جان بچانے والا طریقہ کار ہے جو ہنگامی حالات کے وقت کیا جاتا ہے جیسے کہ ڈوبنے کی صورت میں کسی شخص کی سانس یا دل کی دھڑکن اچانک رک جاتی ہے۔ برقی جھٹکا یا دل کا دورہ CPR میں سانس کے بچاؤ میں شامل ہے، جو منہ سے منہ سانس لینے کے ذریعے حاصل کیا جاتا ہے۔ متاثر شخص کے پھیپھڑوں تک آکسیجن کو سینے کے بیرونی دباؤ کے ذریعے پہنچایا جاتا ہے جو اہم اعضاء ہیں۔ یہ خون کی گردش میں مدد کرتا ہے۔ CPR دماغی نقصان یا موت کو روکنے کے لئے سانس بند ہونے کے بعد 4 سے 6 منٹ کے اندر انجام دیا جانا چاہئے۔ CPR کے ساتھ Defibrillation بھی کیا جانا چاہئے۔ Defibrillation کا مطلب دل کے فعل کو بحال کرنے کے لئے دل کو ایک مختصر برقی جھٹکا دیا جاتا ہے۔

ہر سال دنیا بھر میں کئی ملین لوگ دل کی بیماری سے مر جاتے ہیں۔ دیگر حالات کے مقابلے میں صرف چند مریضوں کے لئے دل کی منتقلی ہی ایک امید ہے۔ راجو کی عمر 62 سال تھی جب اس کے دونوں بطین کے عضلات خراب ہو گئے تھے۔ وہ بہت خوش قسمت تھا، کیونکہ حیاتی ادویات (Biomedical) کے انجینئرس ایک ایسا پمپنگ آلہ تیار کر رہے تھے، جسے کلی طور پر مصنوعی دل Total Artificial heart کہا جاتا ہے۔ راجو کے دل کو مکمل طور پر ہٹا دیا گیا اور اس کی جگہ مصنوعی دل لگا دیا گیا۔ وہ چند ہفتوں میں گھر جانے کے قابل ہو گیا۔ یہ مصنوعی دل سے اسے اس وقت تک زندہ رکھ سکتا ہے جب تک کہ اسے تبدیلی کے لئے کوئی موزوں اصلی دل دستیاب نہ ہو۔



دل کی پہلی منتقلی 1959 (Transplantation) میں کی گئی تھی۔ انسانی دل کی پہلی منتقلی پروفیسر (Christian Bernaed) نے 3 دسمبر 1967 میں جنوبی افریقہ کے کیپ ٹاؤن کے گروٹ شور ہسپتال میں کی۔ ہندوستان میں اگست 3، 1994 کو AIIMS میں ڈاکٹر انن گی پلی وینو گوپال، دل کی منتقلی کرنے والے پہلے شخص تھے۔



دل کی بیماریاں (Heart Diseases)

دل کی بیماری میں دل کا ہر عارضہ شامل ہے۔ 50% ہندوستانیوں میں دل کی بیماریاں، 40 اور 50 سال کے درمیان میں ہوتی ہیں۔
اور 25% لوگوں میں 40 سال سے کم عمر میں واقع ہوتی ہیں۔



کورونری قلبی بیماری

بند یا بند شریانیں دل میں خون کے بہاؤ کو محدود کرتی ہیں اور اسے آکسیجن اور غذائی اجزاء فراہم کرتی ہیں۔



وعائی بیماری

دل کی بیماری اکثر دوران نظام کی بیماری سے متعلق ہوتی ہے ۔ بے ترتیب شریانوں، وریدوں اور لمف کی نالیوں یا خون کی خرابی کی وجہ سے ہوتا ہے۔



ایورطہ کی بیماری

ایورطہ کی دیوار کا ایک حصہ کمزور ہو جاتا ہے اور نالیاں غبارے کی طرح پھول کر باہر نکلتے ہیں جس سے اینوریزم بنتا ہے۔





Arrhythmia

دل کے دھڑکن کی بے قاعدگی



Pericarditis

پیریکارڈیم (غلاف دل) کی ایک یا زیادہ پرت کی ایک پتلی جھلی کی سوزش جو دل کی سطح پر ہوتی ہے



دل کا ناکام ہونا

دل اتنا طاقتور پمپ نہیں کر سکتا جتنا اسے جسم کو آکسیجن اور غذائی اجزاء فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ جس کی وجہ سے دل کے عضلات زیادہ کام کرتے ہیں اور کمزور ہو جاتے ہیں۔



دل کے صمام کی بیماری

دل کے صمام، جو دل کے اندر اور باہر خون کے بہاؤ کو قابو کرتے ہیں، کام نہیں کرتے۔



کارڈیومیوپیتھی

ایک بڑا یا غیر معمولی طور پر سخت یا موٹا دل، جس کی وجہ سے دل معمول سے کم خون پمپ کرتا ہے اور بعض اوقات دل کی ناکامی یا ارتھمیا Arrhythmia کا باعث بنتا ہے۔

unit 7 body fluids and circulation
Sunday, July 31, 2022 10:11:41 PM

خلاصہ:

فقرے دار اپنے جسم میں خون کا دوران کرتے ہیں تا کہ ضروری مادوں کو خلیات تک لے جاسکیں اور اس سے فضول مادوں کو واپس لے آئے۔ خلیوں تک پہنچنے کے لئے دل سے خون شعریانوں سے بافتوں تک گزرتا ہے اور وریدوں سے دل میں واپس جاتا ہے۔ اس دوران کی وجہ سے خون کا دباؤ بتدریج کم ہوتا ہے، کیونکہ یہ پتلے نظام کے ساتھ گزرتا ہے۔ شریانوں میں موٹی لچکدار دیواریں ہوتی ہیں جو انہیں اعلیٰ خون کا دباؤ کے ساتھ گزرنے کی اجازت دیتی ہیں۔ شعریانیں چھوٹی شریانیں ہیں، جو خون کے دباؤ کو کم کرنے اور مختلف بافتوں میں خون کے دباؤ کی مقدار کو قابو کرنے میں مدد کرتی ہیں۔ شعریانیں صرف اتنی چوڑی ہوتی ہیں کہ خون کے سرخ خلیوں کو گذرنے کی اجازت دیتی ہیں اور خون اور خلیوں کے درمیان مواد کی مؤثر اور تیزی سے منتقل کے لئے بہت پتلی دیوار ہوتی ہے۔ وریدیں کی دیواریں، شریانوں کی بہ نسبت پتلی ہوتی ہیں اور ان میں صمام ہوتے ہیں، جو کم دباؤ پر بھی خون کو واپس دل میں بہنے دیتے ہیں۔

خون پلازما اور تشکیل شدہ عناصر پر مشتمل ہوتا ہے۔ خون کا پلازما شعریانوں سے رِس (Leak) کر بافتی سیال بناتا ہے۔ یہ لیمفاٹکس میں لمف کے طور پر جمع ہوتا ہے اور ذیلی کلیوی (Subclavain) ورید میں خون واپس آتا ہے۔ بافت، سیال اور لمف ساخت میں تقریباً ایک جیسے ہیں۔ ان میں خون کے پلازما کے مقابلے کم پلازما پروٹین کے سالمے ہوتے ہیں، کیونکہ یہ پروٹین شعریانیں کی دیواروں کے سوراخوں سے گذرنے کے لئے بہت بڑے ہوتے ہیں۔ دائیں اور بائیں ارٹیا اور دائیں اور بائیں بطین دل میں خانوں کی علاحدگی کے نتیجے میں دوران مکمل ہوتا ہے۔ قلبی دور ایک مسلسل عمل ہے لیکن اسے پانچ مراحل میں سمجھا جاسکتا ہے۔ دل کی دھڑکن سینو اٹریل عقدہ sino atrial node (SAN) یا ضرب ساز (Pacemaker) سے شروع ہوتی ہے، جس کی اپنی مایوجینک (عضلاتی) تال ہوتی ہے۔ خون کا دباؤ وہ قوت ہے جو خون کے ذریعے خون کی دیواروں پر شریانوں کے ذریعے لگائی جاتی ہے اور یہ شریانوں کے ذریعے خون کو منتقل کرنے کی ذمہ دار ہے۔

دل کی بیماری ہندوستان میں ہر سال زیادہ اموات کا سبب بنتی ہے۔ قلبی دوری حالات میں نظامی اعلیٰ تناؤ (hypertension)، atherosclerosis، کورونری قلبی بیماری، angina pectoris، myocardial infarction اور فالج وغیرہ ہیں۔ قلبی دوری معالجہ میں قلبی انجیوگرافی، بلون انجیو پلاسٹی اور کورونری شریان بائی پاس وغیرہ شامل ہیں۔ دورانی نظام جو تپش کو برقرار رکھتا ہے، (homeostasis)، اس میں O_2، CO_2 فضلات، برق پاشیدے اور ہارمونوں کا ایک حصے سے دوسرے حصے تک پہنچنا شامل ہے۔

محاسبہ: (Evaluation)

1۔ لمف کے افعال کیا ہیں؟

(a) دماغ میں آکسیجن O_2 کی نقل وحمل

(b) پھیپھڑوں میں CO_2 کی نقل وحمل

(c) خون میں جوفی سیال کو لانا

(d) لمفی عقدہ میں RBC اور WBC لانا

2۔ مندرجۂ ذیل میں سے کون سے پلازما پروٹین خون کے انجماد کے ذمہ دار ہیں؟

(a) گلوبیولن

(b) فائبرینوجن

(c) البومن

(d) سیرم امئی لیس

3۔ ذیل میں کون سا خون کے انجماد میں شامل نہیں ہے؟

(a) فائبرین

(b) کیلشیم

(c) قرصیے

(d) بلروبن Bilirubin

4۔ لمف بے رنگ ہے کیونکہ

(a) WBC غیر موجود ہے۔

(b) WBC موجود ہے

(c) ہیموگلوبن غیر موجود ہے۔

(d) RBC غیر موجود ہے۔

unit 7 body fluids and circulation
Sunday, July 31, 2022 10:11:41 PM

5۔ خون کا گروپ سطح پر ان کی موجودگی یا غیر موجودگی کی وجہ ہے

(a) WBC کی سطح پر اینٹی جن

(b) RBC کی سطح پر ضد اجسام

(c) RBC کے سطح پر اینٹی جن

(d) WBC کے سطح پر ضد اجسام

6۔ ایک شخص RBCs کے سطح پر اینٹی جن A اور B دونوں رکھتے ہیں تو اس گروپ کے خون سے تعلق رکھتے ہیں۔

O (d) AB (c) B (b) A (a)

7۔ Erythro blastosis Foetalis کا سبب ان کی تباہی ہے

(a) جنینی RBC

(b) جنین Atherosclerosis سے متاثر ہے۔

(c) جنینی WBC

(d) جنین mainmata سے مضر ہے۔

8۔ دل کے ڈب (Dub) کی آواز اس کی وجہ سے ہے۔

(a) اٹریوبطینی صمام بند ہونے کی وجہ سے

(b) نیم ہلالی صمام کے کھلنے سے

(c) نیم ہلالی صمام کے بند ہونے سے

(d) اٹریوبطینی صمام کے کھلنے سے

9۔ خون کے بہاؤ کی رفتار شریانوں میں کم ہوتی ہے، کیوں؟

(a) نظامی شریانیں بائیں بطین کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہیں جس میں دائیں بطین سے کم قلبی آؤٹ پٹ ہوتا ہے۔

(b) شریانیں دل سے دور ہوتی ہیں اور دل سے فاصلہ بڑھنے سے خون کا بہاؤ سست ہو جاتا ہے۔

(c) شریانوں کا کل سطحی رقبہ شریانوں کی سطح کے کل رقبہ سے بڑا ہوتا ہے۔

(d) شریانوں کی دیواریں اتنی پتلی نہیں ہیں کہ آکسیجن کو خلیوں میں تبادلہ کر سکیں۔

(e) ڈئس ٹولک خون کا دباؤ اتنا کم ہوتا ہے کہ خون کو شریانوں کی بلند سطح تک پہنچایا جا سکے۔

10۔ بے ہوش مریض کو ہنگامی کمرے میں لے جایا جاتا ہے اور اسے تیزی سے خون کی منتقلی کی ضرورت ہوتی ہے، کیونکہ اس کی طبّی تاریخ کی جانچ کرنے یا اس کے خون کی قسم کا تعین کرنے کوئی وقت نہیں ہے۔ اس لئے اس کے ڈاکٹر کے طور پر آپ اسے کس قسم کا خون ہیں؟

O^- (d) O^+ (c) AB (b) A^- (a)

11۔ ان میں سے کون سا کام خون کے سرخ خلیات کے ذریعے انجام دیا جا سکتا ہے یا نہیں۔

(a) پروٹین کی ترکیب

(b) خلوی تقسیم

(c) چربی کی ترکیب

(d) فعال منتقلی

12۔ شعریانی تہہ کے وریدی سرے پر ولوجی دباؤ اس طرح ہوتا ہے

(a) ماسکونی (Hydrostatic) دباؤ سے زیادہ ہونا

(b) سیالوں کے مکمل اخراج کے نتیجے میں

(c) سیال کے مکمل جذب ہونے کے نتیجہ میں

(d) کوئی تبدیلی واقع نہیں ہونا

13۔ ایک مریض کے چارٹ سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا قلبی آؤٹ پٹ 7500 ml فی منٹ ہے۔ اور ضرب کا حجم (Stroke volume) 50 ملی لیٹر ہے۔ اس کے نبض کی شرح کیا ہے ؟ (دھڑکن فی منٹ میں)

400 (d) 150 (c) 100 (b) 50 (a)

14۔ کسی بھی وقت شریانوں کے نظام کی بہ نسبت وریدکے نظام میں خون زیادہ ہوتا ہے۔ وریدکی درجہ ذیل خصوصیات میں سے کونسی اس کی وجہ ہے۔

(a) نرم عضلات کی نسبتاً کمی

(b) صماموں کی موجودگی

(c) وریدوں کی لیمفیٹک سے قریب ہونا

(d) پتلی اینڈوتھیلیل غلاف (Endothelial lining)

unit 7 body fluids and circulation
Sunday, July 31, 2022 10:11:42 PM

15۔ وریداورشریان کے درمیان فرق کیجئے۔

16۔ کھلےاور بند دوران کے درمیان فرق کیجئے۔

17۔ مطری صمام (Mitral valve) اورنیم ہلالی صمام (semi lunar valve) کے درمیان فرق کیجئے۔

18۔ بائیں بطینی دیوار کی بہ نسبت دائیں بطینی دیوار پتلی ہوتی ہے۔ ایسا کیوں ہے؟

19۔ جس شخص کی خوراک میں (ائرن) لوہا کی مقدار کم ہو اس پر کیا اثر ہوسکتا ہے؟

20۔ اس میکانزم کی وضاحت کیجئے جس سے انسانی دل کی دھڑکن کی شروعات اور قابو کیا جاتا ہے؟

21۔ لمف کیا ہے؟ اس کے افعال لکھئے۔

23۔ درست حیاتیاتی اصطلاح کا انتخاب کیجئے۔

لمفوسائٹس، سرخ خلیے، لیوکوسائٹس، پلازما، ایریتھروسائٹس، سفید خلیے، ہیموگلوبن، خلیہ خور (phagocyte)، قرصیے، خون کا انجماد۔

(a) تھالی نما شکل کے خلیات جو دونوں طرف مقعر ہوتے ہیں

(b) ان میں سے اکثر میں ایک بڑا دو فصی مرکزہ پایا جاتا ہے

(c) خون کے نقل وحمل کے لئے سرخ خلیوں کو قابل بناتا ہے۔

(d) خون کے مائع شکل کا حصہ

(e) ان میں سے اکثر حرکت کرتے ہیں اور امیبا جیسی شکل بناتے ہیں۔

(f) پانی اور اہم حل شدہ مادوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

(g) چار ماہ تک خون میں دوران کرنے کے بعد جگر اور تلی میں تباہ ہوجاتے ہیں۔

(h) وہ مادہ جو سرخ خلیات کو اپنا رنگ دیتا ہے۔

(i) سرخ خون کے خلیوں کا دوسرا نام۔

(j) خون جو جیلی کی طرح تبدیل ہوجاتا ہے۔

(k) ایک لفظ جس کا مطلب ہے خلیہ کھانے والا

(l) مرکزے کے بغیر خلیے

(m) لمفی بافت میں بننے والے سفید خلیے

(n) زخم کو روک کر (بھر کر) مزید خون بہنے سے بچاتا ہے۔

(o) خلیوں کے ٹکڑے (اجزاء) جو ہڈی کے گودے میں بنتے ہیں۔

(p) سفید خون کے خلیہ کا دوسرا نام

(q) خون کے خلیوں میں آہستہ سے آکسیجن کو خارج کرتے ہیں۔

(r) ان کا کام زخموں میں خون کے انجماد میں مدد کرنا ہے۔

24۔ دئے گئے خاکہ میں A, B, C, D, E, F اور G کے ناموں کی نشان دہی کیجئے۔



unit 7 body fluids and circulation
Sunday, July 31, 2022 10:11:42 PM

نظریاتی نقشہ (Concept map)



unit 7 body fluids and circulation
Sunday, July 31, 2022 10:11:42 PM

The vital flow اہم دوران



آیئے دوران نظام کی وضاحت
اور قلبی دور کے مرحلوں کو سیکھیں۔



مرحلہ 1 :

1۔ ذیل کے URL کو براؤسر میں ٹائپ کریں۔ circulatory system صفحے کو کھولیں۔ grid سے phases of cardiac cycle کا انتخاب کریں۔

مرحلہ 2 :

قلبی دور کے دیئے گئے مرحلے سے ایک کے بعد play بٹن کا استعمال کرتے ہوئے کھیلیں۔ دل میں صمام کی حرکت اور خون کے دوران کا مشاہدہ کریں۔

مرحلہ 3 :

آخری اینمیشن قلبی دور کے پورے افعال اور بہاؤ کو ظاہر کرتی ہے۔ Play، Forward اور backward کے بٹنوں کو استعمال کر کے دل کے افعال کا باریک بینی سے مشاہدہ کریں۔

مرحلہ 4 :

جسم میں اس کا مقام، جسامت، خانوں اور پیری کارڈیم (غلاف دل) کی ساخت کے بارے میں مزید تفصیلات حاصل کرنے کے لئے مراحل کے نیچے دیئے گئے لنکس کا استعمال کریں۔



Step 1



Step 2



Step 3



Step 4

Phases of the Cardiac Cycle's URL:

https://www.getbodysmart.com/circulatory-system

Y5O6W

* Pictures are indicative only

unit 7 body fluids and circulation
Sunday, July 31, 2022 10:11:43 PM

اکائی III

باب 8

اخراج (Excretion)



Seabirds have no problem in drinking sea water

باب کا خاکہ

8.1۔ اخراج کے طریقے

8.2۔ انسانی اخراجی نظام

8.3۔ انسان میں پیشاب کے بننے کا طریقہ

8.4۔ گردے کے افعال کا طریقہ

8.5۔ پیشاب کی کثرت (سلسلۃ البول)

8.6۔ اخراج میں دوسرے اعضاء کا کردار

8.7۔ اخراجی نظام سے متعلق عوارض

8.8۔ Haemodialysis مصنوعی گردوں سے خون کی کثافتوں کو دور کرنا

سیکھنے کے مقاصد

- جانوروں میں اخراج کے ممکن طریقوں کو سمجھنا
- انسانی اخراجی نظام کی ساخت کے بارے میں پڑھنا۔
- نیفران کی ساخت، پیشاب کے بننے کا طریقہ، قبلکی تقطیر، بازانجذاب اور گردوی نالیوں سے اخراج کو سمجھنا۔
- نیفران کے ساتھ گردے کو خون کی فراہمی کا تصور کرنا
- گردے سے متعلق بیماریوں کے بارے میں سیکھنا۔

ابتدائی جانوروں کی زندگی کی شکلیں تقریباً 700 ملین سال پہلے وجود میں آئیں۔ جدید مسام دار (اسفنج) کی طرح وہ سمندری عضویہ تھے۔ جدید مسام دار کا ہر خلیہ سمندری پانی سے گھرا ہوا تھا۔

اگرچہ دروں خلوی روانی مرکبات کو برقرار رکھتا ہے مگر یہ سمندری پانی سے مختلف ہے۔ ارتقاء سے بافتوں کی تہوں کی تنظیم میں تبدیلیاں آئیں، جس کے نتیجے میں مخصوص بیرونی بافتی تہوں کی تشکیل ہوئی۔ یہ اندرونی سیال اور بیرونی ماحول کے درمیان رکاوٹ پیدا کرتی ہے، جس کے نتیجے میں بروں خلوی سیال کی تشکیل کرتا ہے ۔ جیلیے کی ارتقاء کے دوران ضبط ولوج اور روانی عمل تنظیم میں اہم تبدیلیاں رونما ہوئیں، بروں خلوی سیالی ترکیب کو روکنے کی صلاحیت جانوروں کے تنوع کے لئے ضروری ہے۔ تاکہ وہ نمکین پانی، تازہ پانی اور زمین کو آباد کرے۔ زمین پر حملہ کرنے والے جانوروں کو خشکی کا خطرہ تھا اور وہ تحولی فضلے کو براہ راست پانی میں خارج کرنے سے قاصر تھے۔ لہذا نائٹروجنی فضلے کو خارج کرنے کے لئے متبادل راستے کی ضرورت تھی۔

بہت سے جانور رواں اور پانی کے توازن کو قابو میں رکھنے کے لئے گردوں پر منحصر ہیں۔ چند جانور بیرونی بافتیں جیسے گلپھڑے، جلد،

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:25 PM

ہاضمی غشاء پر منحصر ہیں، جو مجموعی طور پر تین قرار گیر عمل کو ترتیب دیتے ہیں یعنی ولوجی ترتیب، روانی ترتیب اور نائٹروجنی اخراج وغیرہ۔ ولوج کی ترتیب بافتوں میں ولوجی داؤ کو برقرار رکھتا ہے، جو حیاتیاتی جھلیوں میں پانی کی نقل وحرکت کے لئے ایک محرکہ قوت کے طور پر کرتا ہے۔ وہ عمل، جس میں جسم پروٹینی تحول کے ذریعہ نائٹروجنی فضلات سے چھٹکارا حاصل کرتا ہے، اخراج کہلاتا ہے۔ نائٹروجی اخراج، وہ راستہ ہے جس کے ذریعہ جانور امونیا کا اخراج کرتے ہیں۔ زہریلے نائٹروجنی مادے پروٹینی تحول کی آخری مصنوعات ہیں۔ امونیا یا دوسرے تحولی تبادلات کا اخراج جیسے یوریا اور یورک ترشہ، رواں اور ولوجی قرار گیر (osmotic homeostasis) سے جڑے ہوئے ہیں۔

تازہ پانی کے فقرے دار، جسمانی سیال میں نمک کی زیادہ مقدار کو برقرار رکھتے ہیں۔ سمندری فقرے دار جانور، جسمانی سیال میں نمک کی کم مقدار کو برقرار رکھتے ہیں اور صحرائی جانوروں کے جسم میں اطراف و اکناف کی بہ نسبت زیادہ مقدار میں پانی پایا جاتا ہے۔ لہذا ابخارات کے ذریعہ سیال کا اخراج ہوتا ہے۔ osmoconformers جیسے سمندری مولسکا اور شارک جیسے ولوجی عمل کرنے والے اپنے بیرونی ماحول کے ساتھ اندرونی ولوجی ارتکاز کو تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ osmoregulators بلالحاظ اندرونی ولوجی ارتکاز کو بیرونی ولوجی ماحول میں برقرار رکھتے ہیں۔ مثلاً Otters۔ بیرونی ماحول میں ہونے والی تبدیلیوں کو برداشت کرنے کی قابلیت پر جانوروں کو Stenohaline اور eurohaline میں درجہ بند کیا گیا ہے۔ Stenohaline جانور نمک کے ارتکاز کو صرف محدود، اتار چڑھاؤ میں برداشت کرتے ہیں۔ مثلاً سنہری مچھلی جب کہ euryhaline جانور نمک کے ارتکاز کو گہرے اتار چڑھاؤ میں برداشت کرتے ہیں۔

مثلاً Artemia، Tilapia اور Salmons۔

اہم نائٹروجنی فضلات امونیا، یوریا اور یورک ترشہ ہیں۔ پروٹینی تحول کے دوسرے فضلات میں سمندری teleosts میں ٹرائی میتھل امائن آکسائڈ (TMO)، مکڑی میں گوانائن، پیورک ترشہ، ایلن ٹوئن، ایلن ٹوئک ترشہ، آرنی تھورک ترشہ، کریٹی نائن، کریٹائن، پیورائن، پیرامیڈین اور ٹیرائن وغیرہ پائے جاتے ہیں۔

8.1۔ اخراجی طریقے
(Modes of Excretion)

اخراجی نظام نائٹروجنی فضلہ کو جمع کرنے اور اسے بیرونی ماحول میں خارج کرنے میں مدد کرتا ہے۔ جانور نائٹروجنی فضلات سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے مختلف حکمت عملی سے ترکیب پائے ہوئے ہیں۔ امینو ترشے کے ٹوٹنے کے دوران امونیا حاصل ہوتا ہے، جو زہریلا ہے۔ لہذا یہ امونیا، یوریا، یا یورک ترشے کے طور پر خارج ہوتا ہے۔ اس طرح کے نائٹروجنی قسم کی آخری مصنوعات جو جانور خارج کرتے ہیں، وہ جانور کی رہائش (مسکن) پر منحصر ہے۔ امونیا کے اخراج کے لئے زیادہ مقدار میں پانی کی ضرورت ہے، جب کہ یورک ترشہ کم زہریلا ہونے کی وجہ سے اس کو پانی کے کم نقصان کے ساتھ خارج کیا جاسکتا ہے اور یوریا کو جسم میں کافی مدت تک ذخیرہ کیا جاسکتا ہے، کیونکہ یہ امونیا سے کم زہریلا اور امونیا کی بہ نسبت پانی میں کم حل پذیر ہے۔

جو جانور زیادہ تر نائٹروجن امونیا کی شکل میں خارج کرتے ہیں وہ ammonoteles کہلاتے ہیں۔ بہت سی مچھلیاں، آبی جل تھیلے اور آبی کیڑے/حشرات ammonotelic (امونیا کا اخراج کرنے والے) ہیں۔ ہڈی دار مچھلیوں میں امونیا جسم کی سطح کے اطراف یا گلپھڑوں کے ذریعہ امونیم کے رواں کی طرح نفوذ ہوتا ہے۔ رینگنے والے پرندے۔ زمینی گھونگے اور کیڑے کم پانی کے نقصان کے ساتھ یورک ترشے کی قلمیں خارج کرتے ہیں اور وہ Uricoteles کہلاتے ہیں۔ صحرائی جانوروں میں کم زہریلا یوریا اور یورک ترشہ پانی کو ذخیرہ رکھنے کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:26 PM





جانور Animals	پستانیے، اکثر جل تھلیے، شارک، رینگنے والے اور زمینی غیر فقرے دار	پرندے اور اکثر رینگنے والے، کیڑے اور زمینی گھونگے	اکثر آبی جانور
نائٹروجنی فضلات Nitrogenous wastes	یوریا Urea	یورک ترشہ Uric acid	امونیا Ammonia

خاکہ 8.1۔ جانوروں کے مختلف جماعت میں اخراجی مصنوعات

کیچوا جب مٹی میں رہتا ہے تو Uroteles کہلاتا ہے اور پانی میں ammonoteles کہلاتا ہے۔ خاکہ 8.1 جانوروں کے مختلف گروپوں میں اخراجی مصنوعات کو ظاہر کرتا ہے۔

عالم حیوانات اخراجی نظام کے وسیع تنوع ظاہر کرتے ہیں۔ اکثر غیر فقرے داروں میں سادہ نالی نما ساخت، غیر ترقی یافتہ گردے کی شکل میں پائی جاتی ہے، جسے ابتدائی گردینہ (protonephridia) اور بعد گردینے (metanephridia) کہلاتے ہیں۔ فقرے دار جانوروں میں پیچیدہ نالی نما اعضاء پائے جاتے ہیں، جنہیں گردے کہا جاتا ہے۔ ابتدائی گردینے مخصوص خلیوں کے اخراجی ساخت پلیٹی ہل منتھس میں شعلہ خلیے (flame cells) (سیلیا) مثال چپٹے کرم اور آمفیاکسس میں Solenocytes (سوطیے) کی شکل میں پائے جاتے ہیں۔ خیطیے (nematodes) میں چند مخصوص خلیے (rennette cells)، مولسکا اور انیلیڈا میں بعد گردینے نالی دار اخراجی ساخت رکھتے ہیں۔ زیادہ تر حشرات میں عروق گردہ Malpigian tubules نالی دار اخراج ساخت پائے جاتے ہیں۔ قشری یا خول دار جانور جیسے جھینگوں میں مماسی غدود (antennal glands) یا سبز غدود (green glands) اخراجی افعال انجام دیتے ہیں۔ فقرے داروں کے گردے ماحولیاتی حالات کے مطابق انواع کے درمیان مختلف ہوتے ہیں۔ نیفران گردے کی ساختی اور فعلی اکائی ہے۔ رینگنے والوں میں مختصر قنبلک (glomerulus) یا قنبلک اور ہنلے کے حلقے (Henle's loop) کی کمی واقع ہوتی ہے۔ لہذا کم نفوذی دباؤ میں بہت کم مقدار میں پیشاب حاصل ہوتا ہے جب کہ پستانیوں کے گردوں میں لمبے ہنلے کے حلقے کی وجہ سے زیادہ ولوجی دباؤ میں مرتکز پیشاب تیار کرتے ہیں۔ نیفران میں ہنلے کے حلقے میں پیش ولوجی (Hypertonic) پیشاب کو بناتے ہیں۔

سمندری مچھلیوں میں گردے تھوڑا پیشاب تیار کرتے ہیں، جو جسمانی سیال کے لئے ہم نفوذ ہیں۔ جل تھلیے اور تازہ پانی کی مچھلیوں میں ہنلے کے حلقے کی کمی ہے۔ لہذا وہ پتلا پیشاب (hypoosmotic) خارج کرتے ہیں۔

ایک اوسط مثانہ 300 ml اور 600 ml کے درمیان پیشاب کو روکے رکھتا ہے۔ اگر اخراجی نظام صحت مند ہو تو اخراج سے پہلے مثانہ تقریباً 5 گھنٹے پیشاب کو روکے رکھتا ہے۔ اس کا انحصار مائع حاصل کرنے کی مقدار پر ہے۔ جب مثانے کو خالی کرنے کی ضرورت ہو تو اعصاب دماغ کو اشارے بھیجتے ہیں۔ اس اشارے کے ساتھ ایک شخص کو مثانے کو خالی کرنے کی ضرورت محسوس کرے گا۔ مثانے کی عضلاتی دیوار کو detrusor کہتے ہیں۔ اگر مثانے کو سہارا دینے والے عضلات کمزور ہوں، تو وہ شخص تناؤ کا شکار ہوسکتا ہے۔ عانی گھیرے کی حرکت وہاں کے عضلات کو طاقتور بنانے میں مدد کرتے ہیں۔

8.2۔ انسانی اخراجی نظام
(Human excretory system)

8.2.1۔ گردے کی ساخت (Structure of the kidney)

انسانی اخراجی نظام گردوں کی ایک جوڑی، حالب کی ایک جوڑی، مثانہ اور مبال پر مشتمل ہے۔ (خاکہ 8.2) گردے سرخی مائل بھورے سیم کی شکل کی ساخت ہیں، جو شکمی کہفہ کی ظہری اندرونی دیوار

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:27 PM

کے قریب اعضاء صلبی خطے کی سطح کے آخری فقرے اور تیسرے صلبی فقرے میں جڑے ہوئے ہیں۔ دایاں گردہ، بائیں گردے کی بہ نسبت نچلے حصے میں پایا جاتا ہے۔ ہر ایک گردہ کا وزن اوسطاً 120-170 گرام ہوتا ہے۔ گردے کی بیرونی تہہ اتصالی بافتوں کی تین تہوں، یعنی گردوی غشاء (renal fascia)، گردوی چرب دار کیسہ (perirenal fat capsule) اور ریشوی کیسہ (fibrous capsule) سے گھری ہوئی ہے۔



خاکہ 8.2 انسانی اخراجی نظام

گردے کی طولی تراش (خاکہ 8.3) میں ایک بیرونی قشرہ، اندرونی نخاع اور پیڑو (pelvis) کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ نخاع چند مخروطی بافتوں کے انبار میں تقسیم پائے ہوئے ہیں، جنہیں نخائی اہرام (medullary pyramids) یا گردوی اہرام (renal pyramids) کہتے ہیں۔ قشرہ کا وہ حصہ جو نخائی اہرام اور Bertini کے گردوی ستون کے درمیان کا توسیع شدہ حصہ ہے۔ گردے کا اندرونی مقعر سطح کے مرکز میں نشان پایا جاتا ہے، جسے گردوی شگاف (hilum) کہتے ہیں، جس کے ذریعہ حالب، خون کی نالیاں اور اعصاب جڑے ہوئے ہیں۔ شگاف کے اندر چوڑے قیف کی شکل کی جگہ پائی جاتی ہے، جسے گردوی حرقف کہتے ہیں، جس کے ساتھ ابھار پائے جاتے ہیں، کیلیس (Calyces) کہلاتے ہیں۔ گردوی حرقف، حالب کے ساتھ جڑا رہتا ہے، جب تک یہ شگاف سے جدا نہ ہو جائے۔ Calyces کی حرقف اور حالب کی دیوار نرم عضلات سے بنی ہے جو توازن کے ساتھ سکڑتی ہے۔ Calyces پیشاب کو جمع کرتا ہے اور حالب میں جا ملتا ہے۔ یہ عارضی طور پر مثانہ میں جمع رہتا ہے۔ مثانہ مبال میں کھلتا ہے جس کے ذریعہ پیشاب خارج ہوتا ہے۔



خاکہ 8.3۔ گردے کی طولی تراش

8.8.2۔ نیفران کی ساخت
(Structure of a nephron)

ہر گردے میں تقریباً ایک ملین پیچیدہ نالی دار ساخت پائی جاتی ہیں، جسے نیفران کہتے ہیں۔ (خاکہ 8.4) ہر نیفران تقطیری کیسہ پر مشتمل ہے، جسے گردوی کیسہ (ملفیجی جسم) اور گردوی نالی کہتے ہیں۔ یہ گردوی نالی ایک لمبی نالی میں کھلتا ہے، جسے جامع نالی (Collecting duct) کہتے ہیں۔ یہ گردوی نالی دوہری دیوار والی کپ نما ساخت سے شروع ہوتی ہے، جسے بومین کیسہ کہتے ہیں جو شعر یانوں کے گچھے سے گھیرے ہوئے ہے۔ یہ نالیوں میں سیال کو پہنچاتے ہیں، جسے قنبلک glomerulus کہتے ہیں۔ اس میں کیسہ اور قنبلک دونوں مل کر گردوی جسم بناتے ہیں۔ قنبلکی درحلمہ (endothelium) میں کئی مسام پائے جاتے ہیں، جنہیں Fenestrae کہتے ہیں۔ بومین کیسہ کی بیرونی حائطی تہہ سادہ فلسمانی برحلمہ (squamous epithelium) سے بنی ہوئی ہے اور امعائی تہہ visceral (layer) برحلمی خلیوں سے بنی ہوئی ہے، جنہیں Podocytes کہتے ہیں۔ podocytes نچلی سطح پر ایک جھلی سے جا ملتے ہیں، جسے قنبلک (glomerulus) کہا جاتا ہے۔ نچلی سطح کے درمیان کھلی جگہوں کو تقطیری شگافیں (filteration slits) کہتے ہیں۔

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:28 PM



خاکہ 8.4۔ نیفران کی ساخت

گردوی نالیاں مسلسل آگے بڑھ کر قریبی پیچ وار نالیوں کی تشکیل کرتی ہیں (PCT)(proximal convoluted tubule) آگے U نما ساخت کا ہنلے کا حلقہ (Henle's loop) جس میں باریک اترتا ہوا اور موٹا چڑھتا ہوا بازو پایا جاتا ہے۔ چڑھتا ہوا بازو نہایت لچھے دار نالی کے حصے سے منسلک ہے، جسے بعیدی پیچ وار نالی کہتے ہیں۔ (DCT)(distal convoluted tubule)۔ DCT کے کئی نیفران سیدھی نالی میں کھلتے ہیں، جو جامع نالی کہلاتے ہیں۔ یہ جامع نالی نخائی نیفران سے گذر کر حالب میں پہنچتی ہے۔ کئی جامع نالیاں Papillery dut بنانے کے لئے جمع ہوتے ہیں، جو پیشاب کو Calyces میں پہنچاتے ہیں، جو گردوی حالب میں کھلتا ہے۔

گردوی نالیوں میں نیفران کے DCT اور PCT گردے کے قشری حصے سے جڑے ہوئے ہیں جب کہ ہنلے کا حلقہ، نخائی حصے سے جڑا ہوا ہے۔ اکثر نیفران میں ہنلے کا حلقہ بہت چھوٹا ہوتا ہے اور نخاع میں بہت کم پھیلا ہوا ہے۔ اور یہ قشری نیفران کہلاتا ہے۔ چند نیفران میں ہنلے کا حلقہ بہت طویل ہوتا ہے، جو نخاع میں گہرائی تک پھیلا ہوا ہے۔ اسے Juxta medullary nephron کہتے ہیں (JMN)۔

(خاکہ 8.5 a اور b)



(a) قشری نیفران (b) قریبی نخائی نیفران

خاکہ 8.5 (a) گردوی نیفران، بنیادی طور پر بیرونی قشرہ میں پایا جاتا ہے۔
(b) نخائی نیفران، خصوصی طور پر اندرونی نخاع میں پایا جاتا ہے۔



خاکہ 8.6۔ نیفران کے خون کی نالیاں

نیفران کا شعریانی جال (The capillary bed of the nephron)

نیفران کی پہلی شعریانی جال قنبلک ہے اور دوسری شعریانوں کی قریبی نالیاں ہیں۔ قنبلکی شعریانی جال دوسرے شعریانی جالوں سے مختلف ہے۔ اس میں یہ خون اندر جانے والے شریانک کے ذریعہ حاصل کی جاتی ہے اور خارج کرنے والے شریانک کے ذریعہ خالی کیا جاتا ہے۔ خارج کرنے والے شریانک جو قنبلک سے نکلتے ہیں گردوی

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:29 PM

نالیوں کے اطراف ایک بہترین شعریانی جال بناتے ہیں، جسے قریبی شعریانی نالیاں کہتے ہیں ۔ خارج کرنے والے شریانک قریبی نخائی نیفران کا کام کرتے ہیں جو طویل لچھے دار سیدھی نالیاں بناتے ہیں Vasa recta کہتے ہیں۔ یہ وریدہنلے کے حلقے کی متوازی چلتی ہیں۔ قشری نیفرانVasa recta میں کم یا نہیں پائے جاتے (خاکہ 8.6)

نیفران میں طویل ہنلے کا حلقہ اور چھوٹا ہنلے کا حلقہ پائے جانے کی اہمیت کیا ہے؟

8.3۔ انسان میں پیشاب کے بننے کی ترکیب
(Mechanism of urine formation in Human)

امینو ترشے کے ٹوٹنے کے نتیجے میں نائٹروجنی فضلات پیدا ہوتے ہیں اور یہ جگر میں یوریا میں تبدیل ہوتے ہیں۔ یہ دور ارنیتھین دور (Ornithine cycle) کہلاتا ہے۔(خاکہ 8.7)



خاکہ 8.7۔ ارنیتھین دور

پیشاب کے بننے میں تین اہم عمل شامل ہیں، قنبلکی تقطیر، نالی دارانجذاب اور نالی دار اخراج وغیرہ۔

1۔ قنبلکی تقطیر (Glomerular filteration):

خون گردے کے گردوی شریان سے قنبلک میں داخل ہوتا ہے ۔ خون میں زیادہ مقدار میں پانی، پروٹین، شکر، نمک نائٹروجن کی آخری مصنوعات پر مشتمل ہے۔ پیشاب کے بننے کا پہلا مرحلہ خون کی تقطیر ہے جو قنبلک میں واقع ہوتا ہے، جسے قنبلکی تقطیر کہتے ہیں جو ایک غیر فعال عمل ہے۔ وہ سیال جو قنبلک کی شعریانوں سے نکل کر بومین کیسہ میں داخل ہوتا ہے جسے قنبلکی تقطیر کہتے ہیں ۔قنبلکی جھلی میں وسیع سطحی رقبہ پایا جاتا ہے اور زیادہ تر یہ خون کے پلازما میں پائے جانے والے چھوٹے سالموں اور پانی میں نفوذ کرتا ہے ۔خون قنبلک میں زیادہ قوت سے داخل ہونے والے شریانکوں کے ذریعہ تیزی سے داخل ہوتا ہے اور خارج کرنے والے شریانکوں کے ذریعہ قنبلک سے بہت آہستہ جدا ہوتا ہے ۔ یہ قوت داخل ہونے والے اور خارج ہونے والے شریانک کے درمیان جسامت کے فرق کی وجہ سے ہے (داخل ہونے والے شریانک، خارج کرنے والے شریانک سے زیادہ وسیع ہیں) اور قنبلکی ماسکونی دباؤ قریباً 55 mm Hg ہے۔

گردے 24 گھنٹوں میں تقریباً 180 لٹر قنبلکی تقطیر حاصل کرتے ہیں ۔ پانی ، گلوکوز، امینو ترشے، نائٹروجنی مادے جیسے سالمے، آسانی سے خون سے قنبلک میں داخل ہوتے ہیں۔5nm سے بڑے سالموں کو نالیوں میں داخلہ سے روک دیا جاتا ہے ۔قنبلکی دباؤ ایک اہم قوت ہے جو پانی اور منحل کو خون سے باہر اور تقطیری جھلی کے اطراف دھکیلتی ہے۔

دوسرے شعریانی جالوں کے مقابلے میں قنبلکی خون کا دباؤ بہت زیادہ ہوتا ہے تقریباً (55 mm Hg) ۔شعریانوں میں دو مخالف قوتیں پلازما پروٹین کے ذریعہ تعاون کرتی ہیں ۔ان میں لسونتی ولوجی دباؤ (30mm Hg) اور کیسہ دار ماسکونی دباؤ (15 mm Hg) شامل ہیں۔قنبلکی کیسہ میں سیال کی وجہ سے کیسہ دار ماسکونی دباؤ 10mmHg ہی گردوی تقطیر کا ذمہ دار ہے۔

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:29 PM

= کل تقطیری دباؤ

(کیسہ دار ماسکونی دباؤ + لسونتی ولوجی دباؤ) - قنبلکی ماسکونی دباؤ

کل تقطیری دباؤ = 55 mmHg

− (30 mmHg + 15 mmHg) = 10mmHg

مؤثر قنبلکی دباؤ 10 mm Hg کے نتیجے میں اعلیٰ تقطیر (ultrafiltration) واقع ہوتا ہے۔ قنبلکی تقطیری شرح (GFR) (glomerular filtration rate) دونوں گردوں کے تمام نیفران (قنبلک) کا تقطیری حجم فی منٹ میں محسوب کیا جاتا ہے۔ بالغوں میں GFR تقریباً 120-125 mL/min ہے۔ قنبلک میں خون خارج کرنے والے شریانکوں سے خارج ہوتا ہے۔ خون کی نالیوں میں بندش کی وجہ سے خارج کرنے والی نالیوں کے نرم عضلات سکڑتے ہیں۔ جدول 8.1۔ قنبلکی تقطیر خون کے پلازما میں مادوں کی نسبتی ارتکاز کو ظاہر کرتا ہے۔ قنبلکی تقطیر خون کے پلازما کی طرح سے سوائے اس کے ان میں پلازما پروٹین موجود نہیں ہے۔ قشری نیفرانوں سے خون، خارج کرنے والی شریانکوں اور شریانکوں کی تہہ سے گزر کر وریدی نظام میں داخل ہوتا ہے۔ اس میں سے قریبی سیالوں سے حاصل کردہ منحلوں اور پانی کو الگ کیا جاتا ہے، جو نالی کو گھیرے ہوئے ہیں۔

جدول 8.1 : خون کے پلازما اور قنبلکی تقطیر کے دوران اشیاء کا ارتکاز

شئے Substance	خون کے پلازما میں ارتکاز /g dm^{-3}	قنبلکی مقطر میں ارتکاز /g dm^{-3}
پانی	900	900
پروٹین	80.0	0.05
امینو ترشے	0.5	0.5
گلوکوز	1.0	1.0
یوریا	0.3	0.3
یورک ترشہ	0.04	0.04
کریٹی نائن	0.01	0.01
غیر نامیاتی رواں (Na^+، K^+ اور Cl^-)	7.2	7.2

ایک شخص جو تشمع جگر میں مبتلا ہے، اسے پلازما پروٹین حسب معمول سطح سے کم اور GFR حسب معمول سے زیادہ ہوتا ہے۔ پلازما پروٹین کی کمی سے GFR میں اضافہ کیوں ہوتا ہے؟ وضاحت کریں۔

(ii) نالی دار بازانجذاب: (Tubular reabsorption)

اس عمل میں مقطر دوبارہ دوران میں حرکت کرنے لگتا ہے۔ مقطر کا حجم ہر دن تقریباً 170-180 L ہوتا ہے اور ہر دن پیشاب تقریباً 1.5 لیٹر خارج ہوتا ہے۔ جب کہ تقریباً 99% فیصد قنبلکی مقطر، گردوی نالیاں بازانجذاب کرتے ہیں، کیونکہ اس میں چند مادے پائے جاتے ہیں جو جسم کو درکار ہیں۔ یہ عمل انتخابی باز انجذاب (selective reabsorbtion) کہلاتا ہے۔ نیفران کے مختلف قطعوں کے نالی نما برحلمی خلیوں میں فعال منتقلی یا غیر فعال منتقلی، انتشار یا ولوج کے ذریعہ انجذاب کا عمل واقع ہوتا ہے۔

قریبی پیچوار نالی (PCT) (Proximal convoluted Tubule)

قریبی پیچوار نالی (PCT) میں گلوکوز، لیکٹیٹ، امینو ترشے، Na^+ اور پانی کا مقطر میں دوبارہ انجذاب ہوتا ہے۔ قریبی پیچوار نالی میں پمپ کے ذریعہ سوڈیم پوٹاشیم (Na^+ K^+) کے روانوں کو فعال منتقلی کے ذریعہ سوڈیم کا باز انجذاب کرتے ہیں۔ تھوڑی مقدار میں یوریا اور یورک ترشہ کا بھی بازانجذاب ہوتا ہے۔

ہنلے کے حلقے کے اترتے بازو: (descending limb)

aquaporins کی موجودگی سے ہنلے کے حلقے کے اترتے بازو پانی میں قابل نفوذ ہیں مگر نمک میں غیر نفوذ پذیر ہیں۔ اترتے بازو میں پانی کی کمی واقع ہوتی ہے۔ Na^+ اور Cl^- کا مقطر میں ارتکاز ہوتا ہے۔

ہنلے کے حلقہ کے چڑھتے ہوئے بازو پانی میں غیر نفوذ پذیر ہیں، مگر منحل جیسے Na^+، Cl^- اور K^+ میں قابل نفوذ ہیں۔

بعیدی پیچوار نالی (Distal Convoluted Tube)

پانی کو بحال رکھتی ہے اور پوٹاشیم کو نالی میں اخراج کرتی ہے۔ Cl^-، Na^+ اور پانی DCT کے مقطر میں قائم رہتے ہیں۔

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:30 PM

اس مقام سے بہت سے بازانجذاب جسم کی ضرورت پر منحصر ہیں اوران کو ہارمون ترتیب دیتا ہے۔ بائی کاربونیٹ (HCO_3^-) کا باز انجذاب خون میں pH کی ترتیب کے لئے واقع ہوتا ہے۔خون میں K^+اور Na^+کے قرار گیر بھی اسی حصے سے ترتیب پائے ہوئے ہیں۔

Aquaporins پانی میں قابل نفوذ (جھلی پروٹین کو منتقل کرتی ہے) جو پانی کو ولوجی فرق سے بین خلوی سیال تک ولوجی فرق کے سلسلے میں برحلمی خلیوں کے گرد منتقل ہونے کی اجازت دیتی ہے۔

جامع نالی (Collecting Duct) پانی کی نفوذ پذیری کرتی ہے، K^+ خارج کرتی ہے (نالی میں فعال طور پر K^+ رواں منتقل کئے جاتے ہیں)اور Na^+ کا بازانجذاب ہوتا ہے، جو مرتکز پیشاب کو پیدا کرتا ہے۔ پانی میں کئی نفوذ پذیری کی نالیاں پائی جاتی ہیں، جس کی وجہ سے پانی میں نفوذ پذیری کی تبدیل واقع ہوتی ہے، جسے aquaporins کہتے ہیں۔

نالی دار اخراج (Tubular secretion)

مادے جیسے H^+, K^+, NH_4^+، کریٹی نائن اور نامیاتی ترشے مقطر میں مدور نالی دار (Peritubular) شعریانوں سے سیال میں حرکت کرتے ہیں۔ زیادہ تر پانی قریبی پیچوار نالی میں جذب ہوتا ہے اور ہنلے کے حلقے میں Na^+ کے پانی میں تبدیل ہوتا ہے۔کم ولوجی سیال بعیدی پیچوار نالی میں داخل ہوتا ہے اور مادّے جیسے یوریا اور نمک مدور نالی دار (Peritubular) خون سے DCT کے خلیوں میں گذرتے ہیں۔اخراج شدہ پیشاب میں تقطیری اور خارج کردہ مادے دونوں پائے جاتے ہیں۔جیسے ہی وہ جامع نالی میں داخل ہوتا ہے، پانی جذب ہوتا ہے اور مرتکز کم ولوجی پیشاب پیدا ہوتی ہے۔ ہر H^+ رواں جو نالی دار مقطر میں خارج ہوتے ہیں، اس کو ایک Na^+ نالی دار خلیے میں جذب ہوتا ہے۔ H^+ خارج ہوکر HCO_3^-، HPO_3^- اور NH_3^- کے ساتھ شامل ہوتا ہے اور $H_2PO_4^+, H_2CO_4^+$ اور NH_4^+ کی طرح بالترتیب ثبت ہوتا ہے۔ چونکہ H^+ سیال میں ثبت ہوتا ہے، H^+ کی بازانجذابیت کو روک دیا جاتا ہے۔

آسمولارٹی (Osmolarity) : (ولوجی ارتکاز)
پانی کے محلول میں منحل کے ارتکاز کو محلول کا ولوجی ارتکاز کہتے ہیں۔ اس کو (mOsm/L) milliosmoles/liter سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

مرتکز پیشاب کا بننا:

گردوں میں پیشاب کی تکمیل کے دہرانے کی ترکیب سے مرتکز پیشاب کی تشکیل ہوتی ہے۔ہنلے کے حلقے کا اہم فعل Na^+ اور Cl^- کا ارتکاز ہے۔قشرہ کے قریب کم ولوجی ارتکاز پایا جاتا ہے اور نخاع کے قریب اعلیٰ ولوجی ارتکاز ہے۔منحل میں نقل وحمل کے پائے جانے کی وجہ سے نخاع میں ولوجی ارتکاز واقع ہوتا ہے۔ہنلے کے حلقہ، جامع نالی اور Vasa recta اس ترتیب کو برقرار رکھتے ہیں۔منحل کی حرکت کو مقطر سے بین خلوی سیال میں یہ ترتیب متعین کرتی ہے۔قریبی پیچوار نالی اور ہنلے کے حلقہ کا اترتا بازو کے درمیان منتقلی کے دوران بین خلوی سیال کا ولوجی ارتکاز خون کے ارتکاز کے مشابہ ہوتی ہے، یعنی تقریباً (300 mOsm/L)

ہنلے کے چڑھتے اور اترتے بازو فعال منتقلی کے ذریعہ مخالف رو کے ضریب (Counter current multiplier) کی تشکیل کرتے ہیں (JMN اور ہنلے کے بازو کے ذریعہ تقطیری بہاؤ کے درمیان تفاعل کرتے ہیں، خاکہ 8.8a میں ہنلے کے JM نیفران کے طویل حلقے کے ذریعہ مخالف رو کے ضریب (Counter current multiplier) کو ظاہر کیا گیا ہے، جو نخاعی ولوجی فرق کو ظاہر کرتے ہیں۔

اترتے بازو میں جب سیال داخل ہوتا ہے، تو پانی لومن (lumen) سے بین خلوی سیال میں حرکت کرتا ہے اور بین خلوی سیال کی نفوذیت میں کمی واقع ہوتی ہے۔اس ہلکاؤ کو روکنے کے لئے چڑھتے بازو کا خطہ فعال طور پر منحل لومن ہنلے کے چڑھتے اور اترتے بازو فعال منتقلی کے ذریعہ مخالف رو کے ضریب (Counter current multiplier) کی تشکیل کرتے ہیں، لومن (lumen) سے بین خلوی سیال میں پمپ کرتا ہے اور نخاع میں نفوذیت تقریباً 1200mOsm تک بڑھ جاتی ہے۔نمک اور پانی کے درمیان یہ فرق، نخاع میں ولوجی فرق پیدا کرتا

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:31 PM

ہے۔ یہ ولوجی فرق نالی میں یوریا کی نفوذ پذیری کی وجہ سے ہے۔
فعال منتقلی کے ذریعہ Vasarecta نخائی ولوجی فرق کو Counter current exchanger کے ذریعہ قرار رکھتا ہے۔(چڑھتے اور اترتے بازو کے ذریعہ خون کا بہاؤ رگوں میں ہوتا ہے)۔
منحل اور بازانجذاب پانی کے اخراج کے وقت Vasa recta نخائی فرق کو محفوظ رکھتا ہے جس کو Counter current exchanger خاکہ 8.8 b میں رکھا گیا ہے۔ یہ نظام ولوجی فرق پیدا نہیں کرتا، مگر بین خلوی سیال سے نمکیات کی کثرت اور بازانجذاب پانی کو ہٹا کر نخاع کی حفاظت کرتا ہے۔ قشرہ اور نخاع کے درمیان vasa recta گردے کو مقام اتصال بناتا ہے۔ اس مقام پر خون کے لئے بین خلوی سیال مساوی ولوجی ہوتا ہے۔
جب خون باہر لے جانے والے شریانوں سے نکلتا ہے اور Vasa recta میں داخل ہوتا ہے تو نخاع میں ولوجی ارتکاز (osmolarity) بڑھ جاتی ہے (1200mOsm) اور نتیجہ میں منحل کا مقدار غیر فعال طور پر چڑھتا ہے۔ Vasa recta میں پانی کی کمی ہوتی ہے۔ جیسے ہی خون قشرہ میں داخل ہوتا ہے۔ خون کی نفوذیت میں کمی واقع ہوتی ہے (300mOsm) اور خون منحل کو کھو کر پانی حاصل کرتا ہے۔
اس کے آخری مرحلے میں مرتکز پیشاب (hypertonic) جامع نالی میں بنتا ہے۔ انسانی گردے استبدال مقطر کے مقابلے میں 4 گنا مرتکز پیشاب پیدا کر سکتے ہیں۔

شدید پانی کی کمی (severe dehydration) کی صورت میں قرار گیر کس طرح اپنا عمل برقرار رکھتا ہے، اس میں شامل راستوں کی فہرست بنائیں۔

8.4۔ گردے کے افعال کی باقاعدگی کا عمل

ADH اور ذیابیطس انسی پیڈس:

گردوں کے افعال کی آگاہی اور منظّم / باقاعدگی کی قابلیت کو ہارمونی بازگیری ضبطی ترکیب (hormonal feedback control mechanism) کے ذریعہ کی جاتی ہے، جس میں زیرعرشیہ پہلودار قبلکی آلہ (juxta glomerular apparatus)



خاکہ 8.89۔ (a) Counter current multiplier پہلودار نخائی نیفران کے طویل ہنلے کے حلقے نخائی ولوجی فرق پیدا کرتے ہیں۔
(b) Counter current exchange منحل اور بازانجذاب پانی کے اخراج کے دوران Vasa recta نخائی فرق کو محفوظ کرتا ہے۔

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:31 PM

اوردل کی متعین توسیع شامل ہے۔روانی ارتکاز،جسمانی سیالی جسم اور دموی رخون کے حجم میں تبدیلی ہے۔ زیرعرشیہ میں ولوجی محاصل (osmoreceptors) محرکات کا وصول کنندہ متحرک ہوتا ہے۔اگر جسم سے مزید سیال کی کمی ہوتی ہے،تب خون کے دباؤ میں اضافہ ہوتا ہے۔زیرعرشیہ کا وصول کنندہ Antidiuretic hormone (ADH) پیشاب آور یا Vasopressin (مثبت باز افزائش) کے افراز میں دماغی اعصابی غدود کے متحرک پر ردعمل ظاہر کرتا ہے۔ بعیدی پیچوارنالی اور جامع نالی کے خلوی سطح کی جھلی پر آبی مسام کے تعداد کے اضافے سے پانی کی باز انجذابیت میں ADH آسانی پیدا کرتا ہے۔یہ آبی مسام کا اضافہ لوریہ (Lumen) سے بین خلوی خلیوں سے پانی کے بہاؤ رحرکت کا سبب بنتا ہے جس کی وجہ سے Dieresis سے پانی کے نقصان میں اضافہ کو روکتا ہے ۔ جب آپ اپنی پسندیدہ مشروبات کو زیادہ مقدار میں پیتے ہیں تو زیرعرشیہ کا ولوجی وصول کنندہ متحرک نہیں ہوتا اور neurohypophysis سے ADH کے اخراج میں کمی ہوتی ہے (منفی باز افزائش) اور جامع نالی کے آبی مسام سائیٹو پلازم میں حرکت کرتے ہیں۔ یہ جامع نالی میں پانی کو غیر نفوذ پذیر بناتا ہے اور زیادہ مائع جامع نالی میں بغیر پانی کی کمی کے نیچے بہتا ہے۔لہذا ہلکا پیشاب خون کے حجم کو برقرار رکھتا ہے۔vasopressin کا اخراج مثبت اور منفی باز افزائش کی ترکیب کو روکتا ہے۔ ADH کی کمی وصول کنندہ کا نقص یا ADH کے اخراج کی ناقابلیت کے نتیجے میں ذیابیطس ملئی ٹس کی حالت کا سبب بنتا ہے، جس کی خصوصیات میں زیادہ پتلا پیشاب کا اخراج ہوتا ہے۔اس کے نتیجہ میں پانی کی کمی اور خون کے دباؤ میں کمی واقع ہوتی ہے۔

رینن اینجیوٹن سن (Renin angiotensin)

قنبلکی پہلودار اوزار (JGA)،نیفران سے خون لے جانے والی شریانک کی ایک مخصوص بافت ہے جو دانے دار خلیے اور Macula densa پر مشتمل ہے۔ یہ خلیے بعیدی نالی کے بہاؤ کو متاثر کرتا ہے، جب کہ دانے دار خلیے انزائم کا اخراج کرتے ہیں Renin رینن کہلاتے ہیں۔قنبلکی خون کے بہاؤ میں کمی قنبلکی خون کا دباؤ اور قنبلکی تقطیری شرح،Renin کو خارج کرنے کے لئے JG خلیوں کو متحرک کرتی ہیں، جو پلازما پروٹین Angiotensiuogen کو Angiotensin I میں تبدیل کرتے ہیں۔ (جگر میں تالیف)۔

اینجیوٹن سن مزاحمی متبادل خامروں (ACE inhibitors) (Angiotensin Converting Enzyme) کو بلند خون کے دباؤ کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک فلوچارٹ کا استعمال کرتے ہوئے وضاحت کریں کہ یہ ادویات بلند خون کے دباؤ کے علاج میں کیوں مددگار ہیں۔



خاکہ 8.9 جسمانی سیال کے ارتکاز میں مختلف ہارمونوں کے نظام کا خاکہ کے ذریعہ نمائندگی

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:32 PM

ایجیوٹن سن متبادل خامرے (ACE)

(Angiotensin Converting Enzyme) ایجوٹن سن I کو ایجیوٹن سن II تبدیل کرتا ہے۔ ایجیوٹن سن II بازانجذاب Na^+ کو محرک کر کے قریبی نالی کے ذریعہ خون کی نالیوں میں رگوں کا سکیڑ پیدا کرتا ہے اور قنبلک میں خون کے دباؤ میں اضافہ پیدا کرتا ہے۔ ایجیوٹن سن II مختلف مقامات جیسے دل، گردے، دماغ اڈرنل قشرہ اور خون کی نالیاں وغیرہ پر عمل کرتا ہے۔ یہ اڈرنل قشرہ کو محرک کر کے آلڈوسٹیرون خارج کرتا ہے، جس کی وجہ سے Na^+ اور K^+ کا بازانجذاب ہوتا ہے اور جامع نالی، بعیدی پیچیدار نالی سے پانی کو جذب کرتا ہے۔ اس سے قنبلکی تقطیری شرح اور قنبلکی خون کے دباؤ میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس پیچیدہ ترکیب کو عام طور پر رینن ایجیوٹن سن آلڈوسٹیرون نظام (RAAS) کہا جاتا ہے۔ خاکہ 8.9 جسمانی سیالی ارتکاز کے باقاعدہ عمل مختلف خامروں کی قیاسی نمائندگی کو ظاہر کرتا ہے۔

اٹری نیٹری یوریٹک عامل (Atrial Natriuretic Factor)

قلبی کہفہ کے خلیوں میں شدید کھینچاؤ کی وجہ سے دل کے کہفہ میں خون کے بہاؤ میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور Atrial Natriuretic Peptide یا (ATF) عوامل تک پہنچتا ہے جہاں Na^+ کے اخراج میں اضافہ ہوتا ہے اور قنبلک میں خون کے دباؤ میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ خون کے اندر لے جانے والے شریانک میں خون کے رگوں کا پھیلاؤ کی طرح عمل کرتے ہیں یا خون باہر لے جانے والے شریانوں میں خون کی رگوں کا سکڑاؤ ہوتا ہے۔ اڈرنل قشرہ سے خارج ہونے والے آلڈوسٹیرون میں کمی لاتا ہے اور رینن کے اخراج میں کمی لاتا ہے۔ وہاں ایجیوٹن سن II میں کمی واقع ہوتی ہے۔ ANF ایجیوٹن سن سے رینن، ایجیوٹن سن نظام، آلڈوسٹیرون اور واسوپریسن عمل کرتا ہے۔

8.5۔ پیشاب کے خارج ہونے کا عمل (Micturition)

مثانہ سے پیشاب کے خارج ہونے کا عمل Micturition پیشاب کرنے کا عمل کہلاتا ہے۔ نیفران میں جو پیشاب تشکیل پاتا ہے بالآخر مثانہ میں لے جایا جاتا ہے۔ اسے مرکزی عصبی نظام سے رضا کارانہ اشارے ملنے تک یہ ذخیرہ کیا جاتا ہے۔ مثانہ میں موجود پھیلے ہوئے وصول کنندہ اس وقت محرک ہوتے ہیں، جب وہ پیشاب سے بھرے ہوتے ہیں۔ پھیلا ہوا مثانہ حسی نیوران کے ذریعہ CNS کو محرک کرتا ہے (نمشار کی عصبی نظام مثانہ میں سکڑاؤ پیدا کرتا ہے۔ اس وقت جسمانی حرکی نیوران محاصرہ کو بند کرنے پر مائل کرتے ہیں۔ نرم عضلات سکڑنے کے نتیجے میں اندرونی محاصرہ غیر فعال طور پر کھلتا ہے۔ اور بیرونی محاصرہ کو آرام پہنچتا ہے۔ جب محرکی اور مزاحمی کلی روک تھام حد سے تجاوز کر جائے تو محاصرہ کھلتا ہے اور پیشاب باہر نکال دیا جاتا ہے۔

ایک بالغ انسان روزانہ اوسطاً 1 سے 1.5 لیٹر پیشاب خارج کرتا ہے۔ یہ پیشاب زرد رنگ کا مائع دار سیال ہے، جو فطرت میں تھوڑا ترشوی ہے (pH 6.0)۔ غذا میں تبدیلی pH میں 4.5 سے 8.0 کے درمیان تبدیلی پیدا کرتی ہے اور اس کی ایک مخصوص بو ہے۔ پیشاب کا زرد رنگ اس میں پائے جانے والے روغن یوروکروم (Urochrome) کی وجہ سے ہے۔ روزانہ اوسطاً 25-30 گرام یوریا خارج کرتا ہے۔

Hypotonic کم ولوجی یوریا کی تشکیل اس وقت ہوتی ہے جب ADH کا اخراج کم ہوتا ہے۔ یہ پانی کی برقراری یا منحل کی کمی کی وجہ سے جسمانی سیال کا ولوجی دباؤ کم ہوتا ہے۔ اگر آپ بغیر کوئی نمکین چیز کھائے زیادہ مقدار میں پانی پیتے ہیں تو جسمانی سیال کے کل حجم میں جلد اضافہ ہوتا ہے اور ولوجی ارتکاز (Osmolarity) میں کمی واقع ہوتی ہے۔ گردوں میں پیشاب کے اخراج کے حجم میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے برعکس جب آپ پانی پیئے بغیر نمکین غذا کھاتے ہیں تو اس کا اُلٹا عمل پیش آتا ہے۔

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:33 PM

کئی تحولی بے ترتیبیاں پیشسب کی ترکیب کو متاثر کرتی ہیں ۔ پیشاب کے کہفہ مختلف تحولی بے ترتیبی کی طبی تشخیص اور گردوں کے ناقص عمل میں مدد کرتا ہے ۔مثلاً پیشاب میں گلوکوز(Glucosuria) اور کیٹون کے اجسام کا پایا جانا(Ketouria)، ذیابیطس کی موجودگی کی علامات ہیں۔

8.6۔ اخراج میں دوسرے اعضاء کا کردار
(Role of other organs in excretion)

گردوں کے علاوہ پھیپھڑے، جگر اور جلد جیسے اعضاء فضلات کو نکالنے میں مدد کرتے ہیں۔روزانہ ہمارے پھیپھڑے زیادہ مقدار میں کاربن ڈائی آکسائیڈ(18L /day) اور کافی مقدار میں پانی نکالتے ہیں ۔ جگر پتی عرق کو خارج کرتا ہے جس میں بئ لی روبن، بئ لی ورڈن، کولسٹرال، اسٹیرائیڈ ہارمون، وٹامن جیسے مادے شامل ہیں اور ادویات جو ہاضمی فضلات کے ساتھ خارج کرتے ہیں۔

جلد میں پسینہ اور شحمی غدود بعض فضلات کو اخراج کے ذریعہ نکالتے ہیں ۔ شحمی غدود سے پیدا ہونے ولا پسینہ بنیادی طور پر جسم کو ٹھنڈا رکھنے میں مدد کرتا ہے اور ثانوی طور پر Na^+ اور Cl^- کم مقدار میں یوریا اور لیکٹیٹ خارج کرتے ہیں ۔شحمی غدود بعض مادوں کو خارج کرتے ہیں، جیسے اسٹیرالس، ہائیڈروکاربن اور موم وغیرہ۔ یہ سیبم (sebum) کے ذریعہ خارج کرتے ہیں، جو جلد کو حفاظتی روغنی غلاف مہیا کرتا ہے ۔لعاب کے ذریعہ کم مقدار میں نائٹروجنی فضلات بھی خارج کرتے ہیں۔

8.7۔ اخراجی نظام سے متعلق چند بے ترتیبیاں
(Disorders related to the Excretory system)

بولی راستہ کی عفونت (Urinary tract Infection)

خواتین کا مبال بہت چھوٹا ہوتا ہے اور اس کا بیرونی حصہ مقعد کے کھلنے کے قریب ہوتا ہے ۔ لہذا نامناسب بیت الخلاء (صفائی) کی عادت بآسانی پاخانہ کے بیکٹر یا پیشاب کی نالی میں سوزش (urethritis) پیدا کرسکتی ہے اور سوزش مبال کی راہ تک بڑھ کر پیشاب کی نالی میں جلن (pyelitis) پیدا کرسکتی ہے۔ اس کے اسباب میں dysuria شامل ہیں، جو تکلیف سے پیشاب لاتے ہیں۔ بار بار پیشاب کا آنا یا بخار اور بعض اوقات گدلا اور پیشاب میں خون بھی آنے لگتا ہے۔ جب گردوں میں سوزش ہوتی ہے تو اکثر کمر درد اور شدید سر درد پیدا ہوتا ہے۔ضد حیاتیوں کی مدد سے پیشاب کی نالی کے تعفن کا علاج کیا جاتا ہے۔

گردوں کا ناکارہ ہونا (گردے کی ناکارکردگی)
Renal failure (Kidney failure)

فضلات کو خارج کرنے میں گردے ناکارہ ہوجاتے ہیں، جب پیشاب کی پیداوار میں نمایاں کمی کے ساتھ یوریا جمع ہونے لگتا ہے ۔ گردوں کے ناکارہ ہونے کے دو اقسام ہیں ۔شدید اور دائمی گردوی ناکارکردگی۔ شدید گردوی ناکارگردگی میں گردے اچانک اپنے افعال کو بند کردیتے ہیں۔ اس سے گردوں کو دوبارہ بحال کیا جاسکتا ہے۔ دائمی گردوں کی ناکارکردگی میں گردے کے نیفرانوں کے افعال بند ہوجاتے ہیں ،جس سے گردے کے افعال میں بتدریج کمی واقع ہوتی ہے۔

سمیت بول: (Uremia)

تسمم بول کی خصوصیات میں خون، یوریا اور دوسرے غیر ضروری پروٹین نائٹروجنی مادے جیسے یورک ترشہ اور کریاٹئی نن کے اضافہ کی وجہ سے ہے ۔انسانوں میں عام یوریا کی سطح تقریباً 17-30 mg/100ml ہے۔ دائمی گردوی ناکارکردگی میں یوریا کا ارتکاز عام سطح سے 10 گنا بڑھ جاتا ہے۔

گردے اور مثانہ کی پتھری: Renal calculi

گردے کی پتھری یا renal calculi کو nephrolithiasis بھی کہتے ہیں۔ گردوی حرقف کے گردوی نالی میں بڑے پیمانے میں سخت پتھر کی تشکیل ہوتی ہے۔ یہ بنیادی طور پر سوڈیم آکسالیٹ اور بعض فاسفیٹ کے نمکیات کے حل پذیری کے جمع ہونے کی وجہ سے ہے۔جس کے نتیجے میں شدید درد ہوتا ہے، جسے ''گردویہ دردِ شکم''(Renal colic pain) کہتے ہیں اور یہ گردے میں خراشیں پیدا کرسکتا ہے ۔گردوی پتھری کو Pylethotomy یا Lithortripsy کی تکنیک کے ذریعہ نکالا جاسکتا ہے۔

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:33 PM



خاکہ 8.10 ہیموڈیالیسس کا ایک سادہ ترین خاکہ

ورمِ گردہ (Glomerulonephritis)

اسے Bright disease/ یا ورم گردہ بھی کہتے ہیں ۔ یہ دونوں گردوں کی Glomeruli کی سوزش سے ظاہر ہوتا ہے اور یہ عام طور پر بچوں میں اسٹریپٹوکاکس کے تعفن کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ پیشاب میں خون، Proteinuria/ پیشاب میں البومن کا اخراج، نمک اور پانی برقرار رہنا، Oligouria/ پیشاب کا کم اخراج، پیش تناؤ، ریوی ورم وغیرہ اس کی علامتیں ہیں۔

8.8 ہیموڈیالیسس (رق پاشیدگی) (Haemodialysis)

مصنوعی گردوں/ہیموڈیالیسس/رق پاشیدگی

Haemodialysis کے ذریعہ خون کو تقطیر کرنے کا عمل

گردوں کی خرابی یوریا اور دوسرے زہریلے مادوں کے جمع ہونے کی وجہ سے ہے، جس سے گردوں کی ناکارگی واقع ہوتی ہے۔ ایسے مریضوں میں خون سے زہریلے یوریا کو نکالا جاسکتا ہے۔ ہیموڈیالیسس رق پاشیدگی کہتے ہیں۔ رق پاشیدگی کی مشین یا مصنوعی گردہ کو مریض کے جسم سے جوڑا جاتا ہے۔ رق پاشیدگی کی مشین ایک لمبی سیلولوز نالی پر مشتمل ہے، جس کے اطراف میں رق پاشیدہ سیال رہتا ہے۔ مریض کے خون کو ایک موزوں شریان سے نکالا جاتا ہے۔ ایک دافع انجماد جیسے Heparin کو ملانے کے بعد رق پاشیدہ اکائی میں پمپ کیا جاتا ہے۔ رق پاشیدہ نالی کے چھوٹے مسام نمک، گلوکوز اور یوریا جیسے چھوٹے مادوں کو Water bath میں داخل ہونے کی اجازت دیتا ہے۔ یہ مرحلہ قنبلک میں تقطیری عمل کی طرح ہے۔ Water bath میں رق پاشیدہ میں سیال میں نمک اور شکر کے محلول کا تناسب صحیح رہتا ہے، تاکہ خون سے گلوکوز اور ضروری نمک کو ضائع ہونے سے روک سکے، پھر پاک خون کو ورید کے ذریعہ جسم میں دوبارہ پمپ کیا جاتا ہے۔ خاکہ (8.10)

گردے تبدیل کرنا (Kidney transplantation)

گردوں کی مکمل خرابی یا مکمل طور پر ناکارہ ہونے پر یہ طریقہ اپنایا جاتا ہے۔ ایک صحت مند شخص کے دو گردوں میں سے ایک گردہ حاصل کیا جاتا ہے یا ایک ایسا شخص جس کا دماغ مردہ قرار دیا گیا ہو، اس کے جسم سے ایک بیمار شخص، جس کا گردہ ناکارہ ہوا ہو، اس کو لگایا جاتا ہے۔ گردے عطا کرنے والے مریض کے قریبی رشتہ دار یا ماں باپ یا اولاد ہوں تاکہ گردہ کو جسم اپنا سکے۔ مامونی پست گرادویات کو عام طور پر مریض کے جسم میں داخل کیا جاتا ہے تاکہ بافتیں اسے قبول کرسکیں۔

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:34 PM

دنیا کا سب سے پہلا کامیاب انسانی گردہ کی تبدیلی کو ایک جڑواں سے دوسرے جڑواں میں لگایا گیا۔ اسے کو E Murray Joseph اوران کے ساتھیوں نے 1954 میں Peter Bent Edward Memorial Hosiptal, Boston میں ہوا۔ ہندوستان میں سب سے پہلے، مئی 1965 میں ممبئی میں کنگ اڈورڈ میموریل ہسپتال میں ہوا۔ ایک عطا دہندہ (donor) سے حاصل کیا گیا گردہ، ایک hypernephroma کا شکار مریض میں داخل کیا جاتا ہے۔ ہندوستان میں سب سے پہلے گردہ کی تبدیلی، ویلور کے CMC ہسپتال میں 1971 میں ڈاکٹر جانی اور ڈاکٹر موہن راؤ نے کی تھی۔

کیا ہم جانتے ہو؟

خلاصہ

اندرونی سیال اور بیرونی ماحول کے درمیان برحلمی بافتیں ایک نقطۂ اتصال ہے، جو نچلے عضویوں میں ولوجی رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔ دوسری مخصوص برحلمی بافتیں جو ولوجی اور روانی تنظیم کے درمیان ایک واسطہ ہے، جو گلپھڑے، ہاضمی راستہ اور مختلف جانوروں کے گروہوں میں اخراج کی بافتیں ہیں۔ جانور زہریلے امونیا کو اخراج کے ذریعہ کم زہریلی شکل میں خارج کرتے ہیں۔ نائٹروجن کے اخراج کی تین اہم ترکیبیں ہیں۔ ammonoteles (امونیم)۔ Uricotoles (یورک ترشہ) اور Ureotelism (یوریا) وغیرہ۔ بہت سے آبی جانور ammonotelic (امونیا خارج کرنے والے) ہیں جب کہ ارضی جانور (رینگنے والے اور پرندے) یا Ureotoles (پستانیے) ہیں۔ Ornithine cycle یا یوریا کا دور کے ذریعہ جگر میں یوریا تیار ہوتا ہے۔

غیر فقرے دار جانوروں میں ابتدائی گردے پائے جاتے ہیں جیسے ابتدائی نفریڈیا اور بعد نفریڈیا۔ حشرات میں ملفیجی نالی پانی کے توازن کو ترتیب دیتی ہے۔ فقرے داروں میں گردے پانی اور روانوں کی عملِ تنظیم کو لے جاتے ہیں۔ گردے کی فعلی اکائی نیفران ہے۔ قنبلکی تقطیر، بازانجذاب اور نالی دار اخراج پیشاب کے بننے کے تین مرحلے ہیں۔ قنبلک میں تقطیر کا عمل واقع ہوتا ہے بومین کیسہ کے اطراف شریانوں کا جال کھرا ہوا ہے۔ بومین کیسہ سے ابتدائی پیشاب قریبی نالی میں داخل ہوکر اترتے اور چڑھتے بازو کے ساتھ ہنلے کے حلقے میں پہنچتا ہے۔ مثانے میں مختصر ذخیرہ اندوزی کے بعد اس کو حالب سے باہر خارج کردیا جاتا ہے۔ نیفران کے مرکز میں Counter current نظام ہے جو جامع نالی اور ہنلے کے حلقے کے درمیان شریانوں کے ساتھ جوڑا گیا ہے، جو نیفران کا کام کرتے ہیں۔

گردوں کے افعال کو مختلف تنظیموں پر منتظم کیا گیا ہے۔ بومین کیسہ اور قنبلک کے درمیان کیسہ دار ولوجی دباؤ اور نفوذ پذیر ولوجی دباؤ سے GFR پر متاثر کرتا ہے۔ تقطیر کے لئے جو سطحی رقبہ ضروری ہے۔ عوامل تقطیری دباؤ پر اثر کرتے ہیں۔ گردے صرف پلازما میں عمل کرتے ہیں، اس کے علاوہ بروں خلوی سیال دونوں پلازما اور بین خلوی سیال پر مشتمل ہیں۔ یہ بین خلوی سیال ہی ایک جزء ہے، جس کا خلیوں سے براہ راست رابطہ ہے۔ ماحول میں بین خلوی سیال جسم کا حقیقی اندرونی سیال ہے۔ اس طرح پلازما تنظیمی اور اخراجی کردار کو مکمل کرتے ہیں۔ گردے، خلیے کے افعال کے ذریعہ خلوی سیال کو ماحول میں برقرار رکھتے ہیں۔

مختلف ہارمون diuresis کو قابو میں رکھتے ہیں۔ واسوپریسین، جامع نالی، رینن-اینجیوٹن سن نظام، قریبی نظام اور الڈوسٹیرون وغیرہ پر عمل کرکے Na^+, K^+، پانی اور دباؤ کے توازن کو قابو میں رکھتے ہیں۔

8. excretion
Saturday, July 30, 2022 12:39:35 PM

کارروائی: Activity

پیشاب کی جانچ کے لئے اپنے قریبی مرکز صحت کا دورہ کیجئے۔ پیشاب کی جانچ سے مختلف عوامل جیسے pH، گلوکوز، کیٹون اور رینن کی ترتیب کی جانچ کے لئے ڈبونے والی پٹی (dipstick) کو استعمال کیا جاتا ہے۔ گلوکوز کی جانچ کے لئے عمیق پیما (ڈبونے والی پٹی) کو استعمال کیا جاتا ہے، جو دو خامروں پر مشتمل ہے۔ گلوکوز، آکسی ڈیس اور پر آکسی ڈیس۔ یہ دونوں خامرے چھوٹی جاذب سلاخ کے ایک کنارے پر غیر حرکت پذیر ہیں۔ اس جاذب پٹی کو پیشاب میں ڈبویا جاتا ہے۔ اگر پیشاب میں گلوکوز پایا جاتا ہے تو سرخ زرد رنگ کا مرکب حاصل ہوتا ہے۔ نتیجہ میں آنے والا رنگ جاذب پٹی کے رنگ کے نقشہ سے مختلف ہوتا ہے۔

فردی مطالعہ

روی (28 سال) کے دونوں گردے کام نہیں کر رہے ہیں اور وہ ڈیالیسس کر رہا تھا۔ اسے گردوں کی ناکارکردگی کی وجہ سے ہسپتال میں داخل کیا گیا۔ اس کی والدہ سگندھی (47 سال) صلاح دینے کے بعد بیٹے کو ایک گردہ عطیہ کرنے کے لئے تیار تھی۔ دونوں کے خون کا گروپ مماثل تھا۔ تکنیکی مجالس اور منتقلی کی مجلس کی منظوری حاصل کی گئی۔ جراحی / آپریشن 5 گھنٹے کے لئے زیر عمل آیا۔ اس کو ضد سوزشی ادویات اور مزاحمتی روک کی ادویات دی گئیں۔ یہ جراحی سے صحت یاب ہوا اور گھر لوٹا۔

1۔ روی جس بیماری میں مبتلا ہوا، اس کا نام بتائیں۔

2۔ گردے کے عطیہ کرنے والے کا اس سے کیا رشتہ تھا ؟

3۔ منتقلی کرنے کی جانے والی مماثلت کی قسم کا نام بتائیں ؟

4۔ تکنیکی مجلس اور منتقلی کی مجلس سے منظوری حاصل کرنا چاہئے کیوں؟

5۔ سگندھی کے گردہ عطیہ کرنے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے ؟

محاسبہ

1۔ پیشاب کا ارتکاز، نیفران کے کونسے حصے پر منحصر ہوتا ہے؟

(a) بومین کیسہ

(b) ہنلے کا لوپ

(c) P.C.T

(d) قنبلک سے نکلنے والے شعر یانوں کا جال

2۔ اگر پستانیوں کے نیفران میں ہنلے کا حلقہ پایا نہیں جاتا تو درج ذیل میں کس کی توقع کی جاسکتی ہے؟

(a) پیشاب کی تشکیل نہیں ہوگی۔

(b) پیشاب کے بننے کے معیار اور مقدار میں شاید ہی کوئی تبدیلی ہو۔

(c) پیشاب زیادہ مرتکز ہوگا۔

(d) پیشاب زیادہ ہلکا ہوگا۔

3۔ اگر پیشاب کے مثانہ کی کھینچاؤ حاصل کرنے والی (stretch receptor) دیوار کو مکمل طور پر ہٹا دیا گیا تو کیا ہوگا؟

(a) پیشاب جاری رہے گا۔

(b) پیشاب مثانے میں حسب معمول جمع ہوتا رہے گا۔

(c) پیشاب ہوگا۔

(d) مثانہ میں پیشاب جمع نہیں ہوگا

4۔ Ornithine cycle کا حاصل کیا ہے ؟

(a) کاربن ڈائی آکسائیڈ (b) یورک ترشہ

(c) یوریا (d) امونیا

Untitled-1
Monday, August 01, 2022 7:39:24 PM

5۔ ان میں غلط جوڑ کی شناخت کریں۔

(a) بومین کیسہ - قنبلکی تقطیر

(b) DCT - گلوکوز کا انجذاب

(c) ہنلے کا حلقہ - پیشاب کا ارتکاز

(d) PCT - Na^+ اور K^+ رواں کا انجذاب

6۔ Podocytes خلیے ان میں موجود ہیں۔

(a) بومین کیسہ کی بیرونی دیوار

(b) بومین کیسہ کی اندرونی دیوار

(c) نفیران کی گردن

(d) قنبلکی شعریانوں کی دیوار

7۔ قنبلکی تقطیر میں یہ پائے جاتے ہیں۔

(a) خون بغیر خون کے خلیے اور پروٹین کے

(b) شکر کے بغیر پلازما

(c) پروٹین کے ساتھ خون مگر خلیوں کے بغیر

(d) یوریا کے بغیر خون

8 ۔ یورک ترشے اور اس کے جمع ہونے کی وجہ سے گردے کی پتھری پیدا ہوتی ہے۔

(a) سلیکیٹ

(b) معدنیات

(c) کیلشیم کاربونیٹ

(d) کیلشیم آکسالیٹ

9۔ جانور جنہیں پیشاب پیدا کرنے کے لئے کم مقدار میں پانی کی ضرورت پڑتی ہے۔

(a) ureotelic (یوریا خارج کرنے والے)

(b) ammonotelic (امونیا خارج کرنے والے)

(c) uricotelic (پیشاب خارج کرنے والے)

(d) Chemotelic (کیمیائی اشیاء خارج کرنے والے)

10۔ آلڈواسٹیرون بعیدی پیچ وار نالی اور جامع نالی پر عمل کرتا ہے، جس کے نتیجہ میں پانی انجذاب ہوتا ہے۔

(a) aquaphorins (b) Spectrins

(c) GLUT (d) Chloride کی نالیاں

11۔ گردوی نالیوں میں پانی کے بازانجذاب کے لئے کون سا ہارمون مدد کرتا ہے؟

(a) Cholecystokinin

(b) angiotensin II (اینجیوٹن سن II)

(c) پیشاب آور ہارمون (Antidiuretic hormone)

(d) Pancreozymin

12۔ ملفیجی نالیاں اخراجی مصنوعات کو ان کے ذریعہ خارج کرتی ہیں

(a) منہ (b) نرخرہ

(c) ہیمولمف (d) ہاضمی نالی

13۔ مندرجۂ ذیل ساخت کو اس طرح ترتیب دیں کہ نیفران میں داخل ہونے والے پانی کا ایک قطرہ اس طرح سے گزرے گا۔

(e) خون اندر لے جانے والے شریانک

(f) بومین کیسہ

(g) جامع نالی

(h) بعیدی پیچ وار نالی

(i) قنبلک

(j) ہنلے کا حلقہ

(k) قریبی نالی

(l) گردوی حرقف

14۔ تین تقطیری رکاوٹوں کے نام بتائیں جو بومین کیسہ میں پلازما سے لومن (lumen) تک حرکت کے وقت منحل کو پار کرتے ہیں۔ کون کون سے اجزاء ان تہوں سے خارج کئے جاتے ہیں؟

15۔ کون سی قوتیں قنبلکی تقطیر (glomerular filteration) کو فروغ دیتی ہیں؟ کون سی قوتیں ان کی مخالفت کرتی ہیں؟ کل تقطیری دباؤ (net filteration pressure) کا کیا مطلب ہے؟

16۔ مندرجۂ ذیل ساخت کی شناخت کریں اور گردوی فعلیات کی اہمیت بیان کریں۔

(a) پہلودار قنبلکی آلات (juxtaglomerular apparatus)

(b) پوڈوسائٹس Podoytes

(c) مثانہ کا عاصرہ (Sphincters in the bladder)

Untitled-1
Monday, August 01, 2022 7:39:25 PM

17۔ نیفران کے کون سے حصہ میں زیادہ تر مادّوں کا بازانجذاب (reabsorption) ہوتا ہے ؟

18۔ نیفران کے لومن (lumen) میں جب سالمے یا رواں کا بازانجذاب (reabsorption) ہوتا ہے تو یہ کہاں جاتا ہے؟ اگر منحل کو تقطیر کیا جاتا ہے اور نالیوں میں بازانجذاب نہیں ہوا تو کہاں جاتا ہے؟

19۔ کونسا قطعہ روانوں کے بازانجماد اور pH کے قرارگیر (pH homeostasis) کے رسنے کا مقام کے طور پر پایا گیا ہے؟

20۔ انسانوں کے جسم میں GFR کا اندازہ لگانے کے لئے عام طور پر کون سا منحل موجود ہے ؟

21۔ خودکار اعصابی نظام کا کون سا حصہ پیشاب کے خارج کرنے میں شامل ہے؟

22۔ اگر خون اندر لے جانے والے شریانک سکیڑ جاتے ہیں تو اس نیفران کے GFR میں کیا ہوگا ؟ اگر خون باہر لے جانے والی شریانک سکڑتی ہے تو اس نیفران میں GFR کیا ہوگا؟ فرض کیجئے کہ کوئی خودتنظیمی عمل (auto regulation) واقع نہیں ہوتا۔

23۔ حیاتیاتی اصطلاح کی شناخت کریں۔

اخراج، قنبلک، مثانہ، قنبلکی مقطر، حالب، پیشاب، بومین کیسہ، پیشاب کا نظام، بازانجذاب، پیشاب کا آنا، ولوج، ہومیوسٹاسس

(a) ایک مائع جو مثانہ میں جمع ہوتا ہے۔

(b) اس وقت پیدا ہوتا ہے جب خون بومین کیسہ میں تقطیر پاتا ہے۔

(c) پیشاب کا عارضی ذخیرہ ہونا۔

(d) گیند کی طرح اندرونی طور پر لپیٹی ہوئی شعریانیں۔

(e) جسم سے غیرضروری مادوں کا خارج ہونا۔

(f) ہر ایک قنبلک پر مشتمل ہے۔

(g) گردوں سے مثانہ تک پیشاب کو لے جانا

(h) پیشاب کرنے کے عمل کی سائنسی اصطلاح

(i) خون اور بافتی سیال میں پانی اور تحلیل شدہ مادوں کی تنظیم

(j) گردہ، حالب اور مثانہ پر مشتمل ہے

(k) قنبلکی مقطر سے نکالے جانے والے کارآمد اشیاء

(l) کونسا منحل خون میں موجود ہے، جو قنبلکی مقطر میں نہ پایا جاتا ہو؟

24۔ قنبلکی تقطیر کے ذریعہ مفید مادوں کا اخراج (L) خون میں کون سا منحل موجود ہے جو قنبلکی مقطر میں نہیں پایا جاتا۔ زہرآلودگی اور پانی میں ہلکاپن کی ضرورت کے حوالے سے Ureotelic اور Uricotelic کے اخراج میں کتنا فرق ہے؟ ایسے جانوروں کی مثالیں پیش کریں، جو اس قسم کا اخراج استعمال کرتے ہیں۔

25۔ ابتدائی نفریڈیا (protonephidia) اور بعد نفریڈیا (metanephridia) کے درمیان فرق بتائیں۔

26۔ جل تھلیے کا لاروا اور اس کے بالغ جانور کے ذریعہ پیدا ہونے والا نائٹروجنی فضلہ کیا ہے؟

27۔ انسانی جسم میں یوریا کس طرح بنتا ہے؟

28۔ نخائی نیفران اور قشری نیفران میں فرق کریں۔

29۔ کون سی نالیاں گردوں کو خون پہنچاتی ہیں؟ یہ خون شریان سے آتا ہے یا وریدوں سے؟

30۔ کونسی نالیاں گردوں سے صاف خون کو جسم میں پہنچاتی ہیں؟

31۔ نالی نما اخراج (tubular secretion) کیا ہے؟ گردوی نالی کے ذریعہ خارج ہونے والے مادوں کے نام بتائیں؟

32۔ خون کے حجم کو قابو میں رکھنے کے لئے گردے کیسا عمل کرتے ہیں؟ جسم میں خون کے حجم کا، شریانی دباؤ سے کیا تعلق ہے؟

33۔ گردوی افعال کی تنظیم میں شامل تین اہم ہارمون کے نام بتائیں۔

34۔ ضد پیشاب آور ہارمون (anti diuretic hormone) کے افعال کیا ہیں ؟ یہ کہاں پیدا ہوتے ہیں ؟ اور کون سی ہیجان (stimuli) اس کے اخراج میں اضافہ یا کمی لاتی ہے؟

35۔ آلڈوسٹیرون کا گردوں پر کیا اثر پڑتا ہے اور یہ کہاں واقع ہوتے ہیں؟

36۔ گردوی افعال کو منظّم کرنے میں اور ہارمون کے اخراج میں دل کا کیا کردار ہے۔ یہ کون سا ہارمون ہے؟

Untitled-1
Monday, August 01, 2022 7:39:25 PM

Untitled-1
Monday, August 01, 2022 7:39:26 PM

نظریاتی نقشہ
Concept Map



Let go away آیئے باہر کریں



آیئے حیاتی کیمیاء کے صدر-گردے سے متعلق جانکاری حاصل کریں اور نیفران کے افعال کو سمجھیں۔



مرحلہ 1 : Biomed heads-Kidney کے صفحے کو کھولنے کے لئے دئے گئے URL کو استعمال کیجئے۔ گردے کے خاکے کے قریب continue بٹن کو کلک کیجئے اور interactive flash file ڈاؤن لوڈ کیجئے۔

مرحلہ 2 : flash file کھولئے اور continue کلک کیجئے اور کارروائی کا صفحہ کھولئے۔

مرحلہ 3 : فہرست میں دئے گئے سالموں کا انتخاب کرکے، نیفران کس طرح سالموں کو ان کے خواص کے مطابق افعال انجام دیتے ہیں، ان سے متعلق جانکاری حاصل کیجئے۔

مرحلہ 4 : دائیں اوپر کنارے موجود ڈراپ ڈاؤن مینو کو استعمال کرکے نیفران کے حصے اور اس کے افعال کو سمجھنے کی کوشش کریں۔



Step 1



Step 2



Step 3



Step 4

Biomed heads-Kidney function's URL:

http://www.biomedheads.com/kidney--nephrons.html

203TY

* Pictures are indicative only

Untitled-1
Monday, August 01, 2022 7:39:27 PM

اکائی IV

باب 9

نقل وحمل اور حرکت
(Locomotion and Movement)

باب کا خاکہ

9.1۔ حرکت کے اقسام
9.2 ۔ عضلات کے اقسام
9.3 ۔ کالبدی عضلات
9.4 ۔ سکیڑنے والے پروٹین کی ساخت
9.5 ۔ عضلات کے سکیڑ کی ترکیب
9.6 ۔ کالبدی عضلات کے اقسام
9.7 ۔ کالبدی عضلات کی خصوصیات
9.8 ۔ کالبدی نظام اور اس کے افعال
9.9 ۔ محوری ڈھانچہ
9.10۔ ضمیمی ڈھانچہ
9.11۔ جوڑوں کے اقسام
9.12۔ کالبدی اور عضلاتی نظام کی بے ترتیبی
9.13۔ باقاعدہ (حسب معمول) ورزش کے فوائد
9.14۔ ہڈیوں کا ٹوٹنا
9.15۔ جوڑوں کا ہٹ جانا اور علاج
9.16۔ طبیعی معالجہ (Physiotherapy)



Leaping movement is effected by the coordination of skeletal and neuromuscular systems.

کیا آپ کو کبھی تعجب ہوا ہے کہ ایک رقاصہ کس طرح رقص کرتی ہے یا ایک تیراک اپنی مہارت سے پانی میں غوطے لگاتا ہے؟ ہمارے جسم کے عضلات مختلف حرکتیں انجام دینے کے لئے کالبدی نظام اور عضلات ایک دوسرے کے ساتھ بیک وقت کام کرتے ہیں۔ ہمارے عضلات کے دو افعال ہیں۔ حرکت اور قوت پیدا کرنا ان تمام کاروائیوں کو کالبدی اور عضلاتی اور اعصابی نظام کے ذریعہ ترتیب اور قابو میں رکھا جاتا ہے۔

سیکھنے کے مقاصد:

- کالبدی عضلات کی ساخت اور افعال کے درمیان تعلق بتانا۔
- کالبدی نظام کے ہڈیوں کی نشاندہی کرنا۔
- عضلات اور کالبدی نظام سے متعلق بے ترتیبی کے باب میں معلومات کو بڑھانا
- حسب معمول ورزش کے فوائد کو سمجھنا
- ہڈیوں کے ٹوٹنے کے مختلف اقسام اور صحت یابی کی ترکیب کا مطالعہ کرنا۔

JX76D

انسانی جسم میں آنکھوں کے جھپکنے سے لے کر 20 کلومیٹر لمبی دوڑ لگانے تک وسیع پیمانے پر حرکت کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔ غذا، مسکن اور مخالف جنس ساتھیوں کی تلاش اور شکاریوں سے بچنے کی خاطر عضویے کا ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کو نقل مقام Locomotion کہتے ہیں۔ نقل کی ارتقائی اہمیت ہے۔

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:17 AM

9.1۔ حرکت کے اقسام:(Types of Movement)

خامرے جسم کے خلیوں میں پائی جانے والی حرکت کے مختلف اقسام ہیں۔امیبائی حرکت۔ ہدبی۔سوطی اور عضلاتی حرکت ہیں۔

امیبائی حرکت:(Ameoboid movement)

خلیے جیسے میکروفیج سیٹو پلازم کی لہری حرکت کے ذریعہ قائم کردہ کاذب پیروں کی مدد سے مرض آور کو نگلنے کے لئے امیبائی حرکت کی تشکیل دیتے ہیں۔

ہدبی حرکت(Ciliary Movement)

اس قسم کی نقل وحرکت تنفّسی راستے اور تناسلی راستے میں ہوتی ہے جو ہدبی برحلمی خلیوں سے ڈھکے ہوئے ہیں۔

سوطی حرکت: (Flagellar Movement)

اس قسم کی حرکت، ان خلیوں میں واقع ہوتی ہے، جس میں سوطئے یا چابک کی طرح حرکت پذیر خلوی عضوئے پائے جاتے ہیں۔ تخم کے خلیوں میں سوطی حرکت پائی جاتی ہے۔

عضلاتی حرکت:(Muscular movement)

ہاتھ، پیر، جبڑے، جیبھ وغیرہ کی حرکت عضلات کی مدد سے ہوتی ہے، جس میں عضلات کے سکیڑاور پھیلاؤ کی مدد سے حرکت ہوتی ہے، جسے عضلاتی حرکت کہتے ہیں۔

9.2۔ عضلات کی قسمیں (Types of Muscles)

عضلات مخصوص بافتیں ہیں جو جنینی میان ادمہ سے حاصل کی ہوئی ہیں، جو خلیوں سے بنے ہوئے ہیں۔انہیں Myocytes کہتے ہیں۔ ایک بالغ کے جسم میں 50 - 40 فیصد جسمانی وزن تک پائے جاتے ہیں۔ یہ خلیے عضلات کی بافتوں کو تین قسموں میں درجہ بند کرتے ہیں۔یعنی ڈھانچے کے عضلات، بطونی (Visceral) اور قلبی عضلات وغیرہ۔

9.3 ڈھانچے کے عضلات (رضا کار عضلات) (Skeletal Muscle) (Voluntary Muscle)

ڈھانچے کے عضلات ہڈیوں کے ذریعہ کولیجن کے ریشہ سے جڑے ہوئے ہیں جنہیں نس (tendon) کہتے ہیں۔

ہر عضلہ ایک ریشہ دار عضلاتی بنڈل سے بنا ہوا ہے جنہیں Fascicle کہتے ہیں۔ ہر ایک عضلاتی ریشہ میں سو سے لے کر ہزاروں تک سلاخی نما ساختیں ہوتی ہیں، جنہیں myofibrils عضلی ریشک کہتے ہیں۔ یہ اس کی لمبائی کے متوازی چلتے ہیں۔تمام عضلات کو ڈھانپنے والے مربوط ریشوں کو عضلہ پوش (epimysium) کہتے ہیں۔اس کے گرد احاطہ کا ہر گچھا Perimysium اور عضلاتی ریشے endomysium کے احاطہ سے گھرا ہوا ہے۔جو رضا کارانہ حرکت کو قابو میں رکھتے ہیں، جیسے چلنا، دوڑنا، تیراکی، تحریر۔ لہذا انہیں رضا کارانہ عضلات کہتے ہیں۔

9.3.1۔ کالبدی عضلاتی ریشے کی ساخت (Structure of Skeletal Muscle fibre)

ہر ایک عضلاتی ریشہ لمبا اور باریک ہوتا ہے۔اس میں زیادہ تر ایک یا دونوں کناروں میں مخروط ہوتے ہیں۔عضلاتی ریشے میں پلازما جھلی یا سیکرولیما کے بالکل نیچے کثیر بیضوی مرکزے ہوتے ہیں۔ یہ عضلاتی ریشے کے سائٹو پلازم کو Sarcoplasm کہتے ہیں۔اس میں گلائیکوزومس، میوگلوبن، ساکروپلازمی جال پائے جاتے ہیں۔ عضلاتی ریشہ میں میوپلازم کا ایک سرخ رنگ کا تنفّسی روغن پایا جاتا ہے۔ یہ ہیموگلوبن کی طرح ہے، اور اس میں لوہے کے گروپ پائے جاتے ہیں، جو آکسیجن سے الف رکھتے ہیں اور آکسیجن کے ذخائر کے طور پر کام کرتے ہیں۔Glycosomes میں گلائیکوجن ذخیرہ کردہ ذرات ہیں، جو عضلاتی ریشے کی کارروائیوں کے دوران گلوکوز مہیا کرتے ہیں۔ آکٹن اور میوسن عضلاتی پروٹین ہیں، جو عضلاتی ریشوں میں پائے جاتے ہیں۔

ہر ایک myofibril (عضلاتی ریشک) کی لمبائی کے ساتھ سلسلہ وار گہرے اور ہلکی پٹیاں دہرائی گئی ہیں۔(خاکہ 9.1) گہری A-پٹیاں (Anisotropic bands) اور ہلکی I-پٹیاں (Isotropic bands) مکمل طور پر ایک دوسرے سے منسلک ہیں ۔ اس طرح کی ترتیب خلیوں کو نالی دار/دھاری دار مشابہت (Striated appearance) دیتی ہیں۔ ہر گہری پٹی کے وسط میں ہلکا خطہ ہوتا ہے، جسے H-Zone کہتے ہیں۔

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:18 AM



خاکہ 9.1۔عضلاتی ریشوں کی تنظیمی سطح

(H سے Helles ہے، جس کا مطلب clear ہے۔)۔

ہر ZoneH - عمودی طور پر دو برابر حصوں میں گہرے خط میں تقسیم کیا گیا ہے، جسے خط M - کہتے ہیں۔(M سے middle) ہلکی I - پٹیوں میں بھی گہرے درمیانی خطی علاقے پائے جاتے ہیں، جسے z -disc، جو جرمن کے "Zwischenscheibe" سے موسوم ہے، جو I - پٹیوں کے درمیانی disc میں پائے جاتے ہیں۔

عضلی ریشک Myofibrils میں سکیڑنے والے عنصر پائے جاتے ہیں۔ڈھانچے کے عضلات کی فعلی اکائی کو سیکرومیر Sacromere کہتے ہیں۔ایک Sacromere دو متواتر Z-discs کے مابین ایک Myofibril کا علاقہ ہے۔اس میں ایک A- پٹی ہوتی ہے، جس کے ہر کنارے پر آدھی I پٹی ہوتی ہے Sacromere۔ کے اندر دو قسم کے رشتک (filaments) ہوتے ہیں ان کے نام یہ ہیں سخت اور ہلکے رشتک۔سخت ریشے A - پٹیوں کی ساری لمبائی میں توسیع کرتے ہیں اور باریک ریشے I - ریشوں تک توسیع کرتے ہیں اور جزوری طور پر A - پٹیوں تک توسیع کرتے ہیں۔ سارکولیما کے اوپر مہین نالیاں (T- Tubules) کا ایک غلاف بنتا ہے اور اس سے وہ A اور I پٹیوں کے درمیان داخل ہونے کا عمل کرتے ہیں۔

عضلاتی اصطلاحات:

عام شرائط	عضلات کا معادل
خلیے	عضلاتی ریشے Myofibril/
پلازما جھلی	سارکولیما
سائیٹو پلازم	سارکو پلازم
اینڈو پلازمک ریشی کولم	سارکو پلازمی جال

9.4۔ سکیڑ پیدا کرنے والی پروٹین کی ساخت:

(Structure of Contractile Proteins)

عضلاتی سکڑاؤ، سکیڑ پیدا کرنے والے پروٹین کی موجودگی پر منحصر ہے (خاکہ 9.2) جیسے عضلی ریشک میں آکٹن اور Myosin۔ موٹے ریشے پروٹینی میوسن سے ترتیب پائے ہوئے ہیں۔سرے ایک دوسرے سے ریشے کے مخالف کناروں پر بندھے ہوئے ہیں۔ہر میوسن کا سالمہ ایک سالمی مرکب سے بنا ہوا ہے، جیسے Meromyosin کہتے ہیں۔اس میرومیوسن کے دو خطے ہیں ایک کروی شکل کے سرے کے ساتھ چھوٹے بازو اور ایک دم چھوٹے بازو وزنی Heavy Meromyosin (HMM) کی تشکیل دیتے ہیں، اور دم کا حصہ ہلکے میرومیوسن Light Meromyosin (LMM) پیدا کرتا ہے ۔ اس کے سرے میں ایک actin اور ایک ATP باندھنے والے حصے موجود ہیں۔اس میں ATpase کے خامرے بھی پائے جاتے ہیں جو عضلات کے سکیڑ میں توانائی پیدا کرنے کے لئے ATP کو تقسیم کرتے ہیں۔ باریک ریشک actin کے دو سالموں سے بنے ہوئے ہیں، جو آپس میں اندرونی طور پر جڑے ہوئے ہیں۔ آکٹن میں یالی پٹائڈ کی ذیلی اکائیاں پائی جاتی ہیں جنہیں گلوبلی آکٹن یا G-Actin اور ریشہ نما شکل یا F- آکٹن کہتے ہیں۔ہر باریک

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:19 AM

ریشہ ایک دوسرے سے دومرغولہ نما F - آکٹن سے بنے ہوئے ہیں۔ ہر F - آکٹن کا کثیر ترکیبہ G - آکٹن کا ایک سالمی مرکب ہے۔اس میں Myosin کے جڑے ہوئے حصے بھی پائے جاتے ہیں۔ان باریک ریشوں میں کئی انقباضی پروٹین جیسے Tropomyosin اور Troponin بھی پائے جاتے ہیں جو آکٹن اور میوسن کے ساتھ عضلات کے سکیڑ کی ترتیب میں مدد کرتے ہیں۔





خاکہ 9.2۔سخت اور ہلکے ریشوں کی ترکیب

9.5۔ عضلات کے سکڑاؤ کا میکانزم
(Mechanism of Muscle Contraction)

رشتکوں کے پھسلنے کا نظریہ (Sliding Filament Theory)

1954 میں Andrew F. Huxley اور Rolf Niedergerke نے عضلات کے سکڑاؤ کی وضاحت کرنے کے لئے Sliding Filament کے نظریہ کی تجویز پیش کی ۔اس نظریہ کے تحت آکٹن اور میوسن کے ریشے ، طے شدہ لمبائی کے حصے، ایک دوسرے کو ڈھانپ لیتے ہیں، جس میں توانائی حاصل کرنے کے عمل میں وہ ایک دوسرے سے ساتھ گذرتے ہیں، جس کے نتیجے میں عضلات سکڑتے ہیں۔عضلاتی ریشوں کا سکڑنا ایک قابل ذکر عمل ہے جو حرکت کے لئے پیدا کرنے یا وزن کی مزاحمت کرنے میں مدد دیتا ہے۔ وہ قوت جو عضلات کے سکڑاؤ سے پیدا ہوتی ہے، اسے عضلاتی تناؤ کہتے ہیں ۔ وزن ایک طاقت یا قوت ہے جو عضلاتی سکڑاؤ کی مخالفت کرتا ہے۔سکڑاؤ عضلات میں تناؤ پیدا کرتا ہے جو فعال عمل ہے اور سکڑاؤ کی وجہ سے پیدا ہونے والے تناؤ کو آزاد کرتا ہے جسے پھیلاؤ Relaxation کہتے ہیں۔عضلات کے سکیڑ کا آغاز مرکزی عصبی نظام (CNS) حرکی عصبیہ کے ذریعہ پیچھے جانے والے عصبی ہیجان سے ہوتا ہے۔عضلاتی ریشے جب حرکی عصبیہ اور سارکولیما کے درمیان کے ملنے کے مقام کو عصبی عضلاتی مقام پر پہنچتے ہیں تو اسٹیل کولائن آزاد ہوتا ہے جو سارکولیما کی متعدد راہ کھولنے کی ابتداء کرتا ہے۔ یہ عمل ممکن طور پر T نالیوں کے ذریعہ سفر کرتے ہیں اور سارکوپلازمی جھلی سے کیلشیم کے روانوں کو آزاد کرتے ہیں ۔ جاری کردہ کیلشیم کے رواں ٹروپونن کے باریک ریشوں سے جڑے ہوئے ہیں۔ٹروپومیوسن باریک ریشوں پر مائیوسن کے جڑے ہوئے حصوں کو کھولتا ہے۔

اب فعال حصے Cross-bridge بناتے ہیں (خاکہ 9.3) کراس پل بنانے کے دوران Myosin اور actin پروٹین کامپلکس کی تشکیل کرتے ہیں ، جسے Actomyocin کہتے ہیں ۔ ATP کی آب پاشیدگی میں خارج ہونے والی توانائی استعمال کرتے ہوئے میوسن کے سرے کو گھماتا ہے، یہاں تک کہ یہ تار کے لمبے محور کے ساتھ 90° کا زاویہ نہیں بنالیتا۔اس مقام پر میوسن، ایکٹن کے ساتھ جڑتا ہے اور پھیلاؤ اور سکیڑ کا دور محرک کرتا ہے جو ایک زبردست جھٹکے کی اتباع کرتا ہے۔

یہ طاقتور جھٹکا (Cross bridge Titling) میوسن کے سر اور قبضہ (چول) (Hinge) خطے کی 90° سے 45° تک جھک جانے کے بعد شروع ہوتا ہے۔ cross bridge مضبوط اعلیٰ طاقت کی بندش میں تبدیل ہو جاتا ہے جو میوسن کے سرے کو گھومنے کی اجازت دیتا ہے۔ جب Myosin کے سرا گھومتا ہے تو اس سے منسلک actin کے ریشے کو A-پٹی کے مرکز کی طرف کھینچتا ہے تو میوسن اپنے حالت سکون میں واپس آجاتا ہے اور ADP اور فاسفیٹ کے رواں کو خارج کرتا ہے۔ اس کے بعد ایک نیا ATP کا سالمہ پر پھر میوسن کے سرے سے جڑ جاتا ہے۔ اب Cross bridges ٹوٹ جاتی ہے۔ طاقتور جھٹکے (Power Stroke) کے اختتام پر ہر میوسن کا سرا actin سے جدا ہو جاتا ہے۔ پھر پیچھے گھوم کر دوسرا اسکڑاؤ کا دور شروع کرنے کے لئے actin کے ایک نئے سالمے سے جڑ جاتا ہے۔ یہ حرکت کشتی میں پتوار کی حرکت کے مماثل ہے۔ یہ Power Stroke کے اختتام پر یہ میوسن کا سرا actin سے جدا ہوتا ہے۔ پھر، پھر کی طرح پیچھے گھومتا ہے اور دوسرے سیکٹر کا دور شروع کرنے کے لئے actin کے سالمے سے جڑ جاتا ہے۔ یہ Power Stroke کئی بار دوہراتا ہے، یہاں تک کہ عضلاتی ریشے سکڑ جائیں۔

میوسن کے سرے جڑ کر ڈھکیلتے ہیں اور آکٹن کے سالمے لگا تار آزاد ہوتے ہیں جیسا کہ Sarcomere کے مرکز کی طرف باریک ریشے راغب کرتے ہیں۔ Cross bridge دور کے لگا تار بننے سے صرف پھسلنے کی حرکت کرتے ہیں، مگر سخت باریک ریشے کی لمبائی میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ Z-disc آکٹن کے ریشوں سے جڑ جاتے ہیں اور دونوں کناروں پر اندرونی جانب کھینچتے ہیں۔ نتیجے میں سارکومیر مختصر ہو جاتے ہیں (مثلاً سکڑاؤ) جب تک کہ عضلات محرکات حاصل نہ کریں۔ یہ عمل جاری رہتا ہے اور ساتھ میں کیلشیم کے رواں کا مستحکم بہاؤ ہوتا ہے۔ حرکی جھٹکا، رک جاتا ہے تو کیلشیم کے رواں کو دوبارہ سرکوپلازم میں پمپ کیا جاتا ہے جس کے نتیجے میں آکٹن کے ریشے کو فعال حصوں میں چھپاتے ہیں۔ میوسن کے سرے آکٹن کے فعال حقوق سے جڑنے میں ناکام ہوتے ہیں اور ان تبدیلیوں سے z- disc کی اصلی حالت میں واپس آجاتی ہیں (یعنی سکون)۔ خاکہ 9.3



خاکہ 9.3 عضلات کے سکڑاؤ میں Cross پل کا دور

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:21 AM



Fully contracted sarcomere of a muscle fibre

ایک عضلاتی ریشہ کا مکمل طور پر سکڑا ہوا ساکرومیر



Fully relaxed sarcomere of a muscle fibre

ایک عضلاتی ریشہ کا مکمل طور پر پھیلا ہوا ساکرومیر

خاکہ 9.4۔ عضلہ کے سکیڑ کا پھسلنے والے ریشے کا نمونہ

عضلاتی سکیڑ کا ترتیب وار خاکہ

عضلات کے سکڑاؤ کا آغاز CNS کے اشارے سے ہوتا ہے۔

↓

اسٹیل کولن کا اخراج اعصابی عضلاتی جوڑ میں ہوتا ہے۔

↓

عضلاتی ریشے عملی صلاحیت کا سبب بنتے ہیں۔

↓

ساکروپلاسمک جال، کیلشیم کے روانوں کو آزاد کرنے کے لئے محرک ہوتا ہے۔

↓

کیلشیم کے رواں ٹروپونن اور ٹروپومیوسن کے ساتھ جڑ جاتے ہیں اور میوسن، ایکٹن کے جڑے ہوئے حصے کو کھلا چھوڑتے ہیں اور سکڑاؤ شروع ہوتا ہے۔

↓

میوسن کے جڑے ہوئے حصے کھل گئے۔ میوسن کا سرا ایکٹن سے جڑ جاتا ہے۔

↓

میوسن کا سرا Power Stroke کو نافذ کرتا ہے۔

↓

ایکٹن کے ریشے سارکومیئر کے مرکز کی طرف جھکتے ہیں۔ (سکیڑ)

↓

CNS کا اشارہ رک جاتا ہے۔ کیلشیم کے رواں دوبارہ سارکوپلاسمک جال کے مرکز کی طرف واپس آجاتا ہے۔

↓

ٹروپومائیوسن جڑے ہوئے حصوں کو چھپاتے ہیں۔ ریشے اپنی اصلی حالت کو دوبارہ کھینچتے ہیں۔ (حالت سکون (پھیلاؤ)

9.6 کالبدی عضلات کے سکیڑ کی قسمیں۔

(Types of skeletal muscle contraction)

عضلاتی سکیڑ کے دو بنیادی قسمیں ہیں۔ ہم سرایتی (Isotonic) سکیڑ اور ہم پیمائشی (Isometric) سکیڑ۔ سکیڑ کی قسم، سکیڑ کے دوران عضلات کی لمبائی اور تناؤ پر منحصر ہے۔

ہم سرایتی سکیڑ (Isotonic contraction)

(مزاحمت/وزن۔ton، ایک جیسے۔Iso)

ہم سرایتی سکیڑ میں عضلات کی لمبائی بدل دی جاتی ہے، مگر تناؤ مستقل رہتا ہے۔ یہاں تیار کردہ قوت میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ مثال: وزن اٹھانے کے ڈمبل اٹھانا۔ (lifting dumb bells)

ہم پیمائشی سکیڑ (Isometric contraction)

(فاصلہ۔ton، ایک جیسے۔Iso)

ہم ابعادی سکڑاؤ میں عضلات کی لمبائی نہیں بدلی جاتی، مگر عضلات کے تناؤ میں تبدیلی آتی ہے۔ یہاں پر پیدا ہونے والی قوت کو تبدیل کیا جاتا ہے۔ مثال: ایک دیوار کی طرف ڈھکیلنا، ایک وزنی بیگ تھامنا۔

کالبدی عضلات کے ریشوں کے اقسام:

(Types of skeletal muscle fibres)

عضلات کے ریشوں کو ان کے چھوٹے ہونے کے شرح کی بنیاد پر درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔ تیز یا سست اور جس طریقے سے سکڑاؤ کے لئے درکار ATP تیار کرتے ہیں۔ تکسیدی عمل یا گلائی کوجین پاشیدگی

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:22 AM

اعلیٰ ATPase کا رروائی والے میوسن پر مشتمل ریشوں کو تیز ریشے کے طور پر درجہ بندی کی جاتی ہے اور کم ATPase کا رروائی والے کو سست ریشوں کے طور پر درجہ بند کیا گیا ہے۔ ریشے جو متعدد مائٹو کانڈریا پر مشتمل اور وہ اعلیٰ phosphorelation کی صلاحیت رکھتے ہیں، ان کو تکسیدی ریشوں میں درجہ بند کیا گیا ہے۔ اس طرح کے ریشے عضلات میں آکسیجن اور غذائی اجزاء پانے کے لئے خون کے بہاؤ پر منحصر ہیں۔ ان تکسیدی ریشوں کو سرخ عضلاتی ریشوں سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ریشے جو چند مائٹو کانڈریا پر مشتمل ہیں، مگر کلائیکوجن پاشیدگی کے خامرے میں اعلیٰ مرکوزیت کی خصوصیت اور گلائیکوجن کے بڑے ذخیرے ہیں جنہیں Glycolytic ریشے کہتے ہیں۔ میوگلوبن کی کمی ریشوں کو ہلکا رنگ دیتی ہے۔ لہذا انہیں سفید عضلاتی ریشے کہتے ہیں۔ ڈھانچے کے عضلاتی ریشوں کو مندرجۂ بالا درجہ بندی کی بنیاد پر مزید اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔ وہ یہ ہیں سست-تکسیدی ریشے، تیز-تکسیدی ریشے اور تیز-گلائیکولیٹک ریشے۔

(1) سست تکسیدی ریشے: (Slow oxidative fibres)

ریشوں میں میوسن ATP کے آب پاشیدگی کی شرح کم ہے، لیکن اس میں بڑی مقدار میں ATP تیار کرنے کی قابلیت پائی جاتی ہے۔ یہ ریشے طویل اور مستقل کارروائیاں جیسے طویل فاصلے کی تیراکی میں استعمال ہوتے ہیں۔ لمبا فاصلہ دوڑنے والوں میں ان ریشوں کا ایک اعلیٰ تناسب ہوتا ہے۔

(2) تیز تکسیدی ریشے: (Fast oxidative fibres)

تیز تکسیدی ریشے میں اعلیٰ مائیوسن ATPase کی کارروائی ہوتی ہے اور وہ زیادہ مقدار میں ATP تیار کرتا ہے۔ وہ خاص طور پر تیز رفتار کاروائیوں کے لئے مناسب ہے۔

(3) تیز گلائیکوجن کی پاشیدگی:

(Fast Glycolytic Fibres)

ان میں مائیوسن ATPase کی کارروائی ہوتی ہے، مگر وہ تکسیدی ریشوں کی طرح زیادہ سے زیادہ ATP تیار نہیں کر سکتے۔ کیونکہ ان کے ATP کا ذریعہ شکر پاشیدگی ہے۔ یہ ریشے فوری اور شدید کارروائی کے لئے بہترین موزوں ہیں، جیسے زیادہ رفتار میں مختصر دوڑ ناوغیرہ۔

کونسے myofilaments میں کیلشیم کے جڑے ہوئے مقامات پائے جاتے ہیں؟ مخصوص سالموں کے نام بتائیں جو کیلشیم سے جڑے ہوئے ہیں۔

کیا تم جانتے ہو؟

کالبدی عضلات گلائیکوجن کا تجزیہ (SMGA)

(Skeletal Muscle Glycogen Analysis)

عضلات کی ایک کھلاڑی کے کھیل کی کارگردگی میں عضلات کی حیوی تشخیص (muscle biopsy) کی پیمائش میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ عضلات کے کلائیکوجن کی پیمائش کا ایک معیاری طریقہ ہے۔ عضلاتی گلائیکوجن، غیر ہوا باش ورزش کے دوران توانائی کا بنیادی ذریعہ فراہم کرتا ہے۔ مزید یہ کہ جسم کے اندر کل گلائیکوجن ذخیرہ میں بھی برداشت کی قسم کے واقعات میں طویل عرصے تک رہنے والے توانائی کے تحول میں بھی نمایاں کردار ادا کرتے ہیں۔ 5000 انفرادی گلوکوز کے سالموں کے مقابلے میں ایک واحد گلائیکوجن کا سالمہ 5000 گلوگوز کی اکائیوں پر مشتمل ہے۔

9.7۔ کالبدی عضلات کی خصوصیات:

(Properties of Skeletal Muscles)

کالبدی عضلات کی چار اہم خصوصیات ہیں۔ وہ یہ ہیں۔

اشتعالیت یا حساسیت (Excitability / Irrritability)

کیمیائی اور برقی اشارے کی وجہ سے ردعمل یا سکیڑ کی صلاحیت

سکڑنے کی صلاحیت (Contractility):

جس بے ساختوں میں حرکت پیدا ہوتی جس کے ساتھ عضلات کو جوڑا جاتا ہے۔

ایصالیت (Conductivity) :

عضلاتی ریشوں کے ایک حصے میں متحرکی عمل ہوتا ہے جو عضلات کے تمام حصوں میں پھیل جاتا ہے، جسے ایصالیت کہتے ہیں۔

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:23 AM

لچک پن یا پھیلاؤ کے قابل
(Elasticity / Distensibility)

عضلات کے بڑھ جانے کے بعد حالت سکون میں اپنی اصلی لمبائی میں لوٹنے کی قابلیت کو لچکداری کہتے ہیں۔

9.8۔ کالبدی نظام اور اس کے افعال:
(Skeletal system and its function)

کالبدی نظام ہڈیوں اور کری کی ہڈیوں کی بنیادی ساخت کی تشکیل دیتا ہے۔ یہ جینی میاں ادمہ سے اخذ کیا ہوا ہے۔عضلات جو ہڈیوں سے وریدوں کے ذریعہ جڑے ہوئے ہیں اور ڈھانچہ کی ہڈیوں کے لئے ضروری قوت فراہم کرتے ہیں اور یہ بیرم کی طرح کام کرتا ہے۔ ڈھانچے کے نظام کی تین اقسام ہیں۔ وہ یہ ہیں۔

FRYTQ

آب سکوں ڈھانچہ (Hydrostatic skeleton)

یہ نرم جسم والے غیر فقری دار جانوروں میں پایا جاتا ہے۔ یہ ایک سیال ہے، جو بے خالی جگہوں کو پُر کرتا ہے جو عضلات کے گرد گھیرے ہوئے ہیں۔ مثال : کیچوا۔

دروں ڈھانچہ: (Exoskeleton)

یہ غیر فقری دار جانوروں میں پایا جاتا ہے۔ یہ ہڈیوں اور کری ہڈیوں سے بنا ہوا ہوتا ہے، جو عضلات سے گھرے ہوئے ہیں۔ (مثال: انسان)۔انسانوں میں کالبدی نظام 206 ہڈیوں اور کری ہڈیوں سے بنا ہوا ہے۔انہیں دو اہم جماعتوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ محوری ڈھانچہ (axial skeleton) اور ضمیمی ڈھانچہ (Appendicular Skeleton)۔ محوری ڈھانچہ 80 ہڈیوں پر مشتمل ہے اور ضمیمی ڈھانچہ 126 ہڈیوں پر مشتمل ہے۔ (شکل 9.6 اور جدول 1)

ڈھانچے کے نظام کے افعال
(Function of Skeletal system)

- سہارا : یہ ایک لچکدار بنیادی ساخت بناتا ہے اور جسمانی وزن کو کشش کے خلاف سہارا دیتا ہے۔
- شکل: یہ جسم کو ساخت اور شکل مہیا کرتا ہے۔

تمام عضلات حرکت کرتے ہیں، مگر صرف ڈھانچے کے عضلات ہی نقل مقام کے ذمہ دار ہیں۔اس بیان کا کیا مطلب ہے؟

- حفاظت: یہ جسم کے اندرونی نرم اعضاء کی حفاظت کرتا ہے۔
- ذخیرہ اندوزی: یہ معدنیات جیسے کیلشیم اور فاسفیٹ کی ذخیرہ اندوزی کرتا ہے۔
- چربی (Triglyceride): چربی کو زرد ہڈی کے گودے میں ذخیرہ کرتا ہے اور جسم کے لئے ذخیرہ شدہ توانائی کے ذرائع کی نمائندگی کرتا ہے۔
- نقل مقام (locomotion) : اس سے منسلک عضلات کے ساتھ یہ بیرم کی طرح کام کرتا ہے۔
- طاقت: یہ بھاری طاقت کا مقابلہ کرسکتا ہے اور میکانیکی جھٹکے کو جذب کرتا ہے۔
- پسلی کی ہڈی کے گودے میں سفید اور سرخ خلیے پیدا ہوتے ہیں۔ فقرے دار کی اسفنجی ہڈی اور انتہائی لمبی ہڈی میں پیدا ہوتے ہیں۔

9.9 محوری ڈھانچہ (The axial skeleton)

محوری ڈھانچہ جسم کا اہم محور بناتا ہے۔ یہ کھوپڑی، U- نما ہڈی، فقری ستون اور سینے کا پنجرہ ہوتا ہے۔

(a) کھوپڑی : (The Skull)

کھوپڑی کی ہڈیاں دو گروہ میں ترتیب پائی ہوئی ہیں۔قحفی کھوپڑی Cranial اور چہرے کی ہڈیاں۔ یہ 22 ہڈیوں پر مشتمل ہے، جس میں 8 قحفی ہڈیاں اور 14 چہرے کی ہڈیاں ہیں۔ (خاکہ 9.5) کھوپڑی کی ہڈیاں دماغ کو بیرونی طور پر ایک سخت حفاظتی ڈھانچے کی تشکیل دیتے ہیں اور اسے دماغی خانہ (Brain box) کہتے ہیں۔ کھوپڑی کا حجم $1500\ cm^3$ ہے۔ یہ ہڈیاں Sutures (دو ہڈیوں کے جڑنے کا نشان) سے جڑی ہوئی ہیں، جو غیر متحرک ہیں۔ یہ جزوی طور پر بڑی ہوتی ہیں۔ وقتی طور پر جڑی ہوئی اور انفرادی ہڈیاں ہیں، جیسے پیشانی (Frontal)، کنپٹی کی ہڈی (Sphenoid)، مغز نما (Occipital) اور ناک کے اطراف کی ہڈی (ethmoid) وغیرہ ہیں۔

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:23 AM



Anterior view خاکہ 9.5۔کھوپڑی کی ساخت Lateral view

کنپٹی کی ہڈی Temporal bone میں بڑا سوراخ بیرونی external auditory meatus ہے۔چہرے کی ہڈی maxilla، palatine، Zygomatic، lacrimal اور nasal وغیرہ جوڑی دار ہڈیاں ہیں، جب کہ جبڑا، نچلا جبڑا اور ناک کی ہڈی غیر جوڑی دار ہڈیاں ہیں۔یہ کھوپڑی کا اگلا حصہ بناتے ہیں۔ایک اکہری U-نمالامی ہڈی hyoid bone لامی ہڈی ہے، جو بوتی کہفہ buccal cavity میں پائی جاتی ہے۔ یہ واحد ہڈی ہے، جو بغیر کسی جوڑ کے ہے۔ درمیانی کان میں تین چھوٹی ہڈیاں پائی جاتی ہیں ۔مطرقہ (malleus)، چھٹی ہڈی (incus)، اور رکیب (stapes)۔ان تینوں کو مجملہ کان کی وسطی ہڈی (ear ossicles) کہا جاتا ہے۔ اوپر کا جبڑا maxilla سے بنا ہوا ہے اور نچلا جو mandible سے بنا ہوا ہے۔ اوپری جبڑا کھوپڑی سے جڑا ہوا ہے اور یہ غیر متحرک ہے۔نچلا جبڑا عضلات کے ذریعہ کھوپڑی سے منسلک ہے اور وہ متحرک ہیں۔کھوپڑی میں سب سے نمایاں درز چشم / آنکھ کا گولا (orbits) اور ناک کا کہفہ (nasal cavity) ہے۔ منقذ نخاع (Foramen magnum) ایک بڑا سوراخ ہے، جو کھوپڑے کے پچھلے بنیادی حصے میں پایا جاتا ہے۔اس سوراخ کے ذریعہ دماغ کا نخاع مستطیل ریڑھ کی ہڈی کی طرف نیچے اترتا ہے۔

(b) فقری ستون (Vertebral column)

فقری ستون کو ریڑھ کی ہڈی / back bone بھی کہتے ہیں۔ یہ سلسلہ وار ترتیب شدہ 33 فقروں پر مشتمل ہے، جو نرم ہڈیوں کے ذریعہ آپس میں جڑی ہوئی ہیں، جنہیں invertebral disc بین فقرائی خضروف کہتے ہیں۔ (خاکہ 9.6)۔یہ فقری ستون توسیع پا کر کھوپڑی کے نچلے حصے سے کمر تک پھیلا ہوا ہے اور ڈھانچے کے اہم حصے تک ایک فریم ورک / بنیادی ساخت بناتا ہے۔فقری ستون کے پانچ اہم خطے ہیں وہ ہیں۔گردن (Cervical)، صدری (Thoracic)، کمر (Lumbar)، عجزی / کولھے کی ہڈیاں (Sacrum)۔(بچوں میں 5 کولھے کے فقرے پائے جاتے ہیں جو آپس میں جڑ کر بالغوں میں ایک ہڈی بن جاتے ہیں۔



خاکہ 9.6 فقری ستون

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:24 AM

دُم کی ہڈی : (Coccyx)

(شیر خوار میں 4 ذنبی فقرے پائے جاتے ہیں جو بالغوں میں منجمد ہو کر ایک ہڈی بن جاتے ہیں)۔

ہر فقرہ کے درمیان میں کھوکھلا حصہ ہوتا ہے۔ عصبی نالی جس کے ذریعے عصبی ڈور پہنچتی ہے۔ پہلے فقرے کو Atlas ریڑھ کی ہڈی کا پہلا فقرہ کہتے ہیں اور دوسرے فقرے کو axis محور کہتے ہیں۔ ریڑھ کی ہڈی کا پہلا مہرہ مؤخری قزال کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔

یہ فقری ستون عصبی ڈور کا محافظ ہے۔ یہ سر کو سہارا دیتا ہے اور پیٹھ کے عضلات اور پسلیوں سے منسلک ہو کر جوڑ کی حیثیت سے کام کرتا ہے۔

(c) قص یا سینے کی ہڈیاں (Sternum)(Chest bone)

قص چپٹی ہڈیاں ہیں جو صدر کی وسطی بطنی خط ہے۔ یہ سینے کی پسلیوں اور پیٹ کے عضلات کو جوڑنے کے لئے جگہ مہیا کرتا ہے۔

(d) پسلی کا پنجرہ: (The rib cage)

پسلی کی ہڈیوں میں 12 جوڑیاں ہیں۔ (خاکہ 9.7) ہر پسلی ایک پتلی چپٹی ہڈی ہے، جس کا پچھلا فقری ستون اور بطنی حصہ قص سے جڑا ہوا ہے۔ اس کے پچھلے سرے میں دو جوڑی سطحیں پائی جاتی ہیں۔ لہذا انہیں icephalic کی پہلی سات جوڑیاں True ribs اصلی پسلیاں یا حقیقی پسلیاں Vertebro sternum ribs پسلی کی چپٹی ہڈی کہتے ہیں۔ پچھلا حصہ صدری فقرہ سے جڑا ہوا ہے اور اگلا فص کہری ہڈی رغضروف کی مدد سے پسلی کے پنجرہ سے جڑا ہوا ہے۔ 9,8 ویں اور 10 ویں پسلی کی جوڑیاں براہ راست قص سے جڑی ہوئی نہیں ہیں مگر 7 ویں پسلی کی جوڑیاں (کری کی ہڈی) سے جڑی ہوئی ہے اسے کاذب پسلی false ribs یا vertebrae chondral ribs کہتے ہیں۔ آخری 11 ویں اور 12 ویں پسلی کی جوڑی اگلے حصے سے جڑی ہوئی نہیں ہے۔ لہذا انہیں Floating ribs معلق پسلی کہتے ہیں۔ صدری فقرے، پسلیاں اور قص ایک دوسرے سے جڑ کر پسلی کا پنجرہ rib cage بناتے ہیں۔ پسلی کا پنجرہ۔ پھیپھڑے، دل، جگر کی حفاظت کرتا ہے اور سانس لینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔



خاکہ 9.7۔ پسلی کا پنجرہ

9.10۔ ضمیمی ڈھانچہ (The Appendicular Skeleton)

اوپری اور نچلے اعضاء کی ہڈیاں گھیرے کے ساتھ منسلک ہو کر ضمیمی ڈھانچہ بناتے ہیں۔ ضمیمی ڈھانچے 126 ہڈیوں سے بنا ہوا ہے۔

a) صدری گھیرا: (Pectoral gridle)

اوپری اعضاء ہڈی سے جڑے ہوئے ہیں، جو بہت ہلکے اور اوپری اعضاء کو نقل و حرکت میں ایک حد تک مدد کرتے ہیں، جو جسم میں کہیں اور دیکھا نہیں جا سکتا ہے۔ یہ گھیرا دو صف حصے دیتے ہیں جو جسم میں کہیں اور دیکھا نہیں جا سکتا ہے۔ یہ گھیرا دو نصف حصوں سے بنا ہوا ہے، (خاکہ 9.8) جو ہنسلی (Clavicle) یا ہنسلی کی ہڈی (Collar bone) اور لوح (Scapula) پر مشتمل ہے۔ یہ لوح ایک بڑی، پتلی اور مثلث نما ہڈی ہے جو پسلی کے پنجرہ میں 2 ویں اور دسویں پسلی کے درمیان پچھلی سطح پر جڑی ہوئی ہے۔ ریڑھ کی ہڈی سے تھوڑی بلندی پر سخت حصہ ہے، جو توسیع شدہ ہے جسے نوک شانہ acromion کہتے ہیں۔ اور یہ ساخت پسلی کو ظاہر کرتی ہے۔ نوک شانے کے نیچے ایک اتار رگڑھا ہے جسے دقمی کہفہ (glenoid cavity) کہتے ہیں جو کندھے کے جوڑ بنانے کے لئے زراعیہ کے سرے جڑے رہتا ہے۔ ہر ہنسلی ایک لمبی پتلی ہڈی ہے، جس میں دو خم ہوتے ہیں۔ یہ افقی طور پر جڑا ہوا ہے اور محوری ڈھانچے کو ضمیمی ڈھانچے سے جوڑتا ہے۔

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:25 AM

اوپری بازو: (The Upper limb)

اوپری بازو 30 الگ الگ ہڈیوں پر مشتمل ہے اور یہ نقل وحرکت کے لئے مخصوص ہے۔ بازو کا ڈھانچہ ، کندھے اور کہنی کے درمیان کا علاقہ زراعیہ (humerus) ہے۔ زراعیہ لوح کے دقبہ کہفہ کے ساتھ جڑا ہوا ہے جو کندھے کا جوڑ بناتا ہے۔

زراعیہ کے سرے کا کنارا بازو کی دو ہڈیاں کعبور (radius) اور زند (ulna) سے جڑی ہوئی ہیں۔ اگلا بازو (Force arm) کہنی اور کلائی کا نوکیلا حصہ Oleceanon process ہے۔

Oleceanon process زند کے اوپری سے جڑا ہوا ہے جو کہنی کا نوکیلا حصہ بناتا ہے۔ ہاتھ میں کلائی کی ہڈیاں (carpals)، ہتھیلی کی ہڈیاں (meta carpals) اور سلامیات (phalanges) پر مشتمل ہیں۔



خاکہ 9.8۔ اوپری بازو کے ساتھ صدری گھیرا

ہتھیلی۔کلائی کی ہڈیوں (Carpals) کی تعداد 8 ہے جو دو قطار میں ہیں۔ ہر ایک میں 4 ہڈیاں ترتیب پائی ہوئی ہیں۔ کلائی کی پچھلی سطح پر tunnel کی طرح مشکل پائی جاتی ہے جو ہتھیلی کی رباط سے اس طرح کی ترتیب کی وجہ سے ہے۔ اس Tunnel کو Carpal tunnel کہتے ہیں۔

(Carpal Tunnel Syndrome)(CTS)

کلائی میں ہڈیوں اور رباطوں سے جڑا ایک تنگ راستہ (سرنگ) ہے اور جو درمیانی اعصاب کو تنگ کر دیتا ہے۔ یہ علامتیں زیادہ تر سافٹ ویر، پیشہ ور، حاملہ خواتین، کلرک اور ایسے لوگ جو مستقل موبائل فون میں مستقل کھیلتے ہیں یا ٹکسٹ کرتے ہیں، ایسے لوگوں میں دیکھا جا سکتا ہے۔

ہتھیلی کی ہڈیاں: (Metacarpals)

ہتھیلی کی ہڈیوں کی تعداد پانچ ہے اور سلامیات کی تعداد 14 ہے۔

(b) عانی گھیرا: (Pelvic Gridle)

عانی گھیرا ایک وزنی ساخت ہے، جو وزن برداشت کرنے کے لئے مخصوص ہے۔ یہ دو کولھے کی ہڈیوں سے بنا ہوا ہے جس کو Coxal bones کہتے ہیں، جو نچلے اعضاء کے محوری ڈھانچے کی حفاظت کرتا ہے۔ (خاکہ 9.9) عجزی اور دم کی ہڈی مل کر، کولھے کی ہڈی ایک نشیب جیسی عانی ہڈی (pelvis) بناتی ہے۔

ہر ایک کولھے کی ہڈی تین جڑی ہوئی ہڈیوں یعنی پیڑو کی چپٹی ہڈی (ilium)، پیڑو کی خم ہڈی (Ischium) اور سرین (pubis) کے منجمد نقطے پر ایک گہرا نصف کروی شکل کا گھیرا ہے جسے جوف رخول کہتے (acetabulum) ہیں جو پیڑو کے جانبی سطح پر پایا جاتا ہے۔ یہ پیروں کی ہڈی فخذ (femur) کے سرے کو حاصل کرتا ہے۔ کولھے کے جوڑ یا ران کی ہڈی اور فخذ کو جڑنے میں مدد کرتا ہے۔ نچلی سطح پر عانی گھیرے کے دو نصف حصے ملتے ہیں اور مقعد کا قاعدہ (pubic symphysis) بناتے ہیں۔ جو ریشے دار کری ہڈیوں پر مشتمل ہے۔

کولھے کے جوڑ، کولھے کی ہڈی کا پھیلا ہوا حصہ ہے۔ عجزی ہڈی کے ساتھ ہر کولھے کی ہڈی ایک محفوظ جوڑ بناتی ہے۔

پیڑو کی خم ہڈی (ischium)، ہڈیوں کی مڑی ہوئی سلاخ نما

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:26 AM

شکل ہے۔ V - کی شکل کی سرین کی ہڈی ہے، جو آگے کے مقعد کے قاعدہ سے جڑی ہوئی ہے۔ فطرت میں مردوں کا فخذ گہرا، تنگ اور لمبی بھاری ہڈیوں سے اور عورتوں میں کم گہرا، چوڑا اور لچک دار ہوتا ہے۔ عورتوں میں حمل کے دوران، ایک ہارمون کے ذریعہ یہ مددگار ثابت ہوتا ہے۔

عانی گھیرا، ایک وزنی مضبوط گھیرا ہے۔
اس کی ساخت، اس کے افعال کی عکاسی کیسے کرتی ہے؟



خاکہ 9.9 : نچلے بازو کے ساتھ عانی گھیرا

نچلے اعضاء (The Lower limb)

نچلے اعضاء 30 ہڈیوں پر مشتمل ہیں، جو تمام سیدھے کھڑے ہونے پر تمام جسم کا وزن اٹھاتے ہیں۔ جب ہم اچھلتے یا دوڑتے ہیں تو وہ غیر معمولی قوتوں کے ماتحت ہیں۔ نچلے اعضاء کی ہڈیاں اوپری اعضاء سے موٹے اور مضبوط ہوتے ہیں۔ ہر نچلے اعضاء کے تین حصے ہیں۔ ران (thigh)، پیر (leg) (کولھے، ٹخنے کا حصہ یا پنڈلی) اور پنجہ (Foot) ہیں۔ فخذ (femur) ران کی واحد ہڈی ہے۔ یہ جسم کی سب سے بڑی لمبی اور سب سے مضبوط ہڈی ہے۔ فخذ کا سرا جوف (acetabulum) کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ دو متوازی ہڈیاں قضیہ (tibia) اور شظیہ (fibula) کا ڈھانچہ بناتے ہیں۔ ایک سخت تکونا رمشاشی شکل کی چپٹی ہڈی (patella) گھٹنے کے پار بیرم کی طرح کام کرنے والی ران کے عضلات کو بہتر بناتا ہے۔ پیر میں ٹخنہ کی ہڈیاں، کعب (tarsus)، بعد کعب (metatarsus) سلامیات (phalanges) یا انگوٹھے کی ہڈی (toe bones) شامل ہے۔ پیر ہمارے جسمانی وزن کی تائید کرتا ہے۔ چلتے اور دوڑتے ہوئے جسم کو آگے بڑھانے کے لئے ایک بیرم کی طرح کام کرتا ہے۔ پاؤں کا ٹخنہ 7 ہڈیوں سے بنا ہوا ہے، جنہیں کعب کہتے ہیں۔ بعد کعب Metatarus 5 ہڈیوں سے بنا ہوا ہے۔ بعد کعب کی ترتیب ایک دوسرے کے متوازی ہے۔ انگوٹھے میں 14 سلامیات پائے جاتے ہیں، جو انگلیوں سے چھوٹے ہیں۔

ایک مثالی مخصوص لمبی ہڈی کی ساخت:
(Structure of a typical long bone)

ایک مخصوص لمبی ہڈی میں diaphysis، برنامیہ epiphysis اور جھلی ء/غشاء membranes (خاکہ 9.10) ہوتے ہیں۔ ایک نالی نما برنامیہ یا تیر ہے جو محور کی لمبی ہڈی بناتا ہے۔ یہ باہمی طور پر ایک موٹی بانس بناتے ہیں، جو مرکزی نخائی کہفہ یا گودے کا کہفہ کے اطراف ہے۔ برنامیہ ہڈی کا اختتام ہے۔ باہم ملی ہوئی ہڈی برنامیہ کی بیرونی شکل بناتی ہے اور اس کے اندرونی حصہ میں نرم ہڈیاں اور سرخ گودا پایا جاتا ہے۔ وہ خطہ جہاں درنامیہ اور برنامیہ ملتے ہیں، جیسے metaphysis استعارہ کہتے ہیں۔ تمام ہڈیوں کی بیرونی سطح کے ایک دوہری پرت والی جھلی سے ڈھکی ہوئی ہے، جسے Periosteum کہتے ہیں۔

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:26 AM

جدول 9.1۔ ڈھانچے کے نظام کی ہڈیاں

ڈھانچہ Skeleton	جملہ ہڈیوں کی تعداد		ہڈیوں کی تعداد	ہڈیوں کے نام
محوری ڈھانچہ (80 ہڈیاں) **Axial skeleton (80 bones)**	Skull کھوپڑی	کھوپڑی	8	29
		چہرے کی ہڈیاں	14	
		درمیانی کان کی ہڈیاں	6	
		لامی ہڈی (Hyoid bone)	(2 × 3) 1	
	فقری ستون Vertebral column	Cervical گردنی	7	26 (in adults) بالغوں میں
		Thoracic صدری	12	
		Lumbar کمری	5	
		Sacral عجزی	5 ہڈیاں مل کر ایک ہڈی بناتے ہیں	
		Coccyx دم کی	4 ہڈیاں جڑ کر ایک ہڈی بناتے ہیں	
	Sternum قص		1	1
	Ribs پسلیاں		12 × 2 = 24	24
ضمیمی ڈھانچہ (126 ہڈیاں) **Appendicular skeleton (126bones)**	Fore limb اوپری بازو	Humerus زراعیہ	1	(2 × 30) 60
		Radius کعبور	1	
		Ulna زند	1	
		Carpals کلائی	8	
		Metacarpals کلائی کی ہڈیاں	5	
		Phalanges سلامیات	14	
	Hind limb نچلے بازو	فخذ	1	(2 × 30) 60
		قبضیہ	1	
		شظیہ	1	
		ٹخنہ کی ہڈی	7	
		نچلے ٹخنہ کی ہڈیاں	5	
		سلامیات	14	
		گھٹنے کی ہڈی	1	
	Pectoral girdle صدری گھیرا	Scapula لوح	1	(2 × 2) 4
		Clavicle ہنسلی	1	
	Pelvic girdle عانی گھیرا	(کولھے کی ہڈی، پیڑو کی خم ہڈی اور سرین مل کر ایک ہڈی بناتے ہیں)	1	(1 × 2) 2
Total number of bones in adults بالغوں میں جملہ ہڈیاں				206

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:27 AM

بیرونی ریشے دار پرت گھنے سے ترتیب جڑے ہوئے بافتیں ہیں۔
اندرونی Osteogenic ہڈی بنانے والی پرت Osteoblast (ہڈی بنانے والے خلیے) پر مشتمل ہے، جو ہڈیوں کے bone matrix عناصر کو خارج کرتا ہے اور osteoclast (ہڈیوں کو تباہ کرنے والے خلیے) ہیں۔اس کے علاوہ جہاں پر قدیم تنے کے خلیے osteogenic culs ہیں، جو osteoblast کو پیدا کرتے ہیں۔ Periosteum نامی پرت اعصابی ریشے لمفی وریدیں اور خون کی وریدوں سے بھرپور ہیں۔ اندرونی ہڈیوں کی سطحیں ایک نازک جوڑنے والے ریشہ دار جھلی سے بکھری ہوئی ہے، جسے دروں عضلہ (endosteum) کہتے ہیں۔ دروں عضلہ اسفنجی ہڈی کے Trabeculae نالیوں کو گھیرے ہوئے ہے اور سیدھی نالیاں جو باہم ہڈیوں کو مل کر گذرتی ہیں۔ اس میں osteoclasts اور osteoblast دونوں پائے جاتے ہیں۔ epiphysis اور diaphysis کے درمیان epiphyserl plate یا نشوونمائی پلیٹ پائی جاتی ہے۔



Figure 9.10 Structure of a long bone

9.11 ۔ جوڑ کے اقسام: (Types of Joints)

جسم کی ہڈیوں کے حصوں کی طرف سے انجام دی جانے والی ہر قسم کی حرکات کے لئے جوڑ ضروری ہے۔ جوڑ ہڈیوں کے درمیان رابطہ کرنے کا ذریعہ ہیں۔ (خاکہ 9.11)

بعض اوقات وہ اس عمل میں تحفظی کردار ادا کرتے ہیں۔ عضلات کے ذریعہ پیدا ہونے والی طاقت کو جوڑوں کے ذریعہ نقل وحرکت کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جو روز مرہ کی زندگی اور حرکت کرنے کے عمل میں انسانی افعال کی کارروائیوں میں مدد کرتا ہے۔ جوڑ بیرم میں نصاب کی طرح کام کرتا ہے۔

(i) ریشے دار جوڑ یا ثابت جوڑ: (Fibrous Joints synartroses)

یہ غیر متحرک ثابت جوڑ ہیں جن میں ہڈیوں کے مابین کوئی حرکت ممکن نہیں۔ چپٹی کھوپڑی کی سلائی (sutures) ریشے دار جوڑ ہیں۔

(ii) کری ہڈی والے جوڑ یا معمولی حرکت کرنے والے جوڑ (Cartilaginous Joints or Amphiarthroses)

یہ آہستہ حرکت کرنے والے جوڑ ہیں، جنہیں جوڑ کی سطح کو کری ہڈی کے ذریعہ جدا کیا گیا ہے اور آہستہ آہستہ حرکت ہی ممکن ہے۔ مثال کے طور پر فقری ستون میں فقروں کے درمیان کے جوڑ

(iii) زلالی جوڑ یا آسانی سے حرکت کرے والے جوڑ: (Synovial joints or Diarthroses)

یہ آزادانہ طور پر متحرک جوڑ ہیں۔ جوڑ سے ہڈیوں کو ایک کہفہ سے جدا کیا گیا ہے جو زلالی سیال سے بھرا ہوا ہے۔

چول جوڑ	گردنی فقرہ اور محور کے درمیان
سادہ پھسلنے والا جوڑ	ہتھیلیوں کے درمیان
زین نما جوڑ	ہتھیلی اور ہتھیلیوں کے درمیان
گولا ور گھیرا جوڑ	زراعیہ اور صدری ہڈی کیے درمیان
قلابہ جوڑ	گھٹنے کے جوڑ
قفلی جوڑیاں Angular or ellipsoid	کعبو راور ہتھیلی کے درمیان

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:27 AM

ایک تھکا ہوا طالب علم، ایک لکچر کو سن رہا ہے۔ تین منٹ بعد یہ اپنی دلچسپی کھو دیتا ہے اور وہ مسلسل جمائیاں (yawn) لے رہا ہے۔اس کی تکلیف اس وقت بڑھ گئی، جب اس کے نچلے جبڑے کا جوڑ کھل گیا، جس کی وجہ سے وہ اپنا منہ بند نہیں کر سکتا ہے۔ آپ کیا سمجھتے ہیں کہ اس کی وجہ کیا ہوگی؟



خاکہ 9.11۔ جوڑ کے اقسام

9.12۔ عضلاتی اور ڈھانچے کے نظام کی بے ترتیبی
(Disorders of Muscular and skeletal system)

(a) عضلاتی نظام کی بے ترتیبی:
(Disorders of Muscular Synstem)

Myasthenia gravis ایک خود کار مامونی بے ترتیبی ہے، جو عصبی عضلات کے جوڑ میں اسٹیل کولائن کے عمل کی وجہ سے عضلات میں تھکن، کمزوری اور مفلوج کر دیتی ہے۔

سارکولما Sarcolemma اسٹیل کولائن کے حاصل کردہ ضد اجسام کی وجہ سے بند کر دئے جاتے ہیں، جس کی وجہ سے وہ عضلات کمزوری کا باعث بنتے ہیں۔ جب بیماری بڑھتی ہے تو چبانے، نگلنے، بات کرنے اور یہاں تک کہ سانس لینے میں دشواری پیش آتی ہے۔

ٹٹانی (Tetany) :

پیراتھئی رائڈ ہارمون کی کمی کی وجہ سے عضلات میں تیزی سے عضلات کا کھینچاؤ واقع ہوتا ہے۔ نتیجہ میں جسم میں کیلشیم کی سطح میں کمی واقع ہوتی ہے۔

عضلات میں تھکاوٹ / ماندگی: (Muscular Fatigue)

عضلات میں سکیڑنے کی نا قابلیت کو عضلاتی تھکاوٹ / ماندگی کہتے ہیں۔ ATP کی کمی اور غیر ہوا باش گلوکوس کی فراہمی کی وجہ سے لیکٹک ترشہ جمع ہو جاتا ہے۔

عضلات میں نشوونما کی کمی (Atrophy)

عضلات کی کارروائی میں کمزوری یا خاتمہ کا نتیجہ Atrophy کہلاتا ہے ہے جس کے نتیجہ میں عضلات کے جسامت میں کمی واقع ہوتی ہے اور عضلات کمزور ہو جاتے ہیں، جو استعمال میں کمی کی وجہ سے ہوتے ہیں، جیسا کہ دائمی بستر مرگ میں ہوتا ہے۔

عضلات کا کھینچاؤ (Muscle Pull)

عضلات کا کھینچاؤ دراصل عضلات کا پھٹ جانا ہے۔ ریشوں کا فوری طور پر کھنچاؤ، ان کو پھاڑ دیتا ہے جسے موچ (sprain) کہتے ہیں۔ یہ لچک کے نقطہ کے باہر عضلات کے اچانک کھنچاؤ کی وجہ سے واقع ہوتا ہے۔ کمر کا درد ایک عام مسئلہ ہے جو عضلات کے کھینچاؤ کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے۔ طویل وقفے تک غیر مستحکم حالت میں بیٹھے رہنے کی وجہ سے بھی اس طرح کا عمل واقع ہوتا ہے۔

عضلات کا نقص (Muscular dystrophy)

بیماریوں کا یہ گروہ مجموعی طور پر عضلات کا نقص کہلاتا ہے جس کا تعلق عضلاتی ریشوں کے ڈھانچے اور نسیجوں کی ساخت میں تبدیلی سے منسلک ہے۔ پھیپھڑوں یا دل کی ناکامی کی وجہ سے موت ہو سکتی ہے عضلات کے نقص کی سب سے عام قسم Duchene Muscular Dystrophy (DMD) ہے۔

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:28 AM

(b) ڈھانچے کے نظام کی بے ترتیبی:
(Disorders of Skeletal system)

نقرس یا ہڈیوں کی سختی ڈھانچے کے نظام کی اہم بے ترتیبی ہے۔

(I) نقرس (Arthritis):

نقرس ایک سوزش پیدا کرنے والا انحطاط پذیر بیماری ہے جو جوڑوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔نقرس کے کئی اقسام ہیں۔

(i) جوڑوں کے غضروف کا خستہ ہوجانا/ورم مفاصل: (osteoarthritis)

گھٹنوں کی ہڈیوں کے سروں اور آزادانہ طور پر حرکت پذیر جوڑ ایک شخص کی عمر کے ساتھ گھسنے لگتے ہیں۔ گھٹنے، کولھے، انگلیاں اور فقری ستون کے جوڑ متاثر ہوتے ہیں۔

(ii) وجع المفاصل نقرس جوڑوں کا پتھرانا : (Rheumatoid arthritis)

زلالی جھلی میں سوجن ہوتی ہے اور جوڑوں میں ایک سیال جمع ہوجاتا ہے۔ جوڑوں میں سوجن اور شدید درد ہوتا ہے۔ یہ کسی بھی عمر میں لاحق ہوسکتا ہے، مگر اس کے علامات عام طور پر 50 سال کے بعد ہی ظاہر ہوتے ہیں۔

(iii) گٹھیا یا جوڑوں کا درد (Goutarthritis or gout)

شفاف یورک ترشے کے جمع ہونے سے جوڑوں میں سوجن ہوتی ہے یا اخراج کی قابلیت ختم ہوجاتی ہے جو زلالی جوڑوں میں جمع ہوجاتے ہیں۔

(2) ہڈیوں کا خستہ اور نازک ہوجانا (Osteoporosis)

یہ وٹامن D اور ہارمون کے عدم توازن میں کمی سے پیدا ہوتا ہے ۔ ہڈی نرم اور نازک ہوجاتی ہے۔ یہ بچوں میں Rickets اور بالغ خواتین میں Osteomalacia پیدا کرتا ہے۔ مناسب کیلشیم، وٹامن D لینے اور باقاعدہ جسمانی کارروائیوں سے اس کو کم کیا جاسکتا ہے۔

9.13 باقاعدہ ورزش کے فوائد
(Benefits of regular exercise)

ورزش اور جسمانی کارروائیاں چار بنیادی زمرے میں آتی ہیں۔
برداشت/رہوائی کارروائی (Endurance)، strength طاقت، Balance توازن اور Flexibility لچک پن۔

Endurance: برداشت یا ہوا باش کارروائیاں تنفّسی عمل اور دل کی شرح بڑھ جاتی ہے۔ دورانِ خون کے نظام کو صحت مند رکھتا ہے اور مجموعی طور پر تندرستی کو بڑھاتا ہے۔

طاقت کی ورزش:

عضلات کو مضبوط بناتی ہیں۔ وہ آزاد رہنے میں مدد کرتی ہے اور روزمرہ کی کارروائیاں، جیسے سیڑھوں کا چڑھنا اور تھیلیوں کے خانے میں مدد کرتے ہیں۔

توازنی ورزشیں (Balance exercise) :

توازنی ورزشیں گرنے سے بچنے میں مدد کرتی ہیں، جو بالغوں بوڑھوں میں ایک عام مسئلہ ہے۔ بہت ہی مضبوط کرنے والی ورزشیں توازن کو برقرار رکھتی ہیں۔

لچک پذیری کی ورزشیں (Flexibility exercises)

لچک پذیری کی ورزشیں جوڑوں کی مشترکہ آزادی کے لئے جسمانی عضلات کو لچکدار بنانے میں مدد کرتی ہیں۔ باقاعدہ ورزش کرنے سے مندرجۂ ذیل منفی فعلیاتی تبدیلیاں پیدا کرسکتے ہیں۔

- ورزش میں جو عضلات استعمال ہوتے ہیں، جو بڑھتے اور مضبوط ہوجاتے ہیں۔
- دل کے آرام کی شرح کم ہوتی ہے۔
- عضلاتی ریشوں میں خامرے زیادہ تیار ہوتے ہیں۔
- رباط اور وتریں طاقتور ہوتے ہیں۔
- جوڑ زیادہ لچکدار ہوتے ہیں ۔
- صدمۂ قلبیہ سے تحفظ ملتا ہے۔
- ہارمون کی کارروائیوں پر اثر کرتا ہے۔
- علمی افعال کو بہتر بناتا ہے۔
- موٹاپے کو روکتا ہے۔
- اعتماد ، عزت کو فروغ دیتا ہے۔
- خوبصورتی کے ساتھ جسمانی ساخت کو بہتر بناتا ہے۔
- جملہ صحت مند کے ساتھ اعلیٰ معیار کی زندگی۔
- افسردگی۔ تناؤ اور بے چینی سے بچاتا ہے۔

عضلاتی ورزش کے دوران تحول میں اضافہ ہوتا ہے۔ عضلات کی O_2 کی ضرورت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس ضرورت کو فعال مقام پر دستیاب آکسیجن سے بھرپور RBCS کے ساتھ پورا کیا جاتا ہے۔ دل کی شرح اور قلبی output میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہڈیوں اور عضلات کو مضبوط بنانے میں متوازن غذا کے ساتھ جسمانی کارروائیاں میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:29 AM



9.14 ہڈیوں کا ٹوٹنا (Bone Fracture)

حالانکہ ہڈیاں مضبوط ہیں وہ بھی اترنے یا ٹوٹنے کا احساس رکھتا ہیں۔ٹوٹنے کی بنیاد پر درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔

(i) ہڈی کے اختتامی مقام پر

(ii) مکمل ٹوٹنا

(iii) ہڈی کے لمبے محور سے متعلق ٹوٹنے کی سمت متعین کرنا

(iv) جلد کے ذریعہ سرایت پذیری: اس درجہ بندی کے علاوہ، ہڈی کے ٹوٹنے کا مقام ہڈی کے ٹوٹنے کی بیرونی شکل یا ہڈی کے ٹوٹنے کی فطرت وغیرہ ۔ (خاکہ 9.12)

ہڈی کے ٹوٹنے کی مندرجۂ ذیل عام قسمیں ہیں۔

(1) آر پار ٹوٹنا (Transverse) : ایک ہڈی کا ٹوٹنا جو ہڈی کے لمبے محور کے دائیں زاویہ پر ہے۔

(2) ترچھا ہٹ جانا (Oblique nondisplaced)

ایک ٹوٹی ہوئی ہڈی جو ہڈیوں کے لمبے محور کا قطر ہے اور ٹوٹی ہوئی ہڈی اپنی اپنی مقررہ جگہ نہیں ہٹتی ہے۔

(3) غیر متوازنی طور پر ہٹ جانا (Oblique displaced):

ایک ٹوٹی ہوئی ہڈی جو ہڈیوں کے لئے محور کا قطر ہے اور ٹوٹی ہوئی ہڈی اپنی مقررہ جگہ ہٹ جاتی ہے۔

(4) مرغولہ (Spiral) :

جب حد سے زیادہ قوت مروڑ لگائی جاتی ہے، تب ہڈیوں میں ناہموار ٹوٹنے کا عمل واقع ہوتا ہے (عام کھیلوں کا فریکچر)۔

(5) سبز ڈالی (green stick) :

ہڈی کا نامکمل ٹوٹنا ہے، جیسے ہری ٹہنی ٹوٹ جاتی ہے۔ہڈیاں زیادہ لچکدار ہونے کی وجہ سے یہ بچوں میں عام ہے۔

(6) چور چور ہونا (Comminuted):

ہڈیاں تین یا اس سے زیادہ ٹکڑوں میں منقسم ہوجاتی ہے ۔ یہ خاص طور پر عمر رسیدہ افراد میں عام ہے، جن کی ہڈیاں نازک ہیں (سخت مگر آسانی سے ٹوٹ جاتی ہیں)۔

9.14.1۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی ترکیب اور علاج
(Mechanism and healing of a bone Fracture)

ہڈی ایک مسام دار زندہ بافت ہے جو نشونما کے قابل ہے۔خود سے مرمت کرنا اور جسمانی تناؤ کے جواب میں خود کو ڈھالنے کی قابلیت پائی جاتی ہے۔ایک بالغ شخص کے ڈھانچے میں ہڈیوں کا ذخیرہ اور ہڈی کا انجذاب پایا جاتا ہے۔دوبارہ ڈھالنے میں یہ دونوں عمل ایک ساتھ مل کر ہڈی کی تشکیل کرتے ہیں۔

سادہ ٹوٹی ہوئی کی مرمت کے چار بڑے اہم مراحل ہیں۔

(i) خون کے انجماد سے پیدا ہونے والا ورم:
(Formation of haematoma)

جب ہڈی ٹوٹ جاتی ہے تو خون کے وریدیں اس کے اطراف کی بافتیں پھٹ جاتی ہیں، جس کے نتیجے میں خون کی کمی پیدا ہوجاتی ہے۔

اس خون کی کمی کی وجہ سے ٹوٹی ہڈی کے مقام پر بڑے پیمانے پر خون منجمد ہوجاتا ہے۔اس مقام کی بافتیں پھول جاتی ہیں۔اس سے تکلیف اور سوجن واقع ہوتی ہے ۔تغذیاتی کمی کی وجہ سے ہڈی کے خلیوں کی موت واقع ہوتی ہے۔

2۔ ریشے دار کری ہڈی میں ورم کی تشکیل
(Formation of Fibrocartilaginous callus)

ورم/سوجن کا بننا کچھ ہی دنوں میں کئی واقعات کی وجہ سے نرم دانے دار بافتوں کی تشکیل کے باعث ہے، جنہیں Callus/ ورم کہتے ہیں۔ مقام haematfoma میں شعریانیں نشوونما پاتی ہیں اور اکال خلیے (Phagocytic) اس مقام پر حملہ کرتے ہیں، اور ان تباہ شدہ چیزوں

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:30 AM

کو صاف کرنا شروع کرتے ہیں۔ اسی دوران قریبی نہوضیہ اور عام ساز خلیہ Periousteum اور endosteum کے قریب حملہ کرتے ہیں اور ہڈی کی دوبارہ تشکیل شروع کر دیتے ہیں۔

ریشے دار نہوضیہ ریشہ پیدا کرتا ہے۔ candroblast کری ہڈی کا مادہ خارج کرتا ہے اسی کے اندر بافتوں کی مرمت ہوتی ہے ۔ Osteoblasts ایک اسفنج نما ہڈی کی تشکیل شروع کرتا ہے ۔ کری ہڈی کا مادہ آگے چل کر نکلیں پاتا ہے اور ریشے دار کری ہڈی کے ورم کی تشکیل کرتا ہے۔

3۔ ہڈی میں سوجن (ورم) کا بننا
(Formation of Bony callus)

ریشے دار کری ہڈی کے ورم میں نئی ریشے دار پٹیاں ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ آہستہ آہستہ وہ اسفنجی ہڈی سخت (hard) کے callus میں تبدیل ہوتی ہے۔ ہڈی دار Callus کی تشکیل اس وقت تک جاری رہتی ہے جب تک ہڈی ایک سالم میں مکمل ہڈی کی تشکیل ہوتی ہے۔

4۔ ہڈی کا دوبارہ بننا: (Remodeling of Bone)

ہڈیوں کے ورم کا بننا کئی مہینوں تک جاری رہتا ہے۔ اس کے بعد ہڈی کے ورم کو دوبارہ بنایا جاتا ہے۔ بیرونی diaphysis اور نخائی کہفہ کے اندر اضافی مادے کو ہٹا دیا جاتا ہے اور ہڈی کو ان کی دیواروں کی نئی تشکیل کے لئے بھیجا جاتا ہے۔ دوبارہ تشکیل شدہ علاقے کی آخری ساخت بغیر ٹوٹی ہڈی کے علاقے کے مشابہ ہوتی ہے۔



خاکہ 9.13 ہڈی کی ٹوٹ پھوٹ کے جڑنے اور زخم کے سوکھنے کا میکانزم

9.15۔ جوڑوں کا ہٹ جانا اور اس کا علاج:
(Dislocation of Joints and Treatment)

جوڑوں کا ہٹ جانا وہ عمل ہے، جو جوڑ کے کہفہ سے ہڈی کے آخری سرے تک جوڑوں کے متعلق سے مکمل منتقلی ہے جو ہڈیوں کی عام قطاریں تبدیل ہو جاتی ہیں۔ جبڑے، کندھے، انگلیاں اور انگوٹھے کے جوڑ بہت اہم اور عام ہٹ جانے والے جوڑ ہیں۔

(i) پیدائشی نقص (Congenital deformities)

جینیاتی عوامل یا دیگر عوامل جن کی وجہ سے جنین کی نشو و نما میں نقص پیدا ہوتا ہے۔

(ii) چوٹ یا حادثہ سے ہٹ جانا
(Traumatic dislocation)

سخت چوٹ یا حادثہ کی وجہ سے واقع ہوتا ہے۔ یہ کندھے، کہنی اور کولہے میں واقع ہوتا ہے۔

(iii) مرض آفرینوں کی وجہ سے ہٹ جانا
(Pathological dislocation)

چند بیماریاں جیسے تپ دق، وغیرہ سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ کولھے کی ہڈی کے ہٹ جانے کی وجہ سے بھی واقع ہو سکتا ہے۔

(iv) مفلوجی سے ہٹ جانا (Paralytic dislocation)

عضلات کی ایک گروہ کا شدت سے مفلوج ہونے کی وجہ سے واقع ہوتا ہے۔

علاج (Treatment)

اگر جوڑ اپنی عام حالت میں واپس نہ آئیں تو قدرتی طور پر انہیں مندرجۂ ذیل علاج کیا جا سکتا ہے۔

- ساز باز کرنا (manipulation)
- اصلی حالت میں بدل دینا (repositioning)
- ساکن کرنا (Immobilization)
- علاج کرنا (Medication)
- بحال کرنا (Rehabilitation)

9.16۔ طبیعی معالجہ (Physiotherapy)

طبیعی معالجہ ایک معالجاتی ورزش ہے جو اعضاء کو تقریباً ٹھیک طور پر کام کرنے میں مدد کرتا کرتا ہے۔ یہ ایک بحالی والا پیشہ ہے، جو تمام صحت کی

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:30 AM

بحالی کے مراکز میں طبیعی معالجہ(Physiotherapy) کے ذریعہ کی جاتی ہے ۔ ہڈی کے ٹوٹنے کے علاج کے بعد عام مسئلہ ،عضلات کا ناکارہ ہونا اور جوڑوں کی سختی ہے۔ یہ مسائل طبیعی معالجہ کے ذریعہ بتدریج ورزش سے بحال ہوسکتا ہے۔ یہ نقرس ،نقرہ میں سوجن ،عضلاتی ڈھانچے کی بے ترتیبی ، فالج اور ریڑھ کی ہڈی کی چوٹ کے بعد جراحی کے عمل اور علاج کے بعد مؤثر ثابت ہوا ہے۔

خلاصہ (Summary)

نقل وحرکت جاندار حیاتیات کی نمایاں خصوصیات ہے ۔ عضلاتی حرکت کی مختلف قسموں میں امیبائی حرکت اور سوطیائی حرکت شامل ہیں۔ انسانوں میں تین قسم کے عضلات موجود ہیں وہ یہ ہیں۔ کالبدی عضلات ، لاشعوری عضلات اور قلبی عضلات ہیں۔ کالبدی عضلات، ہڈیوں میں رباط کے ذریعہ جڑے ہوئے ہیں۔

کالبدی عضلات کے سب سے حیرت انگیز خوردبینی خصوصیات ہلکے اور گہرے پٹیوں کا ایک سلسلہ ہے، جو قابل اشتعال، اختصار پذیر، ایصالی اور لچک پذیری جیسے خصوصیات ظاہر کرتے ہیں۔عضلات کے سکڑاؤ کے دو اقسام ہیں۔وہ ہم سرایتی اور ہم ایصالی سکڑاؤ ہیں۔

کالبدی نظام، ہڈیوں اور کری ہڈیوں کے ساخت کی تشکیل دیتا ہے۔ ڈھانچے کے نظام کو دو اہم حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔محوری ڈھانچہ اور ضمیمی ڈھانچہ۔جسم میں تین قسم کے جوڑ پائے جاتے ہیں ۔ ریشے دار، کری ہڈی والے اور زلالی جوڑ وغیرہ۔

ڈھانچے کے نظام کی بے ترتیبی ،عضلاتی ضعف،عضلاتی نقص ، عضلاتی تھکاوٹ،عضلات کا کھینچاؤ، کمزوری/عدم نمو اور اعضاء کا سکیڑ وغیرہ سے متعلق ہے ۔ڈھانچے کے نظام کی بے ترتیبی میں نقرس اور Osteoporosis ہیں۔ باقاعدہ جسمانی ورزش سے جسم کو درست اور صحت مند رکھ سکتے ہیں

ایک عام لمبی ہڈی میں diaphysis (درنامیہ) سلاخ نما، فیز اور epophyses برنامیہ (واحد۔ برنامیہ) اور جھلی ہوتی ہے ۔اگرچہ کہ ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں وہ بھی ہڈیوں کے ٹوٹنے یا ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتی ہیں۔ایک سادہ ٹوٹی ہوئی ہڈی کی مرمت کے چار اہم مرحلے ہیں۔اعضاء کو عام طور پر عمل میں لانے کے لئے معالجہ کی ایک قسم طبیعی معالجہ ہے۔

محاسبہ (Evaluation)

1۔ مناسب ترین جواب منتخب کیجئے۔

1۔ عضلات یہاں سے حاصل کردہ ہیں۔

(a) برادمہ
(b) میاں ادمہ
(c) دروں ادمہ
(d) اعصابی دروں ادمہ

2۔ عضلات یہاں تشکیل پاتے ہیں۔

(a) myocytes (b) leueocytes
(c) osteocytes (d) Lymphocytes

3۔ عضلات جو ہڈیوں سے جڑے ہوئے ہیں انہیں یہ کہتے ہیں۔

(a) کالبدی عضلات (b) قلبی عضلات
(c) غیر رضا کار عضلات (d) نرم عضلات

4 کالبدی عضلات ان کے ساتھ ہڈیوں سے منسلک ہیں۔

(a) تسیج (tendons)
(b) رباط (ligaments)
(c) پکٹن (Pectin)
(d) فائبرن (fibrins)

5۔ عضلاتی ریشوں کے بنڈل کو یہ کہا جاتا ہے۔

(a) Myofibrils (b) Fascicle
(c) Sarcomere (d) Sarcoplasm

6۔ آکسیجن کی ذخیرہ اندوزی کے لئے عضلاتی ریشوں میں پائے جانے والا لون (pigment) یہ ہے۔

(a) myoglobin (b) troponin
(c) myosin (d) actin

7۔ عضلاتی ریشوں کی عملی اکائی یہ ہے۔

(a) Sarcomere (b) Sarcoplasm
(c) myosin (d) actin

8۔ سخت موٹے ریشوں میں پائے جانے والا پروٹین ہے۔

(a) myosin (b) actin
(c) pectin (d) leucin

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:31 AM

9۔ باریک ریشوں میں پائے جانے والا پروٹین ہے۔
(a) myosin (b) actin
(c) Pectin (d) leucin

10۔ دومتواتر z - disc کے درمیان کے خطے یہ کہلاتے ہیں۔
(a) Sarcomere (b) microtubule
(c) myoglobin (d) actin

11۔ ہرڈھانچے کے عضلات کے اطراف یہ موجود رہتے ہیں۔
(a) epimysium (b) perimysium
(c) endomysium (d) hypomysium

12۔ گھٹنے کے جوڑ کی مثال یہ ہے۔
(a) زین نما جوڑ (Saddle joint)
(b) قلابہ جوڑ (hinge joint)
(c) چول جوڑ (pivot joint)
(d) پھسلنے والا جوڑ (gliding joint)

13۔ گردنی فقرہ اور محوری کے درمیان پائے جانے والا جوڑ کا نام یہ ہے۔
(a) زلالی جوڑ (synovial joint)
(b) چول جوڑ (pivot joint)
(c) زین نما جوڑ (Saddle joint)
(d) قلابہ جوڑ (pivot joint)

14۔ عضلات کے سکڑاؤ کے لئے خرادی خامرہ ATPase واقع ہے
(a) actinin (b) troponin
(c) myosin (d) actin

15۔ زلالی سیال (synovial fluid) اس میں پایا جاتا ہے۔
(a) دماغ کے بطین میں
(b) نخائی ڈور
(c) غیر متحرک جوڑ
(d) آسانی سے حرکت کرنے والے جوڑ

16۔ یورک ترشہ کی قلمیں جمع ہونے سے جوڑوں کا سوجن واقع ہوتا ہے، جسے یہ کہتے ہیں۔
(a) گٹھیا (gout)
(b) myasthenia gravis
(c) عضلات کا خستہ ہونا Osteoporosis
(d) Osteomalacia

17۔ کولھے کا جوف (Acetabulum) یہاں پایا جاتا ہے۔
(a) ہنسلی کی ہڈی (Collar bone)
(b) کولھے کی ہڈی (hip bone)
(c) کاندھے کی ہڈی (shoulder bone)
(d) فخذ کی ہڈی (thigh bone)

18۔ ضمیمی ڈھانچہ (Appendicular skeleton) یہ ہے۔
(a) گھیرا اور اس کے اعضاء
(b) فقرے
(c) کھوپڑی اور فقری ستون
(d) پسلیاں اور سینے کی ہڈی۔

19۔ اکالی خلیے (macrophages) میں اس قسم کی حرکت دیکھی گئی ہے۔
(a) سوطی حرکت (b) ہدبی حرکت
(c) عضلاتی حرکت (d) امیبائی حرکت

20۔ کہنی کا نوکیلا حصہ یہ ہے۔
(a) acromion Process
(b) glenoid cavity
(c) Olecranon Process
(d) Symphysis

21۔ حرکت کے مختلف اقسام کے نام بتائیں۔

22۔ Sarcomere میں پائے جانے والا باریک ریشے کے نام بتایئے۔

23۔ کالبدی عضلات میں پائے جانے والے سکیڑ پیدا کرنے والے پروٹین کے نام بتایئے۔

24۔ کالبدی عضلات کا ذکر کرتے ہیں تو ان میں "Striated" کا کیا مطلب ہے ؟

25۔ ہم سرایتی سکیڑ (isotonic contraction) کس طرح واقع ہوتا ہے؟

26۔ ہم پیمائشی سکیڑ (isometric contraction) کس طرح واقع ہوتا ہے؟

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:31 AM

27۔ کھوپڑی کے ہڈیوں کے نام بتایئے۔

28۔ انسانی جسم کی کون سی ہڈی بغیر جوڑ کے ہے؟

29۔ محوری ڈھانچے کے تین اہم حصوں کی فہرست بتایئے۔

30۔ ٹٹانی (Tetany) (عضلات اور جوڑوں میں ہونے والا درد) کس طرح پیدا ہوتا ہے؟

31۔ ڈھانچے کے نظام کے افعال کیا ہیں ؟

32۔ پسلی کی ہڈیوں کے مختلف اقسام کیا ہیں، جو پسلی کا پنجرہ بناتی ہیں؟

33۔ کون سی ہڈیاں عانی گھیرا بناتی ہیں؟

34۔ عضلاتی نظام کی بے ترتیبی کی فہرست بنایئے۔

35۔ عضلاتی سکیڑ میں ریشوں کے پھسلنے کے نظریہ کی وضاحت کیجئے۔

36 باقاعدہ ورزش (regular exercise) کے فوائد کیا ہیں؟

37۔ ہڈیوں کی ٹوٹ پھوٹ کے مختلف اقسام کیا ہیں؟

38۔ ہڈی کے ٹوٹنے کے میکانزم اور علاج (زخم کے سوکھنے) پر نوٹ لکھئے۔

39۔ طبیعی معالجہ (physiotherapy) کیا ہے؟

40۔ ہڈی کے جوڑ کے ہٹ جانے (dislocation of joints) سے متعلق ایک نوٹ لکھئے۔

ICT کارنر

ہم حرکت کرنا چاہتے ہیں۔



آیئے کالبدی نظام کے صفحہ میں
کالبدی تنظیم کو سمجھنے کی کوشش کریں گے۔



مرحلہ 1 : URL استعمال کرکے skeletal system کے صفحہ پر جایئے۔ گرڈ سے skeleton organization کا انتخاب کیجئے اور کالبدی نظام میں موجود اعضاء کی تشریح اور افعال سے متعلق معلومات حاصل کیجئے۔

مرحلہ 2 : ونڈو کے اوپر موجود بیک بٹن یا بیک اسپیس کی استعمال کرکے گرڈ سے upper limb bones کا انتخاب کیجئے۔ اس کے بعد Clavicle، scapula، humerus، radius، ulna، carpel اور ہاتھ کی ہڈیوں کی تشریح اور افعال سے متعلق معلومات حاصل کیجئے۔

مرحلہ 3 : ہر حصہ میں موجود ہڈیوں اور جوڑ کے نام اور افعال معلوم کیجئے۔

مرحلہ 4 : skeletal system میں موجود اضافی معلومات حاصل کیجئے۔ اس کے لئے نیچے دیا گیا حوالہ استعمال کیجئے۔



Step 1



Step 2



Step 3



Step 4

Skeletal System's URL:

https://www.getbodysmart.com/skeletal-system

* Pictures are indicative only

unit 9 locomotion
Sunday, July 31, 2022 1:07:32 AM

اکائی IV

باب 10

اعصابی قابو اور باہمی ربط

(Neural Control and Coordination)



Gamma-aminobutyric acid, or GABA, is the brain's major inhibitory neurotransmitter that reduces neuronal excitability.

باب کا خاکہ

10.1۔ عصبی نظام

10.2۔ انسانی عصبی نظام

10.3۔ عصبیہ اعصابی نظام کی ساختی اور فعلی اکائی کے طور پر

10.4۔ مرکزی عصبی نظام

10.5۔ لاشعوری عمل اور لاشعوری اعصاب کا سلسلہ

10.6۔ حسی رسائی اور عمل

سیکھنے کے مقاصد:

- انسانی عصبیہ اور عصبی نظام کی ساخت کو سمجھنا۔
- حسی اور حرکی عصبیہ کے افعال کے فرق کو پہچاننا۔
- عصبی ہیجانات کی منتقلی سمجھنا اور میلن کی چادر میں منتقلی کے تبدیلی کی اہمیت کو سمجھنا۔
- معانقہ اور عصابی اتصال کے کردار کا خاکہ پیش کرنا۔
- مرکزی عصبی نظام کی ساخت اور افعال کو پڑھنا۔
- تصویر، صوت، قوت شامہ، ذائقہ اور جلدی محاصلہ کی ساخت اور احساسات کے حاصل کرنے کے بارے میں سمجھنا

کیا آپ کو کبھی تعجب ہوا کہ ہمارا جسم کس طرح کام کرتا ہے؟ باہر کے ماحول میں تبدیلی آنے پر بھی جسم مستحکم حالت کو برقرار رکھتا ہے۔ ہمارے اطراف کی چیزوں کو دیکھنے میں ہماری آنکھیں مدد کرتی ہیں۔ کان مختلف آوازوں کو سننے میں مدد کرتا ہے۔ دل مسلسل اور متوازی انداز سے دھڑکتا ہے۔ ہوا پھیپھڑوں سے اندر اور باہر کی طرف جاتی ہے۔ جب ہمارے اعضاء کو تکلیف پہنچتی ہے تو آنکھیں آنسو بہاتی ہیں۔ جسم کا ہر خلیہ منظّم طریقے سے کام کرتا ہے۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ وہ کس طرح منظّم اور کنٹرول کرتے ہیں؟

ہمارے جسم کا عصبی نظام دوسرے تمام نظاموں کو مؤثر اور آسانی سے مل کر کام کرنے کے لئے باہمی تعاون کرتا ہے۔ ہر لمحہ ہمارے جسم میں مختلف افعال عصبی نظام کے ذریعہ انجام دئے جاتے ہیں۔ دن رات لاکھوں پیغامات عصبی نظام کے خلیوں کے ذریعہ محرک کی حیثیت سے دل کو دھڑکنے کے لئے متحرک کرتے ہیں۔ گردے کے فضلہ خارج کرنے اور منہ لذیذ کھانے کا مزہ چکھنے کے لئے ہے۔ سب سے

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:07 PM

بھی زیادہ عصبی نظام کے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ کئی ہیجانات کے ساتھ بیک وقت جواب دینے کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔مثال کے طور پر ہم پیانو بجاتے اور گاتے ہیں۔موسیقی سنتے اور گھریلو کام کرتے ہیں۔اس طرح کے تمام باہمی تعاون کی حرکتیں خواہ اس میں کتنی عمدگی اور کارگردگی ہو،سائیکلنگ یا گاڑی چلانا جیسے معمولی کام میں بھی عصبی نظام کی باہمی طاقت شامل ہے۔اس باب میں آپ سمجھیں گے کہ کس طرح اعصابی نظام منظّم ہے اور یہ کس طرح تمام اعضاء کو متحد کرتا ہے اور کس طرح خلوی دور اس کے افعال کو انجام دیتے ہیں۔

10.1۔ عصبی نظام:(Neural system)

عصبی نظام انتہائی مخصوص خلیوں پر مشتمل ہیں،جنہیں (نیوران) عصبیہ کہتے ہیں جو مختلف قسم کے ہیجانات کو محسوس کرتے ، انہیں حاصل کرتے اور ان کو منتقل کرتے ہیں۔اعصابی جال کی حیثیت سے اعصابی نظام کی سادہ شکل کو ادنیٰ غیر فقرے داروں میں دیکھا جاسکتا ہے۔اعلیٰ جانوروں کے اعصابی نظام مکمل ترقی پائے ہوئے ہیں اور وہ مندرجۂ ذیل بنیادی افعال کو انجام دیتے ہیں۔

- حسی افعال (sensory functions):یہ اندرونی اور بیرونی ماحول سے حسی داخلے کو حاصل کرتا ہے۔
- حرکی افعال (Motor functions) : یہ دماغ سے حرکی احکامات کو ڈھانچے اور عضلاتی نظام میں منتقل کرتے ہیں۔
- خودکار افعال(Autonomic functions): لاشعوری افعال

10.2۔ انسانی عصبی نظام:(Human Neural system)

انسانی عصبی نظام کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔مرکزی عصبی نظام (CNS) اور سطحی عصبی نظام (PNS)۔عصبی نظام کی فعلی اور ساختی اکائیاں عصبیہ (Neurons) ہیں،جو عصبی ہیجانات کو منتقل کرتے ہیں۔ غیر اعصابی مخصوص خلیے جنہیں عصبی سریش (Neuroglia) کہتے ہیں جو اعصابی بافتوں کے معاون خلیوں کی تشکیل کرتے ہیں۔

عصبے کی تین فعلی جماعتیں ہیں (afferent neurons) عصبی سریش، درآور عصبیہ اندر بھیجنے والا عصبہ جو حسی ہیجانات کو ،مرکزی عصبی نظام سے حسی عضو تک لے جاتے ہیں۔ برآمد عصبیہ(efferent neurons)۔حرکی ہیجانات کو مرکزی عصبی نظام (CNS) سے مؤثر عضو/فعال عضو تک لے جاتے ہیں اور interneurons ہیں عصبیہ جو مکمل طور پر afferent اور efferent Neuron کے درمیان اندرونی حصے میں رہتے ہیں۔

مرکزی عصبی نظام میں اتصالی بافتوں کی کمی ہے۔بین عصبی خلا، عصبی سریش سے بھرا ہوا ہے جو کئی افعال انجام دیتے ہیں جیسے اطراف کے نیوران/عصبیہ کو تغذیاتی خوراک فراہم کرتے ہیں۔ یادداشتی عمل میں حصہ لیتے ہیں۔ان کی تقسیم اور دوبارہ تخلیق کی صلاحیت کی وجہ سے زخمی بافتوں کی بحالی اور دماغ کو کسی چوٹ کے وقت بیرونی ذرات کو گھیرنے کے لئے اکال خلیے (Phagocytic cells) کی حیثیت سے کام کرتا ہے۔

اعصابی بافتوں کو سہارا دینے والے خلیے خلوی تقسیم سے گذرنے کی صلاحیت سے محروم نہیں ہوتے۔لہذا اعصاب سے نکلنے والے زیادہ تر دماغی رسولیاں Glial خلیوں پر مشتمل ہیں۔

10.3۔ نیوران/عصبیہ بطورِ عصبی نظام کی ساختی اور فعلی اکائی (Neuron as a structural and Functional unit of neural system)

عصبی خلیے/عصبیہ ایک خوردبینی ساخت ہے جو تین اہم حصوں پر مشتمل ہے۔عصبی خلیے/عصبیہ ایک خوردبینی ساخت ہے جو تین اہم حصوں پر مشتمل ہے۔خلوی جسم(Cell body)، شجرینے (dendrites) اور محوریہ (axon)۔عصبیہ کا خلوی جسم ایک کروی حصہ ہے،جس میں خلوی عضویچے شامل ہیں بطورِ مخصوص خلیے کے (سوائے سنٹریول کے)۔عصبیہ کو ڈھانپنے والی پلازما جھلی کو عصبی غشا neurilemma اور axon/محوریہ کو axeolemma کہتے ہیں۔

چھوٹے ریشوں کی متواتر شاخیں جو خلوی جسم سے باہر ظاہر ہوتی ہیں جنہیں شجرینے (dendrites) کہتے ہیں۔یہ ہیجانات کو خلوی جسم کی طرف منتقل کرتے ہیں۔خلوی جسم اور شجرینے میں سائیٹو پلازم اور دانے دار دروں پلازمی جال (granulated

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:08 PM

(endoplasmic reticulum) پایا جاتا ہے جنہیں نسل کے ذرات (Nissl's granules) کہتے ہیں۔

محوریہ ایک طویل ریشہ ہے، جو خلوی جسم کے مخروطی شکل کے حصے سے نکلتا ہے، جسے محوریہ کی پہاڑی Axon hillock کہتے ہیں اور جس کا آخری کنارا شاخ دار ہوتا ہے۔ Axon hillock وہ مقام ہے جہاں سے حرکی اعصاب میں عصبی ہیجانات پیدا ہوتے ہیں۔ یہ محوریہ ایک عصبیہ کی شاخیں ہیں اور دوسرے کئی عصبیوں سے رابطہ پیدا کرتے ہیں۔

محوریہ میں وہی عضویئے پائے جاتے ہیں جو شجرینے اور خلوی جسم میں ہیں، مگر ان میں نسل کے ذرات اور گالگی اجسام کی کمی ہے۔



خاکہ 10.1۔ عصبیہ

ایک محوریہ خاص طور پر سطحی اعصاب کے میلین چادر کی تشکیل کے لئے شیوان خلیوں (ایک قسم کا گلیل خلیہ) سے گھرا ہوا ہے جو ایک حاجز کی طرح کام کرتا ہے۔ میلین کی چادر صرف محوریہ سے جڑی ہوئی ہے ۔ شجرینے ہمیشہ غیر myelinated ہوتے ہیں۔

شوان خلیے محوریہ کے ساتھ مسلسل نہیں ہیں۔ میلین کی چادر اور متصل شیوان خلیوں کے درمیان ایک فصل ہوتی ہے۔ ان فصلوں کو رنویر کی گھاٹیاں کہتے ہیں۔ بڑے Myelinated عصبی ریشے تیزی سے ہیجانات کی رہنمائی کرتے ہیں جب کہ non-myelinated ریشے آہستہ سے رہنمائی کرتے ہیں۔

عصبیے، انسانی جسم کے طویل ترین خلیے ہیں۔ انسانی جسم کا طویل محوریہ مثال کے طور پر وہ Sciatic اعصاب ہیں جو ریڑھ کی ہڈی کی بنیاد سے لے کر ہر پیر کے انگوٹھے تک جاتا ہے۔ یہ اکہرے خلوی بافتیں ایک میٹر یا اس سے بھی زیادہ طویل ہو سکتے ہیں۔ مرکزی عصبی نظام میں محوریہ کا بین عصبیہ مختصر ترین ہوتا ہے۔

محوریہ کی شاخ کا ہر بیرونی کنارا، ایک بلب جیسی ساخت پر ختم ہوتا ہے۔ جسے معانقی دستہ synaptic knob کہتے ہیں جو معانقی Vessicle کے حامل جو نیوروٹرانسمیٹر سے بھرے ہوئے ہیں۔ محوریہ عصبی ہیجانات کو خلوی جسم سے دور عصبی خلا یا اعصابی جوڑ میں منتقل کرتے ہیں۔

نیوران کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور یہ شجرینے کی تعداد پر مبنی ہے۔ خاکہ (10.2)

1۔ کثیر قطبی عصبی خلیے (Multipolar neurons) : ان میں ایک محوریہ اور دو یا دو سے زیادہ شجرینے کے ساتھ بہت سارے عمل ہوتے ہیں جن میں زیادہ تر بین عصبیہ ہیں۔

2۔ دو قطبی عصبی خلیہ (Bipolar neurons) : ان کے دو عمل ہیں ایک محوریہ اور ایک شجرینہ کے ساتھ جو آنکھ کے پردۂ شبکیہ میں، اندرونی کان اور دماغ کے olfactory/قوت شامہ کے حصے میں پایا جاتا ہے۔

3۔ ایک قطبی عصبی خلیہ (Unipolar neurons)۔ ایک چھوٹا سا عمل اور ایک محوریہ ہے۔ یک قطبی عصبی خلیہ Ganglia کے دماغی اور نخاعی اعصاب میں واقع ہیں۔

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:09 PM



خاکہ 10.2۔ عصبیہ کی قسمیں

10.3.1۔ عصبی ہیجانات کی تیاری اور منتقلی
(Generation and conduction of nerve Impulses)

یہ حصے ہمارے جسم میں عصبی ہیجانات کی تیاری اور منتقلی سے متعلق بحث کرتے ہیں۔ حسی اعضاء میں محسوس کئے جانے والے احساس کو اعصابی ریشوں کے ذریعہ برقی ہیجانات کی شکل میں لے جاتے ہیں۔ عصبی ہیجانات ایک برقی ہیجانات کا سلسلہ ہے جو عصبی ریشوں میں سفر کرتا ہے۔ اندرونی Axolemma میں سایٹو پلازم منفی بار بردار پروٹین اور دوسرے نامیاتی سالموں کے ساتھ بڑی مقدار میں پوٹاشیم اور میگنیشیم فاسفیٹ کے ساتھ دروں خلوی سیال (ICF) (Intra cellular Fluid) پر مشتمل ہے۔ Axolemma کے بیرونی حصے میں کثیر مقدار میں سوڈیم کلورائیڈ، بائی کاربونیٹ، تغذیئے اور آکسیجن پائے جاتے ہیں جس میں بروں خلوی سیال (Extra cellular fluid)(ECF) موجود رہتا ہے۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ اور تحولی فضلہ اعصابی خلیوں کے ذریعہ خارج ہوتے ہیں۔ (ECF) اور (ICF)(Cytosol) منفی بار بردار ذرات (منفی برقیرہ) اور مثبت چارج والے ذرات (مثبت برقیرہ) ہوتے ہیں۔ یہ بار بردار ذرات ہیجانات کی ترسیل میں شامل ہیں۔

نیوران ہیجانات کی ترسیل کے لئے Axolemma کی دوسری جانب نیوران مختلف غیر نامیاتی رواں کی غیر مساوی تقسیم کو برقرار رکھتے ہیں۔ روانوں کی یہ غیر مساوی تقسیم axolemma میں جھلی کی صلاحیت کو قائم رکھتی ہے۔ axolemma میں مختلف پروٹینی جھلیاں پائی جاتی ہیں، جو روانوں کے راہ کی طرح کام کرتے ہیں اور Axolemma کے جانب روانوں کی حرکت کو منظّم کرتے ہیں۔ (جیسا کہ جدول 10.1 میں دکھایا گیا ہے۔

10.3.2۔ ہیجانات کی منتقلی (ترسیل)
(Transmission of impulses)

ہیجانات کی ترسیل میں دو اہم مراحل شامل ہیں۔
Resting membrane Potential اور
Action membrane potential

ساکن پذیر جھلی کی صلاحیت :
(Resting membrane potential)

ساکن پذیر نیوران کے آر پار برقی قواہ کے فرق کے گزارنے کو ساکن پذیر صلاحیت کہتے ہیں۔ جس کے دوران خلیوں کے اندرونی حصے منفی ہوتے ہیں جس کی وجہ سے باہر K^+ کا زیادہ بہاؤ ہوتا ہے۔ اس کے بعد Na^+ خلیے کے اندر سرایت کرتے ہیں۔

نوٹ: بار بردار شدہ ذرات میں توانائی بالقواہ پائی جاتی ہے۔ یہ قواہ کا فرق، دو نقطوں کے مابین توانائی بالقواہ کی پیمائش ہے جو وولٹ یا ملی وولٹ میں ناپا جاتا ہے۔

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:09 PM

جدول 10.1۔ Axolemma میں روانی راستے

رسنے والے راستے (leakage channels) یہ ایسے روانی راستے ہیں، جو، ہر وقت کھلے رہتے ہیں۔	Na^+ رسنے والے راستوں کی بہ نسبت K^+ رسنے والے راستے کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ ساکرولیما میں Na^+ روانوں کی بہ نسبت K^+ روانوں کی سرایت پذیری زیادہ ہوتی ہے۔ یہ رواں axolemma کے آر پار مسلسل حرکت کرتے رہتے ہیں۔
لگینڈ کے دروازے رکھنے والے راستے (ligand gated channels) یہ کیمیائی دروازے والے راستے ہیں، جو کیمیائی ہیجانات کے ردعمل سے کھلتے یا بند ہوتے ہیں۔ وولٹیج کے دروازے رکھنے والے راستے	یہ پہلے محوریہ کے presynaptic membrane اور دوسرے نیوران کے خلوی جسم کے post synaptic membrane کے درمیان میں پایا جاتا ہے۔ یعنی شجرینہ اور خلوی جسم کے درمیان)۔ نیوروٹرانس میٹر اسیٹیل کولن، لگینڈ کے راستوں کو کھولتا ہے، جو Na^+ اور Ca^{++} کے روانوں کو اندر داخل کرتا ہے اور K^+ روانوں کو باہر داخل کرتا ہے۔
(voltage gated channels) یہ ایسے میکانیکی راستے ہیں، جو اہتزاز، چھونے اور دباؤ جیسے طبیعی ہیجان کے جواب میں کھلتے ہیں۔	جھلی کی قواہ کی تبدیلی کے ردعمل میں یہ راستے کھلتے ہیں۔ وولٹیج کے دروازے رکھنے والے راستے دو قسم کے ہوتے ہیں۔ i) سوڈیم کا وولیج کے دروازے رکھنے والے راستے ii) پوٹاشیم کا وولٹیج کے دروازے رکھنے والے راستے

جب محوریہ میں کوئی ہیجانات کی ترسیل نہیں ہوتی، یعنی سکون پذیر حالت میں محوریہ کی جھلی K^+ میں زیادہ نفوذ پذیر ہے اور Na^+ میں کم نفوذ پذیر رواں ہیں جب کہ منفی بار برداری کی وجہ سے پروٹین کے رواں میں غیر نفوذ پذیری رہتی ہے۔

ایکسوپلازم (exoplasm) میں اعلیٰ ارتکاز والے K^+ رواں اور منفی بار بردار پروٹین اور کم مرکوزیت والے Na^+ کے رواں شامل ہیں۔ اس کے برعکس محوریہ (ECF) کے باہر سیال کم مرکوزیت والے K^+ اور اعلیٰ مرکوزیت والے Na^+ پر مشتمل ہے اور یہ ارتکاز کا میلان بتاتا ہے۔ یہ روانی میلان سکون پذیر جھلی کے اطراف کے جاری کردہ سوڈیم۔ پوٹاشیم کے پمپ کے ذریعہ برقرار رکھا جاتا ہے جو خلیوں میں $2K^+$ کے لئے $3Na^+$ کو باہر کی طرف تبادلہ کرتا ہے۔ اس حالت میں خلوی جھلی کو برقی قطبیت پیدا کرنا کہتے ہیں۔ نیوران میں سکون پذیر جھلی کا تفاوت $-40mV$ سے $-90mv$ تک ہوتا ہے اور اس کی عام قیمت $-70mv$ ہے۔ منفی نشان باہر کے مقابلے میں خلیے کے اندرونی حصے منفی ہیں۔ (خاکہ 104)



خاکہ 10.3۔ روانی راستہ Ionic channels

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:10 PM



خاکہ 10.4 عصبیہ کے ہیجان کی ایصالیت

جھلی کی عملی قواہ (حرکی قوت)
(Action membrane potential)

ایک عملی قواہ اس وقت ہوتی ہے جب نیوران کے خلوی جسم سے دور ایک محوریہ کے نیچے اطلاعات ترسیل کرتا ہے۔اس میں درج ذیل مراحل شامل ہیں۔ depolarization، repolanisation اور Hypo Polarization ،

ناقطبیت (Depolarization)

جب عصبی ریشے کو محرک کیا جاتا ہے تو سوڈیم وولٹیج کا راستہ کھل جاتا ہے اور اکسولیما کو سوڈیم کے رواں Na^+ کے لئے نفوذ پذیر بناتے ہیں۔اس دوران پوٹاشیم کے وولٹیج کا راستہ بند ہو جاتا ہے جس کے نتیجے میں اکسوپلازم میں Na^+ کے بہاؤ کی شرح بیرونی سیال (ECF) میں K^+ رواں کے بہاؤ کی شرح سے بڑھ جاتی ہے۔لہذا اکسولیما اندر سے مثبت بار بردار ہو جاتا ہے اور باہر منفی بار بردار ہو جاتا ہے۔اس طرح برقی بار کا برعکس ہونا ناقطبیت Depolarization کہلاتا ہے۔

ناقطبیت depolarization کے دوران خلیے میں کافی Na^+ کے رواں داخل ہوتے ہیں تو عملی قواہ ایک خاص سطح تک پہنچ جاتی ہے جسے داخلی قواہ کہتے ہیں (55mv-) ایک مخصوص محرکہ جو محض جھلی کو لانے کی قواہ رکھتا ہے جسے داخلی محرکہ (threshold stimulus) کہتے ہیں۔

عملی قواہ ایک داخلی محرکہ کے جواب میں واقع ہوتا ہے، مگر وہ ذیلی داخلی محرکہ میں نہیں، جسے تمام یا کوئی اصول نہیں کہتے ہیں۔

سوڈیم کے رواں کی تیزی سے سرایت کی وجہ سے جھلی کی قواہ +45 mv تک تیزی سے بڑھ جاتی ہے جسے Spike Potential کہتے ہیں۔

پیش قطبیت (Repolarisation) (گراوٹی ہئیت)

جب جھلی Spike Potential تک پہنچتی ہے تو سوڈیم وولٹیج کا راستہ بند ہو جاتا ہے اور پوٹاشیم کے وولٹیج کا راستہ کھل جاتا ہے۔یہ سوڈیم کے رواں کی سرایت کی جانچ کرتا ہے اور K^+ رواں کے بہاؤ کا آغاز کرتا ہے، جو خلیے کے اندر مثبت رواں کی تعداد کو کم کرتا ہے۔ اس طرح کی قوت۔سکونی قواہ میں کے گرد مزاحمت نہیں کر سکتی۔K^+ رواں کے بہاؤ کی وجہ سے منفی اکسیولیمیا کے اندر جھلی کی قواہ کا برعکس ہو جانا Repolarization کہلاتا ہے۔

ہائپر قطبیت (Hyper Polarization)

اگر Repolarisation باقی سکونی قواہ سے زیادہ منفی ہو جاتا ہے 70mV- سے 90mV- تو اسے Hyper polarization کہتے ہیں۔



خاکہ 10.5۔ گراف جس میں نیوران کی عملی قواہ دکھائی گئی ہے

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:11 PM

اس دوران K^+ رواں کے راستے K^+ سے زیادہ نفوذ پذیر ہیں جہاں تک کہ حدتک کہ سطح تک پہنچنے کے بعد بھی یہ آہستہ بند ہو جاتے ہیں۔لہذا انہیں سست راستے (Lazy gates) کہتے ہیں۔مخفی جھلی اپنی اصلی حالت سکون میں واپس آجاتی ہے۔

hyperpolarization کے دوران Na^+ کے وولٹیج کے راستہ بند ہوجاتے ہیں۔(خاکہ 10.5)

عصبی ہیجان کے ایصالیت کی رفتار:
(Conduction Speed of Nerve Impulse)

عصبی ہیجان کے ایصالیت کی رفتار محوریہ کے قطر پر منحصر ہے۔ محوریہ کا قطر نسبتاً زیادہ ہوتا ہے اس کی ایصالیت بھی تیز ہوگی۔میلینی محوریہ میں ہیجان کی ایصالیت تیز ہوتی ہے بہ نسبت غیر میلینی محوریہ کے۔ وولٹیج سے منسلک Na^+ اور k^+ کے راستے، رینور کی گھاٹیوں پر مرکوز ہیں،جس کے نتیجے میں ہیجانات عصبی ریشے کی تمام لمبائی کا راستہ طے کرنے کے بجائے گھاٹیوں پر چھلانگ لگاتا ہے۔ ایصالیت کی اس ترکیب کو Saltatory conduction کہتے ہیں۔عصبی ہیجانات 1-300/ms کی رفتار سے حرکت کرتے ہیں

10.3.3 معانقی ترسیل:(Synaptic transmission)

دو نیوران کے درمیانی جوڑ کو Synapse معانقہ کہتے ہیں،جس کے ذریعے عصبی ہیجانات کی ترسیل ہوتی ہے۔معانقہ میں شامل پہلا نیوران پہلے معانقی نیوران کی تشکیل کرتا ہے اور دوسرا نیوران بعد معانقی نیوران (post synapte neuron) کہلاتا ہے۔پہلے اور بعد کے معانقی جھلی کے درمیان کے راستے کو معانقی دراڑ/درز کہتے ہیں۔جو نیوران کے درمیان ساختی اور فعلی پل بناتا ہے۔ محوریہ کے اختتامیہ میں معانقی تھیلی موجود ہے جو نیوروٹرانسمٹر سے بھرا ہوا ہے۔جب ایک محرک (عملی صلاحیت) اختتامی محوریہ پر آتا ہے تو یہ کیلشیم کی نالی وولٹیج کا راستہ کھولنے سے قبل معانقی جھلی depolarizes ہوتی ہے۔ کیلشیم کے رواں کی سرایت سے معانقی تھیلی کو پہلے معانقی جھلی کی طرف محرک کیا جاتا ہے اور اس کے ساتھ جڑ جاتا ہے۔نیوروپلیما میں تھیلی نیوروٹرانسمیٹر کو معانقی درز میں exoceptosis کے ذریعہ خارج کرتے ہیں۔خارج کردہ نیوروٹرانسمیٹر بعد معانقی جھلی میں مخصوص عضلی سے کیمیائی اشاروں پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے منسلک ہوتے ہیں۔روانوں کا داخلہ بعد معانقی نیوران میں ایک نئی صلاحیت پیدا کرسکتا ہے، جو اشتعال انگیز ہوسکتا ہے یا روک سکتا ہے۔اشتعال انگیز بعد معانقی قواہ depolarization پیدا کرتی ہے جب کہ inhibitory بعد معانقی قواہ hyperpolarization پیدا کرتا ہے۔ (خاکہ 10.6)



خاکہ 10.6۔ معانقی ترسیل

10.4۔ مرکزی عصبی نظام (CNS)
(Central Neural System)

CNS میں دماغ اور نخائی ڈور شامل ہیں جو کھوپڑی اور ریڑھ کی ہڈی (فقری ستون) کی ہڈیوں میں محفوظ ہے۔اس کے جنینی نشوونما کے دوران CNS بروں ادمہ سے نشوونما پاتا ہے۔

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ دماغ اور نخائی ڈور کے کچھ حصے خاکستری اور کچھ سفید ہوتے ہیں؟

10.4.1۔ دماغ (Brain)

دماغ ہدایت دینے والا اور قابو کرنے والے نظام کا کام انجام دیتا ہے۔اس میں اطلاعی عمل کے مقام ہیں۔یہ دماغی کہفہ میں موجود ہے اور یہ تین Cranial meninges دماغی غشاء سے گھرا ہوا

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:12 PM

ہے۔ بیرونی سخت پرت Duramater/جافیہ (سخت غشاء) ہے جو دماغی کھفہ کے اندرونی سطح سے جڑی ہوئی ہے۔ درمیانی پتلی پرت Arachnoid mater/عنکبوتی غشاء جو ایک تنگ Subdural space کے ذریعہ جافیہ سے جدا کی گئی ہے۔ سب سے اندرونی پرت Piamater/حنویہ ہے جو دماغ سے قریب جڑی ہوئی ہے، مگر Subarachnoidspace کے ذریعہ عنکبوتی غشاء سے جدا کی گئی ہے۔ دماغ کو تین اہم حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

Fore Brain/پیش دماغ، Mid Brain/وسطی دماغ اور Hind Brain/پچھلا یا پس دماغ۔

مندرجۂ ذیل علاقوں پر مشتمل ہے۔ Cerebrum/بڑا دماغ اور Diencephalon/بین عرشیہ، بڑا دماغ ''ذہانت کی نشانی ہے'' اور یہ دماغ کا بڑے حصے کی تشکیل کرتا ہے۔ بڑا دماغ بیرونی قشرہ، اندرونی نخاع اور درمیانی مرکزہ پر مشتمل ہے۔ بڑے دماغ کے سطحی علاقہ کو دماغی قشرہ کہتے ہیں جو خاکہ دکھائی دیتا ہے جو Unmyelinated اعصابی خلیہ کی موجودگی کی وجہ سے ہے۔ دماغی قشرہ اعصابی خلوی جسم، شجرینے glial اور خون کی وریدوں سے منسلک ہے۔ بڑے دماغ کی سطح میں کئی پیچ (تہیں) اور کھانچے پائے جاتے ہیں اور یہ تہیں gyri/ورطے کہلاتے ہیں۔ (singular-gyrus) یہ سطحی کھانچے ورطوں کے درمیان حصے کو Sulci/نالی کہتے ہیں (واحد نالی) اور گہرے کھانچوں کو شگاف کہتے ہیں۔ یہ نالی اور ورطے دماغی قشرہ کے سطحی رقبے کو بڑھاتے ہیں۔ کئی نالیاں بڑے دماغ کو 8 فصوں میں حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ Frontals/پیشانی، Parietals/temporals/کنپٹی اور Occipital سر کے پچھلے حصے کے جوڑی دار فص پائے جاتے ہیں۔ (خاکہ 10.7 اور 10.2)

درمیانی لمبا شگاف/Fissure، یہ Transverse/ترچھے شگاف دماغی نصف کروں کو Cerebellum/دمیغ سے جدا کرتے ہیں۔ یہ نصف کرے عصبی ریشوں کے ایک راستے سے جڑے ہوتے ہیں، جسے Corpus collosum کہتے ہیں۔ دماغی قشرہ کے تین فعلی علاقے ہیں وہ ہیں۔ حسی علاقے جو قشرہ کے Parietal، کنپٹی اور سر کے پچھلے فصوں میں پائے جاتے ہیں۔ یہ حسی ہیجانات کو حاصل کرتے اور اس کی ترجمانی کرتے ہیں۔ قشرہ کا حرکی علاقہ جو رضا کار عضلات کی حرکت کو قابو میں رکھتا ہے اور پیشانی کے فص (Frontal lobes) کے پچھلے حصے میں واقع ہے۔

وہ علاقے جو حسی اور حرکی علاقوں کے علاقہ دیگر علاقوں کو رفاقتی Association areas کہتے ہیں، جو یادداشت، مواصلات/اطلاعات سیکھنا اور فیصلہ کرنا جیسے افعال کی تکمیل کرتے ہیں۔

قشرہ کے اندرونی حصہ نخاع کہلاتا ہے۔ یہ سفید رنگ کا ہے، جو قشرہ اور بین عرشیہ کے درمیان عصبی نالی کی طرح کام کرتا ہے۔

جدول 10.2۔ دماغی فصوں کے افعال

ساخت	افعال
Frontal	کردار، ذہانت، یادداشت، حرکت
parietal	زبان، پڑھنے، احساسات
Temporal	بات کرنا، سننا، یادداشت
Occipital	بصارتی عمل



خاکہ 10.7۔ دماغی نصف کرہ کے فص

بین عرشیہ (Diencephalon): بڑی تعداد میں تین جوڑی ساختوں پر مشتمل ہیں۔

برعرشیہ (Epithalamus) یہ بین عرشیہ کی چھت کی تشکیل کرتا ہے اور یہ ایک غیر اعصابی بافت ہے۔ epithalamus کا پچھلا حصہ رگ دار اور تہیں ہیں جو مڑ کر پچھلی خون کی نالیاں بناتی ہیں، جو choroid plexus بناتا ہے۔

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:12 PM

کورائڈ پلکسس (Choroid Plexus) :

اس کے بالکل پیچھے برعرشیہ ایک چھوٹی سی ڈنڈی بناتا ہے جو کروی جسم پر ختم ہوتا ہے، جسے غدہ صنوبری کہتے ہیں۔ یہ ہارمون میلاٹونن خارج کرتا ہے جو نیند اور جاگنے کے دَور کو درست کرتا ہے۔

عرشیہ (Thalamus) :

یہ خاکی مادے سے ترتیب پایا ہوا ہے، جو نخاعی ڈور، دماغی تنے اور بڑا دماغ کے درمیان ہیجانات کے ایک قشری مرکز کی طرح کام کرتا ہے۔ عرشیہ کے اندر اطلاعات کو ترتیب اور ترمیم کیا جاتا ہے۔ یہ سیکھنے اور یادداشت میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ حسی اور حرکی اشاروں کا سب سے بڑا باہمی ربط کا مرکز ہے۔

انسانی دماغ کے بہت سارے حصے جیسے بڑا دماغ، عرشیہ، زیرعرشیہ، جسری پل، دمیغ اور نخاعے مستطیل، جیسے حصوں پر یہ مشتمل ہے۔ ہر حصہ کچھ اہم فعل انجام دیتا ہے اور ایک فرد کی بقاء کے لئے یہ تمام حصے بہت ضروری ہیں۔

ذیل کے بیانات پر تبادلہ خیال کریں:

(a) عرشیے (Thalami) دماغ کے قشری مرکز ہوتے ہیں۔

(b) نخاع کو نقصان پہنچنے سے ایک عضویہ کی موت کا سبب بن سکتا ہے۔



خاکہ 10.8 دماغ کی وسطی طولی تراش کا حصہ

زیرعرشیہ (Hypothalamus):

یہ بین عرشیہ کے سطح کی تشکیل کرتا ہے۔ زیرعرشیہ کی نچلی توسیع قیف نما راستہ ہے، جو زیرعرشیہ کے ساتھ پچوڑی غدود سے جڑی ہوئی ہے۔ یہ زیرعرشیہ ایک جوڑی دار چھوٹے گول اجسام پر مشتمل ہیں، جنہیں پستانی اجسام کہتے ہیں۔ جس میں سونگھنے کے لئے قوت شامہ کا لاشعوری عمل اور جذباتی عمل شامل ہیں۔ زیرعرشیہ خودکار جسمانی نظام کو برقرار رکھتا ہے اور تپش، کھانے اور پینے کی ترغیب دیتا ہے۔ عصبی افرازی خلیوں کا گروپ پایا جاتا ہے، جو زیرعرشیہ ہارمون کو خارج کرتے ہیں۔ زیرعرشیہ، آسودگی کے مرکز (satiety centre) کی طرح کام کرتا ہے۔

افسردگی (Depression):

یہ seratonin یا Nor epinephrine یا دونوں کی ایک عملی کمی کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یہ خرابی ایک وسیع منفی مزاج، دلچسپی میں کمی، خوشی سے محرومی اور خودکشی کے رجحانات پیدا کرتے ہیں۔ افسردگی کو ختم کرنے کے لئے (Antidepressent) کی دوائیں CNS میں نیوروٹرانسمیٹر کی دستیابی اور ان کی مرکوزیت میں اضافہ کرتی ہے۔ لہذا افسردگی قابل علاج ہے۔

دماغ کا محیطی نظام (Limbic System)

دماغی نصف کرہ کا اندرونی حصہ Limbic نظام کی تشکیل کرتا ہے۔ لمبک نظام کے اہم اجزاء olfactory bulbs جوفہ شمی، Cingulate gyrus، پستانی اجسام (بادامیہ) amygdala اور hippocampus زیرعرشیہ ہیں۔ لمبک نظام کو ''جذباتی دماغ'' کہتے ہیں، کیونکہ یہ خوشی، درد، غصہ، خوف، جنسی احساس اور پیار کے نظم وضبط میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔

سمندری گھوڑے کی ساخت hippocampus اور بادامیہ amygdala بھی یادداشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ (خاکہ 10.9)

دماغی تنا (Brain stem):

دماغی تنا نخاعی ڈور اور بین عرشیہ کے درمیانی دماغ کا حصہ ہے۔ اس میں وسطی دماغ اور نخاعے مستطیل شامل ہیں۔ (خاکہ 10.10)

Cerebral Peduncles

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:13 PM



خاکہ 10.10 دماغی تنا

وسطی دماغ (Mid Brain)

بین عرشیہ اور جسر کے درمیان وسطی دماغ پایا جاتا ہے۔ وسطی دماغ کا نچلے حصہ میں اعصابی بافتوں کی ایک جوڑی دار لمبی پٹی پائی جاتی ہے، جسے دماغی ڈنڈی کہتے ہیں جو بڑا دماغ، دمیغ، جسر یا پُل اور نخاع کے درمیان جو ہیجانات کو آگے اور پیچھے ترسیل کرتا ہے۔

وسطی دماغ کا پچھلا حصہ چار کروی اجسام پر مشتمل ہے، جو اربعہ اجسام کہلاتے ہیں جو دیکھنے اور سننے کے عمل کو معکوس کی طرح کام کرتے ہیں۔

پچھلا یا پس دماغ: (Hind Brain)

Rhombencephalon پچھلے دماغ کی تشکیل کرتا ہے۔ اس میں دمیغ، جسر اور نخاعئ مستطیل شامل ہیں۔ بڑا حصہ دمیغ یہ



خاکہ 10.9 محیطی نظام

دو دماغی نصف کرے اور درمیانی کیڑے کی شکل کا حصہ Vermis پر مشتمل ہے۔ دمیغ عضلاتی حرکت اور جسمانی توازن کو قابو میں رکھتا اور باہمی ربط پیدا کرتا ہے۔

دمیغ نقصان کے نتیجے میں اکثر غیر منظّم رضا کارانہ عضلات کی نقل وحرکت ہوتی ہے۔

جسر (Pons Varoli)

یہ وسطی دماغ اور نخاعئ مستطیل کے درمیان دمیغ کے سامنے واقع ہے۔ Pons varoli میں موجود عصبی ریشے دو دماغی نصف کرے ایک پل کی تشکیل کرتے ہیں اور نخاعئ مستطیل کو دو دماغ کے دوسرے خلیوں سے جوڑے ہیں۔ تنفّسی مرکز جو جسر یا پل میں پائے جاتے ہیں۔ تنفس کو قابو میں رکھنے کے لئے یہ نخاع کا تعاون کرتے ہیں۔

نخاعئ مستطیل (Medulla Oblongata)

دماغ کا سب سے پچھلا حصہ بناتا ہے۔ یہ نخاعئ ڈور اور دماغ کے مختلف حصوں کو جوڑتا ہے۔ یہ نخاعئ ڈور سے اشاروں کو حاصل کرتا اور جوڑتا ہے اور دمیغ اور عرشیہ کو بھیجتا ہے۔ نخاع میں اہم مراکز پائے جاتے ہیں جو قلب وعروقی عمل، تنفس اور شکمی اخراج کو قابو میں رکھتا ہے۔

دماغی بطین (Ventricles of the brain):

دماغ میں چار کھوکھلی اور خالی جگہیں ہوتی ہیں۔ ہر دماغی نصف کرہ کے اندر اور پائے جانے والی۔ شکل کی جگہ یک جانبی بطین I اور II کی تشکیل کرتا ہے، جو ایک دوسرے سے ایک پتلی جھلی سے جدا کئے گئے ہیں، جسے فاصل septum pellucidum کہتے ہیں۔ ہر جانبی بطین بین عرشیہ میں ایک تنگ III بطین کے بطینی فاصل Foramen of monro کے ذریعہ اطلاع دیتا ہے۔ بطین III پچھلے دماغ میں بطین IV کے ذریعہ ایک نالی کے ذریعہ جاری ہے، جس کو سلوئیس کی نہر Aqueduct of Sylvius کہتے ہیں (دماغی)۔

Choroid Plexus خون کے شعریانوں کا ایک جال ہے، جو بطینوں کی بالائی سطح میں پائی جاتی ہے اور خون سے دماغی نخائی

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:14 PM

سیال (Cerebro Spinal Fluid) (CSF) کی تشکیل کرتی ہے۔ CNS کی ساخت کو CSF ایک تیرنے کی صلاحیت فراہم کرتا ہے۔ CSF دماغ اور نخائی ڈور کے لئے ایک صدمہ گیر کی طرح کام کرتا ہے۔ یہ مستقل غذا اور آکسیجن کی فراہمی کو نقل وحمل کرتا ہے اور دماغی خلیوں کو غذائیت بخشتا ہے۔ یہ دماغ سے خون کو نقصان دینے والے تحولی فضلہ کو لے جاتا ہے اور دماغی Vessels کے اندر مستقل دباؤ کو برقرار رکھتا ہے۔

10.4.2۔ نخائی ڈور (Spinal cord)

نخائی ڈور ایک لمبی، پتلی اور استوانی اعصابی بافت ہے۔ یہ فقری ستون میں محفوظ ہے اور دماغ کی طرح یہ بین جھلیوں سے بھرا ہوا ہے۔ نخائی ڈور جو دماغی تنے کی نالی سے توسیع پا کر فقری صلبی پہلی سطح سے دوسری سطح تک پھیلی ہوئی ہے۔ لہذا باقی اعصاب کی اعصابی جڑیں ان کی مناسب جگہ پر اعصابی جڑوں کے لمبے بنڈل پائے جاتے ہیں۔ انہیں گھوڑے کی دُمچی کی طرح Cauda equina ریڑھ کی ہڈی کا زیریں حصہ (horse's tail) کہتے ہیں۔

فقری ستون کی عمودی تراش میں (خاکہ 10.11) دو گہرے شگاف ہیں، جو پچھلی درمیانی دھاری اور اگلی درمیانی شگاف۔ اگرچہ کہ اس میں معمولی تغیرات ہو سکتے ہیں۔ فقری ستون کی عمودی تراش عام طور پر پوری لمبائی میں یکساں ہوتی ہے۔ دماغ کے برعکس فقری ستون کا خاکہ مادہ اندرونی تتلی کی شکل کا حصہ بناتا ہے، جو بیرونی سفید مادہ سے گھیرا ہوا خاکستری مادہ اعصابی خلوی اجسام اور اس کے شجرینے، بین عصبانیہ اور سریشی خلیے پر مشتمل ہیں۔ سفید مادے میں اعصابی ریشوں کے بنڈل پر مشتمل ہے۔ خاکستری مادے مرکز میں ایک مرکزی نالی ہے جو CSF سے بھرا ہوا ہے۔ خاکستری مادے کا ہر آدھا حصہ پچھلا قرین، بطنی قرین اور جانبی قرن میں تقسیم پایا ہوا ہے۔ پچھلا قرن بین عصبانیہ کے خلوی اجسام پر مشتمل ہے جو در آور اعصاب ختم ہوتی ہیں۔

بطنی قرن در آور حرکی اعصاب کے خلوی اجسام پر مشتمل ہیں، جو ڈھانچہ کے عضلات کو مہیا کرتے ہیں۔ خودکار عصبی ریشے قلبی اور نرم عضلات اور بروں افراز غدود مہیا کرتے ہیں، جو خلوی اجسام سے شروع ہوتے ہیں اور بغلی قرن میں پائے جاتے ہیں۔ سفید مادہ میں اعصابی ریشوں کے بنڈل دو قسم کے خطے بناتے ہیں۔

جن کے نام ہیں چڑھتے ہوئے خطے، جو دماغ کو حسی ہیجانات پر لے



خاکہ 10.11۔ نخائی ڈور کی ترچھی تراش

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:14 PM

جاتے ہیں اور اترتے ہوئے خطے جو حرکی ہیجانات کو دماغ سے نخائی اعصاب میں نخائی ڈور کے مختلف سطحوں تک لے جاتے ہیں۔ نخائی ڈور میں دو طرح کی توسیع دکھائی دیتی ہے۔ ایک گردنی علاقے میں اور دوسرا صلبی ہڈیوں کا علاقہ، گردنی پھیلاؤ، اوپری اعضاء کے کام آتا ہے۔ صلبی توسیع نچلے اعضاء کے کام آتا ہے۔

10.5۔ عمل معکوس اور عمل معکوس کا قوس: (Reflex action and reflex arc)

جب ہماری آنکھوں میں دھول پڑتی ہے تو پلکیں فوراً بند ہو جاتی ہیں۔ ہماری رضامندی کا انتظار نہیں کرتی۔ ایک گرم توّے کو چھوتے ہیں تو ہاتھ تیزی سے کھینچ لیتے ہیں۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ نخائی ڈور سے جڑنے والی فعلی اعصابی ساخت دماغ اور مؤثر عضو کی طرح باقی رہتی ہے۔ بعض اوقات ایک تیز جوابی ردعمل کی ضرورت پڑتی ہے۔ نخائی ڈور دماغ کی حرکی ابتداء کی طرح مؤثر ہوسکتا ہے اور اثرات کو لے جاتا ہے۔ اس طرح نخائی ڈور کا تیز عمل عمل معکوس کہلاتا ہے۔ یہ ایک تیز، غیر ارادی، غیر منصوبہ بند ترتیب ہے جو کسی خاص محرک کے ابواب میں ہوتا ہے۔ یہ عمل معکوس کو باہر لے جانے میں شامل اعصابی عناصر میں وہ راستہ عصبی ہیجانات کی تشکیل کرتے ہیں یا دوسرے لفظوں میں وہ راستہ جو عصبی ہیجانات کو عمل معکوس کی تیاری میں استعمال کرتے ہیں۔ اس عمل معکوس کو اعصابی سلسلہ (قوس) کہتے ہیں۔ (خاکہ 10.12)

عمل معکوس کے قوس کے فعلی اجزاء (Functional Components of a reflex arc)

حسی محاسے (sensory receptors) یہ ایک حسی ساخت ہے جو کسی مخصوص محرکہ پر جوابی ردعمل ظاہر کرتا ہے۔

حسی اعصاب (Sensory neuron): یہ اعصاب نخائی ڈور کے پشتی جڑوں کے ذریعہ نخاع کے خاکسترہ (afferent) مادے پر حسی ہیجانات کو لے جاتا ہے۔

بین عصبیہ (Interneurons): ایک یا دو بین عصبیہ حسی اعصاب سے حرکی اعصاب میں آنے والے ہیجانوں کو منتقل کرنے میں مدد فراہم کرسکتے ہیں۔

حرکی اعصاب (Motor Neuron): یہ ہیجانات کو CNS سے مؤثر اعصاب میں منتقل کرتے ہیں۔

مؤثر اعضاء (Effector organs): یہ ایک عضلہ یا غدود ہوسکتا ہے جو موصل ہونے والے ہیجانات کا جواب دیتا ہے۔

عمل معکوس کی دو قسمیں ہیں، وہ ہیں۔

1۔ غیر مشروط معکوس (Unconditional reflex):

غیر مشروط محرک کے لئے یہ ایک پیدائشی عمل ہے۔ پچھلے تجربے، علم یا تربیت حاصل کرنے کوئی ضرورت نہیں ہے۔ مثلاً دھول کے ذرات کا آنکھ میں پڑنے پر پلکوں کا جھپکنا، بیرونی ذرات کا خاک یا خنجرہ میں داخل ہونے پر کھانسنا، وغیرہ۔

2۔ مشروط عمل معکوس: (Conditional reflex)

مشروط لاشعوری عمل ایک محرک کا جوابی ردعمل ہے، جو سیکھنے کے نتیجے میں حاصل ہوتا ہے۔ یہ قدرتی طور پر جانوروں میں موجود نہیں ہے۔ صرف تجربہ سے ایک طرز عمل کا ایک حصہ بناتا ہے، مثلاً کسی غذا کے سونگھنے اور دیکھنے پر لعابی غدود کا ہیجان، لاشعوری عمل کا مظاہرہ، روس کے ماہر طبیعیات Pavlov نے کتّے کے ساتھ اپنے کلاسیکی مشروطیت کے تجربے میں کیا۔ دماغی قشرہ اس عمل معکوس کے عمل کو قابو میں رکھتا ہے۔

سطحی عصبی نظام (PNS) (Peripheral Neural system)

PNS سطحی عصبی نظام، CNS سے باہر تمام اعصابی بافتوں پر



خاکہ 10.12۔ عمل معکوس کے اعصاب (قوس) کا سلسلہ

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:15 PM

مشتمل ہے۔ PNS کے بغیر میں اعصاب، غدہ، entric Plexuses اور حسی محاصل شامل ہیں۔ اعصاب Chord کی طرح ساخت ہے، جو کئی اعصاب کو اندر گھیرے ہوئے ہے۔ Ganglia (Singular ganglion) اعصابی بافتوں کی چھوٹی سی جماعت ہے، جو بنیادی طور پر عصبی خلوی اجسام پر مشتمل ہے اور دماغ اور نخائی ڈور کے باہر واقع ہے۔ Enteric Plexuses غذائی نالی کے راستے اور اعضاء کے دیواروں میں جڑے اعصاب کا وسیع جال بچھا ہوا ہے۔ یہ شبکہ کے اعصاب ہاضمی نظام کو منظّم کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ ماحولیاتی تبدیلیوں کا جواب دینے میں معاون مخصوص ساخت یعنی حسیہ درآور sensory receptor کہتے ہیں جو عصبی ہیجانات کو Trigger یعنی متحرک کرتے ہیں۔ سطحی عصبی نظام میں دماغی اعصاب دماغ سے اور نخائی اعصاب نخائی ڈور سے پیدا ہونے والے اعصاب پر مشتمل ہے۔

(A) دماغی اعصاب (Cranial Nerves):

دماغی اعصاب کی 12 جوڑیاں ہوتی ہیں۔ جن میں سے پہلی کی 2 جوڑیاں، وسطی دماغ سے اور باقی 10 جوڑیاں پچھلے یا پس دماغ سے نکلتی ہیں Vagus nerve عصب کے علاوہ جو شکم تک پھیلی ہوئی ہے۔ تمام دماغی اعصاب سر اور چہرے تک پہنچتے ہیں۔

(B) نخائی اعصاب (Spinal Nerves):

نخائی اعصاب کی 31 جوڑیاں نخائی ڈور کے خالی جگہوں کے ذریعہ نکلتی ہیں، جنہیں بین فقری سوراخ Intervertebralforamine کہتے ہیں جو متصل فقرے کے درمیان پائے جاتے ہیں۔ نخائی اعصاب کے نام فقری ستون کے خطے کے مطابق رکھے گئے ہیں، جہاں سے ان کی ابتداء ہوتی ہے۔

(i) گردنی اعصاب (8 جوڑیاں)
(ii) صدری اعصاب (12 جوڑیاں)
(iii) کمر کے اعصاب (5 جوڑیاں)
(iv) عجزی اعصاب (5 جوڑیاں)
(v) دُم کے اعصاب (1 جوڑی)

ہر نخائی عصب درآور afferent (حسی) اور برآور efferent (حرکی) ریشوں کے مرکب اعصاب پر مشتمل ہے، جس سے دو جڑیں نکلتی ہیں۔ ایک پچھلی پتی جڑ جو نخائی ڈور کے باہر غدہ کے ساتھ اور (2) اگلی بطنی جڑ، جس میں کوئی بیرونی غدہ نہیں۔

جسمانی عصبی نظام (SNS):
(Somatic neural system)

جسمانی عصبی نظام (SNS) یا (رضا کارانہ عصبی نظام) سطحی عصبی نظام کا ایک حصہ جو جسمانی رضا کارانہ حرکات سے منسلک ڈھانچے کے عضلات ہیں۔ حسی اور حرکی اعصاب جو جسمانی اعصابی نظام سے نالی دار عضلات میں تحریک پیدا کرتا ہے۔ جسمانی عصبی نظام کے اہم افعال عمل معکوس (لاشعوری) حرکت اور اعضاء اور عضلات کے رضا کارانہ حرکات وغیرہ جسمانی عصبی نظام کے اہم افعال ہیں۔

ایک بالغ فرد میں CSF کا جملہ حجم تقریباً 150 ملی لیٹر ہے اور اسے ہر 8 گھنٹے میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ تقریباً 500 ملی لیٹر CSF روزانہ تیار ہوتا ہے۔ Choroid Plexus فضلہ کی مصنوعات کو خارج کر کے CSF کو صاف کرنے میں مدد کرتا ہے۔

خودکار عصبی نظام (Autonomic Neural system)

خودکار عصبی نظام ایک خودکار افعال ہے اور خود متعین کرتا ہے۔ یہ ایک سطحی عصبی نظام ہے جو قلبی عضلات اور غدود، نرم عضلات اعصاب میں تحریک پیدا کرتا ہے۔ یہ نظام مختلف اعضاء کے غیر رضا کارانہ کارروائیوں کو قابو میں رکھتا اور منظّم کرتا ہے۔ زیر عرشیہ میں ANS کا قابو کا مرکز ہے۔

خودکار عصبی نظام میں مندرجۂ ذیل اجزاء شامل ہیں:

قبل عقدہ والے اعصاب (Preganglionic neuron)

جن کے عقدے، خلوی دماغ یا نخائی ڈور میں پائے جاتے ہیں۔ myelinated محوریہ، دماغی یا نخائی اعصاب کے حصے کے طور پر مرکزی عصبی نظام (CNS) سے باہر نکلتا ہے اور یہ خودکار عقدہ عصبیہ پر ختم ہوتا ہے۔

خودکار عقدہ کے عصبیہ (Autonomic ganglion)

یہ محوریہ کے پہلے عقدہ کے اعصاب اور خلوی اجسام کے بعد کے عقدہ عصب پر مشتمل ہے۔

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:16 PM

بعدعقدہ والے اعصاب (Postganglionic nerves)

یہ عصبی ہیجانات کو خودکار عقدہ اعصاب سے Visceral مؤثر اعضاء کو پہنچاتا ہے۔

خودکار عصبی نظام تاثیر پذیر عصبی نظام اور غیر تاثیر پذیر عصبی نظام پر مشتمل ہے۔

آپ کا دوست امریکہ کے دورے کے بعد وطن واپس جا رہا ہے۔ گھر میں سب اس کی آمد کا انتظار کر رہے ہیں۔ تمہیں کیسے لگے گا؟ ANS کی تقسیم بتائیں جو آپ کے جسم میں رونما ہونے والی چند تبدیلیوں کا تذکرہ کرتی ہے۔

10.6۔ حسی رسائی اور عمل: (Sensory reception and processing)

ہمارے احساس ہمیں ایسی تبدیلیوں سے آگاہ کراتے ہیں جو ہمارے ماحول میں اور ہمارے جسم میں واقع ہوتی ہیں۔ احساس (ہیجانات کا شعور) اور خیال (ہیجانات کی آگاہی اور توضیح) دفاع میں واقع ہوتی ہے۔ درآور (receptor) کو ان کے مقام کی بنیاد پر درجہ بند کیا گیا ہے۔

1۔ بروں گیر حساسہ (Exteroceptors): جسم کی سطح پر یا اس کے قریب واقع ہے۔ یہ بیرونی محرکات کے لئے حساس ہیں اور سننے لئے، بصارت، لمس اور ذائقہ اور سونگھنے کے لئے حسی input حاصل کرتے ہیں۔ 2۔ دروں گیر حساسہ (interceptors) : Visceral اعضاء اور خون کی وریدوں میں واقع ہیں اور یہ دروں ہیجانات کے لئے حسی ہیں۔

خودحساسہ (Proprioceptors): یہ ایک دروں غیر حساسہ کی قسم ہے۔ یہ جسمانی حرکت اور مقام کے بارے میں اطلاعات مہیا کرتا ہے۔ یہ ڈھانچے کے عضلات، وتروں، جوڑوں، رباط اور اتصالی بافتوں، ہڈیوں میں اور عضلات میں واقع ہیں۔ ہیجانات کی اقسام کی بنیاد پر مبنی محصلی کو جدول 10.3 میں دکھایا گیا ہے۔

10.6.1۔ شعاع محصّل - آنکھ (Photoreceptor eye)

آنکھ بصارت کا عضو ہے۔ یہ کھوپڑی کے مدار میں واقع ہے اور چھ بیرونی عضلات کی مدد سے اپنے مقام پر برقرار ہے۔ وہ اعلیٰ، کمتر، جانبی سیدھے عضلات اعلیٰ عمودی اور ادنیٰ عمودی عضلات ہیں۔ یہ عضلات آنکھوں کی حرکت میں مدد کرتے ہیں اور وہ اپنے عصاب کو III, IV اور VI دماغی اعصاب سے حاصل کرتے ہیں۔

پردۂ چشم، پلکیں بھنویں ہیں جو آنکھوں کی حفاظت کے لئے شامل مفید ساختیں ہیں۔

پردۂ چشم آنکھوں کو ضرورت سے زیادہ روشنی اور بیرونی چیزوں سے بچاتی ہیں۔ آنکھ کے اوپر اور چکنائی کے پھیلنے اور اخراج سے روکتے ہیں۔

پلکیں اور بھنویں آنکھ کے ڈھیلے کو بیرونی چیزیں براہِ راست سورج کی روشنی سے بھی بچنے میں مدد کرتی ہیں۔ پلکوں کی بنیاد پر روغنی غدود پائے جاتے ہیں، جنہیں ہدبے دار غدود کہتے ہیں جو بالوں کی جڑوں کے گرد ایک چکنا سیال خارج کرتا ہے۔ ان کی غدو ہر مدار کے اوپری بغلی حصے میں واقع ہیں، جو آنسو خارج کرتے ہیں۔ آنسوؤں کے اخراج کے غدود (ciliary glands) اوپری بغلی حصے میں واقع ہیں جو آنسو خارج کرتے ہیں۔ آنسوؤں کے اخراج کی شرح ہر دن ایک ملی لیٹر 1mL / day ہوتی ہے اور اس میں نمک، رطوبت اور لئی سوزائم خامرہ جو بیکٹر یا کو ختم کرتا ہے۔ اس میں شامل ہیں۔ آنکھ

جدول 10.3 محصلوں کی قسمیں

محصلات Receptors	محرکات (ہیجانات) Stimulus	اثر کرنے والے اعضاء Effector organs
میکانیکی محصل	دباؤ اور حرکت	میکانیکی محصلی اندرونی کان کے اور نصف دائری نالی اور Utriculus
کیمیائی محصل	کیمیاء	زبان میں ذائقی کلیاں اور ناک کا برحلمہ
حرارتی محصل	تپش	تپش
ضیائی محصل	روشنی	آنکھ میں پردۂ شبکیہ کے سلاخ نما اور مخروطی خلیے

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:16 PM

کی جھلی ملتحمہ Conjunctiva ایک پتلی۔حفاظتی لزوجی جھلی ہے جو آنکھ کے ڈھیلے کی بیرونی سطح کو گھیرے ہوئے ہے۔
(خاکہ 10.13)



خاکہ 10.13۔ انسانی آنکھ

آنکھ کے دو حصے ہیں۔اگلے اور پچھلے حصے۔اگلے حصے میں دو خانے ہیں۔پہلا جو قرنیہ اور قزحیہ کے درمیان واقع ہے اور دوسرا قرنیہ۔قزحیہ (Iris) اور عدسہ (lens) کے درمیان واقع ہے۔یہ دونوں خانے ایک آبی سیال سے بھرے ہوئے ہیں، جنہیں آبی رطوبت Aqueous Humor کہتے ہیں اور یہ لعابی سیال سے بھرے ہوئے ہیں جنہیں زجاجی رطوبت vitreous humor کہتے ہیں، جو آنکھ کی کروی حالت کو برقرار رکھتا ہے۔آنکھ کا عدسہ شفاف اور دوہری محدبی ستونی برحلمی خلیوں سے بنا ہوا ہے، جنہیں عدسے کے ریشے کہتے ہیں۔ یہ خلیے شفاف پروٹین کے ساتھ جمع شدہ ہیں۔

آنکھ کا ڈھیلا (The eye ball)

آنکھ کا ڈھیلا، فطرت میں کروی ہے۔ آنکھ کے ڈھیلے کا پچھلا چھٹا حصہ کھلا ہوا ہے۔باقی خطہ کھوپڑی کے گڑھے میں موزوں سے جڑا ہوا ہے۔آنکھ کے ڈھیلے کی دیوار تین پرتوں پر مشتمل ہے۔ریشے دار صلبیہ، Vascular choroid اور حسی پردۂ شبکیہ۔
(خاکہ 10.14)

بیرونی غلاف کثیف غیر عروقی اتصالی بافت سے بنا ہوا ہے۔اس کے دو خطے ہیں۔اگلا قرنیہ اور پچھلا قزحیہ ہے۔آنکھ کا شفاف پردہ قرنیہ Cornea، اور آنکھ کا سخت حصہ (Sclera) ہے۔غیر عروقی شفاف پرت دار برحلمہ سے بنا ہوا ہے، جو قرنیہ کی مسلسل تجدید کرنے میں مدد کرتا ہے، جیسا کہ یہ دھول سے نقصان پہنچنے سے بچاتا ہے۔ صلبیہ آنکھ کی سفیدی کی تشکیل کرتا ہے اور یہ آنکھ کے ڈھیلے کو محفوظ کرتا ہے۔صلبیہ پچھلے حصے میں بصری عصب کو محرک کرتا ہے۔صلبیہ اور قرنیہ کے مقام اتصال میں ایک راہ ہے، جسے (canal of Schlemm) کہتے ہیں، جو مسلسل آبی رطوبت کی کثرت کو روکتا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

کسی خاص مقام پر سوزش یا تعفن کی وجہ سے آنکھ کے سفید پردہ میں خون کی وریدوں کا پھیلنا (dilation) اور انجماد ہونے کو عام طور پر ''آشوب چشم'' "Madras eye" کہتے ہیں۔ہدبے دار غدود میں تعفن کی وجہ بیکٹر یا ہے، جو درد اور پیپ سے بھری سوزش کا سبب بنتا ہے، جسے sty کہتے ہیں

صرف قرنیہ ہی جسم میں ایک واحد بافت ہے، جس کو ایک شخص سے دوسرے شخص کے اندر بغیر کسی شرط کے ساتھ تبدیل کیا جا سکتا ہے، کیونکہ قرنیہ میں خون کی شریانیں موجود نہیں ہیں۔

آنکھ کے ڈھیلے کا پردہ (مشیمہ) Choroid انتہائی عروقی vascularized روغنی پرت ہے، جو آنکھ کی تمام پرتوں کو تغذیہ پہنچاتی ہے اور اندرونی انعکاس کو روکنے کے لئے اس کا روغن روشنی کو جذب کرتا ہے۔

ہدبے دار جسم اور قزحیہ کی تشکیل کے لئے مشیمہ پہلے سے گاڑھا ہو جاتا ہے۔ قزحیہ آنکھ کا رنگین حصہ ہے جو قرنیہ اور عدسے کے درمیان واقع ہے۔قزحیہ (Iris) کے مرکز میں دراز ہے، جو پُتلی (Pupil) کہلاتی ہے، جس کے ذریعے روشنی کا گذر اندرونی خانوں میں ہوتا ہے۔قزحیہ دو قسم کی بافتوں سے بنا ہے۔

(dilator papillae)

(شعاعی عضلات) Sphincter papillae (دائرۂ نما عضلات)۔ تیز روشنی میں قزحیہ کے دائرہ نما عضلات سکڑ جاتے

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:17 PM

ہیں۔ پتلی کی جسامت گھٹ جاتی ہے اور کم روشنی آنکھوں کے اندر داخل ہوتی ہے۔ دھیمی روشنی میں قرنیہ کے شعاعی عضلات سکڑتے ہیں، تو پتلی کی جسامت میں اضافہ ہوتا ہے اور زیادہ روشنی آنکھ کے اندر داخل ہوتی ہے۔ ہدبے دار جسم میں جو نرم عضلات پائے جاتے ہیں، انہیں ہدبے دار عضلات (ciliary muscle) کہتے ہیں جو قریب اور دور کی بصارت میں عدسے کے ابھار کو تبدیل کرتے ہیں۔ مختلف فاصلوں پر اشیاء کو مرکوز کرنے کی آنکھوں کی وہی قابلیت کو تطبیق accomodation اور عدسے کو عمودی حالت میں پکڑے



خاکہ 10.15۔ سلاخی اور مخروطی خلیے

رہنے میں مدد کرتے ہیں۔ ہدبی جسم کو خون شعریانیں فراہم کی جاتی ہیں، جو پانی دار سیال خارج کرتا ہے جسے aqueous humor آبی رطوبت کہتے ہیں جو اندرونی خانوں کو بھرتا ہے۔

پردۂ شبکیہ آنکھ کی سب سے اندرونی پرت کی تشکیل کرتا ہے اور یہ دو خطوں پر مشتمل ہے۔ رنگین برحلمی چار (غیر بصری حصہ) اور عصبی بصری خطے، عصبی پردۂ شبکیہ کی پرت میں تین قسم کے خلیے پائے جاتے ہیں۔

Photoreceptor cells/ روشنی حاصل کرنے والے خلیے، مخروطی اور سلاخیں (خاکہ 10.5۔ اور جدول 10.4) دو قطبی خلیے اور غدہ عصبے کے خلیے پردۂ شبکیہ کے پچھلے خطے کے مرکز میں پیلے رنگ کے ہموار دھبے پائے جاتے ہیں جنہیں Macula lutea (شبکیہ کا سب سے حساس)/ تیز نظر حصہ) جو تیز نظر دیکھنے کا ذمہ دار ہے۔ پیلے



خاکہ 10.14۔ آنکھ کی طولی تراش

رنگ کے حصے کے مرکز میں ایک چھوٹا سا گڑھا ہوتا ہے، جسے Fovea centralis جوف مرکزی کہتے ہیں، جس میں صرف مخروط ہوتے ہیں۔ بصری عصب اور پردۂ شبکیہ کے خون کی شریانیں آنکھ میں ہلکے سے پچھلے قطب کے نیچے داخل ہوتے ہیں، جو

جدول 10.4 مخروطی اور سلاخی خلیوں کے درمیان فرق

سلاخی خلیے	مخروطی خلیے
سلاخیں دھیمی روشنی میں بصارت کے ذمہ دار ہیں۔	مخروطیں رنگین بصارت کے لئے ذمہ دار ہے اور یہ تیز روشنی میں بہتر کام کرتا ہے۔
سلاخوں میں پائے جانے والا روغن rhodopsin ہے، جو پروٹین Scotopsin اور retinal بناتا ہے ۔ (حیاتین A کا آلڈی ہائڈ)	مخروطوں میں موجود روغن Photopsin ہے، جو opsin پروٹین اور retinol سے بناتا ہے۔
تقریباً 120 ملین سلاخی خلیے ہیں۔	تقریباً 6 - 7 ملین مخروطی خلیے پائے جاتے ہیں۔
اضافی جوف کے اوپری خطے میں سلاخیں پائے جاتے ہیں۔	اضافی جوف کے خطے میں مخروطی خلیے مرکوز ہیں۔

Untitled-1
Monday, August 01, 2022 8:00:38 PM

روشنی حاصل کرنے والوں سے خالی ہیں۔لہذا اس خطے کو تاریک نقطہ (blind spot) کہتے ہیں۔

بصارتی ترکیب: (Mechanism of vision)

جب روشنی آنکھوں میں داخل ہوتی ہے تو قرنیہ، آبی رطوبت اور عدسہ میں منعکس ہوتی ہے اور پردۂ شبکیہ پر مرکوز ہوتی ہے اور سلاخی اور مخروطی خلیوں کو محرک کرتی ہے۔شعاعی لون میں Opsin موجود ہوتا ہے، جو پروٹین کا حصہ ہے اور Retinal وٹامن A کا حصہ پایا جاتا ہے

روشنی کو opsin سے پردۂ شبکیہ کو علاحدہ کرنے پر آمادہ کرتا ہے اور اوپسن میں ساخت تبدیلیاں پیدا کرتا ہے اور یہ روشنی حاصل کرنے والے خلیوں میں عملی صلاحیت پیدا کرتا ہے۔یہ نظری تاثرات کے لئے بصری اعصاب کے ذریعہ دماغ کے بصری قشرہ میں دو قطبی خلیے غدہ عصب اور بصری عصب کے ذریعہ منتقل ہوتا ہے۔

آنکھ کی انعطافی بے قاعدگی (Refractive errors of eye)

میوپیا (قریب نظری، کوتاہ نظری) (Myopia)

اس سے متاثر شخص کو قریبی اشیاء تو صاف دکھائی دے سکتی ہے، مگر دور کی اشیاء دیکھ نہیں سکتا۔ایسی حالت کا نتیجہ آنکھ کے ڈھیلے کے طویل ہوجانے کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔یہ عدسے کے موٹا ہوجانے کی وجہ سے تو دور کی اشیاء کا خیال پہلے نقطے کے آگے بنتا ہے۔اس بے قاعدگی کو مقعر عدسے کی مدد سے درست کیا جاسکتا ہے جو داخل ہونے والی روشنی کی شعاعوں کو بکھیرتا ہے اور پردۂ شبکیہ پر مرکوز کرتا ہے۔

ہائپرمٹروپیا (بعید نظری) دور نظری: (Hypermetropia)

اس سے متاثر شخص صرف دور کی اشیاء کو صاف طور سے دیکھ سکتا ہے مگر قریبی اشیاء کو نہیں دیکھ سکتا۔ایسی حالت میں آنکھ کے ڈھیلے کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے ہے اور عدسے کا باریک ہوجانا جس سے وہ قریبی اشیاء کا خیال پردۂ شبکیہ کے پیچھے مرتکز ہوتا ہے۔اس نقص کو محدب عدسے کی مدد سے قابو پایا جاسکتا ہے۔جو داخل ہونے والی روشنی کی شعاعوں کو پردۂ شبکیہ پر مرکوز کرتا ہے۔

پرس بیوپیا (ضعف بصارت) (Presbyopia)

عمر رسیدگی کی وجہ سے عدسے کی لچکداری اور تطبیقی طاقت کھو دیتی ہے۔اس نقص کو دور کرنے کے لئے محدب عدسہ استعمال کیا جاتا ہے۔

کج نظری (Astigmatism)

ناہموار (بے ترتیب) عدسے یا قرنیہ کے خم کی وجہ سے ہے۔اس بے قاعدگی کو دور کرنے کے لئے استوانہ نما عدسوں کو استعمال کیا جاتا ہے۔ (خاکہ 10.16)

آنکھ کے عدسے کا دھندلا ہونا (موتیابند): (Cataract)

پروٹین کی ترکیب میں تبدیلی کی وجہ سے، عدسہ دھندلا ہوجاتا ہے۔اس کو عمل زجاحی کے طریقے سے صحیح کیا جاسکتا ہے۔

رنگین بصارت کے بصری روغن اس طرح پائے جاتے ہیں۔
(1) سرخ مخروط: جس میں بصری روغن پائے جاتے ہیں اریتھرولیسن جو طویل موجی طول کے لئے حساس ہیں جو 560 nm کے قریب ہیں۔ (2) سبز مخروطیں، جس میں روغن پایا جاتا ہے،



خاکہ 10.16۔آنکھ کی انعطافی بے قاعدگی

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:19 PM

کلوروپسن جو درمیانی موجی طول 530 nm کے لئے حساس ہیں (3) نیلے مخروط میں جو روغن پائے جاتے ہیں، سیانوپسن جو مختصر طولی موج 420 nm کے لئے حساس ہیں۔ آبی رطوبت عدسے قرنیہ اور چند شبکیاتی خلیوں کو آکسیجن اور تغذیہ فراہم کرتی ہے۔ آبی رطوبت ایک ہی شرح میں پیدا ہوتی اور خشک ہوتی ہے، جو 16mm Hg ایک مستقل درون چشمی دباؤ کو برقرار رکھتا ہے۔ Schlemm کی نالی میں موجود کوئی بھی رکاوٹ آبی رطوبت کے درون چشم کو بڑھاتا ہے اور Glaucoma کی جانب لے جاتا ہے، جہاں بصری عصب اور پردۂ شبکیہ دباؤ کی وجہ سے دب جاتے ہیں۔

10.6.2۔ آواز کا محاصل (Phonoreceptor)

کان دو احساسات کے حاصل کرنے کا مقام ہے، یعنی سماعت اور توازن۔ جسمانی لحاظ سے کان کو تین خطوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ بیرونی کان۔ درمیانی کان اور اندرونی کان۔

بیرونی کان (Pinna) کان کے سوراخ اور کان کے طبل وغیرہ پر مشتمل ہے۔ بیرونی کان جلد سے ڈھکے ہوئے لچکدار کری ہڈی کا پردہ ہے، جو آواز کی لہروں کو جمع کرتا ہے۔ بیرونی کان کے طبل میں ایک بڑی ہوئی نالی ہے، جو طبلی جھلی تک پھیلا ہوا ہے۔ (کان کا طبل) طبلی جھلی، اتصالی بافتوں سے بنے ہوئے ہیں، جو بیرونی طور پر جلد سے اور اندرونی طور پر لعابی جھلی سے ڈھکے ہوئے ہیں۔

بیرونی سمعی غشاء میں بہت ہی عمدہ بالوں اور موم پیدا کرنے والے شحمی غدود ceruminous glands پائے جاتے ہیں، جنہیں cerumen پیدا کرنے والے غدود کہتے ہیں۔ کان کے موم اور بال کا اتصال دھول اور بیرونی ذرات کو کان میں داخل ہونے سے روکنے میں مدد کرتا ہے۔

درمیانی کان کنپٹی کی ہڈی کے ایک چھوٹے ہوا بھرے ہوئے کہفہ پر مشتمل ہے۔ اس کو اور بیرونی کان کو طبلی جھلی جدا کرتی ہے۔ ان کے درمیان ایک چھوٹی ہڈی پائی جاتی ہے۔ اس ہڈی میں دو چھوٹی جھلیوں سے ڈھکے سوراخ پائے جاتے ہیں، جنہیں بیضوی کھڑکی اور گول کھڑکی کہا جاتا ہے۔

درمیانی کان تین چھوٹی ہڈیوں پر مشتمل ہے۔ مطرقی ہڈی (hammer bone)، سندان ہڈی (anvil bone) اور رکیبی ہڈی (Stirrup bone) جو ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہیں۔ مطرقی ہڈی غشاء طبل سے جڑی ہوئی ہے اور اس کا سرا سندان کے جوڑوں س منسلک ہے جو رکابی ہڈی اور سندان کے درمیانی ہڈی سے جڑا ہوا ہے۔ رکابی ہڈی اندرونی کان کی بیضوی کھڑکی (Oval window) سے جڑی ہوئی ہے۔ کان کی چھوٹی ہڈی اندرونی کان کی ایک نالی، جو سلاخی نالی کہلاتی ہے جو درمیانی کان کے کہفہ کو بلعوم سے جوڑتی ہے۔ یہ نالی کان کے طبل کے دونوں جانب ہوا کے دباؤ کو توازن میں رکھنے میں مدد کرتی ہے۔

اندرونی کان کا کہفہ سیال سے بھرا ہوا ہے، جو دو حصوں پر مشتمل ہے۔ ہڈی دار پیچیدہ راستہ اور جھلی دار پیچیدہ راستہ، ہڈی دار پیچیدہ راستہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ کان کا خوقلیہ cochlea، اندرونی کان کا مرکزی جوفہ اور نیم دائری راستہ۔ کان کا خوقلیہ، لچھا دار حصہ ہے، جو تین خانوں پر مشتمل ہے، جن کے نام یہ ہیں Scala estibuli اور Scala tympani۔ یہ دونوں کان کے جوف میں موجود اینڈولمف مائع سے بھرے



خاکہ 10.17۔ آواز کی لہروں کا راستہ (سفر)

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:20 PM

ہوئے ہیں۔کان کے خوقلیہ کی بنیاد میں Scala bestibule / روزن، کان کے سوراخ پر ختم ہوتا ہے، جب کہ scala tympani درمیانی کان کے دائری کھڑکی round window پر ختم ہوتا ہے۔ Scala vestibule اور scala media کے خانے Reisner's membrane نامی ایک جھلی کے ذریعہ جدا کئے جاتے ہیں، جنہیں فرشی جھلی (Basilar membrane) کہتے ہیں۔ (خاکہ 10.17)

کورٹی کے عضو (Organ of corti)

کورٹی کے عضو ایک حسی دھاری ہے، جو فرشی جھلی کے اوپری حصے میں واقع ہے اور یہ متعدد بال کے خلیوں پر مشتمل ہے جو فرشی لمبائی کے ساتھ چار قطاروں میں ترتیب پائی ہوئی ہے۔ نالیوں کے ہر خلیے کے راسی حصے سے ابھار بال کی طرح کے ساخت ہوتے ہیں، جسے Stereocilia کہتے ہیں۔ آواز کی موجوں کی ترسیل کے دوران Stereocilia ایک سخت جیلی نما جھلی سے رابطہ کرتی ہے، جسے غشائے غلاف (tectorial membrane) کہتے ہیں۔ یہ ایک چھت کی طرح ساخت ہے، جو پوری لمبائی میں کورٹی کے عضو پر لٹکی ہوئی ہے۔

سماعت کی ترکیب اور میکانزم (Mechanism of learning)

کان کے سوراخ میں داخل ہونے والی آواز کی موجیں غشاء طبل پر پڑتی ہیں، جو کان کے طبل میں ارتعاش پیدا کرتا ہے اور یہ ارتعاش Oval window میں تین سمعی چھوٹی ہڈیوں کے ذریعہ منتقل ہوتا ہے۔ لہذا غشاء جھلی، بیضوی کھڑکی (Oval window) سے 17-20 گنا طویل ہوتی ہے۔ Oval window کے مقابلے میں غشاء جھلی میں تقریباً 20 گنا زیادہ دباؤ پڑتا ہے۔ یہ بڑھا ہوا دباؤ کان کے جوف میں موجود سیال perilymph میں دباؤ کی موجیں پیدا کرتا ہے۔ اس دباؤ کی وجہ سے گول کھڑکی round window میں ظاہری اور باطنی متبادل طور پر پھولتا ہے۔ اس دوران فرشی جھلی کورٹی کے عضو کے ساتھ اوپر نیچے کی طرف حرکت کرتی ہے۔ بالوں کی یہ حرکت میکانکی gated روانی بار کو متبادل طور پر جالوں کے خلیوں کے لئے کھولتے اور بند کرتے ہیں اور اس عمل کی صلاحیت کو کان کے صدفی اعصاب کے ذریعہ صوتی احساسات کے طور پر دماغ میں پھیلاتے ہیں۔



خاکہ 10.18 کورٹی کا عضو

کان کے نقائص: (Defects of ear)

بہرا پن عارضی یا مستقل ہوسکتا ہے۔ اس کو مزید ایصالی بہرا پن اور حسی بہرا پن میں درجہ بند کیا جاسکتا ہے۔

ایصالی بہرا پن کی ممکنہ وجوہات ہوسکتی ہیں۔

(i) کان کے راستہ میں کان کا میل / چرگ گوش کی وجہ سے رکاوٹ ہوسکتی ہے۔

(ii) کان کے طبل کا پھٹنا۔

(iii) سیال جمع ہونے کی وجہ سے درمیانی کان میں عفونت کا ہونا۔

(iv) ہڈی بننے کے عمل Ossicular movement میں پابندی، حسی عصبی، بہرے پن میں کورٹی کے عضو میں نقص یا سمعی عصبی بہرے پن یا اوپر سمتی راستے میں یا سمعی قشرہ میں ہوسکتا ہے۔

توازنی عضو (Organ of equilibrium)

توازن، احساس کا ایک حصہ ہے، جسے عضلات یا پٹھے، proprioception کہتے ہیں، جو جسم میں احساس کا مقام، سمت بندی اور حرکت کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ توازن کے عضو کو

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:21 PM

Vestibular نظام کہتے ہیں، جو کان کے صدفہ کے ساتھ اندرونی کان میں واقع ہے۔ Vestibular نظام سیال سے بھری تھیلی اور نالیوں کی ایک قطار پر مشتمل ہے۔ ان تھیلیوں اور نالیوں میں دروں لمف (endolymph) پایا جاتا ہے اور انہیں کان کے جوف perilymph میں موجود مائع میں رکھا گیا ہے۔ (خاکہ 10.19) یہ دونوں سیال، کان کے جوف اور دروں لمف، جسم کے مقام اور اسراع میں تبدیلیوں کے دوران میکانیکی قوتوں میں ردعمل ظاہر کرتے ہیں۔



خاکہ 10.11۔ توازنی عضو

توازن کے عضو کے حصوں کے نام بتائیں جو مندرجۂ ذیل افعال میں شامل ہیں۔

(a) جسم کی خطی حرکت (b) جسم کے مقام میں تبدیلیاں

(c) سر کی گردشی حرکت

خلیہ اور چھوٹا کیسہ دو جھلی نما تھیلیاں ہیں، جو کان کے صدفہ کے قریب پائے جاتے ہیں اور متوازی توازن حاصل کرنے والے خطے ہیں، داغ دھبے (Maculae) کہلاتے ہیں، جو سر کی خطی حرکت کا پتہ لگانے میں شامل ہیں۔ maculae میں بال کے خلیے پائے جاتے ہیں، جو میکانیکی ردعمل کے طور پر کام کرتے ہیں، جو بالوں کے خلیے جیلاٹینی کیلشیمی جھلی میں سرایت کرتا ہے، جس میں چھوٹے کیلشیم کاربونیٹ calcareous کے ذرات پائے جاتے ہیں، جنہیں Otoliths کہتے ہیں۔ یہ جھلی بالوں کے خلیوں کے اوپری حصے کے وزن میں اضافہ کرتی ہے اور جمود (inertia) میں بھی اضافہ کرتی ہے۔

نالیاں جو Vestibule کے پچھلے اور پہلوی حصے میں واقع ہیں جنہیں نصف دائری نالیاں کہتے ہیں وہ اگلے۔ پچھلے اور پہلوی نالیاں جو ایک دوسرے کے زاویہ قائمہ پر قائم ہیں۔ ہر نصف دائری نالی کا ایک سرا ہے اور اس کے نچلے سرے پر پھولا ہوا علاقہ ہے، جسے صراحی نما (ampulla) خراقہ کہتے ہیں۔ ہر صراحی نما میں حسی علاقے پائے جاتے ہیں جنہیں Crista ampullaris کہتے ہیں، جو حسی بال کے خلیے بناتے ہیں۔ سر کی گردشی حرکت کا پتہ لگانا، ان نالیوں کا کام ہے۔

آواز کی حدت کو (dB) ڈیسیبل میں ناپا جاتا ہے۔
0 ڈیسیبل (dB) عام کان کی سماعت کی ابتداء ہے۔
90dB ڈیسیبل سے زیادہ کی حدت سے شدید سماعت کا نقصان ہوسکتا ہے۔ معنی خیز گفتگو کے لئے حدت 50dB کی حد میں ہونی چاہئے۔

10.6.3۔ سونگھنے کے محصل یا قوت شامہ کے محصل (Olfactory receptors)

ذائقہ اور قوت شامہ (سونگھنے کی قوت) کو حاصل کرنے والوں کو کیمیائی آخذہ (Chemoreceptors) کہتے ہیں۔ خوشبو حاصل کرنے والے ہوا سے پیدا ہونے والے کیمیائی مادوں سے تفاعل کرتے ہیں، اور سیال میں تحلیل ہوجاتے ہیں۔ زرد رنگ کے دھبے مشوی برحلمی (olfactory epithelium) میں تشکیل پاتے ہیں۔ زرد رنگ کے دھبے مشوی برحلمی میں تشکیل پاتے ہیں۔ برحلمہ جوناک کے کہفہ کی چھت میں واقع ہیں۔ برحلمہ خلیے بلغمی پرت کے پتلی تہہ اور شامہ کے غدود سے جڑنے والے اتصالی بافتوں کے اوپر ڈھکے ہوئے ہیں۔ ان میں تین قسم کے خلیے پائے جاتے ہیں۔ سہارا دینے والے خلیے (Supporting cells) بنیادی خلیے (basal cells) اور لاکھوں سوئی کی شکل کے شامہ کے محصلی خلیے (olfactory receptor) (جو غیر معمولی دو قطبی خلیے ہیں)۔ شامی غدود اور اتصالی خلیے mucus خارج کرتے ہیں۔ شامہ کے محصلی خلیے کے غیر شحمی (Unmyelinated) محوریے جمع ہوکر شامہ کے اعصاب کے ریشے (کنپٹی کے اعصاب 1) بناتے ہیں۔ یہ معانقہ کے ساتھ شامہ کا جوفہ بناتے ہیں۔ ہیجانات جو شامہ کے

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:22 PM



خاکہ 10.20 ذائقہ کے محاسے

جو زبان کو کھردرا احساس دیتے ہیں۔ ذائقہ کی کلیاں پیلے میں واقع ہیں جو تمام زبان کی سطح پر بکھرے ہوئے ہیں۔ زیادہ تر ذائقہ کی کلیاں زبان پر دکھائی دیتی ہیں (خاکہ 10.20) چند نرم تالو پر بکھرے ہوئے ہیں۔ گالوں کی اندرونی سطح، بلعوم اور حنجرہ کے غضروف پر بکھرے ہوئے ہیں۔ ذائقہ کی کلیاں صراحی کی شکل کی ہیں اور 100 - 50 بڑے قسم کے برحلی خلیوں پر مشتمل ہیں۔

ذائقہ کے برحلی خلیے (ذائقہ کے خلیے) اور بنیادی برحلی خلیے (مرمت کرنے والے خلیے) طویل خوردنرم بالوں کے گچھے کو ذائقہ بال کہتے ہیں، جو ذائقی خلیوں کے نوک سے ابھرتے ہیں اور ذائقہ کی سوراخ Pores کے ذریعہ روئیں ذائقہ کے خلیے کے حسی علاقے ہیں اور ان میں حسی شجر پائے جاتے ہیں، جو دماغ تک ترسیل کرتے ہیں۔ بنیادی خلیے جو تنے کے خلیے کی طرح کام کرتے تقسیم کرتے اور نئے ذائقہ کی خلیوں میں ممیّز کرتے ہیں۔ خاکہ 10.20

جلد۔ چھونے کا احساس
(Skin - sense of touch)

جلد چھونے کا ایک حسی عضو ہے اور یہ بھی سب سے بڑا حسی عضو ہے، اور یہ احساس عصبیوں سے داخل ہوکر، دماغ کے اگلے فص پہنچتے ہیں اور بو کی شناخت کرتے ہیں اور محیطی نظام (limbic system) پر عمل کرتے ہیں جو مخصوص خوشبو کی طرف ردعمل کرتے ہیں۔

ذائقہ کے محصل : (Gustatory receptor)

ذائقہ کا احساس تمام احساسوں میں سب سے زیادہ خوشگوار سمجھا جاتا ہے۔ زبان میں پیلے نامی بہت سے چھوٹے ابھار ہوتے ہیں،

ذائقہ کی کلیوں کے خلیوں کو بڑی مقدار میں رگڑ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس کے مقام اور گرم کھانے کی وجہ سے وہ معمول کے مطابق جل جاتے ہیں۔ یہ جسم کے سب سے متحرک خلیات ہیں اور ہر سات سے دس دن میں یہ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔



خاکہ 10.21 جلد کے محاسے

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:23 PM

لاکھوں خوردبینی حسی محصلوں سے نکلتے ہیں جو تمام جلد پر واقع ہیں اور یہ چھونا، دباؤ، گرمی، سردی، درد جیسے عام احساسات سے جڑے ہوئے ہیں۔ جسم کے چند حصے جیسے انگلیوں کے نوک میں بڑی تعداد میں اس طرح کے محصل پائے جاتے ہیں جو انہیں بہت زیادہ حسی بناتے ہیں۔ جلد میں موجود محصلوں میں چند یہ ہیں۔
(خاکہ 10.21)

- Tactile marked disc ایک ہلکا چھونے کا احساس ہے جو برادمہ کی گہری پرت سے جڑا ہوا ہے۔
- بال کے جراب کے محصل (Hair follicle receptors) ہلکا ہونے کا احساس ہے جو بال کے جراب کے اطراف جڑے ہوئے ہیں۔
- Meissner's Corpuscles غیر منسلک جسم کے خلیے: چھوٹے ہلکے دباؤ والے محصلی ہیں جو جلدی پیپلی میں برادمہ کے بالکل نیچے پائے جاتے ہیں جو لاتعداد بغیر بالوں کے جلدی علاقے میں جیسے انگلیوں کے نوک اور پیروں کے نچلے حصے کی جلد میں پائے جاتے ہیں۔
- Paciniam corpuscles: بڑے انڈوں کی شکل کے محصلی ہیں جو جلد کی گہرائی میں پھیلے ہوئے ہیں اور دباؤ کی وجہ سے ہونے والے ارتعاش پر نظر رکھتے ہیں۔ یہ مختلف ساختوں کی کیفیت، تپش، سختی اور درد کا پتہ لگانے میں مدد کرتے ہیں۔
- Ruffini endings: جو جلد میں جڑا ہوا ہے جو مسلسل دباؤ پر ردعمل ظاہر کرتا ہے۔
- Krause end bulbs : یہ حرارتی محصل ہے، جو تپش کا احساس رکھتا ہے۔

میلانوسائٹس کے خلیے جلد کو رنگنے اور میلانن کی تیاری کے ذمہ دار ہیں۔ یہ جلد کو رنگ بخشتے اور سورج کی بالابنفشی شعاعوں سے بچاتے ہیں۔ برص (لیکوڈرما) ایک ایسی حالت ہے، جس میں جلد کے علاقوں سے میلانن کا رنگ ختم ہو جاتا ہے، جو سفید دھبے بننے کا باعث ہوتی ہے۔ اکثر اس کی کوئی واضح وجہ نہیں ہوتی۔ برص متعدی نہیں ہے۔ یہ کسی بھی عمر، صنف یا نسلی گروہ کے لوگوں کو متاثر کر سکتا ہے۔ دھبے اس وقت ظاہر ہوتے ہیں، جب میلانوسائٹس، میلانن رنگ کی ترکیب میں ناکام ہو جاتے ہیں۔

خلاصہ: Summary

عصبی نظام تمام اعضاء کے اتصال کو باہم مربوط کرتا اور متحد کرتا ہے اور اندرونی اور بیرونی ماحول کی تبدیلیوں پر ردعمل ظاہر کرتا ہے۔

عصبی نظام میں دو قسم کے خلیے نیوران اور عصبی سریش شامل ہیں نیوران عصبی نظام کی ساختی اور فعلی اکائی ہے۔

CNS (مرکزی عصبی نظام) میں دماغ اور نخائی ڈور شامل ہے ۔ دماغ کے اہم حصوں میں دمیغ ربڑا دماغ، بین عرشیہ، دمیغ اور دماغی تنا ہیں۔ کھوپڑی اور دماغی غشاء، دماغ کی حفاظت کرتے ہیں۔ CSF سطحی عصبی نظام کو میکانیکی تحفظ اور غذائی اجزاء فراہم کرتا ہے۔

نخائی ڈور، نخائے مستطیل کا تسلسل ہے اور یہ فقری ستون میں کمر کی دوسری قرنیہ حرام مغز (Conus medullaries) کے طور پر ختم ہوتا ہے۔ انعکاسی حرکت میں حصہ لینے والے مرکبات عمل معکوس کے قوس (reflex arc) کہلاتے ہیں۔

دماغی اعصاب کی 12 جوڑیاں ہوتی ہیں جو دماغ سے نکلتی ہیں اور نخائی اعصاب کی 31 جوڑیاں ہیں، جو نخائے مستطیل سے نکل کر PNS سطحی عصبی نظام بناتی ہیں۔ سطحی عصبی نظام، عصبی نظام اور خودکار عصبی نظام میں تقسیم کیا گیا ہے۔ SNS شعوری طور پر کام کرتا ہے اور خودکار عصبی نظام ANS عام طور پر لاشعوری طور پر کام کرتا ہے۔

خودکار عصبی نظام کے حرکی حصوں میں دو اہم حصے ہوتے ہیں۔ مشارکی اور ردمشارکی عصب ہیں۔

اندرونی یا بیرونی ماحول میں ہونے والی تبدیلیوں کے بارے میں احساس شعور یا تحت شعور میں جانکاری رکھتا ہے۔ چار واقعات، جن کے نام ہیں ہیجان پیدا کرنا، بارایصال، نسلی ہیجان اور تکمیل مخصوص طور پر احساس کے لئے واقع ہوتا ہے۔

سادہ محصل عام احساسات سے جڑے ہوتے ہیں، جیسے جسمانی احساسات (جلد) پیچیدہ محصلی مخصوص احساسات سے جڑے ہوئے ہیں جیسے سونگھنا، ذائقہ، بصارت، سماعت اور توازن وغیرہ۔

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:23 PM

عصبی نظام Nervous System

عصبی نظام مخصوص عصبی خلیے کا مرکب ذخیرہ ہے جسے نیوران کہتے ہیں جو جسم کے مختلف حصوں میں اشاروں کی ترسیل کرتا ہے۔



unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:25 PM

محاسبہ :(Evaluation)

1۔ کان میں کون سی ساخت دباؤ کی لہر کو حرکی قوت (عملی قواہ) (action potential) دیتے ہیں؟

(a) طبلی جھلی
(b) کورٹی کے عضو
(c) بیضوی کھڑکی
(d) نصف دائری نالیاں

2۔ ان میں سے کون سی جوڑیاں صحیح ہیں؟

(a) حسی اعصاب ۔ درآور (اندر آنے والی)
(b) حرکی اعصاب ۔ درآور (اندر آنے والی)
(c) حسی اعصاب ۔ بطنی طرف
(d) حرکی اعصاب ۔ پشتی طرف

3۔ عصبی ہیجان کے معانقی ترسیل کے دوران، معانقی نالیوں کے رواں (Q) کے عمل سے نیوروٹرانسمیٹر (P) خارج کرتا ہے۔ P اور Q معلوم کریں۔

a. P = Acetylcholine, Q = Ca++
b. P = Acetylcholine, Q = Na+
c. P = GABA, Q=Na+
d. P = Cholinesterase, Q = Ca++

4۔ ذیل کے خلیہ کی دو قسموں A اور B کا بغور مطالعہ کریں اور درست جواب کا انتخاب کریں۔



(a) خلیہ A۔سلاخ نما خلیے، جو پردۂ شبکیہ میں مساوی طور پر پائے جاتے ہیں۔
(b) خلیہ A۔مخروطی خلیے زیادہ تر Fovea centralis میں مرتکز ہیں۔
(c) خلیہ B۔تیز روشنی میں رنگین بصارت سے وابستہ ہے۔
(d) خلیہ A۔ تیز روشنی میں رنگ کی بصارت سے وابستہ ہے۔

5۔ توثیق: Na^+ اور K^+ اور پروٹین کی غیر متوازن مرکوزیت، حرکی قوت (عملی قواہ) (action potential) پیدا کرتا ہے۔
سبب: Na^+ اور K^+ کی غیر مساوی تقسیم کو برقرار رکھنے کے لئے نیوران برقی توانائی استعمال کرتے ہیں۔

a) توثیق اور سبب صحیح ہے اور سبب توثیق کی صحیح وضاحت کرتا ہے
b) توثیق اور سبب دونوں صحیح ہیں، مگر سبب توثیق کی صحیح وضاحت نہیں کرتا۔
c) توثیق صحیح ہے، مگر سبب غلط ہے۔
d) توثیق اور سبب دونوں غلط ہیں۔

6۔ انسانی دماغ کا کون سا حصہ جسم کے درجۂ حرارت کے نظام سے متعلق ہے۔

(a) دمیغ (b) بڑا دماغ
(c) نخائے مستطیل (d) زیر عرشیہ

7۔ تنفّسی مرکز اس میں پایا جاتا ہے۔

(a) نخائے مستطیل (b) زیر عرشیہ
(c) دمیغ (d) عرشیہ

8۔ جدول I میں درج ذیل انسانی نخائی اعصاب کو جدول II میں ان کے متعلقہ نمبر کے ساتھ ملائیں اور اس کا صحیح انتخاب کریں۔

کالم I	کالم II
P گردنی اعصاب	i۔ 5 جوڑیاں
Q صدری اعصاب	ii۔ 1 جوڑی
R کمر کے اعصاب	iii۔12 جوڑیاں
S عُصعی (دُمچی) کی ہڈی کے اعصاب	iv۔8 جوڑیاں

a. (P-iv),(Q-iii),(R-i),(S-ii)
b. (P-iii), (Q-i), (R-ii), (S-iv)
c. (P-iv),(Q-i),(R-ii),(S-iii)
d. (P-ii), (Q-iv), (R-i), (S-iii)

9۔ کثیر دروں خلوی مثبیرے (abundant intracellular cation) یہ ہیں۔

(a) H^+ (b) K^+ (c) Na^+ (d) Ca^{++}

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:25 PM

10۔ عصبی ہیجان کے ایصال کے سلسلے میں مندرجۂ ذیل میں کون سا بیان غلط ہے۔

(a) سکون پذیر نیوران (resting neuron) میں محوریہ کی جھلی K^+ رواں میں زیادہ نفوذ پذیر ہے اور Na^+ رواں میں تقریباً غیر نفوذ پذیر ہے۔

(b) سکون پذیر نیوران میں محوریہ سے باہر سیال میں Na^+ رواں کی اعلیٰ مرکوزیت اور K^+ رواں کی کم مرکوزیت ہوتی ہے۔

(c) Na^+، K^+ پمپوں کے ذریعہ ہونے والی روانی شرح کو سکون پذیر جھلی کے اطراف برقرار رکھا جاتا ہے، جو 3Na کے روانوں کو 2 K^+ کے باہر خلیے میں منتقل کرتے ہیں۔

(d) ایک نیوران تبھی قطبی (Polarized) ہوتا ہے، جب محوریہ کی جھلی بیرونی سطح پر منفی بار ہوتا اور اس کی اندرونی سطح پر مثبت بار ہوتا ہے۔

11۔ درج ذیل کے تمام کا تعلق میلین کی چادر کے ساتھ ہے، سوائے اس کے۔

a) عصبی ہیجان کی تیز ایصالیت

b) رنویر کی گھاٹیاں محوریہ کے ساتھ خلا پیدا کرتی ہیں۔

c) عصبی ہیجان کی ایصالیت کے لئے توانائی کی پیداوار میں اضافہ

d) حرکی قوت کی نمکین ایصالیت

12۔ مخروطی خلیوں کے حوالے سے یہاں پر کئی بیانات دئے گئے ہیں۔ مندرجۂ ذیل میں سے کون سا انتخاب مخروطی خلیوں کے حوالے سے صحیح بیانات کی نشاندہی کرتا ہے۔

i) مخروطی خلیے، سلاخی خلیوں کے مقابلے میں تیز روشنی میں کم حساس ہوتے ہیں۔

ii) وہ رنگین بصارت کے ذمہ دار ہیں۔

iii) اریتھروپسس (erythropsin) ایک ضیائی رنگ ہے جو سرخ رنگ کی روشنی کے لئے حساس ہے۔

iv) وہ پردۂ شبکیہ کے جوف (fovea of retina) میں موجود ہے

(a) (iii)، (ii) اور (i)

(b) (iii)، (ii) اور (iv)

(c) (i)، (iii) اور (iv)

(a) (i)، (ii) اور (iv)

13۔ سطحی عصبی نظام کے جسمانی تقسیم (somatic division) سے متعلق مندرجۂ ذیل میں سے کون سا بیان غلط ہے؟

a) اس کا راستہ، ڈھانچے کے عضلات کو مضبوط بناتا ہے۔

b) اس کا راستہ عام طور پر رضا کارانہ ہے۔

c) اس کے بعض راستے عمل معکوس کے قوس سے متعلق ہیں۔

d) اس کے راستے میں ہمیشہ چار نیوران شامل ہیں۔

14۔ جب محوری جھلی کے درمیان قواہ، عام سکونی قواہ سے زیادہ منفی ہو تو اس نیوران کو یہ کہا جائے گا کہ وہ یہ حالت میں ہے۔

a) غیر قطبیت (Depolarization)

b) ہائپر قطبیت (Hyperpolarization)

c) دوبارہ قطبیت (Repolarization)

d) ہائپو قطبیت (Hypopolarization)

15۔ تاریک نقطہ (blind spot) کو اس طرح کیوں کہا جاتا ہے؟

16۔ سلیم کے بصارت پیمائی کے ماہر (optometrist) نے کہا کہ اس کا دروں چشمی دباؤ (intraocular pressure) زیادہ ہے۔ اس حالت کو کیا کہتے ہیں؟ اور اس میں کون سا سیال شامل ہے؟

17۔ حرکی قوت (عملی قواہ) (action potential) ایک داخلی ہیجان کے ردعمل سے واقع ہوتا ہے، مگر ذیلی داخلی ہیجان پر نہیں۔ اس میں شامل اصول کا نام کیا ہے؟

18۔ کھانے کی پسندیدہ خوشبو نے سدید کو باورچی خانہ جانے پر مجبور کیا۔ دماغ کے ان حصوں کے نام بتائیں، جو غذا کی شناخت اور جذباتی ردعمل یعنی خوشبو کی نشاندہی میں شامل ہیں؟

19۔ انسانوں میں قرنیہ کی منتقلی (cornea transplant) کو اکثر مسترد نہیں کیا جاتا۔ وجہ بتائیں؟

20۔ دوبارہ قطبیت (Repolarization) کے اختتام پر اعصابی جھلی، ہائپر قطبیت (hyperpolarized) ہو جاتی ہے ایسا کیوں ہے؟

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:26 PM

21۔ مشیمی اعصاب (Choroid plexes)، دماغی نخائی سیال خارج کرتا ہے۔ اس کے افعال کی فہرست بنائیں۔

22۔ خودکار عصبی نظام (ANS) کیا ہے؟ خودکار عصبی نظام (ANS) کے اجزاء کی فہرست بتایئے۔

23 کیوں محیطی نظام (limbic system) کو جذباتی دماغ (emotional brain) کہتے ہیں؟
ان کے حصوں کے نام بتائیں؟

24۔ محرکہ کے اقسام کی بنیاد پر محصلوں (receptors) کی درجہ بندی کیجئے۔

25۔ مخروطی خلیوں اور سلاخی خلیوں کے درمیان فرق بتائیں۔

26۔ ذائقہ کی حس، تمام حسوں سے زیادہ خوشگوار سمجھی جاتی ہے۔ ایک خاکہ کے ساتھ محصل میں شامل ساخت کی وضاحت کریں۔

27۔ جلد میں موجود حسی محصلات (sensory receptors) کی وضاحت کریں۔

Concept Map نظریاتی نقشہ



unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:26 PM

The Transmitters ٹرانس میٹر



آیئے عصبی نظام کی ساخت اور مختلف افعال سے متعلق جانکاری حاصل کریں گے۔



مرحلہ - 1 :

Nervous system کے صفحہ پر جانے کے لئے دئے گئے URL کو استعمال کیجئے۔ اس میں Nervous system organization کا انتخاب کیجئے اور عصبی نظام کے autonomic اور somatic نظام سے متعلق جانکاری حاصل کیجئے۔

مرحلہ - 2 :

وِنڈو کے اوپر back بٹن استعمال کر کے Nervous system کے صفحہ پر جایئے۔ اس کے بعد گرڈ سے Nerve Cells تلاش کیجئے۔

مرحلہ - 3 : عصبی نظام کے ہر ایک فعل کو جاننے کے لئے اوپر کے مرحلوں پر عمل کیجئے۔

مرحلہ - 4 : عصبی نظام سے متعلق مزید جانکاری کے لئے نیچے دئے گئے حوالہ استعمال کیجئے۔



Step 1



Step 2



Step 3



Step 4

Nervous System's URL:

https://www.getbodysmart.com/nervous-system

3D-Brain:
http://www.brainfacts.org/3d-brain#intro=false&focus=Brain&zoom=false

3D-Ear:
https://www.amplifon.com/web/uk/interactive-ear/index.html

* Pictures are indicative only

unit 10 neural control
Saturday, July 30, 2022 12:19:27 PM

اکائی IV

باب 11

کیمیائی باہمی ربط اور اتحاد

(Chemical Coordination and Integration)



Ktotho ایک بڑھاپے کے ظہور کو روکنے کا ایک طریقہ ہے جو لوگوں کو تازہ علمی قابلیت اور طویل عمر میں اضافہ کرتا ہے۔

سیکھنے کے مقاصد:

11.1۔ دروں افرازی غدود اور ہارمون

11.2۔ انسانی دروں افرازی نظام

11.3۔ دروں افرازی غدود کی کمی اور زیادہ کارروائی اور اس سے متعلق بدنظمی

11.4۔ ہارمون کے عمل کی ترکیب

سیکھنے کے مقاصد:

- مختلف دروں افرازی غدود کے مقام اور اس کے اخراج کو سمجھنا
- ہارمون کے عمل کی ترکیب کو سیکھنا۔
- دروں افرازی غدود کی کم اور زیادہ اخراج کی کارروائی سے متعلق بدنظمی کو سمجھنا۔
- معدی آنتی ہارمون کے کام/کردار کو سیکھنا۔

آپ کے امتحان کے نمبر سنتے وقت، چند کو پریشانی ہو سکتی ہے اور چند سننے میں تحمل کر سکتے ہیں اور چند پریشان ہو سکتے ہیں۔ کیا آپ کو ایسی فوری تبدیلیوں کی وجوہات معلوم ہیں۔ کسی بھی غیر متوقع واقعات کو دیکھنے کے دوران ہمیں رونگھٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ کیا آپ اس کی وجہ جانتے ہیں۔ کیوں؟

یہ تمام ہمارے جسم میں ہونے والی حیاتی کیمیائی تبدیلیوں کی وجہ سے ہے جو دروں افرازی نظام کے ذریعہ تخلیق کی گئی۔ مذکورہ بالا حیاتی کیمیائی تبدیلیاں اڈرنالن ہارمون کی وجہ سے ہیں

(Flight, Fright and Fight hormones)

11.1۔ دروں افرازی غدود اور ہارمون:

(Endocrine glands and hormones)

ہمارے انسانی جسم کے عضویاتی افعال کو عصبی اور دروں افرازی نظام دونوں کے ذریعہ باہمی ربط اور ترتیب دیا جاتا ہے۔ دروں افرازی نظام تحولی کارروائیوں کو ہارمون کے ذریعہ متاثر کرتی ہے (ہارمون کا مطلب (حوصلہ افزائی کرنا) جو کیمیائی پیام بر ہے، جو خون میں خارج ہوتے ہیں اور کیمیائی اشاروں کی حیثیت سے گردش کرتے ہیں اور خاص طور پر مخصوص اعضاء یا بافتوں پر کام کرتے ہیں جنہیں ہدف کے اعضاء (target organ) یا ہدف کے بافتیں (Target tissues) کہتے ہیں۔ ہارمون ہدف کے اعضاء کی کارروائیوں کو تیز یا سست یا بدل سکتے ہیں۔ ہارمون کا اخراج خون میں مستقل نہیں رہتا بلکہ جگر کے ذریعہ غیر فعال مرکبات میں تبدیل ہو جاتا اور گردوں کے ذریعہ خارج ہو جاتا ہے۔

ہارمون کیمیائی پیامبر ہیں کیونکہ وہ ہدف کے اعضاء میں مخصوص افعال انجام دینے کے لئے نامیاتی تماسی عامل اور خامرے کے عمل کو تیز کرنے والے کی طرح کام کرتا ہے۔ ہدف کے اعضاء میں یا تو خلیوں کے اندر یا سطحوں پر حساسی سالمے (receptor molecules) ہوتے ہیں۔ اگرچہ مختلف ہارمون خلیوں کے ساتھ

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:52:51 AM

ہی رابطے میں رہتے ہیں۔ صرف ہارمون کے لئے مخصوص خلیوں کے سالموں پر مشتمل خلیوں کو جسمانی طور پر متحرک کیا جاتا ہے۔ ایک اکہرا ہارمون میں اکہرے ہدف کی بافت پر مرکب اثرات ہو سکتے ہیں یا مختلف ہدف کے بافتوں پر مختلف اثرات ہو سکتے ہیں۔



خاکہ 11.1 مختلف ذروں افرازی غدود کے مقام

کئی ہارمون طویل مدتی تبدیلیاں ظاہر کرتی ہیں، جیسے افزائش بلوغت اور حمل وغیرہ۔ ہارمون اکثر کئی اعضاء اور اعضاء کے نظام کو ایک ہی وقت میں زیر اثر کرتے ہیں۔ ہارمون کا یا زیادہ اخراج بے نظمی کا باعث ہے۔ ہارمون مختلف جسمانی، فعلیاتی اور دفاعی کارروائیوں کا باہمی ربط (homeostasis) اور اعتدال کو برقرار رکھتا ہے۔ ہارمون پانی میں حل پذیر پروٹین یا پٹیائیڈ یا امائین یا حل پذیر اسٹیرائیڈ سے ترتیب پایا ہوا ہے۔

Homeostasis : خودکار حیاتیاتی نظام (اعتدال)
مختلف باہمی ربط کا نظام کے ذریعہ جسم کے مستقل اندرونی ماحول کی بحالی

11.2۔ انسانی دروں افرازی نظام
(Human Endocrine System)

دو غدودی نظام جیسے بروں افرازی غدودی اور دروں افرازی غدود ہوتے ہیں۔ بروں افرازی غدود خامرے۔ لعاب اور پسینہ خارج کرتے ہیں۔ ان میں نالیاں پائی جاتی ہیں جو مادوں کو جھلی کی سطح تک لے جاتے ہیں۔ مثال: لعابی غدود اور شحمی غدود۔ دروں افرازی غدود کو بے نالی دار غدود کہتے ہیں جو ہارمون کا اخراج کرتے ہیں اور نالیوں کی کمی ہوتی ہے جو ہارمون جسم کے گردگردش کرتے ہیں اور آخر کار ہدف کے اعضاء تک پہنچ جاتے ہیں۔ دروں افرازی غدود میں (خاکہ 11.1) بلغمی غدود۔ درقی غدود۔ پیراتھئی رائیڈ۔ پینیل۔ برگردوی (اڈرینل) غدود تھئی میں غدود شامل ہیں جنہیں خصوصی طور پر دروں افرازی غدود کہتے ہیں۔ اعصابی فعل کے ساتھ زیرعرشیہ بھی ہارمون تیار کرتے ہیں اور انہیں بھی دروں افرازی غدود کے طور پر سمجھا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ کئی اعضاء جیسے لنگر ہائے جزائر۔ برحلمی معدی امعائی راستہ، گردے۔ دل تناسلی غدہ اور مشیمیہ میں بھی دروان افرازی بافتیں پائی جاتی ہیں اور انہیں جزوی دروں افرازی غدود کہتے ہیں۔

جدول 11.1 ہارمون کی کیمیائی فطرت (Chemical nature of hormones)

جماعت	کیمیائی خواص	مثال
امائنس	چھوٹے۔ پانی میں حل پذیر جو ٹیروسین سے حاصل ہوا یا ٹرپٹوپن	اڈرینالن۔ نار اڈرینالن میلاٹونن اور درقی ہارمون۔
پروٹین/پیپٹائیڈس	پانی میں حل پذیر	انسولن۔ گلوکاگون اور پچوٹری ہارمون
اسٹیرائیڈ	کولیسٹرال سے حاصل کیا ہوا اکثر چربی میں حل پذیر	کارٹی سول، آلڈروسن، ٹسٹواسٹیرون، ایسٹروجن، پروجسٹرون

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:52:52 AM

11.2.1۔ زیرعرشیہ (Hypothalamus)

زیرعرشیہ ایک چھوٹی سی مخروطی شکل کی ساخت ہے، جو دماغ سے نیچے کی طرف بڑھا ہوا ہے جس کا اختتام پچوٹری تنے میں ہوتا ہے۔ یہ عصبی نظام اور دروں افرازی نظام دونوں سے باہمی مربوط ہیں۔ اگر چہ پچوٹری غدود کو ماسٹر دروں افرازی غدود کے طور پر جانا جاتا ہے جو دوسرے دروں افرازی غدود کو قابو میں رکھتا ہے لیکن یہ زیرعرشیہ کے قابو میں ہے۔ زیرعرشیہ عصبہ اخراجی خلیوں کے روپ شامل ہے۔ یہ نیورو ٹرانسمیٹر پیدا کرتا ہے جو پچوٹری کے اخراج کو منظم کرتا ہے۔ (خاکہ 11.2) زیرعرشیہ کے ذریعہ تیار کردہ ہارمون یا تو ہارمون کے اخراج کے طور پر کام کرتے ہیں یا مزاحمی ہارمون کی طرح کام کرتے ہیں۔

دماغ کے بنیادی خطہ میں زیر اندروں حرم hypothalamic hypophyseal portal خون کی وریدیں زیرعرشیہ اور اگلے پچوٹری سے جڑے ہوتے ہیں۔ یہ ہائیوتھلامک ہارمون کو اگلے پچوٹری کے اخراج کو قابو میں کھنے کی اجازت دیتا ہے۔ پچھلا پچوٹری اعصابی بنڈل کے ذریعہ زیرعرشیہ سے جڑا ہوا ہے جسے ہائیوتھلامک ہائیفیسل محور کہتے ہیں۔ یہ اعصابی اشارے تیار کرتے ہیں جو پچھلے پچوٹری اخراج کو قابو میں رکھتا ہے۔ زیرعرشیہ۔ اعتدال ۔ بلند خون کا دباؤ۔ جسمانی تپش قلبی اور جسم میں سیالی برق پاشیدہ توازن کو قابو میں رکھتا ہے۔

جدول 11.2۔ اہم ہائیوتھلامک ہارمون اور ان کے افعال

شمار عدد	ہارمون	افعال
1	تھی روٹروپن اخراجی ہارمون (TRH)	درقی ہیجانی ہارمون کے اخراج کو محرک کرتا ہے (TSH)
2	گوناڈوٹراوین یا خرابی ہارمون (GnRH)	جرابی محرکہ ہارمون کے اخراج کو محرک کرتا ہے (FSH)
3	کارٹیکوٹروپن اخراجی ہامون (CRH)	اڈرینل قشرہ محرکی ہارمون کی اخراج کو محرک کرتا ہے۔ (ACTH)
4	افزائشی ہارمون اخراجی ہارمون (GHRH)	افزائشی ہارمون کے اخراج کو محرک کرتا ہے (GH)
5	پرولاکٹن اخراجی ہارمون (PRH)	پرولاکٹن کے اخراج کو محرک کرتا ہے۔
6	لوٹینی ہارمون اخراجی ہارمون (LHRH)	لوٹینی ہارمون کے اخراج کو محرک کرتا ہے۔ (LH)
7	میلانوسائیٹس محرکہ ہارمون (MSH)	میلانوسائٹس کے اخراج کو محرک کرتا ہے (MSH)
8	افزائشی ہارمون مزاحمتی ہارمون (GHIH)	افزائشی ہارمون کے اخراج کو روکتا ہے۔ (G H)
9	پرولاکٹن مزاحمتی ہارمون (PIH)	پرولاکٹن کے اخراج کو روکتا ہے۔
10	میلانوسائٹس مزاحمتی ہارمون (MSH)	میلانوسائٹس کے اخراج کو روکتا ہے (MSH)

محیطی نظام (limbic system) کے حصے کے طور پر یہ مختلف جذباتی ردعمل کو متاثر کرتا ہے۔

پستانیوں میں درمیانی مساوات کا کردار اہم نہیں ہے، لیکن دوسرے فقرے داروں میں میلانوسائٹ محرکی ہارمون خارج کرتے ہیں۔ (MSH)، (MSH) جلد میں رنگت پیدا کرتا ہے۔

11.2.2۔ پچوٹری غدود (یا) ہائیوفائسس (Pituitary gland or Hypophysis)

پچوٹری غدود (مطلب جس کے تحت نمو پاتا ہے) بیضوی شکل ہے ہے، اور یہ Sella Turcica (پچوٹری کے کم گیر سوراخ) میں واقع ہے۔ دماغ کی بنیاد پر کنپٹی کی ہڈی میں ایک ہڈی دار کیضہ ہے اور یہ دماغی تنے کے ذریعہ ہائیوتھلامک خطے سے جڑا ہوا ہے جسے قیف نما ساخت (infundibulum) کہتے ہیں۔ یہ قطر میں ایک سنٹی میٹر اور وزن میں 0.5 گرام ہے۔ پچوٹری دو فصوں پر مشتمل ہے۔ اگلا غدودی فص اڈینو ہائیوفائسس اور پچھلا اعصابی نیورو ہا ئیوفائسس ہے۔ اور پچھلا فص زیرعرشیہ کا بڑھتا ہوا حصہ ہے جو دماغ کی بنیاد سے نکلتا ہے یا جسمانی طور پر اڈینو ہائیوفائسس کے تین فص یا خطے ہیں جن کے نام ہیں۔ pars intermedia ، Pars distals اور pars tuberalis ہیں۔ نیورو ہائیوفائسس کو Pars nervosa بھی کہتے ہیں۔

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:52:54 AM

پچوٹری کا اگلا فص چھ ٹراپک ہارمون خارج کرتا ہے، جیسے افزائشی ہارمون(GH) درقی ہیجانی ہارمون(TSH) اڈرینل قشرہ محرک ہارمون(ACTH)، جرابی محرکہ ہارمون(FSH) لوٹینی ہارمون (LH)، لوٹیوٹرویک ہارمون(LTH) اور میلانوسائٹسٹ محرکہ ہارمون (MSH) (صرف ادنیٰ جانوروں میں) پچوٹری کا پچھلا فص آکسی ٹاکسن اور واسوپریسن نامی ہارمون خارج کرتا ہے۔



خاکہ 11.2۔ زیرِعرشیہ اور پچوٹری غدود

اڈینوہائی پوفائسس کے ہارمون:
(Hormones of Adenohypophysis)

(i) افزائشی ہارمون GH(Growth hormone) یہاں سے Somatotropic ہارمون (STH) یا Somatotropin کہتے ہیں۔ یہ ایک پیپٹائیڈ ہارمون ہے (افزائشی ہارمون تمام بافتوں کی افزائش اور جسم کی تحولی عمل کو فروغ دیتا ہے۔ یہ کاربوہائیڈریٹ، حیاتین اور لپڈ کے تحول کو متاثر کرتا ہے اور خلیے میں پروٹین کی حیاتی تالیف کی شرح کو بڑھاتا ہے۔ Chondrogenesis (کری کی ہڈیوں کے بننے) کو محرک کرتا ہے۔ یہ Osteogenesis (ہڈیوں کے بننے) کو محرک کرتا ہے اور یہ معدنیات جیسے نائٹروجن، پوٹاشیم، فاسفورس، سوڈیم وغیرہ کو جسم میں برقرار رکھتا ہے۔ افزائشی ہارمون چربیلے بافتوں سے چربیلے ترشے کا اخراج کرتے ہیں اور خلیوں کے ذریعہ توانائی کے لئے گلوکوز کے استعمال کی شرح کو کم کرتا ہے۔ اس طرح گلوکوز پر منحصر بافتیں جیسے دماغ کے لئے گلوکوز کو مضبوط رکھتا ہے۔

(ii) درقی ہارمون (TSH) یا تھیروٹراپن
(Thyroid Stimulating Hormone (or) Thyrotropin)

(TSH) درقی ہیجانی ہارمون جو درقی غدود کو ٹرائی ایوڈوتھیرونن (T3) اور تھیراکسن (T4) کے اخراج کو محرک کرتا ہے۔ یہ اگلے، پچوٹری غدود سے خارج ہوتا ہے۔ یہ تھیروٹروپن ہارمون کے اخراج کو ترغیب دیتا ہے۔ جب خون میں تھیراکسن کی سطح بڑھ جاتی ہے۔ تھیروٹروپن اخراجی ہارمون (TRH)، TSH کے اخراج کو روکنے کے لئے پچوٹری اور زیرِعرشیہ دونوں TSH کو مائل کرتا ہے۔

(iii) اڈرنل قشرہ محرک ہارمون (ACTH)
Adreno Cortico Tropic Hormone (ACTH)

ادرنل قشرہ محرک ہارمون(ACTH) ایک پیپٹائیڈ ہارمون ہے جو اڈرنل قشرہ کو کورٹیکوائیڈ اور معدنی کارٹیکوائیڈ کے اخراج کو محرک کرتا ہے۔ میلانسوسائٹ میں میلانن کی ترکیب کو محرک کرتا ہے۔ شحمی بافتوں کو منفی بازپیدائش کی ترکیب کو منظّم کرتا ہے۔

IV۔ جرابی محرکہ ہارمون (FSH)
(Follicle Stimulating hormone)

FSH ایک گلوٹیکو پروٹین ہارمون ہے، جو گوناڈس (مولدوں) (اینثیے اور بیض دان) کے افعال کو منظّم کرتا ہے۔ مردوں میں یہ (FSH) اینڈروجن کے ساتھ نابتی برحلمہ کے تخم آورنالیوں میں عمل کرتا ہے اور تخم کے بارآوری اور اخراج کو محرک کرتا ہے (منوی حویں کی پختگی) اور عورتوں میں FSH بیض دان پر عمل کرتا ہے اور گرافین جراب کا بننا اور نشوونما لاتا ہے۔

لوٹینی ہارمون (LH): (Luteinizing hormone)

LH ہارمون ایک گلائیکو پروٹین ہارمون ہے جسے شگافی خلوی محرکہ ہارمون (Interstitial cell stimulating hormone) (ICSH) بھی کہتے ہیں۔ یہ مردوں میں اینثیے کے شگافی خلیوں سے مردانہ جنسی ہارمون ٹسٹواسٹیرون کو خارج کرتا ہے۔

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:52:56 AM

عورتوں میں لوٹینی ہارمون(L-H) کے ساتھ (FSH) بیض دانی جراب کو پختہ کرتا ہے۔LH آزادانہ طور پر بیضہ دانی کا باعث بنتا ہے۔ یہ کارپس لوٹیم کو منظّم کرتا ہے اور بیض دانی ہارمون کی ترکیب اور اخراج کو فروغ دیتا ہے۔ FSH اور LH کو مجموعی طور پر گوناڈوٹروپن کہتے ہیں FSH اور LH دونوں طفولیت کے دوران (بچپن) میں پیدا نہیں ہوتے۔ FSH اور LH کا اخراج پہلے بلوغت کی مدت کے دوران شروع ہوتا ہے۔

(vi) لوٹیوٹروپک ہارمون:(LTH)

(Luteotropic hormone)

LTH ہارمون کو لوٹیوٹروپن یا لاکٹوجنی ہارمون یا پرولاکٹن یا میموٹروپن بھی کہتے ہیں۔ یہ ایک پروٹینی ہارمون ہے جو عورتوں میں بچے کی پیدائش کے بعد دودھ کے اخراج کو محرک کرتا ہے۔ دودھ پلانے کے دوران اعلیٰ پرولیکٹن کے لوٹینی ہارمون کا اخراج اور بیضہ کی تشکیل کو روکتا ہے، کیونکہ یہ کارپس لوٹین کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ لہذا اسے لوٹیوٹروپک ہارمون بھی کہا جاتا ہے۔

نیوروہائپوفائی سس کے ہارمون:

(Hormone of neurohypophysis)

(i) واسوپریسن (یا) اینٹی ڈائی یوریٹک

(Vasopressin (or) antidiuretic hormone)

ADH ایک پیٹائیڈ ہارمون ہے، جو پانی کے بازانجذاب (reabsorbtion) کو فروغ دیتا ہے اور نیفران کے بعیدی نالی کے ذریعہ برق پاشیدگی کو فروغ دیتا ہے۔ اور اس کے باعث پیشاب کے ذریعہ پانی کو نقصان کو کم کرتا ہے۔ لہذا اسے اینٹی ڈائی یوریٹک ہارمون کہتے ہیں اور یہ خون کی وریدوں میں سکیڑ پیدا کرتا ہے۔ جب یہ بڑی مقدار میں جاری ہوتا ہے تو خون کے دباؤ کو بڑھاتا ہے۔ ADH کی کمی ڈیابیٹس انسی پیڈس پیدا کرتی ہے جو جس کی وجہ سے زیادہ مقدار میں پیشاب پیداوار کو متاثر کرتا ہے۔

(ii) آکسی ٹوسن Oxytocin (مطلب جلد پیدائش)

یہ بھی ایک پیٹائیڈ ہارمون ہے جو بچے کی پیدائش کے دوران رحم کی نرم بافتوں کو سکیڑنے کو محرک کرتا ہے اور پستانی غدود میں دودھ پیدا کرتا ہے۔

واسوپریسین اور آکسی ٹوسن نو امینو ترشوں پر مشتمل ہیں اور تقریباً ایک جیسے ہیں اور صرف دو امینو ترشے میں مختلف ہیں اور اس کے باوجود ان کے جسمانی اثرات ڈرامائی طور پر مختلف ہیں۔

واسوپریسن میں امینو ترشے کی سلسلہ وار ترتیب:

سسٹین ٹائروسین فینائک امیلا نائن

گلوٹامین۔ ایسپر یجین سیسٹین پرووِلین

ارجینائن گلائسین

آکسی ٹاسن میں امینو تیرشے کی سلسلہ وار ترتیب

سسٹین ٹائروسین آئسولیوسن گلوٹامین اسپیراجین

سیسٹن پرولین لیوسین گلائسین

پچوٹری غدود دماغ کے نیچے کھوپڑی کی میخ نما ہڈی کے نشیب میں واقع ہے۔ اس کو زیر عرشیہ سری بیری بھی کہتے ہیں۔ مندرجۂ ذیل پر تبادلہ کریں۔

(a) پچوٹری غدود دماغ کے نیچے کھوپڑی کی میخ نما ہڈی کے نشیب میں واقع ہے۔ اس کو زیر عرشیہ سری بیری بھی کہتے ہیں۔ مندرجۂ ذیل پر تبادلہ خیال کریں۔

(a) پچوٹری غدود کو عام طور پر جسم کا ''ماسٹر غدود'' master Gland کہتے ہیں۔

(b) زیر عرشیہ کا اہم کردار تبادلۂ خیال کریں اور پچوٹری غدود میں بطور باہمی ربط کی آگاہی جو جسمانی ترکیب کو برقرار رکھتا ہے۔

(c) پچوٹری کا پچھلا فص کس طرح لوجی عمل کو کس طرح مدد کرتا ہے۔

11.2.3۔ پینئل غدود: (Pineal Gland)

انسانوں میں پینئل غدود یا اپی فائی سس، سیری بری یا Conarium دماغ کے تیسرے جوف کے پیچھے جڑا ہوا ہے اور یہ دائمی بافت کے خلیے اور شگافی خلیوں کی تشکیل کرتا ہے۔ یہ ہارمون میلاٹونن کو خارج کرتا ہے جو ہمارے جسم کے روز کی تبدیلی میں مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔ اور عام sleep wake cycle کو منظّم کرتا ہے اور گوناڈس کی جنسی پختگی کے وقت کو بھی منظّم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ میلاٹونن بھی ہمارے جسم کے تحول Pigmentation ماہواری کا دور، دفاعی ترکیب کو متاثر کرتا ہے۔

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:52:57 AM

رات کے وقت میلاٹونن خارج کرتا ہے۔ آنکھ کے پردہ شبکیہ میں روشنی پڑتی ہے تو ملاٹونن کی تیاری میں کمی واقع ہوتی ہے۔

کیا ہم جانتے ہو؟

Circadian rhythm شب وروز کی تبدیلی روشنی اور تاریکی کے قدرتی ادوار سے وابستہ حیاتیاتی کارروائیوں کا 24 گھنٹے کا دور ہے۔ مثال کے طور پر نیند کے اٹھنے کا دور۔ صبح کی درجۂ حرارت۔ بھوک وغیرہ

11.2.4۔ درقی غدود: (Thyroid Gland)

تتلی کی شکل کے درقی غدود کے دو فص ہیں جو نرخرہ کے نیچے اوپری بلعوم کے دونوں جانب واقع ہیں۔ یہ جسم کا سب سے بڑا درون افرازی غدود ہے۔ اس کے دو پہلوی فص درمیانی۔ بڑے بافتوں سے جڑے ہوئے ہیں جنہیں Isthamus کہتے ہیں۔ ہر فص کئی چھوٹے فصوں سے بنے ہوئے ہیں۔ نالیاں جرابوں پر مشتمل ہیں جنہیں خوشے acini کہتے ہیں۔ (واحد acinus) برحلمی خلیوں سے جڑے ہوئے ہیں۔ چھوٹے سے acinus، مکعب نما Squamous برحلمی خلیوں سے جڑے ہوئے ہیں۔ چھوٹے سے acinus کا کہفہ جیلی سے بھرا ہوا ہے۔ ایک بڑا گلائیگو پروٹین کا مرکب جو تھیرو ببولن کے سالموں پر مشتمل ہے۔

درقی غدود کے ہارمون کو اکثر کلاں تحولی ہارمون کہتے ہیں۔ درقی ہارمون کے جرابی خلیے دو ہارمون خارج کرتے ہیں جن کے نام ہیں ٹرائی۔ایوڈوتھیرونن (T3) اور تھیراکن یا ٹٹرا ایوڈوتھیرونن (T4) اور پھلی نما غدودی خلیے (یا) درقی غدود کے 'C' خلیے ایک ہارمون خارج کرتے ہیں جنہیں تھیروکیلسی ٹونن کہتے ہیں۔ درقی ہارمون کی عام ترکیب کے لئے ایوڈین ضروری ہے۔ زیرعرشیہ سے جو درقی ہارمون خارج ہوتے ہیں، وہ TSH خارج کرنے کے لئے اڈینو ہائپو فائی سس کو محرک کرتے ہیں، جو سلسلہ وار درقی غدود کو درقی ہارمون خارج کرنے کے لئے محرک کرتا ہے۔ درقی ہارمون زیرعرشیہ اور پچوٹری منفی ردعمل کے اثرات ظاہر کرتے ہیں۔

(خاکہ 11.4)



خاکہ 11.3۔ درقی غدود کی ساخت

تھیراکسن کے فعال (یا) ٹٹرا ایوڈوتھیرونن (T4)

(Functions of Thyroxine (or) Tetra Iodothyronine T4)

تھیراکسن بنیادی تحولی شرح (BMR) اور جسمانی تپش کی پیداوار کو منظّم کرتا ہے۔ یہ پروٹینی تالیف کو محرک کرتا ہے اور نشوونما کو ترقی دیتا ہے۔

یہ عصبی نظام اور ڈھانچے کے نظام کی ترقی کے لئے ضروری ہے۔ تھیراکسن خون کے دباؤ کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ Serum cholestrerol کی سطح کو کم کرتا ہے۔ خون میں تھیراکسن کی بہترین سطح مولدوں کے افعال کے لئے ضروری ہے۔

Sporodic goitre ایک جینیاتی بیماری ہے اور یہ ایوڈین (یا) تھیراکسن کی کمی سے پیدا نہیں کرتا۔

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:52:59 AM



خاکہ 11.4 منفی فیڈ بیک کا میکانزم

تھیروکیلسی ٹونن کے افعال (TCT)
(Functions of Thyrocalcitonin) (TCT)

TCT ایک پالی پپٹائیڈ ہارمون ہے۔ یہ خون میں کیلشیم اور فاسفیٹ کی سطح کو منظّم کرتا ہے۔ یہ خون میں کیلشیم کی سطح کو کم کرتا ہے اور پیراتھئی رائیڈ ہارمون کے اثرات کو خارج کرتا ہے۔

کیا ہم جانتے ہو؟

ایوڈین تھیراکسن کی تشکیل کے لئے ضروری ہے۔ تھیراکسن کی عام مقدار پیدا کرنے کے لئے 1 ملی گرام فی ہفتہ ایوڈین کی ضرورت ہے۔ ایوڈین کی کمی کو دور کرنے کے لئے عام نمک کو سوڈیم کلورائیڈ کے 1,00,000 حصوں میں 1 حصہ سوڈیم ایوڈائیڈ کے ساتھ ایوڈائز کیا جاتا ہے۔

11.2.5۔ پیراتھئی رائیڈ غدود (Parathyroid gland)

انسانوں میں چار مہین پیراتھیرائیڈ غدود، تھیرائیڈ غدود کے پچھلے حصے میں پائے جاتے ہیں۔ یہ غدود دو قسم کے خلیوں سے بنے ہوتے ہیں۔ اہم خلیے (Chief cells) پیراتھئی رائیڈ ہارمون خارج کرتے ہیں اور Oxyphil خلیے کے افعال معلوم نہیں ہوئے ہیں۔

پیراتھیئر ائیڈ ہارمون (یا) پیراتھارمون: (PTH)
(Parathyroid hormone or parathormone)

PTH ایک ہائپر کیلسیمک (Hyper calcemic) ہارمون ہے۔ یہ ایک پیٹائڈ ہارمون ہے جو فاسفیٹ اور کیلشیم کے قرار گیر کو قابو میں رکھتا ہے۔ خون میں PTH کے اخراج کو کیلشیم کی سطح قابو میں رکھتی ہے۔ ہڈیوں کے گودے کو تحلیل کرنے کے لئے یہ خون میں کیلشیم کی سطح کو محرک کرکے، خون میں کیلشیم کی سطح کو بلند کرتے ہیں جس کے نتیجے میں فاسفیٹ اور کیلشیم خون میں خارج ہوتے ہیں۔ PTH کیلشیم کے باز انجذاب میں اضافہ کرتا ہے اور گردوی نالیوں کے ذریعہ فاسفیٹ کا اخراج کرتا ہے اور آنتوں کے لعابی خلیے کیلشیم کے انجذاب کو بڑھاتے ہیں اور وٹامن D کو فعال بنانے میں ترقی دیتے ہیں۔

11.2.6۔ تھئی مس غدود: (Thymus Gland)

تھئی مس غدود جزوی طور پر دروں افرازی اور جزوی طور پر لمفی عضو ہیں۔ یہ دو قطبی ساخت کے ہیں۔ سینے کی ہڈی (Sternum) کے پیچھے دل اور ورطہ کے اوپری حصے میں پائے جاتے ہیں۔ یہ ریشوی کیسہ سے ڈھکے ہوئے ہیں۔ جسمانی طور پر یہ بیرونی قشرہ اور بیرونی نخاع میں تقسیم پذیر ہے۔ یہ چار ہارمون خارج کرتا ہے جیسے تھئی مولین، تھئی موسین، تھئی یوٹین اور (Thymic humoral / factor) (THF) تھئی مس کے ابتدائی افعال ہیں مدافعتی امتیاز T لمفی خلیے کی تیاری جو وسطی خلوی مداخلت فراہم کرتا ہے۔



خاکہ 11.5۔ تھئی مس غدود کی ساخت

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:01 AM

بڑھاپے Old age میں لوگ اکثر بیمار رہتے ہیں۔ کیوں؟
تھئی مس غدود کے degeneration تنزل کی وجہ سے تھئی موسن کی سطح کم ہوجاتی ہے جس کے نتیجے میں بڑھاپے کے لوگوں کی قوت مدافعت کمزور ہوجاتی ہے اور وہ بیماری کا سبب بنتی ہے۔

11.2.7۔ اڈرینل غدود/برگردوی غدود (Adrenal gland)

ایک جوڑی اڈرنل غدود کَردے کے پچھلے حصے میں پائے جاتے ہیں۔لہذا انہیں سپرا گردوی Supra renal gland غدود کہتے ہیں۔جسمانی طور پر یہ بیرونی خطہ قشرہ اور اندرونی خطہ نخاع کہلاتا ہے۔ نسیجیاتی طور پر اڈرنل قشرہ کے تین الگ الگ خطے ہیں۔

زونا گلومیرولوسا، زونا فاسی کولیٹا اور زونا زیٹی کولیرس، زونا گلومیرولوسا بیرونی پتلی تہہ ہے، جو تقریباً 15% سے اڈرنل قشرہ تشکیل پایا ہوا ہے اور گلوکوکارٹی کائڈس Clucocorticoids، جیسے کارٹی سول، کارٹی کوس اسٹیرون، کم مقدار میں ایسٹروجن اڈرینل اینڈروجن خارج کرتا ہے۔زونا ریٹی کولارس اڈرنل قشرہ کا اندرونی خطہ ہے، جو 10% اڈرنل قشرہ سے تشکیل پایا ہوا ہے اور اینڈروجن اور کم مقدر میں ایسٹروجن اور گلوکوکارٹی کائڈ کا اخراج کرتا ہے۔

ہنسی صحت کے لئے بہت اچھی ہے، کیونکہ یہ ذہنی تناؤ کے ہارمون (اڈرنالن) کے اخراج کو کم کرتا ہے اور ہمیں سکون دیتی ہے۔

اڈرنل نخاع:(Adrenal Medulla)

یہ اڈرنل نخاع کا مرکزی حصہ ہے اور یہ بیضوی اور ستونی خلیے پر مشتمل ہے جو خون کے شعریانیں کے اطراف جال کی طرح پائی جاتی ہیں۔ اڈرنالن، اپی نیفرن (Epinephrine) اور نار اڈرنالن (نار اپی نیفرن) دو ہارمون ہیں جو اڈرنل قشرہ خارج کرتا ہے۔دونوں اڈرنالن اور نار اڈرنالن اعصاب میں منتقل جانے والی دوائیں ہیں۔

اڈرنالن ہارمون کے افعال: (Function of adrenal hormones)

Gluco corticoids گلوکوکارٹی کائڈ، پروٹیولٹی سس (جان بچانے والی کارروائی) اور لپولئسس اور گلوکونیوجنیس ہیں، (Gluconeogensis)، ان کو محرک کرتا ہے۔

(جان بچانے کی کاروائی)۔کارٹی سول ایک گلوکوکارٹی کوائڈ ہے جو قلب عروقی اور گردے کے افعال کو برقرار رکھنے میں شامل ہے۔ یہ ضدسوزشی ردعمل اور مدافعتی ردعمل کو روکتا ہے۔یہ خون کے سرخ جسیمے (RBC) کی تیاری کو محرک کرتا ہے۔اسے تناؤ کا مقابلہ کرنے والا ہارمون بھی کہا جاتا ہے۔ Mineralo corticoid ہمارے جسم میں پانی اور برق پاشیدگی کے توازن کو منظّم کرتا ہے۔آلڈوسٹیرون Aldosterone پانی اور سوڈیم کے بازانجذاب کو متحرک کرتا ہے۔ پوٹاشیم اور فاسفیٹ کے رواں کو فضلہ کے ذریعہ خارج کرتا ہے۔اس طرح یہ برق پاشیدگی ولوجی دباؤ اور خون کے دباؤ کو برقرار رکھنے میں مدد کرتا ہے۔اڈرنل اینڈروجن بلوغت کے دوران محوری خطہ، کولھے کی ہڈے اور چہرے میں بالوں کی نشونما میں ایک کردار ادا کرتا ہے۔

اڈرنل نخاع، اڈرنالن اور نار اڈرنالن ہارمون خارج کرتا ہے اور اسے 3F ہارمون (Fight, Flight, Fright) بھی کہا جاتا ہے۔ اڈرنالن جگر میں گلائیکوجن کی خرابی کو گلوکوز میں بڑھاتا ہے اور چربی کے خلیوں سے چربدار ترشوں کو خارج کرنے میں اضافہ کرتا ہے۔ ایمرجنسی (ناگہانی صورت حال) کے دوران دل کے دھڑکن کی شرح میں اضافہ کرتا ہے اور یہ خون کے بہاؤ کو کم کرنے کے لئے ویسیرل شریانوں (Visceral arteries) کے نرم عضلات کو محرک کرتا ہے ۔اس سے ڈھانچے کے عضلات میں خون کے بہاؤ میں اضافہ ہوتا ہے اور اس طرح ڈھانچہ کے عضلات۔ قلبی عضلات اور عصابی بافتوں کے تحولی شرح میں اضافہ ہوتا ہے۔

اڈرنالن اور نار اڈرنالن کے عام افعال میں دماغ اور جسم کو حرکت میں لانا ہے۔اس کا اخراج نیند کے دوران کم رہتا ہے اور جاگنے کے دوران زیادہ ہوتا ہے اور تناؤ کی صورت حال میں بہت اونچی سطح تک پہنچ جاتا ہے۔اس ردعمل Fight (or) Flight ردعمل بھی کہتے ہیں۔

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:02 AM

11.2.8 لبلبہ (Pancreas)

لبلبہ ایک جامع غدود ہے، جو دونوں دروں افرازی اور بروں افرازی افعال انجام دیتا ہے۔ یہ معدہ کے بالکل نیچے پایا جاتا ہے۔

اس کی ساخت پتے جیسی ہے لبلبہ دو اہم بافتوں پر مشتمل ہے، خوشے (acini) اور لنگر ہائے جزائر۔ خوشے ہاضمی خامرے خارج کرتے ہیں اور لنگر ہائے جزائر ہارمون خارج کرتے ہیں جیسے انسولن اور گلوکاگون انسانی لبلبہ میں ایک سے دو ملین تک لنگر ہائے جزائر پائے جاتے ہیں۔ ہر ایک جزائر میں قریباً 60% فیصد خلیے ڈیلٹا خلیہ ہیں 30% خلے آلفا خلیے ہیں اور 10% خلیے ڈیلٹا ہیں۔ آلفا خلیے گلوکاگون Glucagon خارج کرتے ہیں اور ڈیلٹا خلیے انسولن خارج کرتے ہیں اور ڈیلٹا خلیے Somato statin خارج کرتے ہیں۔

انسولن (Insulin)

انسولن ایک پیپٹائڈ ہارمون ہے اور گلوکوس کے قرار گر میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس کا بنیادی اثر جسم کے خلیوں میں خصوصاً عضلات اور چربی کے خلیوں میں خون میں گلوکوز کی سطح کو کم کرنے، انسولن گلوکوز میں گلئی کوجن کے ٹوٹنے ،امینو ترشے یا چربی کو گلوکوز میں تبدیل ہونے سے بھی روکتا ہے۔ لہذا انسولن کو مناسب طور پر ہائپوگلئی سیمک ہارمون کہا جاتا ہے (Hypoglycemic)

گلوکاگون: (Glucagon)

گلوکاگون ایک پیپٹائڈ ہارمون ہے یہ ایک مؤثر Hyperglycemic (خون میں گلوکوز یا شکر زیادتی) کا ہارمون ہے، جو جگر پر عمل کرتا ہے اور گلائیکوجن کو گلوکوز کسی تکسید کو فروغ دیتا ہے (Glycogenolysis) لیکٹک ترشے سے گلوکوز کی ترکیب اور غیر کاربو ہائیڈریٹ کے سالمے کو خون میں گلوکوز کی سطح کو بڑھا کر گلوکاگون جگر کے خلیوں سے گلوکوز کو خارج کرتا ہے۔



خاکہ 11.6۔ اڈرنل غدود کی ساخت



خاکہ 11.7 (لبلبہ) لنگر ہائے جزائر کی ساخت

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:08 AM

چونکہ گلوکاگون مسام دار خلیوں کو جذب کرنے اور گلوکوز کے استعمال کو کم کرتا ہے، یہ مزید hyperglycemic بھی کہلاتی ہے ۔طویل hyperglycemia کی بے ترتیبی کی وجہ سے ہوتی ہے، جسے ذیابیطس ملیٹیس Diabetes mellitus کہتے ہیں۔

ہمولن N = انسانی انسولن DNA کی بازترکیب ٹکنالوجی (جینیاتی انجینئرنگ) کے ذریعہ تیار کیا جاتا ہے اور ذیابیطیس کے مریضوں کو انجکشن کے طور پر دیا جاتا ہے اور منہ کے ذریعہ (oral) نہیں استعمال کیا جاتا ہے۔

سبب: ہاضمی خامرے ہضم کر لیتے ہیں۔

انسولن کی نصف عمر زندگی کا وقفہ پلازما میں چھ منٹ ہے۔ دورانی نظام سے اسے 10-15 منٹ کے اندر صاف کر دیا جاتا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

دروں افرازی غدود ہارمون نامی بعض کیمیائی پیغام رساں کے اخراج کے ذریعہ جسمانی افعال کو برقرار اور مربوط رکھتے ہیں ۔چند فعلیاتی وجوہات کی بناء پر کسی دوسرے تمام انسان کے خون میں گلوکوز کی سطح

(a) خون میں گلوکوز کی سطح میں اضافہ کی ممکنہ وجہ بتائیں۔

(b) اس ہارمون کی کیمیائی نوعیت کیا ہے؟
جسم میں اس کے کردار تبادلہ خیال کریں؟

(c) اس حالت کو کیسے اُلٹا کیا (واپس لایا) جاسکتا ہے؟

11.2.9 مولدے (Gonads)

مردوں میں خصیوں کی تھیلی میں یک جوڑی دار اثیے (Testis) پائے جاتے ہیں۔ اثیے جنسی عضو کی طرح اور دروں افرازی غدود کی طرح کام کرتے ہیں۔ اثیے تخم آورنالیاں اور شگافی خلیے یا leydig سے ترتیب پائے ہوئے ہیں۔ یہ Leydig خلیے کئی نر جنسی ہارمون خارج کرتے ہیں۔ جسے اجتماعی طور پر اینڈروجن اور بنیادی طور پر ٹسٹو اسٹیرون کہتے ہیں۔

ٹسٹواسٹیرون کے افعال: (Function of Testosterone)

(LH) لوٹینی ہارمون اور جرابی محرکہ ہارمون (PSH) کے رسوخ کے تحت ٹسٹواسٹیرون مرد تولیدی اعضاء کی پختگی کی ابتداء کرتے ہیں اور ثانوی جنسی طرز عمل کا اظہار کرتے ہیں۔ یہ تمام ہڈیوں کی ساختوں اور منوی حویے کی پختگی کو محرک کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

بیض دان: (Ovary)

عورتوں میں ایک جوڑی دار مولدے، جوشکم میں عانی خطے میں واقع ہیں۔ یہ بیض دان، بیضہ دانی جراب اور stromal بافتوں سے ترتیب پائے ہوئے ہیں۔

یہ انڈے یا بیض پیدا کرتے ہیں۔ یہ بیض دان جنسی ہارمون، اسٹیروجن اور پروجسٹرون خارج کرتے ہیں۔ ایسٹروجن تولیدی اعضاء کی پختگی اور بلوغت کے وقت ثانوی جنسی خصوصیات کی نشوونما کے ذمہ دار ہیں۔ پروجسٹرون کے ساتھ ایسٹروجن پستانی غدود کی نشوونما کو فروغ دیتا ہے اور ایام ماہواری کے دوران، دوری تبدیلیوں کا آغاز کرتا ہے۔ پروجسٹرون رحم میں بارآور بیض کی اثر پذیری کو تیار کرتا ہے۔ یہ حمل کے دوران رحم کے سکڑاؤ کو کم کرتا اور پستانی غدود کی ترقی اور دودھ کے اخراج کو محرک کرتا ہے اور یہ رحم میں مقابل ماہواری کی تبدیلیوں کا ذمہ دار ہے اور یہ مشیمہ کے بناوٹ کے لئے ضروری ہے۔

ماہواری کے دوران FSH، LH، ایسٹروجن اور پروجسٹرون ہارمونس کی چوٹیوں کی نشان دہی کریں۔ پیشاب میں ہیومن کوریونک گوناڈوٹروپن (HCG) کی موجودگی کو جانچنے کے لئے پیشاب سے حمل کا ٹسٹ کیا جاتا ہے۔ حمل ٹھہرنے کے ایک یا دو ہفتہ کے اندر پیشاب میں HCG کا پتہ لگایا جاسکتا ہے۔

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:10 AM

11.2.10 دل، گردے اور معدے کی نالی کے راستے کے ہارمون (Hormones of heart, Kidney and gastro Intestinal tract)

دل، گردے اور معدے کی نالی کا راستہ کی کچھ بافتیں جزوی طور پر دروں افرازی غدود کے طور پر کام کرتے ہیں۔ دل میں اذینی دیوار ایک اہم پیپٹائڈ ہارمون خارج کرتی ہے، جیسے Atrial (ANF) natriuretic factor کہتے ہیں۔ جب خون کا دباؤ میں اضافہ ہوتا ہے تو ANF کا اخراج ہوتا ہے ، اور خون کی وریدوں میں dilation پیدا ہوتا ہے، تا کہ خون کے دباؤ کو کم کیا جا سکے۔

گردوں میں ہارمون جیسے رینن ۔ اریتھروپوئیسس (erythropoiesis) اور کیلسی ٹریول (Calcitriol) کا اخراج ہوتا ہے۔ رینن کے ذریعہ Juxta glomerular خلیے (JGH) خارج کرتے ہیں۔ خون میں angiotensin پیدا ہوتا ہے تو وہ خون کے دباؤ میں اضافہ کرتا ہے۔ اریتھروپوئیسن بھی گردے کے JGA خلیے خارج کرتے ہیں اور اریتھروپوئیس کو (RBC) کے بننا) ہڈیوں کے گودے کو متحرک کرتا ہے۔ کیلسی ٹریول کا اخراج نفران کے قریبی نالیوں میں ہوتا ہے۔ یہ وٹامن D3 کی فعال قسم ہے، جو آنتوں سے کیلشیم اور فاسفورس کے انجذاب کو فروغ دیتا ہے اور ہڈیوں کے بننے کو تیز کرتا ہے۔

معدی آنتی راستوں کے ہارمون (Gastro Intestinal Tract Hormones)

معدی آنتی راستوں (Gastro intestinal tract) میں موجود مخصوص دروں افرازی خلیوں کا گروپ ہارمون، جیسے، گیسٹرن، Cholecystokinin (CCK), Secretin اور شکمی مزاحمتی پیپٹائڈ (GIP) خارج کرتا ہے۔ گیسٹرن شکمی غدود پر عمل کرتا ہے اور پیپسی نوجن اور ہائیڈروکلورک ترشہ (HCl) کے اخراج کو محرک کرتا ہے۔ غذا میں چربی اور ترشے کی موجودگی کے جواب میں اثناعشری کے ذریعہ Cholecystokinin (CCK) کا اخراج ہوتا ہے۔ یہ پتی کی تھیلی پر عمل کر کے صفراء (bile) کو اثناء عشری میں جاری کرنے کا عمل کرتا ہے اور یہ لبلبی خامرے کے اخراج اور راستے کو متحرک کرتا ہے۔ (Secretin) لبلبہ کے acini خلیوں پر بائی کاربونیٹ کے رواں اور پانی کو خارج کرنے کے لئے عمل کرتا ہے، جو ترشیت رتیزابیت کو تعدیل کرتا ہے۔ شکمی مزاحمتی پیپٹائڈ (GIP) شکمی اخراج اور حرکت پذیری کو روکتا ہے۔

11.3۔ دروں افرازی غدود کے زیادہ اور کم اخراج کا عمل اور متعلقہ بے ترتیبی: (Hypo and Hyper activity of endocrine glands and related disorders)

بونا پن (Dwarfism)

بچوں میں افزائشی ہارمون (GH) کے کم اخراج سے بونا پن لاحق ہوتا ہے۔ ڈھانچے کی نشوونما اور جنسی بلوغت کو روکتا ہے۔ وہ صرف 4 فٹ کا قد حاصل کرتے ہیں۔ (خاکہ 11.8)



خاکہ 11.8 بونا پن

طویل قد (Gigantism)

ہارمون کا زائد اور کم اخراج کئی بے ترتیبیوں کا باعث بنتی ہیں۔ افزائشی ہارمون (GH) کے کم اخراج سے بچوں میں بونا پن لاحق ہوتا ہے۔ ڈھانچے کی ساخت میں زیادہ نشوونما (8 فٹ تک) واقع ہوتی ہے اور اعضاء کی نشوونما کے بافتوں کی نشوونما ٹھیک نہیں ہوتی۔ (خاکہ 11.9)

کبرالجوارح (Acromegaly)

بالغوں میں افزائشی ہارمون کے زیادہ اخراج سے کبرالجوارح لاحق ہوتا ہے۔ ہاتھ کی ہڈیاں، پیروں کی ہڈیاں، جبڑے کی ہڈیوں کی زیادہ نشوونما ہوتی ہے۔ مولدے کی بدعملی، اندرونی اعضاء، جیبھ، پھیپھڑے، جگر، دل، تلی کا بڑھ جانا اور دروں افرازی غدود جیسے درقی غدود، اڈرنل وغیرہ کبرالجوارح کی علامتیں ہیں۔ (خاکہ 10.11)

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:11 AM



خاکہ 11.9 طویل قد



خاکہ 11.10۔ کبرالجوارح

بچوں میں درقی ہارمون کے کم اخراج سے کریٹی نزم قسمی پن پید اہوتا ہے۔اس سے متاثر ہونے کی وجہ سے ڈھانچے کی نشونما میں تاخیر، جنسی پختگی کی غیر موجودگی۔ پس ماندہ ذہنی قابلیت، موٹی جھریوں والی جلد، پھیلی ہوئی زبان، پھولا ہوا چہرہ، موٹے اور چھوٹے اعضاء ظاہر ہوتے ہیں۔۔دوسری علامتیں جیسے BNR میں کمی۔سست نبض کی شرح، معمول سے کم جسمانی تپش اور خون میں کولیسٹرول کی بلند سطح وغیرہ (خاکہ 11.11)



خاکہ 11.11۔ کریٹی نزم

بالغوں میں درقی ہارمون کے کم اخراج کی وجہ سے مکسوڈیما (Myxodema) پیدا ہوتا ہے اسے دوسرے لفظوں میں Gull's کی بیماری بھی کہتے ہیں۔ ذہنی کارروائی میں کمی۔ یادداشت کا کھو جانا، حرکت میں کمی۔ گویائی اور عام جسمانی کمزوری اس بیماری کی خصوصیات ہیں۔ خشک موٹی جلد۔ کم بال۔ پھولی ہوئی شکل۔ مضطرب جنسی عمل BMR میں کمی۔ بھوک کی کمی اور معمول سے کم جسمانی تپش وغیرہ۔ (خاکہ 11.12)



خاکہ 11.12۔ مکسوڈیما

Gravel's کی بیماری کو گلھڑ یا (Thyrotoxicosis) گھینگا پن بھی کہتے ہیں۔ یہ بیماری درقی ہارمون کے زیادہ اخراج کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:13 AM

درقی غدود کا پھولنا، BMR میں اضافہ (50- 100%) ، بلند دباؤ (BP) جسمانی تپش میں اضافہ۔ آنکھ کے ڈھیلے کا باہر نکلنا اور آنکھ کے عضلات کی کمزوری اور وزن میں کمی ان کی خصوصیات ہیں۔ (خاکہ 11.13)



خاکہ 11.13۔ Grave کی بیماری

سادہ گھینگا پن کو مقامی گھینگا پن (endemic) بھی کہتے ہیں یہ تھیراکسن کے کم اخراج کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ علامات میں درقی غدود کا پھول جانا، سیرم تھیراکس کی سطح کا کم ہونا۔ TSH درقی ہیجانی ہارمون میں اضافہ وغیرہ (خاکہ 11.14)



خاکہ 11.14۔ سادہ گھینگا پن

ٹٹانی (Tetany) :

پیراتھیرائڈ ہارمون (PTH) کے کم اخراج کی وجہ سے ٹٹانی Tetany واقع ہوتا ہے۔ PTH سیرم کے کم اخراج کی وجہ سے کیلشیم کی سطح کم ہوجاتی ہے۔ (ہائیوکیلسی سیمیا Hypocalcemia جس کے نتیجے میں سیرم فاسفیٹ کی سطح میں اضافہ ہوتا ہے۔ کیلشیم اور فاسفیٹ کے اخراج کی سطح کم ہوجاتی ہے۔ عمومی تشنج رمروڑ۔ جبڑوں کا بند ہونا۔ دل کے دھڑکن کی شرح میں اضافہ۔ جسمانی تپش میں اضافہ، عضلاتی تشنج وغیرہ Tetany کی اہم علامتیں ہیں۔

پیراتھئی رائڈ کا زیادہ اخراج (Hyper parathyroidism)

خون میں پیراتھی رائڈ کے زیادتی کی وجہ سے ہائپر پیراتھئی رائڈ واقع ہوتا ہے۔ ہڈیوں سے نمک کا اخراج cyst کی تشکیل۔ ہڈیوں کا نرم ہونا۔ عام کمزوری، گردوں کی خرابی وغیرہ کے پیراتھئی رائڈ کے زیادہ اخراج کی علامتیں ہیں۔

اڈِسن کی بیماری (Addison's disease)

اڈرنل قشرہ سے گلوکوکارٹی کائیڈ (Glucocorticoids) اور mineralocorticoids کے کم اخراج کی وجہ سے لاحق ہوتی ہے۔ عضلاتی کمزوری، کم خون کا دباؤ، بھوک کی کمی۔ قئے، جلد میں رنگین مادوں کی زیادتی۔ تحولی شرح کی کمی، معمول سے کم تپش۔ خون کے جسم میں کمی۔ وزن میں کمی وغیرہ اڈیسن بیماری میں واقع ہونے والی علامتیں ہیں (خاکہ 11.5) الڈواسٹیرون کے اخراج میں کمی، پیشاب کے اخراج NaCl اور پانی میں اضافہ اور پٹاشیم کے اخراج میں کمی نابیدگی کا سبب ہے۔



خاکہ 11.15 اڈِسن کی بیماری

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:14 AM

کشنگ کی بے ترتیبی (Cushing's Syndrome)

کورٹی سول کے زیادہ اخراج کی وجہ سے Cushing's syndrome واقع ہوتا ہے۔ چہرہ اور جسم کا موٹاپن، چہرے کی سرخی، سر ، پیر، پتلی جلد، بالوں کی زیادہ نشوونما۔ ہڈیوں میں معدنیات کی کمی (Osteoporosis) انقباضی خون کا غیر معمولی دباؤ وغیرہ Cushing's syndrome کی خصوصیات ہیں۔ جنسی عمل میں رکاوٹ جیسے مولدے میں طاقت کی کمی۔ وغیرہ Cushing's Syndrome کی دوسری خصوصیات ہیں (خاکہ 11.16)۔



Cushing's syndrome

خاکہ 11.16 کشنگ کی بے ترتیبی

Hypoglycaemia انسولن کے اخراج میں اضافہ کی وجہ سے واقع ہوتا ہے۔ اس کے باعث خون میں گلوکوس کی سطح کم ہوتی ہے۔ اس بے ترتیبی میں خون میں گلوکوز کی سطح عام lower fasting index سے کم ہوتا ہے۔ دل کی دھڑکن میں اضافہ۔ کمزوری، گھبراہٹ، سر درد، تذبذب، باہمی تعاون میں کمی، مرگی epilepsy اور کوما جیسے سنگین دماغی نقائص پائے جاتے ہیں۔

خون میں گلوکوز کی سطح

preprandial 70-100mg/dl (کھانے سے پہلے)

Post prandial 110-140 mg/dl کھانے کے بعد

تقریباً 2 گھنٹے

Hyperglycaemia کو بہ الفاظ دیگر ذیابیطس ملٹس کہتے ہیں۔ یہ انسولن کے کم اخراج کی وجہ سے واقع ہوتا ہے، جس کے نتیجے میں خون میں گلوکوز کی سطح میں اضافہ ہوتا ہے۔ ذیابیطس ملٹس کی دو قسمیں ہیں قسم I اور قسم II ذیابیطس ۔ قسم I ذیابیطس کو انسولن پر منحصر ذیابیطس بھی کہتے ہیں، جو انسولن کے کم حساسیت کی وجہ سے واقع ہوتا ہے، جسے اکثر مزاحمتی انسولن بھی کہتے ہیں۔ ذیابیطس کے علامات میں Polyurea پیشاب کا زیادہ اخراج Poly Phagia کھانے کی شدید خواہش اور Polydipsia پیاس کی وجہ سے ضرورت سے زیادہ مائع کا داخل ہونا شامل ہیں۔ Ketosis (خون کے گلوکوز میں چربی کا ٹوٹنا، جس کے نتیجے میں کیٹون اجسام کا جمع ہونا) گلوکو نیوجنسس (Gluconeogenesis) غیر کاربوہائیڈریٹ کی قسم جیسے امینو ترشے اور چربی کا گلوگا کون میں تبدیل ہونا بھی ذیابیطس میں واقع ہوتا ہے۔

مصنوعی مشروبات کے استعمال سے پرہیز کریں۔
صنعتی مشروبات ہمارے دروں افرازی نظام کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ جب مشروب کا استعمال کرتے ہیں تو، خون کی شکر کی سطح میں اضافہ ہوتا ہے، جس سے خون میں گلوکوز کی سطح کم کرنے کے لئے انسولن کے اخراج میں اضافہ ہوتا ہے ۔انسولن کے سطح میں اضافہ قوت مدافعت کو کم کرتا ہے اور موٹاپا اور قلب فتاتی بے ترتیبی واقع ہوتی ہے۔

Diabetes insipidus نیوروہائی پوفائی سس کے واسوپریسن کے کم اخراج کی وجہ سے واقع ہوتا ہے۔ پیشاب کا زیادہ اخراج (Polyurea) اور پیاس کی وجہ سے زیادہ مقدار میں مائع کا لینا (Polydipsia) کی علامتوں میں شامل ہے۔

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:19 AM

11.4۔ ہارمون کے عمل کا طریقہ کار
(Mechanism of hormone action)

ہارمون خون میں گردش کرتے ہیں، مگر جسم کے ضرورت کے مطابق ارتکاز بڑھتا یا گھٹتا ہے۔ یہ بازگیری (feedback) کے طریقہ کار کے ذریعہ قابو میں رکھتے ہیں۔ یہ ترکیب دروں افرازی غدود۔ ہائپوتھلامس، پچوٹری یا دونوں کو متحرک کر کے اس کے اخراج کو قابو میں رکھتا ہے، جو ایک کے بعد دیگر مخصوص ہارمون کے اخراج کو متعین کرتا ہے۔ مثبت اثرات میں ہارمون کے اخراج میں اضافہ ہوتا ہے، جب کہ منفی اثرات میں ہارمون کے اخراج سست ہو جاتا ہے۔ تاثراتی ترکیب ہمارے جسم کو خودکار حیاتیاتی نظام (homeostasis) کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

ہارمون کو ان کے کیمیائی ساخت کی بنیاد پر تین اہم جماعتوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پیٹائڈ ہارمون، اسٹیرائڈ ہارمون اور امینو ترشے حاصل کردہ ہارمون۔

پیٹائڈ ہارمون فاسفولپڈ خلوی جھلی کو عبور نہیں کر سکتی اور بیرونی خلوی سطح پر عضلی Receptor سے بندھے ہوئے ہیں۔ انہیں گاگی میں منتقل کیا جاتا ہے، جو ترمیم (modification) کی جگہ ہے۔ ہر خلیے میں یہ پہلے Messenger کی طرح کام کرتا ہے۔ ہارمون جو محصلی سے بندھے ہوئے ہیں، ہدف کے خلیے میں داخل نہیں ہوتے، مگر دوسرے messenger کی طرح تیاری کرتے ہیں جیسے دوری AMP (cAMP) جو خلوی تحول کو منظّم کرتے ہیں۔ یہ خامرہ Adenylate Cyclase کے ذریعہ عمل انگیز ہوتا ہے۔ ہارمون کی سطح کے درمیان باہمی ردعمل اور cAMP کے ذریعہ پائے جانے والے اثر کو نمایاں ترتیب کے نام سے جانا جاتا ہے۔ ہر مرحلے میں توسیع کے امکانات ہیں۔ (خاکہ 11.7)

(1) ایک ہارمون کا سالمہ ایک سے زیادہ محصلی کے سالموں سے انحطاط سے پہلے باندھ سکتے ہیں۔

(2) ہر receptor حساسہ، کئی adenylate cyclases کو متحرک کر سکتا ہے، جس میں بہت سے CAMP بنتے ہیں۔

(3) اس طرح ہر ایک کے بعد زیادہ Signals ہوتے ہیں۔

CAMP کی کارروائیوں کو Phosphodiesterases کے ذریعہ ختم کیا جاتا ہے۔ پیٹائڈ ہارمون کا اثر، جیسے انسولن گلوکاگون Somatotropin کا اثر عام طور پر قلیل زندگی کا ہوتا ہے، کیونکہ وہ دوسرے مسینجر نظام کے ذریعہ کام کرتے ہیں۔

اسٹیرائڈ ہارمون آسانی سے قلوی جھلی کو عبور کر سکتے ہیں اور ان کے حساسہ سے باندھ سکتے ہیں جو بین خلوی یا دروں خلوی ہیں۔ محصلی سے باندھنے پر ایک محصلی مرکب ہارمون (متصل) سے بڑے ہوتے ہیں اور dimerize دو پارگی DNA سے منسلک ہو سکتا ہے اور اس کی نقل میں ردوبدل کر سکتا ہے۔ (خاکہ 11.18)

آلڈسٹیرون، ایسٹروجن، درقی ہیجانی ہارمون (FSH) جیسے اسٹیرائڈ ہارمون کا اثر طویل عرصے تک رہتا ہے، کیونکہ وہ ایک خلیے میں mRNA اور پروٹین کی مقدار کو تبدیل کرتے ہیں۔

امینو ترشے سے حاصل شدہ ہارمون اضافی ترمیم کے ساتھ ایک یا دو امینو ترشے حاصل ہوتے ہیں۔ درقی ہارمون ٹائیروسن سے تیار کئے جاتے ہیں اور اس میں متعدد ایوڈین کے جوہر شامل ہیں۔



خاکہ 11.17۔ پیٹا ہائڈ ہارمون کے عمل کی ترکیب

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:22 AM

Epinephnine اورامینوترشے سے حاصل کردہ دوسرے مسینجر نظام کے ذریعہ عمل کر سکتے ہیں جیسے پیٹائیڈ ہارمون یا درحقیقت وہ خلیے میں داخل ہو سکتے ہیں اور اسٹیرائڈ ہارمون کی طرح عمل کر سکتے ہیں۔

اسٹیرائڈ اجزاء کے استعمال سے پرہیز کریں۔

اسٹیرائڈ کے تعمیری تحول کا غلط استعمال صحت کی سنگین پریشانیاں جیسے بلند خون کا دباؤ۔ دل کی بیماریاں۔ جگر کی بربادی، کینسر، فالج اور خون کے منجمد ہونے کا سبب بن سکتے ہیں۔ اسٹیرائڈ کے استعمال سے دوسرے ضمنی اثرات میں متلی، قئے، رباط اور وتروں میں زخم، سردرد، جوڑوں میں درد، عضلات کا اکڑنا، نیند وغیرہ شامل ہیں۔



خاکہ 11.18۔ اسٹیرائڈ ہارمون کے عمل کی ترکیب

خلاصہ: Summary

دروں افرازی غدود: ہارمون خارج کرتے ہیں جو خون میں منتشر ہوتے ہیں اور ہدف کے اعضاء میں ظاہر ہوتے ہیں، جو کیمیائی Messenger یا نامیاتی تماسی عامل جو ہدف کے اعضاء میں حساسہ کے ساتھ باہمی تعاون کرتے ہیں۔

ہارمون ہدف کے اعضاء کے کارروائیوں کو تیز یا سست یا تبدیل کرتے ہیں۔ ہارمون کے زیادہ یا کم اخراج سے انسانوں میں سنگین اثرات مرتب ہوتے ہیں خودکار حیاتیاتی نظام کو برقرار رکھنے کے لئے ہارمون مختلف جسمانی اعصابی نظام اور دروں افرازی نظام کو باہمی مربوط کرتا ہے۔ یہ بڑے دماغ کے پچھلے حصے میں واقع ہے اور یہ پچوٹری کے اخراج کو قابو میں رکھتا ہے۔ پچوٹری غدود چھ اثر انداز ہارمون خارج کرتا ہے جو ہمارے جسم کے کئی عضویاں رفعلیاتی افعال کو درست کرتا ہے۔ پچھلا پچوٹری غدود واسوپریسن خارج کرتا ہے جو پانی اور برق پاشیدگی کے توازن کو منظم کرتا ہے۔ آکسی ٹاکسن بچے کی پیدائش کے دوران مدد کرتا ہے۔ میلاٹونن پینیل غدود کے ذریعہ خارج ہوتا ہے جو ہمارے جسم میں گردوں کے توازن کو منظم کرتا ہے۔ درقی غدود تھیراکسن کا اخراج کرتا ہے، جو اعصابی نظام، ڈھانچے کے نظام کو متحرک کرتا ہے اور بنیادی تحولی شرح کو منظم کرتا ہے۔

پیراتھئی رائڈ غدود ہمارے جسم میں کیلشیم کی سطح کو درست کرتے ہیں۔ تھئی مس غدودی لمفوسائٹ پختگی کو فروغ دے کر خلوی ثالثی مداخلت میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ لبلبہ خون میں گلوکوز کو خودکار حیاتیاتی نظام کے ذریعہ گلوکوگان انسولن کے اخراج کو منظم کرتے ہیں۔

اڈرنل قشرہ Mineralocorticoids خارج کرتا ہے، جو معدنی تحول کو قابو میں رکھتا ہے۔ گلوکوکورئی کائیڈ کاربوہائیڈریٹ کے تحول کو قابو میں رکھتا ہے۔ اڈرنل نخاع، اڈرنالن اور ناراڈرنالن کا اخراج کرتا ہے۔ مردوں میں تولیدی عمل کو ٹسٹوواسٹیرون کے ذریعہ قابو میں رکھا جاتا ہے، جو خایئے خارج کرتے ہیں اور عورتوں میں بیض دان تین ہارمون ایسٹروجن، پروجسٹرون اور ریلاکسن خارج کرتے ہیں، جو تولیدی عمل کو قابو میں رکھتے ہیں۔

انسانوں میں ہارمون کی کمی سے سنگین نقصان دہ اثرات پیدا کرتے ہیں، جو جسم میں عضویاتی رفعلیاتی کیمیائی افعال کو تبدیل کرتے ہیں، جس کی وجہ سے کئی بے ترتیبی، جیسے acromegely ، بونا پن، ٹٹانی، ذیابیطس وغیرہ واقع ہوتے ہیں۔

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:23 AM

اہم دروں افرازی غدود کا مقام۔ان کا اخراج اور ذخیرہ

Location of major endocrine glands - their secretions and storage,



Hypothalamus found deep inside the brain, its products are releasing and inhibiting hormones and controls the pituitary. Together, the hypothalamus and pituitary control the other endocrine glands in our body to make the hormones that control and co-ordinates various physical and physiological activities.

زیرعرشیہ دماغ کے اندر گہرائی میں پایا جاتا ہے۔اسکی مصنوعات ہیں۔ ہارمونز کو خارج کرنا اور اس کی مزاحمت کرنا ہے اور پچوٹری کو قابو میں رکھنا ہے۔زیرعرشیہ اور پچوٹری ہمارے جسم میں موجود دیگر دروں افرازی غدود کو قابو میں رکھتے ہیں تا کہ وہ ہارمون بنائے جو مختلف جسمانی اور عضویاتی کارروائیوں کو قابو میں کرتا ہے۔

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:25 AM

محاسبہ: Evaluation



1۔ اندرونی ماحول کو مستقل برقرار بحال رکھنے کو کہا جاتا ہے۔
(a) منظّم (b) اعتدال
(c) باہمی ربط (d) ہارمون کو قابو میں کرنا

2۔ مندرجۂ ذیل میں کون سا مخصوص دروں افرازی غدود نہیں ہے؟
(a) تھئی مس اور انشیے
(b) اڈرنل اور بیض دان
(c) پیراتھئی رائڈ اور اڈرنل
(d) لبلبہ اور پیراتھئی رائڈ

3۔ پچوٹری کے غدود کے رسنے سے مندرجۂ ذیل میں سے کون سا ہارمون خارج نہیں ہوتا؟
(a) تھیراکسن (b) انسولن
(c) ایسٹروجن (d) گلوکوکارٹی کائڈس

4۔ پستانیوں میں منوی حویں کی پختگی کو انشیے کے ذریعے قابو میں رکھا جاتا ہے۔
(a) لوٹینی ہارمون (b) جرابی محرکہ ہارمون
(c) FSH اور پرولیکٹن (d) GH اور پرولیکٹن

5۔ سیرم کیلشیم کی سطح کو منظّم کرتا ہے؟
(a) تھیراکسن (b) FSH
(c) لبلبہ (d) تھئی رائڈ اور پیراتھئی رائڈ

6۔ ایوڈائزنمک اس کی روک تھام کے لئے ضروری ہے۔
(a) رکٹس (b) اسکروی
(c) گھینگا پن (d) اکرومیگالے

7۔ مندرجۂ ذیل میں کون سا غدود مامونیت سے متعلق ہے؟
(a) پینئل غدود (b) اڈرنل غدود
(c) تھئی مس (d) پیراتھئی رائڈ غدود

8۔ جنسی ہارمون کے بارے میں مندرجۂ ذیل میں کون سا بیان درست ہے؟
(a) ٹسٹواسٹیرون لوٹینی ہارمون کے زیر اثر Leydig خلیے ٹسٹو اسٹیرون تیار کرتے ہیں۔
(b) پروجسٹرون کارپس لوٹیم کے ذریعہ خارج کرتے ہیں اور بچے کی پیدائش کے دوران عانی رباط کو نرم کرتے ہیں۔
(c) ایسٹروجن کو سرٹولی خلیے اور کارپس لوٹیم دونوں خارج کرتے ہیں۔
(d) کارپس لوٹیم کے ذریعہ تیار کردہ پروجسٹرون، حیاتیاتی طور پر مشیمہ کے ذریعہ تیار کردہ سے مختلف ہوتا ہے۔

9۔ بچوں میں افزائشی ہارمون (GH) کا زیادہ اخراج، اس کا باعث بنتا ہے۔
(a) کریٹی نزم (b) طویل قد (gigantism)
(c) Grave's disease (d) ٹٹانی

10۔ ایک حاملہ عورت بچے کو جنم دیتی ہے، جس کی نشو ونما رکی ہوئی، ذہنی معذور، کم ذہنی شرح، مقیاس ذہانت اور غیر معمولی جلد میں مبتلا ہے یہ اس کا نتیجہ ہے۔
(a) افزائشی ہارمون کا کم اخراج
(b) درقی غدود کا کینسر
(c) pars distalis کا زیادہ اخراج
(d) غذا میں ایوڈین کی کمی

11۔ پچوٹری غدود کے اگلے فص میں ہائیوتھلامس کے ساتھ جو ساخت جڑی ہوئی ہے وہ ہے۔
(a) نیوروہائپوفالسس کے شجرینے
(b) نیوروہائپوفائسس کا محوریہ
(c) دمغی خطے کی سفید ریشے دار پٹیاں
(d) Hypophysical Portal نظام

12۔ ان میں سے کون سا بیان درست ہے۔
(a) کیلسی ٹونن اور تھئی مس درقی ہارمون ہیں۔
(b) پیپسن اور پرولاکٹن معدہ میں خارج ہوتے ہیں۔
(c) سیکٹیرٹن اور روڈوپسن پالی پپٹائڈ ہارمون ہیں۔
(d) کارٹی سول اور آلڈوسٹیرون ہارمون ہیں۔

13۔ دئے گئے انتخاب میں کون سا درقی غدود کے بیان کے لئے تمام غلط بیانات ظاہر کرتا ہے۔
(i) RB کی تشکیل کے لئے عمل کو روکنا ہے۔

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:26 AM

(ii) یہ برق پاشیدگی اور پانی کو منظّم کرنے میں مدد کرتا ہے۔

(iii) اس کا زیادہ اخراج خون کے دباؤ کو کم کرتا ہے۔

(iv) یہ Osteoblast کو متحرک کرتا ہے

(a) (i) اور (ii) (b) (iii) اور (iv)

(c) (i) اور (iv) (d) (i) اور (iii)

14۔ اعتدال خودکار حیاتیاتی نظام (homeostasis) پر تبصرہ کریں۔

15۔ ہارمون کو کیمیائی پیغام بر کے نام سے جانا جاتا ہے، جواز پیش کریں۔

16۔ بیض سازی (ovulation) میں ایسٹروجن کا کردار لکھیں۔

17۔ درقی غدود کے Acini پر تبصرہ کریں۔

18۔ ذیابیطس ملٹس اور ذیابیطس انسی پیڈس کی وجوہات لکھیں۔

19۔ acromegaly کی علامات کی وضاحت کریں۔

20۔ کریٹی نزم کے علامات لکھیں۔

21۔ درقی غدود کے ساخت کی مختصر وضاحت کریں۔

22۔ اڈرنل قشرہ کے تہوں کے نام بتائیں اور اس کے اخراج کا ذکر کریں۔

23۔ ہائپر گلائی سیمیا اور ہائپو گلائی سیمیا میں فرق کریں۔

24 Cholecystokinin (CCK) کے افعال لکھیں۔

25۔ عام افزائش کے لئے افزائشی ہارمون ضروری ہے۔ اس بیان کا جواز پیش کریں۔

26۔ پینئل غدود ایک دروں افرازی غدود ہے۔ اس کا کردار لکھیں۔

27۔ اڈرنالن کے افعال پر تبصرہ کریں۔

28۔ انسانی جسم سے لبلبہ کے نکالنے کے اثرات کی پیشن گوئی کریں۔

29۔ دروں افرازی غدود کے طور پر گردے کے کردار بیان کریں۔

30۔ معدی آنتی راہ Gastrointestinal tract کے ہارمونس پر تفصیل سے نوٹ لکھیں۔

ICT Corner ICT کارنر

Endocrine system دروں افرازی نظام



آیئے دروں افرازی نظام کے مقامات اور افعال معلوم کریں۔



مرحلہ 1 : Endocrine system page میں جانے کے لئے URL استعمال کریں۔

مرحلہ 2 : غدود کے مقام اور افعال کو جاننے کے لئے gland پر کلک کریں۔

مرحلہ 3 : مزید جانکاری کے لئے Hormone name پر کلک کریں

مرحلہ 4 : دوسرے غدود کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے اور دیگر معلومات کو تلاش کرنے کے لئے دائیں اوپری جانب main menu پر کلک کریں۔



Step 1



Step 2



Step 3



Step 4

Endocrine system's URL:

http://www.e-learningforkids.org/health/lesson/endocrine-system/

* Pictures are indicative only

unit 11 chemical coordination um
Sunday, July 31, 2022 12:53:28 AM

اکائی IV

باب 12

بنیادی طبّی آلات اور تکنیکی طریقے

(Basic Medical Instruments and Techniques)



ذیابیطس اور گلاکوما کی تشخیص کے لئے چپکنے والا جدید بصری عدسہ نما حسیہ

باب کا خاکہ

12.1۔ تشخیص اور نگرانی کے آلات

12.2۔ عکسی آلات

12.3۔ معالجی آلات

12.4۔ حیاتی طبی تکنیک

سیکھنے کے مقاصد:

- آلات کے کام کرنے کے اصول اور کام کی ترکیب کو سمجھنا
- دموی پیما / Haemocytometer کے ذریعہ خون کی خلیوں کی گنتی کو سمجھنا۔
- خون کے طبی معائنے کے نمونہ تیار کرنا اور WBC کے مختلف اقسام کو سمجھنا

57ML1

روایتی طور پر ڈاکٹر کسی فرد کی صحت کی طبی حالت کی جانچ کے لئے آسان طبی آلات جیسے تپش پیما، صدر بین اور نبضی فشار پیما استعمال کرتے ہیں۔ طبی ٹکنالوجی میں پچھلے چند دہائیوں سے بہت زیادہ ترقیاں ہو رہی ہیں اور طبی طریقوں نے انقلاب برپا کر دیا ہے، جو مریضوں کو بڑی حد تک ناگہانی صورت حال سے زندگی کو بحال کرنے اور بچانے میں کار آمد ہیں۔ جدید ہسپتالوں نے پرکشش طبی آلات لگوائے ہیں جیسے خود تجزیہ کار (autoanalysers)، برقی معائنہ قلب (ECG)، دماغی برقی نگار (electroencephalogram)، بالاصوتی جائزہ کار (Ultrasound scanner)، CT جائزہ کار NMRI ایسٹوپ عکسی (Isotope Imaging) اور مریضوں کی تشخیص اور علاج کے لئے متعدد جدید اور پیچیدہ ساز و سامان کے ساتھ طبی علاج میں تشخیص اور علاج دونوں ہی اہم پہلو ہیں، جو تشخیص میں شامل ہیں۔

- **دمویات (Haematology)**
ادویات کی وہ شاخ ہے جو خون سے متعلق بیماریوں کی وجہ، تشخیص، علاج اور روک تھام کے مطالعہ سے وابستہ ہے۔
- **سمّیات (Toxicology):** ایک شعبہ ہے، جس میں جانداروں پر کیمیائی مادوں کے منفی اثرات کا مطالعہ، زہر اور زہریلے مادوں کی تشخیص اور معالجہ شامل ہے۔

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:18:52 PM

بیماریوں کی نوعیت کو پہچاننا یا تعین کرنا، یہ سب علاج کے پہلو میں شامل ہیں، تاکہ بیماری پیدا کرنے والے عوامل کو ختم کیا جا سکے۔ طبی تجربہ گاہ میں جانچ، ایک معالج کی صحیح تشخیص اور علاج میں مدد کرتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ جدید مواصلاتی ٹکنالوجی Telemedicine ایک ابھرتی ہوئی ٹکنالوجی ہے، خاص طور پر دیہی صحت عامہ کی نگرانی اور علاج و معالجہ میں اہم ہے۔

12.1۔ تشخیص اور نگرانی کے آلات
(Diagnostic and Monitoring Instruments)

صدر بین: (Stethoscope)

صدر بین ایک طبی آلہ ہے جو جسم کی اندرونی آواز جیسے دل کی دھڑکن، پھیپھڑوں کی حرکت، پیٹ ، سانس لینا اور خارج ہونے کی وجہ سے نکلنے والی آوازیں، آنتوں کی حرکت اور جنین کی نقل و حرکت سننے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ جدید الکٹرانک صدر بین ایک اعلیٰ صحت سے متعلق ایک آلہ ہے، جو شور کے ماحول میں یا مریض کے بھاری لباس کے ذریعہ بھی انسانی جسم کی اندرونی آواز کو واضح طور پر سننے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ایک مثالی صدر بین، جو قرص کی شکل میں گونج کو پیدا کرنے والا آلہ ہے، جسے سینے کے مقابل لگایا جاتا ہے جس کی مدد سے کان کے ساتھ دو ربڑ کی نالیاں منسلک ہوتی ہیں۔ اسے عام طور پر دو گوشی صدر بین کہتے ہیں۔ مسائل کا حل تلاش کرنے اور بیماریوں کی تشخیص کرنے کے لئے یہ آسان، لیکن مؤثر تشخیص آلہ ہے۔ (خاکہ 12.1)



خاکہ 12.1۔ طبی صدر بین اور برقیاتی صدر بین

صدر بین کی طبی اہمیت :
(Clinical Significance of Stethoscope)

1۔ صدر بین دل کی معمولی اور غیر معمولی دل کی دھڑکن کو سننے اور صمام کے افعال کی تشخیص میں مدد کرتا ہے۔

2۔ پھیپھڑوں کے امراض کی تشخیص جیسے نمونیا، ریوی ورم۔ pulmonary edema، مخاطی کا ورم، پسلی کا درد وغیرہ کی تشخیص میں مدد کرتا ہے۔

3۔ صدر بین کے ساتھ نبضی فشار پیما، خون کے دباؤ کو معلوم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

4۔ یہ قلبی، تنفّسی اور آنتوں کی بے ترتیبی کا خاکہ بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

نبضی فشار پیما: (Sphygmomanometer)

نبضی فشار پیما ایک ایسا آلہ ہے، جو خون کے دباؤ کی پیمائش کرتا ہے۔ لہذا اسے خون کے دباؤ کا میٹر (blood pressure meter)، خون کے دباؤ کی اطلاع دینے والا یا خون کے دباؤ کا پیمائشی آلہ کہتے ہیں۔ یہ ربڑ کف (Cuff) پر مشتمل ہے جو زیری بازو پر لپیٹ دی جاتی ہے اور اس کا دوسرا کنارا پارے کے فشار پیما سے جوڑ دیا جاتا ہے، جو براہ راست دباؤ کی یکساں درجے دار آلہ میں پیمائش کرتا ہے۔ (خاکہ 12.2)

کف میں درجہ بدرجہ دباؤ کے اضافے اور کم ہونے سے دل کا سکیڑنا (انبساط قلب) (diastolic) اور پھیلنا (systolic) (انقباض قلب)۔ خون کے دباؤ کو یعنی شریانوں میں خون کے بہاؤ کی آواز کو صاف طور پر معلوم کیا جا سکتا ہے۔ کف کو نرمی سے اوپری بازو کے گرد 3 سمر کے اوپر لپیٹا جاتا ہے۔ صدر بین میں گونج پیدا کرنے والے آلے کو خیشومی شریانی میں کہنی میں خون کے بہاؤ کی آواز کو سننے کے لئے رکھا جاتا ہے۔ کف کو پھر تیزی سے پارہ کے 180 mm تک پھلایا جاتا ہے اور پھر آہستہ سے دبایا جاتا ہے جیسے ہی کف میں دباؤ پڑتا ہے تو "Whooshing" سناٹے کی آواز سنائی دیتی ہے۔ پھر شریانوں میں خون کا بہاؤ دوبارہ شروع ہوتا ہے۔ یہ مریض کے Systolic انقباضی دباؤ کو ظاہر کرتا ہے پھر دباؤ آہستہ آہستہ جاری کیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ کوئی آواز سنائی نہیں دیتی اور اسے انبساطی خون کا

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:18:52 PM

دباؤ کہا جاتا ہے۔ بہتر طبی تفہیم اور نگارش کے لئے دونوں بازوؤں سے جانچ کی جاتی ہے۔

نبضی فشار پیما کے اقسام:
(Types of Sphygmomanometer)

1۔ دستی نبضی فشار پیما (Manual Sphygmonanometer)

(a) پارہ کا نبضی فشار پیما (Mercury Sphygmomanometer)

پارہ کے ایک کالم کی اونچائی کو متاثر کر کے خون کے دباؤ کو ظاہر کرتا ہے، جس میں تعین کے عمل کی ضرورت نہیں ہے۔

(b) بے مائع نبضی فشار پیما (Aneuroid Sphygmomanometer)

یہ ایک میکانیکی طریقہ کار ہے جس میں dial ہوتا ہے اور پارے کے نبضی فشار پیما کی طرح پیمانہ بندی کے تصدیق کی ضرورت ہے۔

2۔ ہندسوی نبضی فشار پیما (Digital Sphygmomanometer)

یہ ارتعاشی پیمائش کے ذریعہ انقباضی-انبساط قلب کے دباؤ کو ظاہر کرتا ہے اس کو تجربہ کے بغیر بھی آسانی سے استعمال کیا جاتا ہے۔



3HV72



خاکہ 12.2۔ پارہ اور ہندسوں پر مبنی نبضی فشار پیما

بطینی سکڑاؤ کے دوران انتہائی ممکنہ مقدار میں دباؤ استعمال میں آتا ہے، جسے انقباضی دباؤ (systolic pressure) کہتے ہیں اور بطینی پھیلاؤ کے دوران کم دباؤ استعمال میں آتا ہے جسے انبساطی دباؤ (diastolic pressure) کہتے ہیں۔

عام خون کا دباؤ = 120 / 80 mm Hg

انقباضی دباؤ = 120 mm Hg

انبساطی دباؤ = 80 mm Hg

سفید کوٹ کا اثر :
(White Coat Effect)

کیا تم جانتے ہو؟

سفید کوٹ کے خون کا غیر معمولی دباؤ کو عام طور پر سفید کوٹ کے طور پر جانا جاتا ہے۔

علامات: یہ ایک ایسا رجحان ہے جس میں مریضوں کو طبی ترتیب میں خون کے دباؤ کی سطح معمول کی حد سے زیادہ ہوتی ہے، حالانکہ وہ دوسری ترتیبات میں ظاہر نہیں کرتے۔

طبّی اہمیت: (Clinical Significance)

1۔ پیش تناؤ اور خفیف تناؤ جیسے امراض کی حالت کی تشخیص کے لئے۔

2۔ دورانِ خون کے حالت کی تشخیص میں مدد کرتا ہے۔

3۔ دل کی عملی تفصیلات فراہم کرتا ہے۔

گلوکومیٹر: (Glucometer)

گلوکومیٹر ایک سادہ اور دستی طبی آلہ ہے۔ خون میں گلوکوز کی مناسب سطح کو محفوظ کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ یہ بیٹری سے چلنے والا ہندسی میٹر ہے۔



خاکہ 12.3۔ گلوکومیٹر

خون کے ایک قطرہ کو انگلی کی نوک سے لیا جاتا ہے اور ردکر جانے والی جانچ کی پٹی پر رکھا جاتا ہے۔

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:18:53 PM

میٹرخون کے نمونے کو بڑھتا ہے اور mg/dL کی اکائیوں میں گلوکوز کی سطح کو ظاہر کرتا ہے۔ زیادہ تر گلوکو لیٹر برقی کیمیائی ٹکنالوجی یا رنگین عکاسی کے اصول (colour reflectance principle) پر مبنی ہیں۔ (خاکہ 12.3)

اہمیت (Significance)

1۔ یہ دستی اور آسانی سے اٹھائے لے جانے کے قابل ہے۔

2۔ فوری نتیجہ، نتائج تقریباً 40 سکنڈ میں ظاہر کئے جاتے ہیں۔

3۔ کوئی حساب کی ضرورت نہیں۔

4۔ آلے کو چلانے کے لئے کوئی تجربہ کی ضرورت نہیں۔

Normal Glucose value blood

عام گلوکوز کی قیمت	70-100 mg / dL
خون میں عارضی شکر	80-120 mg / dL
بھوکے پیٹ خون میں شکر	70-110 mg / dL
	110- 140 mg / dL

خودتجزیہ کار: (Auto Analyser)

خودتجزیہ کار کمپیوٹر سے چلنے والا آلہ ہے۔ یہ جسم میں پائے جانے والے مائعات میں موجود کئی حیاتی کیمیاء کو متعین مقدار جیسے گلوکوز، پیشاب، چربی، خامرے اور حیاتین ہیں جو فوری تجزیہ کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ یہ تجزیہ کار تمام ضروری ضابطہ کے ساتھ مکمل طور پر مربوط ہیں، جیسے تپش کا ردعمل، نمونوں کی مقدار۔ متعاملات اور سیالیات کی منتقلی وغیرہ۔ نمونوں کے کسی ایک مجموعہ کے لئے کسی قسم کے تجزیے کو منتخب کرنے کی صلاحیتوں کے ساتھ زیادہ نفیس اور کثیر ذرائع کے تجزیہ کار اب دستیاب ہیں۔ (خاکہ 12.4)

12.2 عکسی آلات (Imaging Instruments):

(EEG) Elecroencephlogram

دماغ کی برقیاتی کارکردگی کے محاسبے کی جانچ EEG کہلاتی ہے۔ (خاکہ 12.5) برقیاتی ہیجانات کے ذریعہ دماغی خلیے ایک دوسرے کے ساتھ رابطہ قائم کرتے ہیں۔



خاکہ 12.4۔ خودتجزیہ کار

EEG دماغی لہروں کے نمونوں کا راستہ اور راستے کی پہچان کرتا ہے اور اس کا اندراج کرتا ہے۔ یہ دماغ کے باہری قشرہ اور تحتی قشرہ کے علاقوں کے برقیاتی کے ذریعہ اندراج کیا جاتا ہے۔ برقیرے دماغ میں ہونے والے برقیاتی ہیجان کا تجزیہ کرتے ہیں اور کمپیوٹر کو اشارے ترسیل کرتا ہے، جو اس سے نتیجہ اخذ کیا جاتا ہے۔ EEG کا تجزیہ پہلے پہل 1929 میں جرمنی کے سائنسدان ہانس برگر Hans Berger نے کیا۔ EEG کو Berger Wave کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ EEG کے ذریعہ برقیاتی کارگردگی کا اندراج بروقت مطابقت رکھتے ہیں یا غیر بروقتی لہریں اندراج ہوسکتے ہیں۔ چار تعددی لہریں یا آہنگی یا روانی جیسے، آلفا۔ بیٹا، ڈیلٹا، تھیٹا نامی لہروں سے موسوم کیا گیا ہے۔

EEG کی طبی اہمیت:

(Clinical Significance of EEG)

1۔ یہ دماغ کے افعال کے مطالعہ کی فراہمی کرتا ہے اور جسم کے دوسرے حصوں کے ساتھ باہمی ربط پیدا کرتا ہے۔

2۔ یہ عصبیاتی اور نیند کی بے ترتیبی کے تشخیص میں استعمال ہوتا ہے۔

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:18:54 PM

3۔ EEG شدید سر کی چوٹیں، دماغی رسولیوں اور دمغی تعین کے معاملات میں ایک اہم تشخیصی آلہ ثابت ہوتا ہے۔

4۔ یہ اعصابی نظام کی مختلف تنزل پذیر بیماریوں اور مرگی جیسے بیماریوں کو جاننے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

5۔ وہ مریض، جن کو دماغی موت ہو چکی ہو، ان کے لئے EEG بہت زیادہ معاون ہوتا ہے۔



EEG کی نگارش

خاکہ 12.5 EEG کی لہریں

صحت کی حفاظت کے لئے پہنے جانے والے استعمالات : (Wearable Healthcare devices)

جس میں اسمارٹ گھڑیاں کلائی بند کے مناسب پرزے، درست سمتی راستے ۔ کلائی، ہیلمٹ، پوشاکی کے اثرات کے جانچ کرنے والے آلات شامل ہیں۔ کمر کے درد کے طرز کی جانچ کرنے والے آلات ۔ گلے کے ہار Clipons/اسمارٹ لباس اور زر ریشوں کے نسبی آلات شامل ہیں۔طبی آلات منتخب حسیات کے ساتھ مختلف جسمانی حالات پر صحیح وقت کے شمار کا اندراج کر سکتے ہیں اور برقیاتی طور پر انہیں ڈاکٹر کو ترسیل کر سکتے ہیں یا اسمارٹ خون کے ایپس کے ذریعہ ان پیغامات کو روانہ کر سکتے ہیں ۔ یہ دواہم تندرستی کے اطلاقات، صحت، نقل وحمل، خوشحالی اور روز مرہ کے کاموں کے متعلق کارکردگی کے اطلاقات ہیں اور ورزشی اطلاقات ۔دوڑ کے راستوں، سائیکل چلانا اور پیدل قدمی کے متعلق ہیں۔

صحتی محافظتی آلات کی کارکردگیوں کی جانچ میں جو پیدائشی اقدامات کی تعداد، طئے کردہ فاصلہ، حراروں (کیلوری) کا جلنا، دل کے دھڑکن کی شرح، خون کے حجم کی جانچ، دباؤ کے تحت شعریانوں کی جسامت میں تبدیلیاں، جسمانی تپش اور معیاری نیند کے ذریعہ صحت کے مقاصد کو پیش کرتے ہیں۔

لاشعاعیں (ایکس رے) (X- rays)

مریض کے جسم کی اندرونی ساخت کی تصویر لینے کے لئے لا شعاعوں (ایکس رے) کو استعمال کیا جاتا ہے۔ لاشعاعیں برمقناطیسی تابکاری کی ایک قسم ہے جو لاشعاعوں کی نالی میں تیار کی جاتی ہیں ۔لاشعاعوں کو جسم کے ذریعہ گذارا جاتا ہے اور شناخت کار کے ذریعہ مریض کے جسم کے دوسری جانب حاصل کیا جاتا ہے۔ جسم کے مختلف بافتوں اور حصوں میں لا شعاعوں کا انجذاب مختلف ہوتا ہے۔ ٹھوس ہڈیاں، تابکاری کو زیادہ جذب کرتی ہیں، جب کہ نرم ہڈیاں اور بافتیں زیادہ شعاعوں کو گذارنے کی اجازت دیتی ہیں ۔ یہ اختلاف عکس، ایک تصویر پیدا کرتا ہے، تاکہ تمام ساختوں کی 2D نمائندگی ہو سکے۔ یہ ایک چھوٹے دستی آلہ کی شکل میں بھی دستیاب ہے۔ MRI یا CT جیسے دیگر عکسی مشینوں کے مقابلے میں یہ سستا ہے۔

طبّی اہمیت (Clinical Sigificance)

1۔ لاشعاعوں کی عکاسی ۔دل، پھیپھڑے کی بیماری اور ہڈی کے ٹوٹنے کی تشخیص کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

2۔ یہ کھوکھلے اعضاء اور خون کی دریدوں کو بیریم اور ایوڈین پر مشتمل بعض کیمیائی کلیہ سازی سے بھر کر دیکھنے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

3۔ دانتوں کی ریڈیوگرافی اور دیگر بیرونی مسائل کی تشخیص کے لئے بھی استعمال کی جاتی ہے۔

4۔ حلمہ نگاری mamogrphy ایک خاص قسم کی لاشعاعوں کی عکاسی ہے، جو چھاتی کے بافتوں کی تفصیلی تصاویر بناتی ہے۔

5۔ اس سے حقیقی تصاویر کی Fluoroscopy بھی کی جاتی ہے۔

6۔ کینسر کی رسولی کو سکیڑنے کے لئے لا شعاعوں کے تابکاری کے علاج کو استعمال کیا جاتا ہے۔

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:18:55 PM



خاکہ: 12.6 لاشعاعوں (ایکس رے) کی مشین

کیا ہم جانتے ہو؟

لاشعاعوں (ایکس رے) کو جرمن کے ماہر طبیعیات Sir Wilhem Conard Roentgen نے 1895 میں دریافت کیا۔ جب اس نے کروک نالی میں زیادہ برقی قوت کے رجحان پر مشاہدہ کیا۔ اس نے دیکھا کہ ایک ہی کمرے میں کئی فٹ کے فاصلے پر رکھی گئی بیریم پلاٹینو سیانائڈ کی اسکرین متاثر ہوئی ہے۔

بالاصوتیات سے عکاسی (Ultra Sound imaging)

بالاصوتیات کا لفظی مطلب آواز جو انسانی سماعت کی حد سے باہر ہے۔ بالاصوتی آواز کی لہریں Piezo-electric effect نامی ایک اثر سے پیدا ہوتے ہیں۔ جب برقی توانائی کو Lead Zirconate جیسی قلموں سے گزارا جاتا ہے تو، وہ مشتعل ہو کر ارتعاش پا کر بالا صوتیات پیدا کرتے ہیں۔ جب بالاصوتیات کو متجانس بافتوں پر گذارا جاتا ہے تو وہ بغیر انعکاس کے اس مقام سے گزرتا ہے جب تک کہ وہ کسی دوسرے عضو یا بافت سے مل نہیں جاتا۔ بالاصوتیات کی تمام لہریں یا ان کا ایک حصہ منعکس ہوتا ہے اور اسی قلم کے ذریعہ واپس موصول ہوتا ہے اور برقی اشاروں میں تبدیل ہوتا ہے۔ یہ برقی اشارے oscilloscope نامی ایک پردے پر تصاویر کی شکل میں بنیادی خط کے عکس کے طور پر دکھائی دیتے ہیں۔

طبّی اہمیت (Clinical Significance)

1۔ بالاصوتیات کی لہروں کو حمل کے مختلف مراحل میں جنین کا عکس لینے کے لئے استعمال کرتے ہیں، تاکہ جنین کی نشو ونما کا مطالعہ کیا جا سکے۔

2۔ یہ جنین کے دل کی دھڑکن، خون کا بہاؤ وغیرہ کے مشاہدے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

3۔ دل میں ہونے والے نقصانات کی تشخیص کے لئے بازگشتی قلب نگاری کو استعمال کیا جاتا ہے۔

4۔ رسولی، پتے کی پتھری، گردے کی پتھری، تناسلی راستوں میں رکاوٹوں کی تشخیص کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

CT اسکیننگ (Computed Tomographic (CT) Scanning)

CT اسکیننگ کو اصل میں Computer axil tomography (CAT) یا CT Scan کہا جاتا ہے۔ اصطلاح Tomography، لاطینی لفظ ہے، جس میں tomos کا مطلب خاش (slice) اور graphie کا مطلب لکھنا ہے۔ یہ ایک طبی عکسی تکنالوجی ہے جو tomography کو استعمال کرتی ہے۔ اس میں ہندسی جیومٹری اصول کو استعمال کر کے کسی شئے کے اندرونی حصے کی سہ



خاکہ 12.7۔ بالاصوتی عکاسی (Ultrasonography)

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:18:56 PM

ابعادی عکس پیدا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جس میں گردش کے لئے ایک محور کے گرد دو ابعادی لاشعاعوں کے عکس کا ایک بڑا سلسلہ ہوتا ہے۔(خاکہ 12.8)

CT سے کئی گنا زیادہ ڈیٹا حاصل ہوتا ہے، جس کو windowing نامی ایک عمل کے ذریعہ لاشعاعوں کو روکنے کی قابلیت کو استعمال کرتے ہوئے مختلف ساختوں کو سمجھ سکتے ہیں۔



خاکہ 12-8 CT اسکین

طبّی اہمیت (Clinical Significance)

- یہ خون کی نالیوں، نرم بافتوں اور ہڈیوں کا صاف عکس دیتا ہے۔
- اندرونی کان اور ہڈیوں کے زخم کی تشخیص کرنے میں مدد کرتا ہے۔
- سرطان اور پھیپھڑوں کی بے ترتیبی کا پتہ لگانے میں استعمال ہوتا ہے۔
- ریڑھ کی ہڈی کے مسائل اور ڈھانچے کے زخموں کی تشخیص کے لئے بھی مددگار ثابت ہوا ہے۔
- ہڈیوں کی معدنی کثافت کی پیائش کرنے میں مدد کرتا ہے۔
- دماغ میں خون کا انجما داور جریان خون کی وجہ سے فالج کا پتہ لگانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

مثبت برقیہ کے اخراج کی طبقہ نگاری کا معائنہ کرنا (PET)
(Positron Emission Tomographic scanning)

PET بھی CT ہی کی طرح ایک کمپیوٹر کے ذریعہ عکس کی ٹکنیک ہے۔مثبت برقیے کے اخراج کی طبقہ نگاری PET ایک جوہری ادویاتی طریقہ ہے جو شعاعی نشان کو سراغ رساں سالمے سے مثبت برقیہ(positron) کی طبقہ نگاری کے اخراج کی پیائش کی بنیاد پر محسوب کر کے عکاسی کرتا ہے۔یہ جوہری سراغ رساں حیاتیاتی عمل کو ناپنے اور تمام جسم کا عکس حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے جو جوہری سراغ رساں جمع ہونے کی جگہوں کو ظاہر کرتا ہے۔PET ایک عکسی تحولی اور عضویاتی عمل کے بارے میں مقداری علاقائی معلومات فراہم کرتا ہے۔ PET مثبت برقیہ کے اخراج کرنے والے تابکار ہم جا (Isotope) (^{11}C, ^{13}N, ^{15}O, ^{18}F) میں استعمال ہوتا ہے, جو Cyclotron کے ذریعہ پیدا ہوتے ہیں۔آج کل استعمال ہونے والے سب سے عام تابکار سراغ رساں (Radioactive tracer) 18F-Flurodeoxyglucose، (18F-FDG) ہے۔

18F-Flurodeoxyglucose ہے،جس میں جوہری سراغ رساں شکر (گلوکوز) کا سالمہ لگا ہوا ہے ۔ یہ جوہری کیمیائی طریقوں سے حیاتیاتی سالموں جیسے گلوکوز ، امینو ترشے اور امونیا میں شامل کئے جاتے ہیں۔ positron اخراج کرنے والے مرکبات کو تجربہ کئے جانے والے جانوروں اور انسانوں میں بہت کم مقدار میں داخل کئے جاتے ہیں یا انہیں سونگھایا جاتا ہے۔سراغ رساں کی سہ ابعادی تقسیم کی تفتیش طاقتور PET کیمروں سے کی جاتی ہے، اور عکس کو کمپیوٹر کے ذریعہ دوبارہ تشکیل دی جاتی ہے ۔تصویر کی مقداری تشریح مختلف ریاضیاتی نمونوں کے ذریعہ کی جاتی ہے۔ جوہری ایسوٹوپ کے تحول اور اندر لینے کے متعلق عمل کرتا ہے۔

طبّی اہمیت (Clinical Significance)

PET کی تصویر کشی کے طریقے سے انسانوں میں دماغ کے خون کا حجم،خون کا بہاؤ، گلوکوز اور آکسیجن کے تحول کی شرح اور آکسیجن کی پیائش میں استعمال ہوتا ہے۔

مقناطیسی گونج سے تصویر کشی - MRI
(Magnetic Resonance Imaging)

مقناطیسی گونج سے تصویر کشی(MRI) ایک غیر جراحی طبی جانچ (Non-invasive medical test) ہے، جو میں استعمال کیا جاتا ہے۔

روایتی ایکسرے(لاشعاعوں) کے جانچ اور CT اسکین کے برعکس، MRI رواں ساز اشعاع (ionizing radiation) کو استعمال نہیں کرتے۔MRI ایک طاقتور مقناطیسی میدان کو استعمال کرتے ہیں۔جوہری تعددی اشاروں اور ایک کمپیوٹر جس میں اعضاء، نرم بافتیں، ہڈیاں اور جسم کے تمام اندرونی جسمانی ساخت کی تفصیلی

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:18:56 PM

تصاویر تیار کرتے ہیں۔ یہ جوہری تعدد، جسم میں موجود ہائیڈروجن کے جوہروں کو دوبارہ ترتیب دیتے ہیں جو قدرتی طور پر جسم میں موجود رہتے ہیں۔ اس سے مریض کی بافتوں میں بغیر کوئی کیمیائی تبدیل پیدا کئے بغیر تجزیہ نگاری ہوتی ہے، جیسا کہ ہائیڈروجن کے جوہر معمول کے مطابق اپنی وابستگی میں لوٹتے ہیں۔ وہ مختلف مقدار میں توانائی خارج کرتے ہیں جو جسم کی بافتوں کے مطابق مختلف ہوتی ہیں جس سے وہ آتے ہیں۔MR جائزہ کار (Scanner) اس توانائی کو حاصل کرتا ہے اور ان معلومات کی بنیاد پر یہ تجزیہ شدہ بافتوں کی تصویر بناتا ہے ۔(خاکہ 12.9)

مقناطیسی میدان میں زیادہ تر MRI کی اکائیاں، مرغولہ نما تار کے ذریعہ برقی روگذار کر پیدا کرتے ہیں۔ دیگر مرغولہ نما تار مشین میں موجود رہتے ہیں اور بعض صورتوں میں جسم کے اردگرد رکھی جاتی ہیں جس کا عکس بنایا جاتا ہے۔ تابکار لہروں کو بھیجنا اور حاصل کرنا، اشاروں کو پیدا کرنا جو لچھوں کے ذریعہ پتہ لگاتے ہیں۔ یہ برقی رو مریض کے ساتھ رابطہ نہیں کرتے۔

ایک کمپیوٹر ان اشاروں پر کارروائی کرتا ہے اور سلسلہ وار عکس تیار کرتا ہے۔ جس میں جسم کا ہر ایک عضو، بالکل صاف طور پر باریک بینی سے دکھائی دیتا ہے۔ ان عکسوں کو مختلف زاویوں سے مطالعہ کیا جاسکتا ہے اور ماہر شعاعیات Radiologist کے ذریعہ اس کی تشریح کی جاسکتی ہے۔

دیگر تصویر کشی کرنے والے طبی آلے جیسے لاشعاعیں، CT اور بالاصوتیات سے بہتر طریقہ MRI ہے، جس میں عام بافت اور بیمار بافت کا فرق واضح طور پر دکھائی دیتا ہے۔ MR کی تصویر کشی معالجین کو جسم کے مختلف حصوں کا تفصیلی جائزہ لینے اور بعض بیماریوں کی موجودگی کو تعین کرنے کی اجازت دیتا ہے اور پھر تصاویر کو کمپیوٹر پر جانچا جاتا ہے۔

حاصل کردہ تصاویر کو برقیاتی طور پر منتقل کرکے، پرنٹ لیا جاسکتا ہے یا CD حاصل کی جاسکتی ہے یا digital cloud server پر بھی چڑھایا جاسکتا ہے۔



خاکہ 12.9۔ MRI آلہ

طبّی اہمیت (Clinical Significance)

MR سے حاصل کردہ تصویر، جسم میں سینے اور پیٹ، پیڑو کے اعضاء، مثانے اور تولیدی اعضاء، خون کی وریدوں اور لمفی گھاٹیوں کا جائزہ لینے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔

معالج MR کی تفتیش کا استعمال کرتے ہیں تاکہ حالات کی تشخیص یا نگرانی میں مدد مل سکے جیسے کہ

- سینے کی رسولی۔ پیٹ یا پیڑو
- جگر کی بیماریاں، آنتوں کی سوزش، دل کے مسائل، جیسے پیدائشی دل کی بیماری
- خون کے شریانوں کی بے ترتیبی اور نالیوں میں سوزش
- حاملہ عورت کے رحم میں جنین
- خاص طور پر کلائی۔ ٹخنوں یا گھٹنے کے علاقوں میں زخموں کو دیکھنا

وغیرہ۔

مقناطیسی گونج کے عکس کی ٹکنیک کیوں نرم بافتوں اور خون کی نالیوں کو دیکھنے کا بہترین کام انجام دیتی ہیں؟

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:18:57 PM

12.3 معالجی آلات:
(Therpeutic Instruments)



ضرب ساز (Pacemakers)

دل کی دھڑکن کو ہموار رکھنے کا مصنوعی آلہ/ضرب ساز ہے۔

ضرب ساز/ pacemaker ایک طبّی آلہ ہے جو دل کی دھڑکن کو منظّم کرنے کے لئے برقیرہ کے ذریعہ دل کے عضلات کو سکیڑنے والے برقی تسلسل کا استعمال کرتے ہیں۔

Pacemaker ضرب ساز کا بنیادی مقصد مناسب دل کی شرح کو برقرار رکھنا ہے یا تو اس لئے کہ دل کا قدرتی پیس میکر کافی تیز نہیں ہے یا اس وجہ سے کہ دل کے برقی طرز عمل کے نظام میں رکاوٹ ہے۔

ضرب ساز/پیس میکر کا نظام ایک برقیرے اور نبض پیدا کرنے والے پر مشتمل ہے۔ نبض پیدا کرنے والا ایک مہر بند خانہ ہے جو بجلی فراہم کرنے کے لئے لیتھیم۔ہیلائیڈ کے خانے (cell) استعمال کرتا ہے اور برقی تسلسل کی شرح اور نبض کی چوڑائی کو قابو میں رکھنے کے لئے ایک برقیاتی سرکیوٹ استعمال کرتا ہے۔

یہ آلہ کم توانائی والی برقی Pulse کا استعمال کرتے ہیں تاکہ دل عام شرح پر دھڑک سکے۔ نبض پیدا کرنے والے آلہ کو گردن کی ہڈی کے نیچے جلد کی سطح پر رکھا جاتا ہے۔ ضرورت کے مطابق ضرب ساز کو تبدیل بھی کیا جاسکتا ہے۔

نئے ضرب ساز، خون کا درجہ حرارت، سانس لینے اور دیگر عوامل کی نگرانی کرتے ہیں اور دل کی شرح کو ترتیب دیتے ہیں۔

پیس میکر کے برقی خانے کی عمر 5 سے 15 سال (اوسط 6 سے 7 سال) کے درمیان چلتی ہے جو مصنوعی آلات کی فعالیت پر منحصر ہے۔ پیس میکر کی تاروں کو بھی بالآخر تبدیل کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

Sick Sinus Syndrome (SSS)

یہ بیماری مریض کے دل کے شریانوں (Sino- atrial node) کی خرابی کی وجہ سے ہوتی ہے۔ SSS کا علاج اس کی علامت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے اور اس کا علاج عام طور پر ایک ضرب ساز (pace maker) لگا کر کیا جاتا ہے۔

عام طور پر مریض جب سکون کی حالت میں ہوتا ہے تو دل کے دھڑکنے کی شرح کم ہوتی ہے۔ یہ اچھے صحت کی علامت ہے۔ جب یہ بہت ہی کم ہوتی ہے تو اس حالت کو bradycardia کہتے ہیں۔ دل کی حد سے زیادہ دھیمی رفتار کو صف دل کہتے ہیں۔ عام طور پر دل ایک منٹ میں 100-60 مرتبہ دھڑکتا ہے۔ جب آپ آرام کرتے ہیں تو دل کی دھڑکن ایک منٹ میں 60 مرتبہ سے بھی کم ہوجاتی ہے۔ جب دل کی دھڑکن بہت زیادہ ہو تو اسے Tachycardia قلب کی غیر طبی حرکت/اختلاج قلب کہتے ہیں۔

طبی لیزر (Medical Laser)

لیزر وہ آلات ہیں جو برقی مقناطیسی تابکاری کی ایک واحد مربوط طولی موج کا اخراج کرتے ہیں جو مختلف طبی استعمالات کے لئے بافتوں کو قطع کرنے یا جمع کرنے یا ختم کرنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ LASER کی اصطلاح Light Amplification by Stimated Emission of Radiation ''متحرک شدہ تابکاری کے اخراج کے ذریعہ روشنی کا پھیلاؤ'' ہے۔ لیزر کو جراحی اور غیر رواں ساز تابکاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔ لہذا اس میں لاشعاعوں یا دیگر اقسام کی رواں ساز تابکاری کی طرح طویل مدتی خطرات نہیں ہیں۔ لیزر نظام مختلف نبض کی مدت اور توانائی کی سطح کی طولی موج کی ایک قسم پیدا کرتا ہے۔

عام روشنی، جیسا کہ روشنی کے بلب میں بہت موجی طول ہوتا ہے اور یہ ہر سمت پھیلتے ہیں۔ دوسری طرف لیزر روشنی میں ایک مخصوص موجی طول ہوتا ہے۔ یہ ایک تنگ نالی پر مرکوز ہے اور بہت زیادہ شدت کی روشنی پیدا کرتا ہے۔ کمپیوٹر پر مبنی عکس اور رہنمائی کا نظام، اس طریقہ کار کو عین مطابق، جلدی اور زیادہ قابو کے ساتھ انجام دینے کی اجازت دیتا ہے۔

اگرچہ کہ لیزر کو عام طور پر جلدی اور چشمی استعمالات کے لئے سطحی طور پر استعمال کرتے ہیں لیکن چھوٹے مؤثر لیزر نظام میں کم سے کم کارکردگی کے ذریعہ استعمال کے لئے دستیاب ہے، جس میں عمل دروں بینی (Endoscopy)، شعبی نالیوں کے معائنے کا بصری آلہ (bronchoscopy)، دروں نما (laproscopy) اور دروں وریدی کا خاتمہ (endovenous ablation) وغیرہ شامل ہیں

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:18:58 PM

12.4 حیاتی طبی تکنیک (Biomedical Techniques)

دموی پیپا کا استعمال کرتے ہوئے خون کے خلیوں کا شمار کرنا:
(Blood Cells Counting using haemocytometer)

دموی پیپا ایک موٹے شیشے کا سلائڈ رہے جس کے درمیان میں گنتی کے خانے ہیں۔ گنتی کے خانوں میں دو جالیاں ہیں جن میں Neubaur کے احکامات 3/3mm کے بنیادی مربعوں کو مربوطی تقسیم کیا گیا ہے۔ بنیادی مربع کو مزید 9 ثانوی مربعوں (چوکور خانوں) میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر ایک مربع 1/1 ملی میٹر ہے، کنارے کے چار مربعوں کو خون کے سفید خلیوں (WBC) کی گنتی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جو مزید 16 ثلاثی مربعوں میں تقسیم پذیر ہیں۔ درمیانی ثانوی مربع کو 25 ثلاثی مربعوں میں تقسیم کیا گیا ہے، جس کی پیمائش 0.2/0.2 ملی میٹر ہے۔ ہر اکہرے ثلاثی مربع کو مزید 16 چھوٹے مربعوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پانچ کالے مربعے اور ساتھ میں پانچ سیاہ شدہ مربعے قرصیے (platelets) کی گنتی کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں، جب کہ پانچ کالے مربعے صرف خون کے سرخ خلیوں (RBC) کی گنتی کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ (خاکہ 12.10)

سیال کو ہلکانا : (Diluting Fluid)

خون کے خلیوں کو مخصوص ہلکانے والے سیال کے ذریعہ اور خلیوں کو برقرار رکھنے کے لئے ہلکایا جاتا ہے۔ RBC کو ہلکائے جانے والے سیال (Hayem's) خون کے ساتھ ہم نفوذ ہیں۔ لہذا haemolysis واقع نہیں ہوتا۔ خون کو 1:200 مرتبہ RBC ہلکانے والے سیال کے ساتھ ہلکایا جاتا ہے اور خلیوں کی خوردبین کے 45x تکبیر کے تحت گنتی کی جاتی ہے۔

WBC کی گنتی کے لئے استعمال ہونے والا ہلکایا ہوا سیال Turk's solution ہے، جس میں تحلیل کردہ خلیوں کو تحلیل کرتا ہے اور ایک بنفشی رنگ لیکوسائٹ کے مرکزہ کو رنگتا ہے۔ خون کو 1:20 بار ہلکایا جاتا ہے اور خوردبین میں 10x تکبیر کے ساتھ خلیوں کی گنتی کی جاتی ہے۔ خلیوں کی جملہ تعداد کی گنتی کو mm^3 میں ظاہر کیا جاتا ہے۔

دموی پیپا استعمال کرتے ہوئے خون کے خلیوں کی تعداد معلوم کرنا:
(Blood Cell Counting using Hemocytometer)

1۔ ناچلہ میں 0.5 درجہ بند کے نشانات تک خون کو جمع کیا جاتا ہے۔

2۔ ہلکائے ہوئے سیال کو بالترتیب WBC اور RBC میں ناچلے کی درجہ بندی کے نشانات 11 اور 101 تک لیا جاتا ہے۔

3۔ خون کو ہلکایا جاتا ہے اور ناچلے کو افقی طور پر کئی بار گھما کر متعلقہ ہلکائے ہوئے سیال کے ساتھ اچھی طرح ملایا جاتا ہے۔



خاکہ 12.10۔ دموی پیپا RBC کا ناچلہ اور WBC کا ناچلہ

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:18:58 PM

4۔ گنتی کے خانوں کے اوپر Cover Slip رکھا جاتا ہے۔

5۔ نالچہ کی نوک، گنتی کے خانے پر رکھی جاتی ہے اور سیال کو خارج کیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ یہ خانوں کو بھر نہ جائے۔

6۔ خلیوں کو کئی منٹوں تک ٹھہرنے کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے۔ اور لکیروں کے رقبہ کو خوردبین کے نیچے بصری معائنہ کیا جاتا ہے۔

ایک فرد شدید بخار، سردرد اور تھکاوٹ کا شکار ہے اور وہ اپنے ڈاکٹر سے معائنہ کرتا ہے۔ ڈاکٹر اس کے لئے کسی قسم کی تشخیص کا طریقہ تجویز کرتا ہے۔ اس کے لئے استعمال ہونے والے طبی آلات کا نام بتائیں۔

خون کے نمونے کی تیاری
(Preparation of blood smear)

خشک خون کے نمونے کی جانچ ایک بہت اہم تجربہ گاہ کا ٹسٹ ہے جس سے یہ ممکن ہے۔

- خلیوں کے اجزاء کی تعداد کا قریبی اندازہ لگانا۔
- ان کے اجزاء کی شکلیات کا مطالعہ کرنا۔
- ان میں موجود خون کے طفیلوں کا مشاہدہ کرنا۔
- مختلف بیماریوں کے لئے جسم کے ردعمل کا مطالعہ کرنا۔

خون کے نمونے کی تیاری کے اصول مندرجۂ ذیل ہیں۔

خاکہ (12.11)

1۔ خون کا ایک قطرہ صاف شیشے کی سلائڈ کے ایک کنارے سے 1 سنٹی میٹر دوری پر رکھیں۔

2۔ ایک اور شیشے کے سلائڈ کا استعمال کرتے ہوئے پچھلے سلائڈ کو 45° زاویے پر رکھیں۔

3۔ ایک ہی جھٹکے میں فوراً ایک خون کا قطرہ ایک پتلی تہہ میں پھیلائیں

4 Leishman's stain کا استعمال کرتے ہوئے پتلی تہہ کو رنگیں۔

5۔ تہہ کو خشک ہونے دیں اور اضافی رنگ کو دھوئیں۔

6۔ سادہ خوردبین کے نیچے اس پتلی تہہ کا مشاہدہ کریں ۔

خاکہ (12:12)



خاکہ 12.11۔ جانچ کے لئے خون کے نمونے (smear) کی تیاری



خاکہ 12.12۔ خون کا نمونہ (smear of peripheral blood)

Cell خلیے	امتیازی شمار Differential Count
 نیوٹروفل Neutrophil	50-70%
 ایسنوفل Eosinophil	1-4%
 بیسوفل Basophil	0-1%
 مونوسائٹ Monocyte	2-8%
 لمفوسائٹ Lymphocyte	20-40%

خاکہ 12.13 WBC کا امتیازی شمار

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:18:59 PM

امتیازی شمار: (Differential Count)

WBC کا امتیازی شمار وہ طریقہ ہے، جس سے خون میں موجود مختلف قسم کے سفید خلیوں کے نمونے کی تیاری کر کے اس کو رنگنے کے بعد اسے جانچا جاتا ہے۔(اوپر دئے گئے طریقے سے تیار کردہ)۔ ہر قسم کے خون کے خلیوں کی تعداد کو شمار کر کے، جملہ خلیوں کی کل تعداد کے فیصد کے طور پر ظاہر کیا جاتا ہے ۔(خاکہ 12.13)

خلاصہ: (Summary)

طبی آلات مریضوں کی درست تشخیص اور علاج میں اعضاء کا معائنہ کرنے، پیمائش کرنے اور معالجے کا انتظام کرنے میں مدد کرتے ہیں۔آج کل کے طبی آلات بنیادی طور پر کافی پیچیدہ اور مختلف ہیں، کیونکہ وہ برقیاتی نظام کے تحت حسی، ایصالیت، ذخیرہ اندوزی اور اعداد وشمار کو یا معلومات کو ظاہر کرتا ہے۔ جدید برقیاتی صدر بین اعلیٰ صحت سے متعلق ایک آلہ ہے، جو شور کے ماحول میں یا مریض کے بھاری لباس کے ذریعہ بھی انسانی جسم کی اندرونی آوازوں کو واضح طور پر سننے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ فشار پیما ایک آلہ ہے، جس سے امراضیات کے حالات کی تشخیص کی جاتی ہے جیسے بلند خون کا دباؤ اور فشار خون میں کی تشخیص کی جاتی ہے، جیسے بلند خون کا دباؤ اور فشار خون وغیرہ کی تشخیص کی جاتی ہے۔

عکسی آلات تشخیصی عکسی تیار کرتے ہیں اور یہ کمی عضو میں ابتدائی بیماری اور نقص کا پتہ لگانے میں مدد کرتا ہے۔جب کوئی طبی مسئلہ یا بیماری کا پتہ، اپنے طریقوں یا تحقیقات سے لگا نہیں سکتے، تو پھر مناسب علاج یا جراحی اختیار کئے جاسکتے ہیں۔ EEG دماغی برقیاتی کارروائیوں سے جانچ کا ایک طریقہ ہے۔لاشعاعیں (ایکس رے) ، برق مقناطیسی تابکاری کی ایک شکل ہے، جو مریض کے اندرونی ساخت کا نقشہ کھینچتا ہے۔بالاصوتی لہریں حمل کے مختلف مراحل میں جنین کے دل کی آواز سننے، خون کا بہاؤ، دل کے نقصانات کی تشخیص اور رسولیوں کی تشخیص۔ پتھری گردے کی پتھری اور تناسلی راستوں میں رکاوٹ وغیرہ کی تشخیص میں استعمال کیا جاتا ہے۔

محاسبہ (Evaluation)

1۔ خون کے دباؤ کی پیمائش میں استعمال ہونے والا آلہ یہ ہے۔

(a) صدر بین (Stethoscope)

(b) دموی پیما (Haemocytometer)

(c) فشار پیما (Sphygmomanometer)

(c) خون میں ہیموگلوبن کی فیصد معلوم کرنے کا آلہ (Heamoglobinometer)

2۔ خون کے نمونے کو مطالعہ کی جانچ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

(a) کل RBC (b) کل WBC

(c) ہیموگلوبن (d) WBC کا امتیازی شمار

3۔ کل RBC کی گنتی کے لئے استعمال ہونے والا ہلکا نے والا سیال یہ ہے۔

(a) Turk's solution

(b) Toisson Solution

(c) Hayem's solution

(d) Folin Phenol reagent

4۔ عام انسانی طبی خون کا دباؤ (فشار خون) یہ ہے۔

(a) 80 mm Hg (b) 100 mm Hg

(c) 120 mm Hg (d) 140 mm Hg

5۔ جنین کی نشو ونما کا مشاہدہ مندرجۂ ذیل کو استعمال کر کے کیا جاسکتا ہے۔

(a) بالاصوتیات (b) لاشعاعیں (ایکس رے)

(c) ECG (d) EEG

6۔ جب دل میں برقی تسلسل ٹھیک سے پیدا نہیں ہوتا تو ..... استعمال کیا جاتا ہے۔

(a) EEG

(b) ضرب ساز (Pace Maker)

(c) خود تجزیہ کار (Autoanalyser)

(d) گلوکومیٹر (Glucometer)

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:19:00 PM

7۔ PET اسکین..... کو استعمال کرتا ہے۔

(a) تابکار ہم جا (radio isotope)

(b) UV شعاعیں

(c) بالاصوتی آواز

(d) IR کی لہریں

8۔ انسانی خون میں موجود کل RBC اور WBC کی عام قیمت لکھیں؟

9۔ ضرب ساز (pace maker) کا کیا کام ہے؟

10۔ دوسرے عکسی ٹکنیکوں کی بہ نسبت CT کے فوائد کیا ہیں؟

11۔ صدر بین کے استعمالات بیان کریں۔

12۔ MRI کے عمل کی وضاحت کریں۔

13۔ عام EEG کیسے دکھائی دیتا ہے؟

14۔ بالاصوتی ترسیم (Ultra sonogram) کی طبی اہمیت بتائیے۔

15۔ PET اسکین میں استعمال ہونے والے اصول کی وضاحت کریں۔



unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:19:01 PM

کارروائی

دباؤ کیا ہے؟ اس سے متعلق جانکاری حاصل کیجئے۔

استاد ایک مرتبہ طلباء کو یہ جانکاری دیں کہ کس طرح فشارخون (Blood pressure) کی پیائش کی جاتی ہے۔ اس کے بعد طلباء چھوٹے گروہوں میں بٹ کر اپنے ساتھیوں کے ساتھ یہ تجربہ کریں گے۔ جیسے ہی یہ تجربہ ختم ہوجائے گا، طلباء تبادلہ خیال کریں گے کہ دباؤ سے کس طرح کسی شخص کی صحت پر اثر پڑسکتا ہے۔

سیکھنے کے مقاصد :

- فشارخون کی پیائش میں استعمال ہونے والے آلہ کا نام بتایئے۔
- ایک مناسب آلہ کو استعمال کرکے ایک شخص کا فشارخون معلوم کیجئے۔
- ایک فشار پیما کی مدد سے فشارخون کی پیائش کس طرح کی جاتی ہے، جو mm Hg (ملی میٹر پارہ) کی اکائی میں Systolic pressure اور diastolic pressure معلوم کیجئے۔

فشارخون کی پیائش کے لئے ورک شیٹ :

1۔ اپنے ساتھی طالب علم ''مریض'' کے اوپری بازو میں فشار پیما کا کف باندھئے۔ اگر آستین تنگ ہوتو اسے اوپر چڑھانے کو کہئے۔ کہنی سے تھوڑا اوپر فشار پیما کا کف باندھئے۔

2۔ صدر بین کو کف اور مریض کی جلد کے درمیان میں اس طرح رکھئے کہ بازو اور کہنی کے درمیان اندر رہے۔ اس طرح صدر بین کو ہم اگلے بازو کے شریان پر رکھ سکیں گے۔

3۔ کف کو مریض کے بازو میں تھوڑا مضبوط باندھئے۔ زیادہ سختی سے نہیں۔

4۔ اس بات کی یقین دہانی کرلیجئے کہ فشار پیما میں موجود relief valve مکمل طور پر بند رہے۔ جو فے کوئی مرتبہ دباتے رہئے، یہاں تک کہ کف پر موجود سوئی نما اشارہ 200 تک نہ پہنچ جائے۔

5۔ صدر بین کو کان میں لگا کر سنتے وقت آہستہ سے relief valve کو کھولئے یہاں تک کہ تھوڑی ہوا آہستہ سے مستقل طور پر خارج ہوتی رہے۔ اب بھی تم صدر بین میں نبض کی حرکت سنائی نہیں دے گی۔ تم یہ دیکھو گے کہ اشارے میں سوئی آہستہ سے نیچے اترتی ہے۔

6۔ relief valve کو یونہی کھلا رہنے دیجئے، یہاں تک کہ پہلی نبض کی حرکت تمہیں سنائی دے۔ سوئی کے نشان کو ذہن نشین کرلیجئے۔ یہ مریض کا systolic pressure انقباضی دباؤ ہے۔

7۔ relief valve کو یونہی کھلا رکھ کر اس وقت تک آواز کو سنئے، یہاں تک کہ آواز دور سنائی دے۔ وہ عدد جہاں آواز رک جاتی ہے، وہی مریض کا diastolic pressure انسباطی دباؤ ہے۔

8۔ دونوں نگارشات کو نیچے درج کیجئے۔ کف میں موجود ہوا کو خارج کیجئے۔ صدر بین کو مریض سے دور کیجئے۔

درج کردہ نتائج

طالب علم # 1 نام : .....

انقباضی دباؤ : ..... انسباطی دباؤ : .....

unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:19:01 PM

Concept Map نظریاتی نقشہ



unit 12 basic medical instruments mja
Saturday, July 30, 2022 6:19:03 PM



اکائی V

باب 13

اقتصادی حیوانیات میں رجحانات

Trends in Economic Zoology

ایک آدمی کو مچھلی دے دو، گویا تم اسے ایک دن کے لئے کھانا کھلاتے ہو۔ ایک آدمی کو مچھلی پکڑنا سکھائیں گویا تم اسے زندگی بھر کھلاتے ہو۔

باب کا خاکہ

13.1۔ حیوانات کا دائرہ کار
13.2۔ کرم کھاد سازی (ورمی کلچر) (Vermi culture)
13.3۔ ریشم کے کیڑوں کی پرورش (Sericulture)
13.4۔ شہد کی مکھیاں پالنا (Apiculture)
13.5۔ لاک کلچر کی پروری (Lac culture)
13.6۔ سطحی آبی پروری (Aquaponics culture)
13.7۔ آبی زراعت (Aquaculture)
13.8۔ جانوروں کی پروری اور انتظام:
(Animal Husbandry and management)

سیکھنے کے مقاصد:

- مختلف شعبوں میں روزگار کے مواقع کے بارے میں شعور پیدا کرنا
- کیڑے، شہد کی مکھی، لاک کیڑے، ریشمی کیڑے، مچھلیوں، مویشیوں اور پرندوں کی معاشی اہمیت کو سمجھنا۔
- پروری کے مختلف طریقوں کے لئے درکار ٹیکنیک اور اوزار کا جاننا
- پروری کے طریقوں کو منظم کرنے کی صلاحیت کو سیکھنا۔

علم حیوانیات (Zoology) سائنس کی ایک شاخ ہے جو جانوروں کے مطالعے سے متعلق ہے۔ کسی ایسے شخص کے لئے جو علم حیوانات میں کیریئر اختیار کرنے میں دلچسپی رکھتا ہو اس کے لئے متعدد خصوصیات ہیں، جن میں طلباء کام کر سکتے ہیں۔ ایسے فزیالوجسٹ بھی ہیں جو جانوروں کے تحولی عمل کا مطالعہ کرتے ہیں، ایسے ماہر تنسیق (Taxonomist) بھی ہیں جو جانوروں کی انواع کے نام اور درجہ بندی سے نمٹتے ہیں۔ Embryologist ماہر جنینیات، جن کا کام مطالعہ ہے اور جانوروں کو ایک پیشہ کی حیثیت سے مہارتوں اور طلباء کو کیریئر کے اختیارات کی کثرت کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے تو انہوں نے اس شعبے سے وابستہ ہونے کا انتخاب کیا۔ اس شعبے کا تعلق عالمِ حیوانات کے تحفظ اور انتظام اور اس میں کیریئر سے ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ بھی اس ذمہ داری میں برابر کے شریک ہیں۔ ایک ماہر حیاتیات کو بھی سفر کرنا پڑ سکتا ہے، کیوں کہ اس کی ملازمت کی نوعیت اس کی فطرت ہے۔ نیشنل جیوگرافک، اینمل پلانٹ اور ڈسکوری چینل سے چیلنز کو تحقیق اور دستاویزی فلموں کے لئے ماہر حیاتیات کی مستقل ضرورت ہے۔ چڑیا گھروں، جنگلی حیات کی خدمات، نباتاتی باغات، تحفظ تنظیموں، قومی پارکوں، فطرت کے ذخائر، یونیورسٹیوں، تجربہ گاہوں، مچھلی پالن گھر، جانوروں کے کلینک، ماہی گیری اور آبی زراعت، عجائب گھر، تحقیق، دواساز کمپنیوں، ویٹری اسپتالوں وغیرہ کے لئے بھی جانوروں کے ماہرین کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں۔

unit 13 trends in economic
Sunday, July 31, 2022 10:15:27 PM

اگر آپ کاروباری بننا چاہتے ہیں تو آپ کو جانوروں کی پروری کے فارم کے طریق کار اور ان کی اہمیت کو سیکھنا ہوگا کیوں کہ فارم کے جانور بڑی معاشی قدر کے مالک ہیں۔ زمانۂ اول (Prehistoric) سے انسانوں نے پالتو جانوروں کو اپنے سدھا کر زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا ہے۔ جانوروں اور ان کی مصنوعات پر مبنی صنعتوں کی معاشی کامیابی کا انحصار فارم جانوروں کی اگلی نسل کی مناسب پیداوار، انتظام اور ترقی پر ہے۔

13.1۔ حیاتیات کا دائرہ کار (Scope of Zoology)

حیاتیات کا مطالعہ خود کے لئے روزگار کے مواقع فراہم کرتا ہے، اس طرح آپ کاروباری بن سکتے ہیں۔ معاشی حیاتیات، سائنس کی ایک شاخ ہے جو معاشی طور پر مفید جانوروں سے متعلق ہے۔ اس میں انسانی فلاح و بہبود کے لئے جانوروں کے استعمال کا مطالعہ شامل ہے۔ حیاتیات کی ضرورت صرف اپنی معاشی حالت کو بہتر بنانا نہیں ہے بلکہ خوراک کی حفاظت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ معاشی اہمیت کی بنیاد پر، جانوروں کی درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔

1۔ کھانے پینے کی اشیاء کے جانور
2۔ معاشی طور پر فائدہ مند جانور
3۔ جمالیاتی (aesthetic) اہمیت کے حامل جانور
4۔ سائنسی تحقیق پر مبنی جانور

13.2۔ کیچوؤں کی پرورش (Vermiculture)

